کردۂ او کردۂ تست اے حکیم ۔۔۔ مومناں را اتصالے داں قدیم

اس کا کرنا تیرا کرنا ہے حکیم ۔۔۔ اتصال ان مومنوں کا ہے قدیم

مومناں معدود لیک ایماں یکے ۔۔۔ چشمشاں معدود لیکن جاں یکے

ہیں کئی مومن مگر ایمان ایک ۔۔۔ ہیں کئی آنکھیں مگر ہے جان ایک

غیر فہم و جاں کہ در گاو و خر است ۔۔۔ آدمی را عقل و جان دیگر است

گاو و خر میں ہے سمجھ تو کچھ اور ہی ۔۔۔ آدمی میں عقل و جاں ہے دوسری

باز غیرِ عقل و جانِ آدمی ۔۔۔ ہست جانے در نبیؐ و در ولی

آدمی کی عقل و جاں سے بھی نئی ۔۔۔ جان نبیوں اور ولیوں کو ملی

جانِ حیوانے ندارد اتحاد ۔۔۔ تو مجو ایں اتحاد از روحِ باد

جانِ حیوانی ہیں کب سے اتحاد ۔۔۔ اس سے خالی ہے سراسر روحِ باد

گر خورد ایں ناں نگردد سیر آں ۔۔۔ ور کشد بار ایں نگردد آں گراں

سیر روٹی سے وہ ہو سکتی نہیں ۔۔۔ بار سے اس کو گرانباری نہیں

بلکہ ایں شادی کند از مرگِ آں ۔۔۔ از حسد میرد چو بیند برگِ آں

بلکہ اس کی موت ہو شادی اسے ۔۔۔ دیکھے با ساماں حسد سے جل مرے

جانِ گرگان و سگاں از ہم جداست ۔۔۔ متحد جانہائے شیرانِ خداست

بھیڑیوں، کتوں کی جانیں ہیں جدا ۔۔۔ متحد ہے جانِ شیرانِ خدا

جمع گفتم جانہاشاں من باسم ۔۔۔ کاں یکے صد جاں بود نسبت بجسم

ان کی جانیں، یہ کہا از روئے اسم ۔۔۔ ایک جاں سو طرح ہے عنوانِ جسم

ہمچو آں یک نورِ خورشیدِ سما ۔۔۔ صد بود نسبت بصحنِ خانہا

جس طرح اک نور ہے خورشید کا ۔۔۔ سینکڑوں صحنوں میں گھر گھر بٹ رہا

لیک یک باشد ہمہ انوارِ شاں ۔۔۔ چونکہ برگیری تو دیوار از میاں

لیکن اُن کا نور یکساں ہو عیاں ۔۔۔ ہو نہ گر دیوار کوئی درمیاں

چوں نماند خانہا را قاعدہ ۔۔۔ مومناں مانندِ نفسِ واحدہ

جب نہ گھروں کا کچھ نہ ٹھہرا قاعدہ ۔۔۔ ٹھہرے مومن مثلِ نفسِ واحدہ

فرق و اشکالات آید زیں مقال ۔۔۔ لیک نبود مثل ایں باشد مثال

مشکلیں گو اس بیاں میں ہیں کمال ۔۔۔ ہو مثل لیکن نہیں۔ یہ ہے مثال

لہ یعنی میں نے جو جانوں کو جمع کہا +

فرق بیحد بود از شخص شیر / تا بشخص آدمی زادِ دلیر
فرق بیحد ہے کہاں وہ جسم شیر / اور کہاں اک آدمی زادہ دلیر

لیک در وقت مثال اے خوش نظر / اتحاد از روئے جانبازی نگر
ہاں مگر وقتِ مثال اے خوش نظر / دونوں کی جانبازیوں پر غور کر

کاں دلیر آخر مثالِ شیر بود / نیست مثلِ شیر در جملہ حدود
وہ دلیر آخر مثالِ شیر تھا / پر نہ مثلِ شیر بالکل اے فتا

متحد نقشے ندارد ایں سرا / تا کہ مثلے وا نمایم من ترا
ایک سے نقش اس جہاں میں ہیں کہاں / تا مثال اس کی کروں تجھ سے بیاں

ہم مثالِ ناقصے دست آورم / تا ز حیرانی خرد را وا خرم
ہیں مثال اک اور ناقص تجھ کو دوں / عقل کو حیرانیوں سے ہوش سکوں

شب بہر خانہ چراغے مے نہند / تا بنورِ آں ز ظلمت مے رہند
رات کو رکھتے ہیں ہر گھر میں چراغ / تا اندھیرے سے رہے حاصل فراغ

آں چراغ ایں تن بود نورش چو جاں / ہست محتاجِ فتیل و ایں و آں
ہے بدن مثلِ چراغ اور نور جاں / بتی کا محتاج ہے یہ بے گماں

آں چراغِ شش فتیلہ ایں حواس / جملگی بر خواب و خور دارد اساس
چھ فتیلوں کا دیا ہیں یہ حواس / کھانے اور سونے پہ ہے ان کی اساس

بے خور و بے خواب نزید نیم دم / با خور و با خواب نزید نیز ہم
بے خور و بے خواب کب ہو زندگی / کھانے سونے ہی سے آئے موت بھی

بے فتیلہ و روغنش نبود بقا / با فتیل و روغن او ہم بے وفا
گو نہیں بے تیل بتی کے بقا / تیل بتی سے بھی ہے وہ بے وفا

سلہ چراغ "

زآنکہ نور علتی اش مرگ جوست | چون زیادہ روز روشن مرگ اوست
مریض کا جویا ہے نور یہ علتی | روز روشن موت ہے اس کی کلی

ہیکلہ جسمہائے بشر ہم بے بقاست | زآنکہ پیش نور روز حشر لاست
آدمی کے سب جسم ہیں بے بقا | نور یہ روز حشر کے آگے فنا

نور حسّ جان بے پایان ما | نیست کلّی فانی ولا چون گیا
جان بے پایاں ہیں نور حس سے | فانی ہے کلی نہیں جوں گھاس کے

لیک مانند ستارہ و ماہتاب | جملہ محوند از شعاع آفتاب
چاند تاروں کی طرح ہے لا کلام | محو سورج کی کرن میں ہیں تمام

آنچنانکہ سوز و درد زخم کیک | محو گردد چون در آید مار لیک
جیسے پسو کی خلش تو بھول جائے | سامنے جس وقت تیرے سانپ آئے

آنچنانکہ عور اندر آب جست | تا در آب از زخم زنبوران برست
جس طرح پانی میں کود سے برہنہ | تا کہ پانی میں بھڑوں سے ہو رہے

میکند زنبور بر بالا طواف | چون برآرد سر ندارندش معاف
اس کے سر پر اڑ رہی ہیں وہ بھڑیں | سر نکالے وہ تو فوراً کاٹ لیں

آب ذکر حق و زنبور این زمان | ہست یاد این فلان و آن فلان
آب ذکر حق سمجھ بھڑ ہے یہ جہاں | یاد ہیں ہیں یہ فلاں اور وہ فلاں

دم بخور در آب ذکر و صبر کن | تا رہی از فکر و وسواس کہن
ذکر کے پانی میں تو غوطہ لگا | وسوسوں اور فکر سے تا ہو رہا

بعد از آن تو طبع آن آب صفا | خود بگیری جملگی سر تا بپا
بعد از آں تو خود طبیعت آب کی | پا بہ سر ہو جائیگا یکسر وہی

آنچنان کز آب آن زنبور شر | میگریزد از تو ہم گیرد حذر
جس طرح بھاگی تھی وہ بھڑ آب سے | تجھ سے بھی بھاگے گی مارے خوف کے

بعد ازاں خواہی تو دور از آب باش | کہ بسر ہم طبع آبی خواجہ تاش

پھر اگر چاہے تو ہو پانی سے جدا | کیونکہ اب تو خود ہے پانی بن گیا

بس کسانے کز جہاں بگذشتہ اند | لا نیند و در صفاتے آغشتہ اند

آدمی ایسے بہت سے چل بسے | جو نہیں فانی، صفات ان کے رہے

در صفات حق صفات جملہ شاں | ہمچو اختر پیش آں خور بے نشاں

ہیں صفات حق میں ان کی سب صفات | مثل اختر سامنے خورشید کے ہیں مات

گر ز قرآں نقل خواہی اے حرون | خواں جمیع ہم لدینا محضرون

تو ثبوت اس کا جو چاہے تو لکھوں | پڑھ لے قرآں میں لدینا محضرون

محضروں معدوم نبود نیک بیں | تا بقائے روح ہا دانی یقیں

ہیں جو حاضر نیست وہ ہرگز نہیں | یوں بقائے روح کا کر لے یقیں

روح محجوب از بقا بس در عذاب | روح واصل در بقا پاک از حجاب

روح غافل سے ہے اس پہ ہر سزا | روح واصل سے ہے پردہ اٹھ گیا

زیں چراغ حس حیوان المراد | گفتمت ہاں تا نجوئی اتحاد

ہے چراغ حس حیواں سے مراد | یعنی اس میں تو نہ ڈھونڈے اتحاد

روح خود را متصل کن اے فلاں | زود با ارواح قدس سالکاں

روح کو اپنی ملا دے جوڑ دے | سالکوں کی پاک تر ارواح سے

صد چراغت ار مرند ار بستند | باش فارغ چوں یگانہ نیستند

سو دئے بجھ جائیں تیرے یا جلیں | چھوڑ سب کو سب یہ یکتا نہ رہیں

زاں ہمہ جنگند ایں اصحاب ما | جنگ کس نشنیدہ اند در انبیا

ہیں ہمارے دوست سب اس جنگ میں | انبیاء اس جنگ سے فارغ رہیں

۱ه قولہ تعالیٰ عزوجل ... وان کل لما جمیع لدینا محضرون۔ یعنی ناگہاں وہ سب ہمارے پاس حاضر کئے گئے ہیں۔ ۲ه چراغ۔

زانکہ نور انبیا خورشید بود | نور حس ما چراغ و شمع و دود

کیونکہ ہے خورشید نور انبیاء | نور حس اپنا دھوئیں کا ہے دیا

یک بمیرد یک بماند تا بروز | یک بود پژمردہ دیگر با فروز

اک بجھے، ہو ایک روشن تا سحر | اک ہو پژمردہ تو اک با نور تر

جان حیوانی بود حی از غذے | ہم بمیرد او بہر نیک و بدے

جان حیوانی غذا ہی سے جیئے | اور بری اچھی غذا ہی سے مرے

گر بمیرد این چراغ و طی شود | خانۂ ہمسایہ مظلم کے شود

یہ چراغ آخر جو بجھ بھی جائے تو | خانہ ہمسایہ کیوں تاریک ہو

نور آن خانہ چو بے این ہم بپاست | پس چراغ حس ہر خانہ جداست

نور اس گھر کا ہے بے اس کے بجا | پس چراغ حس ہے ہر گھر کا جدا

این مثال جان حیوانی بود | نے مثال جان ربانی بود

جان حیوانی کی ہے یہ اک مثال | جان ربانی کی کب ہے خوش خصال!

باز از ہندوے شب چون ماہ زاد | بر سر ہر روزنے نورے فتاد

رات کو جب چاند نکلا پڑ ضیا | نور ہر روزن پر اس کا جا پڑا

نور آن صد خانہ را تو یک شمر | کہ نماند نور این بے آن دگر

سو گھروں کے نور کو تو ایک جان | ہو نہ اس کا نور بے اس کے عیان

تا بود خورشید تابان بر افق | ہست در ہر خانہ نور او قنق

ہو نہ جب تک مہر افق پر ضو فشاں | نور ہر گھر میں ہے اس کا میہماں

باز چون خورشید جان آفل شود | نور جملہ خانہا زائل شود

ڈوب جائے جبکہ پھر خورشید جان | نور سب جانوں سے کر دے رائیگان

این مثال نور آمد مثل نے | مر ترا ہادی عدو را رہزنے

کب مثل ہے - ہے مثال نور یار | تیری رہبر اور عدو کی راہ مار

بر مثال عنکبوت آں زشت خو	پردہ ہائے گندہ را بر بافد او
وہ تو مکڑی کی طرح نا آشنا	پردے خود ہی اپنے اوپر تانتا
از لعاب خویش پردہ نور کرد	دیدۂ ادراک خود را کور کرد
نور اس کی چیپ سے پنہاں ہوا	دیدۂ ادراک کو اندھا کیا
گردن اسپ ار بگیرد بر خورد	ور بگیرد پاش بستاند لگد
گھوڑے کی گردن جو پکڑے نفع پائے	پاؤں جو اس کا چھوئے تو لات کھائے
کم نشیں بر اسپ توسن بے لگام	عقل و دیں را پیشوا کن اے غلام
گھوڑے پر کیوں بیٹھتا ہے بے لگام	عقل و دیں کو پیشوا کر لیجیے غلام
اندریں آہنگ منگر سست و پست	کاندریں رہ صبر و شق النفس ہست
سست و پست آہنگ کا کیا دیکھنا	ہے ریاضت نفس کی صبر لے تنا
باز گرد و قصۂ مسجد بگو	با سلیمانؑ نبی نیک خو
لوٹ اور پھر قصۂ مسجد سنا	اور سلیمانؑ نبی کا ماجرا

مسجد اقصیٰ کا باقی حصہ

چوں سلیمانؑ کرد آغاز بنا	پاک چوں کعبہ ہمایوں چوں منیٰ[1]
ڈال دی جب حضرت سلیمانؑ نے بنا	پاک جوں کعبہ مبارک جوں منا
در بنا ایش دیدہ میشد کر و فر	نے فسردہ چوں بناہائے دگر
اس کی بنیادوں میں ہے کر و فر	کیسے تھیں اوروں کی طرح افسردہ تر
در بنا ہر سنگ کز کہ می شکست	فاش سیروا بی ہمی گفت از نخست
توڑا جاتا تھا جو پتھر کوہ کا	"سیروا" کی صاف آتی تھی صدا

[1] منیٰ مکہ معظمہ میں ایک مقام ہے جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں ۔

ہمچو از آب و گل آدم کدہ — نور از آں گہ پارہ تاباں شدہ

آب و گل کی جسم ہیں جو ہے جدا — کوہ کے تھے پتھروں میں بر ملا

سنگ بے حمّال آئندہ شدہ — واں در و دیوار ہا زندہ شدہ

پتھر آجاتے تھے سب بے حمّال کے — اور در و دیوار سب زندہ ہو گئے

حق ہمی گوید کہ دیوار بہشت — نیست چوں دیوار ہا بیجان و زشت

قول خالق ہے کہ دیوار جناں — مثل دیواروں کے ہے بیجاں کہاں

چوں در و دیوار تن با آگہی ست — زندہ باشد خانہ چوں شاہنشہی ست

جسم کی دیوار کو ہے آگہی — گھر سلامت ہو تو ہے شاہنشہی

ہم بہشت و میوہ ہم آب زلال — با بہشتی در حدیث و در مقال

خلد میں میوے کبھی آب صاف بھی — ہم سخن ہیں اُن سے جو ہیں جنتی

زانکہ جنّت را نہ زالت بستہ اند — بلکہ از اعمال و نیّت بستہ اند

بچہ نہ مٹّی کی نہیں جنت بنی — بلکہ ہے اعمال و نیت سے بنی

ایں بنا ز آب و گل مردہ بُدست — واں بنا از طاعت زندہ شدست

مردہ آب و گل سے ہے اِس کی بنا — طاعت زندہ سے اُس کی ابتدا

ایں با صلِ خویش ماند پُر خلل — واں باصل خود کہ علمست و عمل

یہ تو اپنی اصل سے ہے پُر خلل — اور اُس کی اصل ہے علم و عمل

ہم سریر و قصر و ہم تاج و ثیاب — با بہشتی در سوال و در جواب

ہیں لباس اور تاج۔ قصر اور تخت بھی — جنتی سے ہم سخن گویا سبھی

فرش بے فرّاش پیچیدہ شدہ — خانہ بے مکناس روبیدہ شدہ

فرش طے ہوتا ہے بے فرّاش کے — صاف گھر ہوتا ہے بے جھاڑو دئے

تخت او سیار بے حمّال شد — حلقہ و در مطرب و قوّال شد

تخت بے حمّال کے اُٹھ کر بڑھیں — حلقہ و در اُس کے قوّالی کریں

خانۂ دل بیں ز غم ژولیده شد — بیکناسش از توبہ روبیده شد

دیکھ برہم غم سے ہے یہ دل کا گھر — توبہ سے ہے صاف ہوتا سربسر

ہست در دل زندگی دار الخلود — در زبانم چوں نمی آید چہ سود

دل میں دار الخلد کی ہے زندگی — کب وہ قابل ہے بیاں کے لئے ابھی

چونکہ گشت آں مسجد اقصیٰ تمام — ز اہتمامات سلیمانؑ والسلام

جب ہوئی وہ مسجد اقصیٰ تمام — تھے سلیمانؑ جس کا کرتے اہتمام

چوں سلیمانؑ شدے ہر بامداد — مسجد اندر بہر ارشاد عباد

جب سلیمانؑ صبحدم جاتے وہاں — تا سنائیں حکم رب بندوں کو ہاں

پند دادے گہ بگفت و لحن و ساز — گہ بفعل اعنی رکوع با نیاز

پند دیتے گاہ لحن و ساز سے — گہ رکوع و سجدہ سے دل کھول کے

پند فعلی[۱] خلق را جذّاب تر — کو رسد در جان ہر بے گوش و کر

پندِ فعلی کا ہے خلقت پر اثر — کیونکہ بہرہ بھی ہو اس سے بہرہ ور

واندر آں وہم امیری کم بود — در حشم تاثیر آں محکم بود

وہم سرداری کا جس میں کم ہوا — فوج میں اس کا اثر محکم ہوا

حضرت عثمانؓ کا آغازِ خلافت

قصۂ عثمانؓ کہ بر منبر برفت — چوں خلافت یافت بشتابید تفت

قصۂ عثمانؓ کہ منبر پر گئے — جب خلافت کے عروج ان کو ملے

منبر مہتر کہ سہ پایہ بدست — رفت بوبکرؓ[۲] دوم پایہ نشست

منبر نبوی کے سہ پایہ تھا جبنا — دوسرے پر بیٹھے بوبکرؓ لے کے تھا

۱؎ یعنی وہ نصیحت جو عملاً کی جائے۔ ۲؎ یعنی جب امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت آیا تو آپ نے جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ چھوڑ دی اور آپ دوسرے پایۂ منبر پر رونق افروز ہوئے۔

بر سوم پایہ عمرؓ خود دودِ خویش — از برائے حرمتِ اسلام و کیش
تیسرے پائے پہ بیٹھے تھے عمرؓ — حرمتِ اسلام تھی پیشِ نظر

دورِ عثمانؓ آمد و بالائے تخت — بر شد و بنشست آں مسعود بخت
دورِ عثمانؓ آیا تو بالائے تخت — جا کے بیٹھے وہ کہ تھے مسعود بخت

پس سوالش کرد مردے بوالفضول — کاں دو ننشستند بر جائے رسول[1]
پوچھنے ان سے لگا اک بوالفضول — دو نہ بیٹھے تھے جہاں پائے رسول[1]

پس تو چوں جستی بر ایشاں سروری — چوں برتبت تو از ایشاں کمتری
تم نے کیوں کی اُن پہ حاصل سروری — جب کہ رتبے میں ہے ان سے کمتری

گفت اگر جایم سوم پایہ بدے — وہم مثلِ عمرؓ تا ہم بُشدے
بولے گر لیتا میں پایہ تیسرا — وہم ہوتا ہوں عمرؓ کا ہمسرا

ور دوم پایہ شدم من جائے جو — گفتنی مثلِ ابوبکرؓ است او
دوسرا پایہ جو میں لیتا سنبھال — سب سمجھتے بوبکرؓ سے ہے مثال

ہست ایں بالا مقامِ مصطفیٰ — وہم مثلے نیست با آں شہ مرا
ہے یہ بالاتر مقامِ مصطفیٰ — وہم ہو تمثیل کا اس شہ سے کیا

بعد ازاں بر جائے خطبہ آں ودود — تا بقربِ عصر لب خاموش بود
رہ کر وہ خطبہ کی جگہ اکرام سے — چپ رہے وقتِ عصر تک بیٹھے رہے

زہرہ نے کس را کہ گوید ہیں بخواں — یا برون آید ز مسجد آں زماں
کون کہہ سکتا تھا "خطبہ پڑھیے ہاں" — یا کوئی مسجد سے باہر ہو رواں

ہیبتے بنشستہ بد بر خاص و عام — پُر شدہ از نورِ یزداں صحن و بام
خوف سے لبریز تھے سب خاص و عام — نورِ حق سے تھے منور صحن و بام

[1] ساتھ ساتھ جھنڈا رکھنے والا یعنی ہم پلہ ۔

نیست گر بینا ناظر آں نور بود ۔ کور را زآں تاب ہم گرمی فزود

تھا جو بینا نور کو تکتا دیکھتا ۔ کور کو تھی نور سے گرمی سوا

تا ز گرمی فہم کرد آں ضریر ۔ کہ برآمد آفتاب بے لبس منیر

سمجھا نابینا یہ گرمی سے شتاب ۔ نور افشاں ہو گیا ہے آفتاب

لیک ایں گرمی کشاید دیدہ را ۔ تا ببیند عین ہر بشنیدہ را

کھولتی ہے آنکھ یہ گرمی مگر ۔ جو سنا تھا اس کو اب دیکھے بشر

گرمیش را ضجرتے و حالتے ۔ زاں تپش دل را کشادے فسحتے

گرمی میں اک اضطراب و وجد تھا ۔ کھلتی کشادہ دل تپش سے برملا

کور چوں شد گرم از نور قدم ۔ از فرح گوید کہ من بینا شدم

گرم جب اس نور سے اندھا ہوا ۔ میں ہوں بینا ۔ ہو کے خوش کہنے لگا

سخت خوش مستی ولیکن اے حسن ۔ پارۂ راہ است تا بینا شدن

خوش سے ہے اور مسرت لیکن دیکھنا ۔ ہے سوانکھا ہونے میں کم فاصلا

ایں نصیب کور باشد ز آفتاب ۔ صد چنیں واللہ اعلم بالصواب

یہ مقدر کور کو ہے آفتاب ۔ اور بھی ۔ واللہ اعلم بالصواب

وانکہ او ایں نور را بینا بود ۔ شرح او کے کار بوسینا بود

اور جو اس نور سے بینا ہوا ۔ ہو ابوسینا سے اس کی شرح کیا

گر شود صد تو کہ باشد ایں زباں ۔ کہ بجنباند بکف پردہ عیاں

سو نہیں کبھی اس زباں کی ہوں اگر ۔ اٹھ سکے کب پردۂ راز اے پسر

وائے بروے کو ببازد پردہ را ۔ تیغ الٰہی کند وصلش جدا

وائے اس پر جس نے یہ پردہ چھوا ۔ تیغ حق سے ہاتھ کر ڈالا جدا

دست چہ بود خود سرش را بر کند ۔ آں سرے کز جہل شر ہا سر کند

ہاتھ کیا وہ سر بھی اس کا کاٹ لے ۔ سر وہ سر ہو جہل و شر جس سے بھرے

این بقدر سخن گفتم ترا ‏‏ ‏ ورنہ خود نقشش کجا و این کجا
بات یہ اک بات میں کر دی بیاں ‏ ورنہ حقیقت اس کی کہاں اور یہ کہاں

خال را خالہ بدے خالو بدے ‏ این بتقدیر آمد است از او بدے
خال[۱] سے خالہ ہوا خالو ہوا ‏ کہتا یہ لفظ بھی گر ایسا ہو گیا

از زباں تا چشم کو پاک از شکستہ ‏ صد ہزاراں سال گویم اندکیست
سب شکستہ آنکھ سے ہیں تا زباں ‏ کم ہے جو لاکھوں برس تک گو بیاں

ہیں مشو نومید نور از آسماں ‏ حق چو خواہد میرسد در یک زماں
ہو نہ نومید یوں تو نور چرخ سے ‏ حق اگر چاہے تو دم بھر میں ملے

اختر گردوں ظلم را ناسخ است ‏ اختر حق در صفاتش راسخ است
دافع ظلمت ہیں تارے چرخ کے ‏ اختر حق کی صفت کیا پوچھئے

صد اثر در کانہا از اختراں ‏ میرساند قدرتش در ہر زماں
کان میں تاروں سے ہیں لاکھوں اثر ‏ جو ہیں قدرت سے ہویدا سربسر

چرخ پانصد سالہ راہ اے مستعین ‏ در اثر نزدیک آمد با زمین
چرخ پانصد سال کی رہ ہے پرے ‏ ہے زمیں پر رات دن اس کا اثر

سہ ہزاراں سال و پانصد تا زحل ‏ دمبدم خاصیتش آرد عمل
سہ ہزار و پنج صد سال لے نگار ‏ ہے زحل دور اور اثر ہے آشکار

در ہمش آرد چو سایہ در ایاب ‏ طول سایہ چیست پیش آفتاب
بازگشت اس کو کرے کیونکر خراب ‏ طول سایہ کیا ہے پیش آفتاب

[۱] خال عربی میں ماموں کو کہتے ہیں تو ممانی کو خالہ کہنا چاہیئے، مگر مجازاً خالہ ماں کی بہن کو اور اس کے شوہر کو خالو کہتے ہیں۔ مولانا علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں اسی طرح ہیں نے بھی ایک لفظ مقرر کر لیا ہے مگر اس کے معنی دوسرے ہیں۔

در نفوسِ پاک اختر وش مدد — سوئے اخترہائے گردوں می رسد

پاک نفسوں سے ستاروں کی مثال — ہے مدد تاروں کو اسے فرخندہ فال

ظاہراً آں اختراں قوامِ ما — باطنِ ما گشتہ قوامِ سما

ظاہرا اپنا ہے تاروں سے قیام — باطناً ہم آسماں کا ہیں دوام

آدمی کے متعلق حکماء و انبیاء کا قول

پس بصورت عالمِ اصغر توئی — پس بمعنی عالمِ اکبر توئی

ظاہراً ہے چھوٹی سی دنیا تو ہی — باطناً ہے ایک بڑی دنیا تو ہی

ظاہراً آں شاخ اصلِ میوہ است — باطناً بہرِ ثمر شد شاخ ہست

ظاہرا ہے اصلِ میوہ شاخ تر — باطناً ہے شاخ بھی بہرِ ثمر

گر نبودے میل و امیدِ ثمر — کے نشاندے باغباں بیخِ شجر

گر نہ ہوتی فکر و امیدِ ثمر — کب لگاتا باغباں بیخِ شجر

پس بمعنی آں شجر از میوہ زاد — گر بصورت از شجر بودش نہاد

پیڑ اُس سے اصل میں پیدا ہوا — ظاہرا گو پیڑ میں وہ ہے لگا

مصطفیٰ زیں گفت آدم و انبیا — خلف من باشند در زیرِ لوا

مصطفیٰ اس سے کہتے ہیں آدم و انبیاء — حشر میں ہوں گے مرے زیرِ لوا[۱]

بہرِ ایں فرمودہ است آں ذوفنون — رمزِ نحن الآخرون السابقون

اس لئے کہتے ہیں وہ صاحب فنون — رمزِ نحن الآخرون السابقون[۲]

۱ے لوا یا لوائے حمد وہ جھنڈا ہے، جو قیامت کے دن حضرت سرور کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ کے دستِ مبارک میں سایہ افگنی کے لئے ہوگا۔

۲ے یعنی ہم آخری عہد کے لوگوں میں سے ہیں، مگر پھر بھی سابق ہیں۔

گر بصورت من ز آدم زادہ ام	من بمعنی جد جد افتادہ ام
ظاہرا آدم سے گو پیدا ہوں میں	فی الحقیقت دادا کا دادا ہوں ہاں
کز برائے من بدش سجدۂ ملک	وز پئے من رفت بر ہفتم فلک
میری ہی خاطر ہوئے ساجد ملک	میرے پیچھے سے گئے ساتوں فلک
پس ز من زائید در معنی پدر	پس ز میوہ زاد در معنی شجر
باطنا پیدا ہوئے مجھ سے پدر	اصل ہیں میوے سے نکلا ہے شجر
اول فکر آخر آمد در عمل	خاصہ فکرے کو بود وصف ازل
پہلے فکر اور بعد ہوتا ہے عمل	خاص کر جو فکر ہو وصف ازل
حاصل اندر یک زماں از آسماں	می رود می آید ایدر کارواں
اک گھڑی میں چرخ سے المختصر	قافلہ ہے آتا جاتا اس سے بسر
نیست بر ایں کارواں ایں رہ دراز	کہ مفازہ زفت آید با مفاز
قافلے پر کچھ نہیں مشکل یہ راہ	دشت مہلک ہے مگر ہے رستگاہ
دل بکعبہ می رود در ہر زماں	جسم طبع دل بگیرد ز امتناں
کعبہ کو جاتا ہے دل بے اختلاج	جسم کو مل جاتا ہے دل کا مزاج
ایں دراز و کوتہی مر جسم راست	چہ دراز و کوتہ آنجا کہ خداست
ہے درازی کوتہی تن کو روا	کیا دراز و کوتہ جس جا ہے خدا
چوں خدا مر جسم را تبدیل کرد	رفتنش بے رفتن[1] و بے میل کرد
جسم کو تبدیل جب کر دے خدا	جانے میں پھر چال کیا اور میل کیا
صد امید است ایں زماں بردار گام	عاشقانہ اے فتی خل الکلام
ہیں امیدیں سینکڑوں پاؤں بڑھا	عاشقانہ، حل مطلب ہو چکا

[1] یعنی پھر جانے کے لئے چلنے کی حاجت نہیں اور نہ میل منزل کی احتیاج ہے۔ جیسے عارف کا دل گھر بیٹھے بیٹھے جب چاہتا ہے کعبہ کو پہنچ جاتا ہے۔

گرچہ پیلہ چشم برہم مے زنی — در سفینہ خفتہ رہ مے کنی

کیا عجب ہے گو وہ زوداں ہیں اٹھ آئے — جانتی کشتی ہیں تو جاکر بیٹھ جائے

ارشادِ رسول اللہ ﷺ

بہرِ ایں فرمود پیغمبر کہ من — ہمچو کشتی ام بطوفانِ زمن

اس سے یوں مصطفیٰ فرماتے تھے — میں ہوں کشتی اس بھنور میں دہر کے

ما و اصحابیم چوں کشتی نوحؑ — ہر کہ دست اندر زند یابد فتوح

ہیں مرے اصحاب ہاں کشتی نوحؑ — جو ہمیں پکڑے وہی پائے فتوح[لہ]

چونکہ با شیخی تو دور از زشتیی — روز و شب سیاری و در کشتیی

دور ہے تو زشتی سے ہمرہ شیخ کے — روز و شب ہے سیر کشتی میں تجھے

در پناہِ جانِ جاں بخشی قوی — کشتی اندر خفتہ رہ میروی

ہے جو جاں بخش قوی کا آسرا — جاتا ہے کشتی میں تو سوتا ہوا

مگسل از پیغمبر ایامِ خویش — تکیہ کم کن بر فن و بر کامِ خویش

ہو رسولِ وقت سے مت بے خبر — اور بھروسہ اپنے کاموں پر نہ کر

گرچہ شیری چوں روی رہ بے دلیل — ہمچو روبہ در ضلالی و ذلیل

شیر ہے گو، لیکن چلے جب بے دلیل — لومڑی کی طرح ہوتا ہے ذلیل

ہیں مپر الا کہ با پرہائے شیخ — تا بہ بینی عونِ لشکرہائے شیخ

ہاں نہ اڑ لیکن پروں پر شیخ کے — تا نظر آجائیں لشکر شیخ کے

یکزمانے موجِ لطفش بالِ تست — آتشِ قہرش دمے حمالِ تست

اس کی موجِ لطف تیرے پر و بال — آتشِ قہر اس کی الفت سے سنبھال

لہ فتح کی جمع ہے +

قہر او را ضد لطفش کم شمر — اتحاد ہر دو بین اندر اثر

قہر کو اس کے نہ ضد لطف جان — متحد دونوں اثر میں ہیں یہ مان

یکزماں چوں خاک سبزت میکند — یکزماں پر باد و گبرت میکند

تجھ کو دم بھر میں بنا دے سبز خاک — اور گھڑی بھر میں بنا دے کبر ناک

جسم عارف را دہد وصف جماد — تا برو روید گل و نسرین رشاد

جسم عارف کو وہ دے وصف جماد[1] — تا اگیں اس پہ گلہائے رشاد

لیک او بیند نہ بیند غیر او — جز بمغز پاک ندہد خلد بو

دیکھے وہ لیکن نہ دیکھے غیر اسے — خلد خوشبو پاک مغزوں ہی کو دے

مغز را خالی کن از انکار یار — تا کہ ریحاں یابد از گلزار یار

مغز کو خالی تو کر انکار سے — پائے ریحاں یار کے گلزار سے

تا بیابی بوئے خلد از یار من — چوں محمد بوئے رحماں از یمن

خلد کی تو اس طرح بو پائیگا — بوئے رحماں جوں یمن سے مصطفیٰ

در صف معراجیاں گر بیستی — چوں براقت بر کشاید نیستی

صف میں گر معراجیوں کی تو کھڑے — جوں براق اب نیستی پر کھول دے

نے چو معراج زمینی تا قمر — بلکہ چوں معراج کلکی تا شجر

یہ نہیں معراج ہو سے تا قمر — بلکہ وہ معراج تا شاخ شجر[2]

نے چو معراج بخاری تا سما — بل چو معراج جنینی تا نہا

ہاں نہ معراج بخاری تا سما — بلکہ معراج جنینی وا نما

خوش براقے گشت خنگ نیستی — سوئے ہستی آردت گر نیستی

ہے براق اچھا یہ اسپ نیستی — نیستی سے تجھ کو پہنچے ہستی ہی

[1] یعنی جمادات۔

[2] شجر سے مراد شجر طوبیٰ یا سدرۃ المنتہیٰ ہے جو ساتویں آسمان پر ہے۔

کوه و در با همنشین سر میکنند | تا جہان حس را پس میکنند
اُس کے سنگ ہم ہیں کوہ و در باہم گو رہے | تا جہان حس کو پیچھے ڈالدے

پا بکش در کشتی و میرو رواں | چوں سوئے معشوق جاں جاں رواں
بیٹھ کشتی میں، رواں ہو بیکراں | جیسے جاں معشوق کی جانب رواں

دست نے و پائے نے رو تا قدم | آنچنانکہ تاخت جانہا از عدم
اب یونہی بے دست و پا تو جا وہیں | جس طرح جانیں عدم سے آتی تھیں

بر دریدے در سخن پردہ قیاس | گر نبودے سمع سامع را نعاس
پھاڑ دیتا سانس پردے راز کے | گر نہ اُس کے سننے والے اونگھتے

اے فلک بر گفت او گوہر ببار | از جہان او جہانا شرم دار
اے فلک باتوں پہ کر گوہر نثار | اس کے عالم سے ہو دنیا! شرمسار

گر بباری گوہرت کش تا شود | چادرت گوینده و بینا شود
ایک کے بدلے ہوں جو موتی لائے تو | گو ہے جامد پھر بھی آنکھیں پائے تو

پس نثارے کردہ باشی بہرِ خود | چونکہ ہر سرمایۂ تو صد شود
زر نثاری اپنی خاطر ہے بجا | تا کہ سرمایہ ترا ہو سو گنا

ملکہ بلقیسؑ اور حضرت سلیمانؑ

ہمچو آں ہدیہ کہ بلقیسؑ از سبا | بر سلیمانؑ میفرستاد اے کیا
جوں سبا سے ملکہ بلقیس نے | ہدیہ بھیجا تھا سلیمانؑ کے لئے

ہدیہ بلقیسؑ چہل اشتر بدست | بار آنہا جملہ خشت زر بُدست
ہدیہ بلقیس میں چالیس اونٹ تھے | جو کہ تھے سونے کی اینٹوں سے لدے

چوں بصحرائے سلیمانی رسید | فرش آں را جملہ زر پختہ دید
جب ہوا دشتِ سلیمانی میں گذر | دیکھا پختہ ہو رہا ہے فرش زر

بر سر زر تا چہل منزل براندند — تا کہ زر را در نظر آبے نماند

سونے پر چالیس منزل تک چلے — معتقد اب زر کی وقعت کے نہ تھے

بارہا گفتند زر را وا بریم — سوئے مخزن ما چہ بیکار اندریم

بارہا سوچا کہ لوٹیں لے کے زر — رکھدیں مخزن میں کہ ہے بیکار تر

عرصۂ کش خاک زر دہ دہی ست — زر بہدیہ بردن آنجا ابلہی ست

خاک بھی ہو زرِ خالص کی جہاں — ہدیۂ زر لیکے کیا جائیں وہاں

اے ببردہ عقل ہدیہ تا الٰہ — عقل آنجا کمتر ست از خاک راہ

پیش خالق ، ہدیۂ عقل اے جواں — عقل خاک رہ سے کمتر ہے وہاں

چوں کساد ہدیہ آنجا شد پدید — شرمساریہا ہمے واپس کشید

جب حقارت ہدیہ کی ظاہر ہوئی — شرم سے ہونے لگی پھر واپسی

باز گفتند از کساد و از روا — چیست بر ما بندہ فرمانیم ما

پھر یہ سوچا تحفہ اچھا یا برا — حکم کے بندے ہیں ہم تو ہم کو کیا

گر زر و گر خاک ما را بردنیست — امر فرماندہ بجا آوردنیست

زر ہو یا ہو خاک ہم پہنچا تو دیں — فرض ہے فرماں بجا لانا ہمیں

گر بفرمایند کہ واپس برید — ہم بفرماں تحفہ را باز آورید

وہ جو فرمائیں کہ لے جاؤ اسے — حکم جب ہم دیں تو پھر لاؤ اسے

امر فرماں را ہمے باید شنید — تا بد آنجا ہدیہ را باید کشید

حکم جو کچھ ہو وہ سننا چاہیئے — ہم کو پہنچانا یہ تحفہ چاہیئے

پس رواں گشتند ہدیہ آوراں — تا بہ تخت آں سلیمان جہاں

ہدیہ لائے والے پس آگے بڑھے — سامنے تخت سلیمان کے گئے

خندش آمد چوں سلیمان آں بدید — کز شما من کے طلب کردم ثرید

ہنس کے بولے آں گروہ سے سلیمان نے کہا — میں نے کب مانگا یہ طلب تم سے کیا

من نیگر ہم مرا ہدیہ دہید ۔ بلکہ گفتم لائق ہدیہ شوید

کب کہا تھا یہ کہ ہدیہ مجھ کو دو ۔ یہ کہا تھا لائق ہدیہ بنو

کہ مرا از غیب نادر ہدیہاست ۔ کہ بشر آں را نیارد نیز خواست

غیب سے نادر ملے ہدیے مجھے ۔ جو نہیں ممکن کہ انساں مانگ لے

مے پرستید اختری کو زر کند ۔ رو بدو آرید کو اختر کند

پوجتے ہو تارے جو دیتے ہیں زر ۔ خالق اختر کو پوجو بے خطر

مے پرستید آفتاب چرخ را ۔ خوار کردہ جان عالی نرخ را

آفتاب چرخ کو ہو پوجتے ۔ خوار ہو جانوں کو اپنی کر رہے

آفتاب از امر حق طباخ ماست ۔ ابلہی باشد کہ گوئیم او خداست

حکم حق سے مہر باورچی[1] بنا ۔ بیوقوفی ہے اگر کہئے خدا

آفتابت گر بگیرد چوں کنی ۔ آں سیاہی زو تو چوں بیروں کنی

جب گہن سورج کو ہو تو کیا کرو ۔ دور کیونکر رنگ دن کا کالا کرو

نے بدرگاہ خدا آری صداع ۔ کہ سیاہی را ببر وادہ شعاع

کیا خدا سے تم نہیں کرتے دعا ۔ کر سیاہی دور اور روشن دکھا

گر کشندت نیم شب خورشید کو ۔ تا بنالی یا امان خواہی ازو

نصف شب تم کو جو مارے کیا کرو ۔ اور پناہیں کس طرح سورج سے لو

حادثات اغلب بشب واقع شود ۔ و آں زماں معبود تو غائب بود

حادثے ہوتے ہیں اکثر رات کو ۔ ہوتا ہے غائب تمہارا رب سنو

سوئے حق گر راستانہ خم شوی ۔ وارہی از اختراں محرم شوی

سوئے حق گر صدق دل سے تو جھکے ۔ محرم اس کا ہو ستاروں سے چھٹے

[1] باورچی اس لئے کہا کہ نباتات وغیرہ کو پکاتا ہے

چوں شوی محرم گشایم با تو لب ‌‌ ‌ تا ببینی آفتاب نیم شب

تو جو ہو محرم تو کھولوں میں بھی لب ‌ ‌ تا کہ دیکھے آفتاب نیم شب

چوں رواں پاک را اشراق نے ‌ ‌ در طلوعش روز و شب را فرق نے

مثل جان پاک وہ بے شرق ہے ‌ ‌ رات اور دن میں کب اس کے فرق ہے

روز آں باشد کہ او شارق شود ‌ ‌ شب نماند چونکہ او بارق شود

دن وہی ہے جبکہ پھیلا دے ضیا ‌ ‌ رات اس کی روشنی میں ہو فنا

چوں نماید ذرہ پیش آفتاب ‌ ‌ ہم چناں باشد دراں انوار تاب

جیسے ذرہ سامنے خورشید کے ‌ ‌ آفتاب ایسا ہے اس کے سامنے

آفتابے را کہ رخشاں مے شود ‌ ‌ دیدہ ہم پیشش کند حیراں شود

جس گھڑی ہوتا ہے سورج ضو فشاں ‌ ‌ تو جھپک جاتی ہیں آنکھیں بیگماں

ہمچو ذرہ بینیش در نور عرش ‌ ‌ پیش نور بیحد موفور عرش

عرش میں تو دیکھے جوں ذرہ اسے ‌ ‌ آگے نور بے کنار عرش کے

بینیش مسکین و خوار و بیقرار ‌ ‌ دیدہ را قوت شدہ از کردگار

اس کو دیکھے تو ذلیل و بے قرار ‌ ‌ قوت آنکھوں کو ملی اللہ سے یار

کیمیائے کہ از و یک ماثرے ‌ ‌ بر دخاں افتاد گشت او اخترے

کیمیا ایسی اثر جس کا فقط ‌ ‌ جب دھوئیں پر پڑ گیا اختر بنا

نادر اکسیرے کہ از وے نیم تاب ‌ ‌ بر ظلامے زد بکردش آفتاب

ایسی اکسیر اس کی معمولی سی تاب ‌ ‌ جب اندھیرے پر پڑی بنا آفتاب

بوالعجب مینا گرے کز یک عمل ‌ ‌ بست چندیں خاصیت را بر زحل

ایسا مینا گر ہے جب اک عمل ‌ ‌ اس قدر خاصیتیں پائے زحل

باقی ذرہ ہائے جان و اختراں ‌ ‌ ہم بریں مقیاس اے طالب بداں

ذرے اور تارے جو باقی ہیں یہاں ‌ ‌ ان کو بھی اس حال پر محمول کر

دیدۂ حسی زبون آفتاب ‏ دیدۂ ربانیی جو و بیاب

تو ہے چشم حس خراب آفتاب ‏ چشم ربانی کہیں ڈھونڈ جا شتاب

کاں نظر نوری و ایں ناری بود ‏ نار پیش نور بس تاری بود

وہ نظر نوری ہے یہ ناری نظر ‏ نار پیش نور ہے تاریک تر

تا زبوں گردد بہ پیش آں نظر ‏ شعشعات آفتاب با شرر

تا ہوں پھیکے سامنے اس آنکھ کے ‏ آفتاب پر شرر رکھے پر تو سے

حضرت شیخ عبداللہ مغربی کی کرامتیں

گفت عبداللہ شیخ مغربی ‏ شصت سال از شب ندیدم من شبی

بولے عبداللہ شیخ مغربی ‏ ساٹھ سال اک شب نہیں دیکھی کبھی

من ندیدم ظلمتے در شصت سال ‏ نے بروز و نے بشب از اعتدال

ہاں نہیں دیکھا اندھیرا ساٹھ سال ‏ رات اور دن میں تھا اتنا اعتدال

صوفیاں گفتند صدق قال او ‏ شب ہمی رفتیم در دنبال او

صوفیوں نے دی گواہی صدق کی ‏ پیچھے ہم جاتے تھے آدھی رات تھی

در بیابانہائے پُر از خار و گو ‏ او چو ماہ بدر ما را پیش رو

ان بیابانوں میں جن میں غار تھے ‏ چودھویں کا چاند وہ بن کر چلے

روئے پس ناکردہ میگفتے بشب ‏ ہیں گو آمد میل کن بر دست چپ

رخ نہ پھیرا اور اکثر کہ دیا ‏ دیکھو بائیں ہاتھ پر ہے اک گڑھا

باز گفتے بعد یکدم سوئے راست ‏ میل کن زیرا کہ خارے پیش ماست

پھر یہ کہتے دیکھو سیدھے ہاتھ پر ‏ ہوشیار آتے ہیں کچھ کانٹے نظر

روز گشتہ پائے بوسش کردہ ما ‏ زانکہ بودے پاکش از گل ہر دو پا

دن چڑھا پابوس ہم سارے ہوئے ‏ گرد سے پاک ان کے دونوں پاؤں تھے

نے ز خاکش بے رنگ بر وے اثر	نز خراشش خار و آسیب حجر
خاک لپٹا کا نہ تھا اُن پر اثر	پتھر اور کانٹوں سے تھے محفوظ تر
مغربی را مشرقی کردہ خدائے	کردہ مغرب را چو مشرق نور زا
مغربی کو مشرقی حق نے کیا	اور مغرب کو دیا مشرق بنا
نور این شمس شموس فارس است	روز خاص و عام را او حارس است
شمس یہ ہر روشنی پر ہے سوار	روز خاص و عام کا ہے پاسدار
چوں نباشد حارس آں نور مجید	کہ ہزاراں آفتاب آرد پدید
کیوں نگہباں ہو نہ وہ نور نگار	جس سے ہوں سورج ہزاروں آشکار
تو بنور او ہمے رو در اماں	در میان اژدہا و کژدماں
تو بھی اس کے نور ہی میں ہے اماں	اژدہوں اور بچھوؤں کے درمیاں
پیش پیشت میرود آں نور پاک	میکند ہر رہزنے را چاک چاک
تیرے آگے آگے ہے وہ نور پاک	کرتا ہے ہر راہزن کو چاک چاک
یوم لا یخزی النبی راست داں	نور یسعیٰ بین ایدیہم بخواں
یوم لا یخزی النبی[1] کو راست جان	نور یسعیٰ[2] بین ایدیہم کو مان
گرچہ گردد در قیامت آں فزوں	از خدا اینجا بخواہید آزموں
نور کو ہوگا قیامت میں سوا	منتہا تا کر یہاں بھی التجا
کو بخشد ہم بمیغ و ہم بباغ	نور جاں واللہ اعلم بالبلاغ
جو سحاب و ابر کو کر دے عطا	نور جاں اللہ ہے بہتر جانتا

[1] قولہ تعالیٰ عزّ و جلّ۔ یوم لا یخزی اللہ النبی والذین آمنو معہ یعنی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نبی کو اور جو لوگ اُس پر ایمان لائے ہیں یا اُس کے ساتھ ہیں رسوا نہ کریگا۔ [2] قولہ تعالیٰ عزّ و جلّ۔ نورہم یسعیٰ بین ایدیہم و بایمانہم یعنی اُن کا نور آگے اور سیدھے ہاتھوں کی طرف دوڑتا ہے +

حضرت سلیمانؑ کا قاصدانِ بلقیس کو واپس کرنا

بازگردید اے رسولانِ خجل — زر شما را دل بما آرید دل
لوٹ جاؤ اے رسولانِ خجل — زر مبارک ہو تمہیں، دِل لاؤ دل

این زرِ من بر سرِ آں زر نہید — کوریٔ تن فرج استر را دہید
میرا سونا اپنے سونے پر رکھو — کوریٔ تن خچر دل کو سونپ دو

فرج استر لائق حلقہ زر است — زرِ عاشق روئے زرد اصفر است
زر کے قابل ہیں یہ خچر یگاں — زرد رنگت زر ہے عاشق کا یہاں

کہ نظر گاہِ خداوند است آں — کہ نظر انداز خورشید است کاں
کیونکہ دل ہی ہے نظر گاہ خدا — کان پر سورج کی پڑتی ہے ضیا

کو نظر گاہِ شعاعِ آفتاب — کو نظر گاہِ خداوند لباب
پس کہاں خورشید کی جلوہ سرا — اور کہاں یہ جلوہ گاہِ کبریا

از گرفت من ز جاں اسپر کنید — گرچہ اکنوں ہم گرفتار منید
ان گرفتوں سے کرو جاں کو سپر — اب بھی ہو میری گرفتوں میں مگر

مرغ فتنہ دانہ بر بام است او — پر کشادہ بستۂ دام است او
مرغ دانہ دوست ہے بالائے بام — پر کھلے ہیں پر وہ ہے پابند دام

چوں بدانہ داد او دل را بجاں — ناگرفتہ مر ورا بگرفتہ داں
چونکہ دانے میں ہے اس کا دل پھنسا — گو رہا ہے جان اُسے پکڑا ہوا

آں نظرہا سوئے دانہ میکند — آں گرہ داں کو بپا بر میزند
دانے پر پڑتی ہے اس کی ہر نظر — وہ گرہ ہے پڑتی ہے جو پاؤں پر

لہ یعنی نصیحتیں ۱۲

دانہ گوید گر تو میدزدی نظر ۔۔۔ من همی دزدم ز تو صبر و مقر

دانہ بولے تو چرائے گر نظر ۔۔۔ صبر تیرا میں چرا لوں بے خبر

چوں کشیدست آں نظر اندر نیم ۔۔۔ پس بدانی کز تو من غافل نیم

جب تری نظریں ہیں مجھ پر بالیقیں ۔۔۔ تو سمجھ مجھ سے کبھی میں غافل نہیں

ایک عطار اور ایک مٹی کھانے والا شخص

پیش عطارے یکے گلخوار رفت ۔۔۔ تا خرد ابلوج و قند خاص زفت

پیش عطار ایک گل خور آ گیا ۔۔۔ تا خریدے قند اور شکر ذرا

پس بر عطار طرار دو دل ۔۔۔ موضع سنگ ترازو بود گل

چونکہ اس عطار نے دو دل کھڑے پائے ۔۔۔ باٹ تھے مٹی کے پتھر کے بجائے

گفت عطار اے جواں ابلوج من ۔۔۔ ہست نیکو بے تکلف بے سخن

بولا عطار اے جواں شکر مری ۔۔۔ بے تکلف ہے بہت اچھی نئی

لیک گل سنگ ترازوئے منست ۔۔۔ گر ترا میل شکر بخریدنست

باٹ مٹی کے ہیں پاٹے ہیں مگر ۔۔۔ مول لے تو اگر چاہے شکر

گفت ہستم در مہمے قند جو ۔۔۔ سنگ میزان ہر چہ خواہد باش گو

بولا میں تجھ سے ہوں شکر مانگتا ۔۔۔ باٹ چاہے جس کے ہوں پھر اس سے کیا

گفت با خود پیش آنکہ گل خورست ۔۔۔ سنگ چہ بود گل نکوتر از زر است

دل میں کہتا تھا کہ جو گل خوار ہو ۔۔۔ سنگ کیا مٹی ہے سونا دوستو

ہمچواں دلالہ کو گفت اے پسر ۔۔۔ نو عروسے یافتم بس خوب فر

جیسے دلالہ کہتی اے پسر ۔۔۔ اک عروس ایسی ہے خوب تر

سخت زیبا لیک ہم یک چیز ہست ۔۔۔ کاں ستیرہ دختر حلوا گر است

ہے حسیں لیکن ہے اک یہ بات بھی ۔۔۔ وہ ستیرہ لڑکی ہے حلوائی کی

گفت بہتر اینچنیں خود گر بود | دختر او چرب و شیریں تر بود

بولا لڑکا اچھا ایسا ہے اگر | ہوگی لڑکی چکنی اور شیریں نظر

گر نداری سنگ و سنگت از گل است | ایں بہ و بہ گل مرا میوہ دل است

باٹ مٹی کے ہیں پتھر کے نہیں | ہے مجھے تو بس یہ میوہ بہتریں

اندر آں کفہ ترازو ز اعتداد | او بجائے سنگ آں گل بر نہاد

پلڑے میں پھر وزن کرنے کے لئے | سنگ کی جا باٹ مٹی کے رکھے

پس برائے کفہ دیگر بدست | ہم بقدر آں شکر را مے شکست

دوسرے پلڑے میں اپنے ہاتھ سے | وہ شکر رکھنے لگا پھر توڑ کے

چوں نبودش تیشہ او دیر ماند | مشتری را منتظر آنجا نشاند

تھا نہ تیشہ اس لئے وقفہ ہوا | لینے والا منتظر بیٹھا رہا

رویش آں سو بود گل خور ناشکفت | گل ازو پوشیدہ دزدیدن گرفت

منہ ادھر پھیرے ہوئے تھا آدمی | مٹی تو سب وہ چرا لی باٹ کی

ترس ترساں کہ نباید ناگہاں | چشم او بر من فتد از امتحاں

ڈرتے ہی ڈرتے کہ شاید ناگہاں | مجھ پہ پڑ جائے نہ چشم امتحاں

دید عطار آں و خود مشغول کرد | کہ فزوں تر دزد ہاں اے روی زرد

دیکھ کر عطار غافل ہو گیا | ہاں زیادہ اس سے تو مٹی چرا

گر بدزدی وز گل من مے بری | رو کہ ہم از پہلوے خود مے خوری

گر چرا اگر سب کی سب لیجائے تو | خود ہی کچھ نقصان ناداں اٹھائے تو

تو ہمے ترسی ز من لیک از خری | من ہمے ترسم کہ تو کمتر خوری

مجھ سے تو ڈرتا ہے لیکن ہم خر ہے | ڈرتا ہوں میں تو نہ کم کھائے کہیں

چوں ببینی تو شکر را آزمود | پس بدانی احمق و غافل کہ بود

جب شکر تولے گا پائیگا پتا | کون تھا ناداں عاقل کون تھا

گرچہ مشغولم چناں احمق نیم — کہ شکار افزوں کشی تو از نمم

محو بیشک ہوں نہیں احمق مگر — تا زیادہ مجھ سے لے جائے شکر

مرغ ازاں دانہ نظر خوش میکند — دانہ ہم از دور راہش مے زند

مرغ خوش ہوتا ہے دانہ دیکھ کر — رہزنی کرتا ہے دانہ بیشتر

کز زنائے چشم حظے میبری — نے کباب از پہلوئے خود میخوری

ہے زنائے چشم سے تو کامیاب — کیا نہ کھائے اپنے پہلو سے کباب

ایں نظر از دور چوں تیرست و سم — عشقت افزوں میشود صبر تو کم

یہ نظر ہے دور سے تیر اور سم — عشق افزوں ہو رہا ہے صبر کم

مال دنیا دام مرغان ضعیف — ملک عقبیٰ دام مرغان شریف

مال دنیا، دام مرغان ضعیف — اور عقبیٰ، دام مرغان شریف

تا بدیں ملکے کہ او دامیست ژرف — در شکار آیند مرغان شگرف

اس لئے رکھا بڑا عقبیٰ کا دام — تا کہ پھنس جائیں بڑے سے طائر تمام

من سلیمانؑ مے نخواہم ملک تاں — بلکہ من برہانم از ہر ہلک تاں

ہیں سلیمانؑ کیوں تمہارا ملک لوں — ہاں ہلاکت سے رہا تم کو کروں

کایں زماں ہستند خود مملوک ملک — مالک ملک آنکہ او بجہد ز ہلک

آج کل مملوک ہیں مالک بڑے — وہ ہے مالک جو ہلاکت سے بچے

باژگونہ اے اسیران جہاں — نام خود کردید امیران جہاں

اے اسیرو نام اُلٹا رکھ لیا — تم امیرانِ جہاں کب ہو بھلا

اے تو بندہ اینجہاں محبوس جاں — چند گوئی خویش را خواجہ جہاں

بندۂ دنیا ہے تو محبوس جاں — کیوں کہے بنتا ہے سردار جہاں

اے رسولاں میفرستم تاں رسولؑ — ردّ من بہتر شمارا از قبول

قاصدو اب میں تمہیں ہوں بھیجتا — ہے قبولیت سے بہتر ردّ مرا

حضرت سلیمانؑ کا قاصدوں کی دل جوئی کرنا

پیش بلقیس آنچہ دید اد از عجب باز گوئید از بیابان ذہب
سامنے بلقیس کے دیکھا ہوا دشت زر کا حال کہنا برملا

کہ چہل منزل بروئے زر بُدیم وز چنیں ہدیہ خجل چوں میشدید
سونے پر چالیس منزل ہم چلے اور پشیماں ایسے تحفے سے ہوئے

تا بداند کہ بزر طامع نہ ایم ما زر از زر آفریں آوردہ ایم
تا وہ سمجھے ہم کو طمع زر نہیں ہم کو زر دیتا ہے وہ زر آفریں

آنکہ گر خواہد ہمہ خاک زمیں سر بسر زر گردد و دُرِ ثمیں
وہ اگر چاہے تو سب خاک زمیں سر بسر سونا ہو اور دُرِّ ثمیں[1]

حق برائے او کند اے زرگزیں روز محشر ایں زمیں را نقرہ گیں
حق کرے اُس کے لئے با صد خوشی روز محشر اس زمیں کو نقرئی

فارغیم از زر کہ ما بس پر فنیم خاکیاں را سر بسر زرّیں کنیم
سونے کی پروا نہیں مطلق ہمیں خاکیوں کو سر بسر زرّیں کریں

از شما کے کُدیۂ زر مے کنیم ما شما را کیمیا گر مے کنیم
تم سے ہم مانگیں گے زر کی بھیک کیا کیمیا گر خود تمہیں دیں گے بنا

ترک آں گیرید کہ ملک سباست کہ بروں از آب و گل بس ملکہاست
چھوڑ دو تم جو وہ ہے ملک سبا ہیں بہت ملک آب و گل کے ماسوا

تختہ بند است آنکہ تختش خواندۂ صدر پنداری و بر در ماندۂ
گور کا تختہ ہے تخت سروری صدر سمجھی خود کو ہے در پہ کھڑی

[1] گراں قیمت موتی +

پادشاہی نیست در ریش خود / پادشاہی چوں کنی بر نیک و بد
جب نہیں ڈاڑھی بھی قابو میں ترے / نیک و بد پر بادشاہی کیا کرے

ہیر ادِ تو شود ریشت سفید / شرم دار از ریش خود اے کژ امید
ہے خلاف امید کے ڈاڑھی سفید / شرم کر ڈاڑھی سے اپنی بد امید

مالک الملک است ہر کس سر نہد / بے جہان خاک صد ملکش دہد
وہ ہے مالک ملک کا جو سر جھکائے / ماسوا دنیا کے لاکھوں ملک پائے

لیک ذوق سجدۂ پیش خدا / خوشتر آید از دو صد دولت ترا
ذوق کا اک سجدہ پیش کبریا / تیرے حق میں ہے خزانوں سے سوا

پس بنالی کہ نخواہم ملک ہا / ملک آں سجدہ مسلم کن مرا
تو کہے رو کر کروں گا ملک کیا / ملک سجدہ کر مجھے یا رب عطا

پادشاہان جہاں از بدرگی / بو نبرند از شراب بندگی
بادشاہان جہاں کب فخر سے / بو شراب بندگی کی لے سکے

ورنہ ادہم[۱] وار سرگردان و دنگ / ملک را بر ہم زدندے بیدرنگ
ورنہ ادہم کی طرح ہو کر وہ دنگ / ملک کو ویران کرتے بیدرنگ

لیک حق بہر ثبات ایں جہان / مہر شاں بنہاد بر چشم و زبان
نظم عالم کے لیے حق نے مگر / مہر کی ان کی زبان و چشم پر

تا شود شیریں بر ایشاں تخت و تاج / تا ستانند از جہانداراں خراج
تا ہوں تخت و تاج ان کو خوشگوار / لیں سلاطین سے خراج بیشمار

از خراج ار جمع آری زر چو ریگ / آخر آں از تو بماند مردہ ریگ
ریت سے زائد ہو دولت جمع کی / غیر کی میراث ہے آخر وہی

---

۱ ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ سے مراد ہے۔

همرهٔ جانت نگردد ملک و زر — زر بده سرمه ستان بهر نظر

ساتھ جائے جان کے کب ملک و زر — دیجئے زر سرمہ تو لے بہر نظر

تا ببینی کاین جہاں چاہیست تنگ — یوسفانہ آں رسن آری بچنگ

تا تو دیکھے ہے جہاں اندھا کنواں — مثل یوسف[2] پکڑے رسی اے جواں

تا بگوید چوں ز چاہ آئی بہ بام — جان کہ یا بشرای لنا ہذا غلام

جاں کہے - اگر کنوئیں سے سوئے بام — دیکھو، یا بشری[1] لنا ہذا غلام

ہست در چہ انعکاسات نظر — کمترین آنکہ نماید سنگ زر

چاہ میں جاتے تو الٹی ہو نظر — کم سے کم پتھر نظر آتا ہے زر

وقت بازی کودکاں را ز اختلال — می نماید آں خزفہا زر و مال

کھیلنے کے وقت لڑکوں کا خیال — ٹھیکروں کو ہے بناتا زر و مال

عارفانش کیمیاگر گشتہ اند — تا کہ شد کانہا بر ایشاں نژند

عارف اس کے کیمیا گر ہو گئے — کان زر بھی ہیچ ہے اُن کے لئے

ایک درویش کا خواب

آں یکے درویش گفت اندر سحر — خضریاں را من بدیدم خواب در

بولا اک درویش یوں وقت سحر — مجھ کو خضری[2] خواب میں آئے نظر

گفتم ایشاں را کہ روزی حلال — از کجا نوشم کہ آں نبود وبال

پوچھا میں نے اُن سے روزی حلال — پاؤں کیونکر جو نہ ہو مجھ کو وبال

مر مرا سوئے کہستاں راندند — میوہ ہا زاں بیشہ مے افشاندند

مجھ کو کوہستاں کی جانب لے گئے — میوے پھر جنگل کے توڑے شوق سے

[1] ہمارے لئے خوشخبری ہے۔ کہ ایک نوجوان ہے +

[2] یعنی وہ لوگ جو حضرت خضر علیہ السلام سے نسبت عقیدت رکھتے ہیں +

که خدا شیریں بگرداں میوہ را / ور دہان تو بہشتہاے ما
اور کہا شیریں انہیں کرے خدا / تیرے حق میں یہ ہماری ہے دعا
ہیں بخور پاک و حلال و بے حسیب / بے صداع و نقل بالا و نشیب
کہا یہ ہیں پاک اور حلال اور بے حساب / نقل و حرکت سے نہ ہے کوئی عذاب
پس مرا زاں رزق لطفے رو نمود / ذوق گفت من خرد ہا مے ربود
پس مجھے اس رزق سے لطف آ گیا / ہو گیا حیران وہ جس سے کہا
گفتم ایں فتنہ است یارب در جہاں / بخششے وہ از ہمہ خلقاں نہاں
کی دعا فتنوں سے پُر ہے یہ جہاں / لطف کر تو لے خدا سب سے نہاں
شد سخن از من دل خوش یافتم / چوں انار از ذوق مے بشگافتم
اس دعا سے دل کو پایا کامگار / کھل گیا میں ذوق سے مثل انار
گفتم از چیزے نباشد در بہشت / غیر ایں شادی کہ دارم در سرشت
بولا ہیں کوئی نہیں جنت میں شے / اس خوشی کے ماسوا جو مجھ کو ہے
ہیچ نعمت آرزو ناید دگر / زیں نپردازم بخور یا نیشکر
اب کوئی نعمت نہیں زیر نظر / چھوڑ کر اس کو نہ کھاؤں نیشکر
ماندہ بود از کسب یک دو حبہ ام / دوختہ در آستین جبہ ام
ایک دو رتی کمائی کی جو تھی / آستین جبہ میں وہ ہے سلی

درویش اور لکڑہارا

آں یکے درویش ہیزم میکشید / خستہ و ماندہ ز بیشہ مے رسید
اور اک درویش لیکر لکڑیاں / آیا جنگل سے تھکا ہارا وہاں
پس بگفتم من ز روزی فارغم / زیں سپس از بہر رزقم نیست غم
ہوں میں فارغ میں نے یہ دل میں کہا / اب مجھے کچھ بھی نہیں غم رزق کا

میوہ گردہ بر من خوش شد سفت — رزق خاصے جسم را آمد بدست
ہو گئے گردہ میوے سے خوش گوار — خاص روزی سے بدن ہے کامگار

چونکہ من فارغ شدستم از گلو — حبّۂ چندست من بدہم بدو
ہیں تو اب اس فکر سے آزاد ہوں — چند حبّے یہ اسی کو کیوں نہ دوں

بدہم این زر بدین تکلیف کش — تا دو سہ روزک شود از قوت خوش
ہے اسے تکلیف۔ دیدوں اس کو زر — تاکہ یہ دو تین دن کر لے بسر

خود ضمیرم را ہمید انست او — زانکہ شمعش داشت نور از شمع ہو
سمجھا دل کی بات کو وہ مو بمو — شمع ہیں اس کی تھا نور شمع ہو

بود پیشش سرّ ہر اندیشۂ — چون چراغے در درون شیشۂ[1]
بھید ہر اندیشہ کا تھا سامنے — جس طرح شیشے میں لٹکے ہوں دیے

ہیچ پنہاں مے نشد از وے ضمیر — بود بر مضمون دلہا او امیر
دل کی بات اس سے کوئی پنہاں نہ تھی — وہ دلوں کا راز داں تھا واقعی

پس ہمے منکبید با خود زیر لب — در جواب فکرتم آں بوالعجب
اس لئے ہونٹوں میں تھا کچھ کہہ رہا — تھا جواب اچھا مری تخئیل کا

چون چنین اندیشی از بہر ملوک — کیف تلقی الرزق ان لم یرزقوک[2]
سوچتا کیا ہے تو شاہوں کے لئے — رزق کیونکر پائے تو گر حق نہ دے

من نمی کردم سخن را فہم لیک — بر دلم میزد عتابش نیک نیک
ہیں تو بات اس کی سمجھتا ہی نہ تھا — ہاں اثر دل پر تھا خفگی کا بڑا

سوئے من آمد بہیبت ہمچو شیر — تنگ ہیزم را ز خود بنہاد زیر
مثل شیر آیا مری جانب دواں — پھینک کر جلدی سے نیچے لکڑیاں

[1] چراغ +
[2] اگر وہ تجھے رزق نہ دیتے۔ تو تجھے رزق کیونکر ملتا +

بر نو حالی کہ او ہیزم نہاد	لرزہ بر ہفت عضو من فتاد[1]
بر تو اس کا تھا جو رکھیں لکڑیاں	عضو ساتوں تھے مرے لرزش کناں
گفت یارب گر ترا خاصاں ہے اند	کہ مبارک دعوت و فرخ پے اند
کی دعا زندہ ہیں گر مردِ خدا	ہیں قدم جن کے مبارک اور دعا
لطف تو خواہم کہ پیدا گر شود	ایں زماں ایں تنگ ہیزم زر شود
لطف ہو یارب ترا صنعت اثر	لکڑیوں کا گٹھا یہ ہو جائے زر
در زماں دیدم کہ زر شد ہیزمش	ہمچو آتش بر زمیں تافت خوش
میں نے دیکھا لکڑیاں زر ہو گئیں	جو زمیں پر آگ سی ضو بار تھیں
من دراں بیخود شدم تا دیر گہ	چونکہ با خویش آمدم من از ولہ
دیر تک میں بیخود و حیراں رہا	ہوش پھر آخر ہوئے میرے بجا
بعد ازاں گفت اے خدا گر آں کبار	بس غیور اند و گریزاں ز اشتہار
پھر دعا کی اے خدا وہ نیک تر	ہیں غیور اور شہرتوں سے دور اگر
باز ایں را بند ہیزم ساز زود	بے توقف ہمچناں حالے کہ بود
پھر اسے لکڑی کا گٹھا دے بنا	جیسا تھا ویسا ہی ہو جائے ذرا
در زماں شد ہیزمش اغصان زر	مست شد در کار او عقل و نظر
ہو گیا فوراً وہ سونا لکڑیاں	تھیں عجب عقل و نظر کو مستیاں
بعد ازاں برداشت ہیزم را و رفت	سوئے شہر از پیش من او تیز تفت
پھر اٹھا کر لکڑیاں رخصت ہوا	شہر کی جانب گیا بھاگا ہوا
خواستم تا در پئے آں شہ روم	پرسم از وے مشکلات و بشنوم
میں نے چاہا پیچھے پیچھے جاؤں میں	مشکلوں کا حل اسی سے پاؤں میں

[1] یعنی ہفت اندام بہ ہفت اندام، آنکھ، کان اور اسے فنا سے زبان اور پیٹ فرج اور دست و پا

بستہ کرد آں ہیبت او مر دم را | پیش خاصاں رہ نباشد عامہ را
اس کی ہیبت نے نگر روکا سبھی | عام کیا خاصوں نے آئیں سامنے

ور کسے را رہ شود گو سر فشاں | کاں بود از رحمت و از جذبشاں
جو یہ رستہ پائے گر دے سر نثار | اُن کے جذب و رحم پر ہے انحصار

پس غنیمت دار آں توفیق را | چوں بیابی صحبت صدیق را
پس غنیمت جان اُس توفیق کو | جب تو پائے صحبت صدیق کو

نے چو آں ابلہ کہ یابد قرب شاہ | سہل و آساں در فتد آں دم براہ
ہو نہ ایسا بھی جو قرب شہ ملے | پھیلا پھیلا سا لئے رستے ہیں بھرے

چوں ز قربانی دہندش بیشتر | پس بگوید ران گاو است ایں مگر
دے جو قربانی سے قدرت بیشتر | ران سمجھے گائے کی وہ بے خبر

نیست ایں از ران گاو اے مفتری | ران گاوت می‌نماید از خری
ران یہ سمجھے ہے! کہاں ہے گائے کی | ران اس کو جانتا ہے ابلہی

حضرت سلیمانؑ کا قاصدوں کو لوٹنے کی ترغیب دینا

بذل شاہانست ایں بے رشوتے | بخشش محضست ایں از رحمتے
یہ تو ہے رشوت ہے خیرات شہی | غایت رحمت سے بخشش تجھ پہ کی

ہمچنانکہ شہ سلیمانؑ در نبرد | جذب خیل و لشکر بلقیس کرد
جوں سلیمانؑ نے لڑائی کی شتو | اور کھینچا لشکر بلقیس کو

کہ بیائید اے عزیزاں زود زود | کہ برآمد موجہا از بحر جود
اے عزیزو جلد جلد آؤ یہاں | بحر بخشش کی ہیں موجیں بیکراں

سوئے ساحل می‌فشاند بے خطر | جوش موجش ہر زمانے صد گہر
سوئے ساحل پھینکتی ہیں بے خطر | جوش میں آ کے موجیں بحر گہر

الصّلا گفتیم اے اہل رشاد ۔۔۔ کایں زماں رضوان در جنّت کشاد

ہے صلا اہل ہدایت کے لیئے ۔۔۔ کھولے ہیں جنّت کے در رضوان نے

پس سلیمانؑ گفت کاے پیکاں رو ید ۔۔۔ سوئے بلقیس و بدیں دیں بگروید

قاصدو لوٹو، سلیمانؑ نے کہا ۔۔۔ مژدہ دو بلقیس کو اسی دین کا

پس بگوئید ش بیا اینجا تمام ۔۔۔ زود کانّ اللہ یدعوا بالسّلام[1]

پس چلیں آئیں یہاں وہ سب تمام ۔۔۔ کیونکہ انّ اللہ یدعوا بالسّلام

ہیں بیا اے طالب دولت شتاب ۔۔۔ کہ فتوحست ایں زماں و فتح باب

آ یہاں اے طالب دولت شتاب ۔۔۔ فتح سے ہو گی یہاں تو کامیاب

اے کہ تو طالب نۂ تو ہم بیا ۔۔۔ تا طلب یابی ازاں یار وفا

اور اگر طالب نہیں ہے تو بھی آ ۔۔۔ دے تجھے ذوق طلب وہ باوفا

ملک برہم زن تو ادہمؒ وار زود ۔۔۔ تا بیابی ہمچو او ملک خلود

مثل ادہمؒ برہم اپنا ملک کر ۔۔۔ تاکہ ملک جاوداں کی ہو خبر

حضرت ابراہیم ادہمؒ کا ترک سلطنت

خفتہ بود آں شہ شبانہ بر سریر ۔۔۔ حارساں بر بام اندر دار و گیر

سوتے تھے اک دن وہ سلطاں تخت پر ۔۔۔ پاسباں تھے بام پر سینہ سپر

قصد شہ از حارساں آنہم نبود ۔۔۔ کہ کنند زاں دفع دزداں و رنود

پھر یہ مطلب چوکیداروں سے نہ تھا ۔۔۔ دفع چوروں کو کریں وہ جابجا

او ہمے دانست کانکو عادلست ۔۔۔ فارغست از واقعہ ایمن دلست

جانتے تھے وہ کہ جو عادل ہوئے ۔۔۔ ہیں وہ فارغ حادثات و خوف سے

[1] بیشک اللہ تجھے سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے +

عدل باشد پاسبان گامہا — نے بشب چوبک زناں بر بامہا
عدل ہوتا ہے نگہباں ہم نشیں — کو کٹھوں پر کی بانگ نوبت کچھ نہیں

لیک بد مقصودش از بانگ رباب — ہمچو مشتاقاں خیال آں خطاب
مقصد اُن کا تھا مگر بانگ رباب — تھا خیالوں میں وہی شوق خطاب

نالۂ سرنا و تہدید دہل — چیزکے ماند بداں ناقور کل
ڈھول کی آواز سرنا کی صدا — ملتی اُس نغمے سے ہے کچھ برملا

پس حکیماں گفتہ اند ایں لحنہا — از دوار چرخ بگرفتیم ما
کہتے ہیں دانا یہ آوازیں تمام — لی ہیں دورِ چرخ ہی سے لا کلام

بانگ گردشہائے چرخ ست اینکہ خلق — میسرایندش بطنبور و بحلق
گردش گردوں کے ہیں یہ زمزمے — گاتے ہیں جو حلق یا طنبور سے

مومناں گویند کآثار بہشت — نغز گرداند ہر آواز زشت
کہتے ہیں مومن کہ آثار بہشت — خوب کر دیتے ہیں ہر آواز زشت

ما ہمہ اجزائے آدم بودہ ایم — در بہشت آں لحنہا بشنودہ ایم
سب کے سب اجزائے آدم ہم جو تھے — سنتے رہتے تھے وہ نغمے خلد کے

گرچہ بر ما ریخت آب و گل شکے — یاد ما آید ز آنہا اندکے
آب و گل سے شک میں گو ڈالا ہمیں — یاد ہے اُن میں سے تھوڑا سا ہمیں

لیک چوں آمیختند با خاک کرب — کے دہند ایں زیر و ایں بم آں طرب
رل گئے اُس میں غم و اندوہ اب — آسکے کیونکر زیر و بم میں وہ طرب

آب چوں آمیخت با بول و کمیز — گشت ز آمیزش مزاجش تلخ و تیز
پانی میں پیشاب کی بو جب ملی — تلخ و تیز اُس کی طبیعت ہو گئی

چیزکے از آب ہستش در جسد — بول گیرش آتشے را میکشد
پانی بھی تھوڑا سا اس میں ہے دبے — آگ بجھ جاتی ہے یوں پیشاب سے

گر نجس شد آب ایں طبعش نماند | کاتش غم را بطبع خود نشاند
ہے نجس لیکن طبیعت ہے بتاب | آتش غم کو بجھا دیتا ہے آب

پس غذائے عاشقاں آمد سماع | کہ درو باشد خیال اجتماع
راگ عاشق کی غذا اے خوش خصال | یار سے ملنے کا اس میں ہے خیال

قوتے گیرد خیالات ضمیر | بلکہ صورت گردد از بانگ صفیر
قوت اک پکڑیں خیالات ضمیر | بلکہ دے صورت دکھا بانگ صفیر

آتش عشق از نواہا گشت تیز | آنچنانکہ آتش آں جوز ریز
تیز ہو جاتی ہے آتش عشق کی | جیسے اس اخروٹ والے کی ہوئی

پانی میں اخروٹ پھینکنے والے کی کہانی

در لغوے بود آب آں تشنہ راند | بر درخت جوز جوزے می فشاند
تھا گڑھے میں آب اور اک پیاسا تھا | پیڑ پر اخروٹ کے بیٹھا ہوا

می فتاد از جوز بن جوز اندر آب | بانگ مے آمد ہمے دید او حباب
پھینکتا پانی میں وہ اخروٹ تھا | سنتا بانگ اور دیکھتا تھا بلبلا

عاقلے گفتا کہ بگذار اے فتا | جوزہا خود تشنگی آرد ترا
بولا اک عاقل یہ کیا ہے دل لگی | ہیں یہی اخروٹ وجہ تشنگی

بیشتر در آب می افتد ثمر | آب در پستی ست از تو دور تر
گرتے ہیں اخروٹ اس میں ٹوٹ کر | پانی ہے پستی میں تجھ سے دور تر

بیشتر در آب مے افتد بہیں | می برد آبش ترا چہ سود ازیں
گر کے پانی میں یہ اخروٹ اے فتا | ڈوب جاتے ہیں تجھے کیا فائدہ

تا تو از بالا فرود آئی بزیر | آب جوزت بردہ باشد اے دلیر
جب تک اوپر سے تو نیچے آئیگا | پانی ان اخروٹوں کو لے جائیگا

گفت قصدم زیں فشاندن جو بُدست ۔ تیز تر بنگر بریں ظاہر مایست

بولا یہ آخر دست کب ہے پھینکنا ۔ چھوڑ ظاہر دیکھ باطن کو ذرا

قصد من آنست کاید بانگ آب ۔ ہم ببینم بر سر آب ایں حباب

ہے یہ مقصد آئے پانی کی صدا ۔ اور نظر پانی پہ آئے بلبلا

تشنہ را خود شغل چہ بود در جہاں ۔ گرد پائے حوض گشتن جاوداں

پیاسے کا کیا شغل ہے اس کے سوا ۔ حوض کے چاروں طرف پھرنا سدا

گرد جو و گرد آب و بانگ آب ۔ ہمچو حاجی طائف کعبہ صواب

پانی کے گرد اور گرد آواز کے ۔ جیسے حاجی گرد کعبے کے پھرے

ہمچنیں مقصود من زیں مثنوی ۔ اے ضیاء الحق حسام الدین توئی

مثنوی سے بس میرا مقصود بھی ۔ ہے ضیاء الحق حسام الدین تو ہی

مثنوی اندر فروع و در اصول ۔ جملہ آن تست کردستی قبول

مثنوی فرعاً اور اصلاً ہے تری ۔ کی قبول اور مالکیت تیری ہوئی

التجا بر تست و بر امداد تو ۔ تکیہ بر اشفاق و بر اسعاد تو

التجائیں تجھ سے ہیں امداد کی ۔ ہے بھروسہ لطف و یاری پر تری

مثنوی اندر اصول و در فروع ۔ میکند زیر لوائے تو رجوع

ہاں یہ اصلاً اور فرعاً مثنوی ۔ ہر طرح سے ہے پناہوں میں تری

مثنوی اندر اصول و ابتدا ۔ جملہ بہر تست و بر تست انتہا

مثنوی کا ہر اصول اور ابتدا ۔ تجھ سے ہے اور ہے تجھی پر انتہا

در قبول تست عزّ و مقبلی ۔ زانکہ شاہ جان و سلطان دلی

تیری منظوری سے ہے عزت مقبلی ۔ کیونکہ تو ہے شاہ جاں اور شاہ دل

در قبول آرند شاہاں نیک و بد ۔ چوں قبول آرند نبود ہیچ رد

ہے قبول بادشاہاں نیک و بد ۔ گر کریں مقبول کیوں ہونا ہے رد

چوں نہالے کاشتی آبش بدہ | چوں کشادش دادۂ بکشا گرہ
پیڑ بو یا ہے تو پانی اُس کو دے | اب گرہ اچھی طرح سے کھول لے

قصدم از الفاظِ او رازِ تو است | قصدم از انشایش آوازِ تو است
مقصدِ الفاظ تیرا راز ہے | مقصدِ انشا تری آواز ہے

پیشِ من آوازت آوازِ خدا ست | عاشق از معشوق حاشا کے جدا ست
ہے تری آواز آوازِ خدا | کب ہوا معشوق سے عاشق جدا

اتصالے بے تکیّف بے قیاس | ہست ربّ النّاس را با جانِ ناس
بے تکلف اس کا ہوتا ہے وصال | اپنے بندوں سے ہے ربّنا ذوالجلال

لیک گفتم ناس من نسناس نے | ناس غیرِ جانِ جاں اشناس نے
لیک بن مانس نہیں معنیِ ناس لہ | بلکہ وہ انسان جو ہے حق شناس

ناس مردم باشد و کو مردمی | تو سرِ مردم ندیدستی دُنی
آدمی دیکھے کہاں ہیں اے دنی | آدمی کا سر بھی دیکھا ہے کبھی

مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ خواندۂ | لیک جسمی در تجزّی ماندۂ
مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ ہے پڑھا | جسم کی تقسیم میں ہے تو پڑا

ملکِ جسمت را چو بلقیس اے غبی | ترک کن بہرِ سلیمانِ نبی
مثلِ بلقیس اس بدن کو اے غبی | ترک کر بہرِ سلیمانِ نبی

می‌کنم لاحول نے از گفتِ خویش | بلکہ از وسواس آں اندیشہ کیش
کب ہے لاحول اپنے اس احساس پر | بلکہ بد اندیش کے وسواس پر

کو خیالے می‌کند در گفتِ من | در دل از وسواس و انکاراتِ ظن
جس کو میری گفتگو کا ہے خیال | وسوسہ، انکار، بد فہمی، ملال

لہ انسان، آدمی۔

میگنم لاحول یعنی چاره نیست ‌ ‌ ‌ چوں ترا در دل بعمدم گفتنیست

چارہ ہی کیا ہے بجز لاحول کے ‌ ‌ ‌ جب تجھے ضد ہے مری گفتار سے

چونکه گفت من گرفتت در گلو ‌ ‌ ‌ من خمش کردم تو زیں پس خود بگو

پکڑا میری باتوں نے تیرا گلا ‌ ‌ ‌ لے میں چپکا ہو گیا۔ اب تو سنا

ہر بے ادب سے تحمّل اور رفاقت کرنا

آں یکے نائے که خوش مے بزد دست ‌ ‌ ‌ ناگہاں از مقعدش بادے بجست

تھا بجاتا ایک اچھی بانسری ‌ ‌ ‌ ریح اس کی ناگہاں خارج ہوئی

نائے را بر کون نہاد او که ز من ‌ ‌ ‌ گر تو بہتر مے زنی بستاں بزن

بانسری مقعد پہ رکھ کر یوں کہا ‌ ‌ ‌ مجھ سے اچھی بج سکے تو تو بجا

اے مسلماں خود ادب اندر طلب ‌ ‌ ‌ نیست الّا حمل از ہر بے ادب

اے مسلماں تو ادب کو کر طلب ‌ ‌ ‌ بے ادب سے ہے تحمّل ہی ادب

ہر کرا بینی شکایت میکند ‌ ‌ ‌ کاں فلاں کس راست طبع و خوئے بد

جس کو دیکھو شکوہ کرتا ہے یہی ‌ ‌ ‌ ہے فلاں کی طبع و خو بے حد بری

ایں شکایت گو بداں کو بدخو ست ‌ ‌ ‌ کہ مر آں بدخوئے را او بدگو ست

ہے گلہ اس کو جو خود بدخو ہوا ‌ ‌ ‌ کیونکہ اک بدخو کو کہتا ہے برا

زانکه خوش خو آں بود کو در خمول ‌ ‌ ‌ باشد از بدخوئے و بدطبعاں حمول

ہے وہی خوش خو کنارہ جو کرے ‌ ‌ ‌ اور تحمّل جس کو بدخو پر رہے

لیک در شیخ آں گله ز امر خدا ست ‌ ‌ ‌ نے پئے خشم و ممارات و ہوا ست

ہاں گلہ مرشد کا ہے امر خدا ‌ ‌ ‌ دشمنی اس میں نہ غصہ یا ہوا[1]

[1] حرص ہے

آں شکایت نیست ہست اظہارِ حال — چوں شکایت کرد آں پیغمبراں
یہ شکایت نہیں ہے وہ اظہارِ حال — جس طرح نبیوں کی شکوہ سنجیاں

ناتحمّلی انبیا را از امر داں — ورنہ حمّال است بد را طبعِ شاں
بے تحمّل ہوں تو امرِ حق سے ہاں — ورنہ خوگر ہیں کہ جھیلیں سختیاں

طبع را کشتند در حملِ بدی — ناتحمّلی گر بود ہست ایزدی
دل کو مارا، ظلم کی برداشت کی — بے تحمّل ہونا یہ ہے قدرتی

اے سلیماں درمیانِ زاغ و باز — حلمِ حق شو با ہمہ مرغاں بساز
اے سلیماں درمیانِ زاغ و باز — حلمِ حق ہو سب پرندوں کو نواز

بلبلِ بسیار گو را پر مکن — باز را و کبک را برہم مزن
بلبلِ نغمہ سرا کے پر نہ جھاڑ — کر نہ باز و کبک سے اپنا بگاڑ

اے دو صد بلقیس حلمت را زبوں — کاہدِ قومی را نہم لا یعلمون
سیکڑوں بلقیس تجھ سے ہیں زبوں — اِہدِ قومی اِنّہم لا یعلمون[1]

حضرتِ سلیمانؑ کا بلقیس کو عتاب نامہ بھیجنا

ہیں بیا بلقیسؑ ورنہ بد شود — لشکرت خصمت شود مرتد شود
جلد آ بلقیسؑ ورنہ ہے بُرا — تیرا لشکر تجھ سے سب پھر جائیگا

پردہ دارِ تو درت را برکند — جانِ تو با تو بجاں خصمی کند
توڑیں دروازے کو تیرے پردہ دار — جان تیری جان سے انجامِ کار

جملہ ذرّاتِ زمین و آسماں — لشکرِ حق اند گاہِ امتحاں
سب یہ ذرّاتِ زمین و آسماں — لشکرِ خالق ہیں وقتِ امتحاں

[1] یہ شعر دعائیہ ہے۔ جس میں مخاطب صحیح ذاتِ باری سے التجا کرتے ہیں کہ یا رب ہماری قوم کو ہدایت کر کیونکہ وہ لاعلم اور غیر آگاہ ہے +

باد را دیدی که با عاداں چه کرد　　آب را دیدی که در طوفاں چه کرد
دیکھ عادوں سے ہوا نے کیا کیا　　آب نے طوفاں کر ڈالا سب

آنچه بر فرعون زد آں بحر کیں　　وانچه با قاروں نمودست ایں زمیں
حشر جو دریا سے تھا فرعون کا　　جو زمیں نے ساتھ قاروں کے کیا

وانچه آں بابیل با آں پیل کرد　　وانچه پشه کلّه نمرود خورد
جو ابابیلوں نے فیلوں سے کیا　　کلّہ پچھّر کھا گیا نمرود کا

وانکه سنگ انداخت داؤدے بدست　　گشت سیصد پاره و لشکر شکست
ہاتھ سے پتھر گرا داؤد کے　　بھاگا لشکر تین سو ٹکڑے ہوئے

سنگ مے بارید بر اعدائے لوط　　تاکه در آب سیه خوردند غوط
برسے پتھر دشمنوں پر لوط کے　　غرق سب آب سیہ میں ہوگئے

گر بگویم از جمادات جہاں　　عاقلانه یاری پیغمبراں
ہو جمادات جہاں کا گر بیاں　　اولیا کے تھے وہ کیا کیا ہم عناں

مثنوی چنداں شود که چهل شتر　　گر کشد عاجز شود از بار بر
مثنوی بڑھ جائے چالیس اونٹ بھی　　کھینچنے سے اس کے عاجز ہوں اخی

دست بر کافر گواہی مے دہد　　لشکر حق میشود سر مے نہد
ہاتھ کافر پر گواہی جبکہ دے　　فوج ہو اللہ کی یہ سر رکھے

اے نموده ضد حق در فعل درس　　درمیان لشکر اوئی بترس
ضد خدا سے ہے تجھے ہر بات پر　　آ پھنسا لشکر میں اس کے اب تو ڈر

جزو جزوت لشکر او در وفاق　　مر ترا اکنوں مطیع اند از نفاق
اس کے لشکر کے یہ اجزا آج ہاں　　حکم کے تیرے ہیں تابع اے جواں

گر بگوید چشم را کو را فشار　　درد چشم از تو بر آرد صد دمار
گر کہے وہ آنکھ سے اس کو دبا　　درد سے ہو جان تک تیری فنا

گر بدنداں گویدا و بمنا و بال | پس بہ بینی تو ز دنداں گوشمال

گر کہے دانتوں سے لاؤ کچھ بلا | پس تو پائے اپنے دانتوں سے سزا

باز کن طب را بخواں باب العلل | تا بہ بینی لشکرِ تن را عمل

کھول طب اور اُس میں پڑھ باب العلل | تا کہ سمجھے لشکرِ تن کا عمل

چونکہ جانِ جانِ ہر چیزی ویست | دشمنی با جانِ جاں آساں کیست

جبکہ جانِ جاں کا ہے ہر جزو تن | دشمنی پھر جانِ جاں سے ہے کٹھن

خود رہا کن لشکرِ دیو و پری | کز میانِ جاں کنندم صفدری

ترک کر یہ لشکرِ دیو و پری | چاہیے اُن سے ہو اُمیدِ صفدری

ملک را بگذار بلقیس از نخست | چوں مرا یابی ہمہ ملک آں تست

ملک کو بلقیس کر دے ترک آ | مجھ کو حاصل کر تو سب کچھ ہے ترا

خود بدانی چوں بر من آمدی | کہ تو بے من نقشِ گرمابہ بدی

میرے پاس آتے ہی یہ کھل جائیگا | بے مرے تو نقش تھی حمام کا

نقش اگر خود نقشِ سلطانِ غنی ست | صورتست از جاں خود او بے چاشنی ست

نقشِ سلطانِ غنی بھی ہے اگر | جاں کی لذت سے کب ہے بہرہ ور

زینتِ او از برائے دیگراں | باز کردہ بیہدہ چشم و دہاں

اُس کی زینت دوسروں کے واسطے | جو کہ ہیں چشم و دہن کھولے ہوئے

اے تو در پیکار خود را باختہ | دیگراں را تو ز خود نشناختہ

نفس سے تو جنگ میں ہاری ہے جو | تو نے اپنے سے نہ جانا غیر کو

تو بہر صورت کہ آئی بیستی | کہ منم ایں واللہ آں تو نیستی

چاہیے جس صورت میں ہو جلوہ گریں | ہاں میں یہ ہوں ہے قسم تو یہ نہیں

لہ یعنی وہ فصل جس میں بیماریوں کا بیان ہے۔

یک زماں تنہا بمانی تو ز خلق ‏ ‏ در غم و اندیشہ مانی تا بحلق
تو گھڑی بھر بھی اگر تنہا رہے ‏ ‏ فکر و اندیشہ میں گردن تک پھنسے

ایں تو کے باشی کہ تو آں اوحدی ‏ ‏ کہ خوش و زیبا و سرمست خودی
کس طرح کوئی کہے یکتا ہے تو ‏ ‏ جبکہ سرمست خودی، زیبا ہے تو

مرغ خویشی صید خویشی دام خویش ‏ ‏ صدر خویشی فرش خویشی بام خویش
خود ہی مرغ اور خود ہی صید اور خود ہی دام ‏ ‏ خود ہی صدر اور خود ہی فرش اور خود ہی بام

جوہر آں باشد کہ قائم با خود است ‏ ‏ آں عرض باشد کہ فرع او شدست
خود بہ جو قائم ہو، جوہر ہے وہی ‏ ‏ فرع جو ہو وہ عرض ہے اے فتی

گر تو آدم زادۂ چوں او نشیں ‏ ‏ جملہ ذرات را در خود ببیں
ہے جو آدم زادہ، اوج ذات دیکھ ‏ ‏ ذات میں اپنی ہی سب ذرات دیکھ

چیست اندر خم کہ اندر نہر نیست ‏ ‏ چیست اندر خانہ کاندر شہر نیست
خم میں کیا ہے جو نہیں ہے نہر میں ‏ ‏ گھر میں کیا ہے جو نہیں ہے شہر میں

ایں جہاں خم است و دل چوں جوئے آب ‏ ‏ ایں جہاں حجرہ است و دل شہر عجاب
یہ جہان خم اور دل ہے جوئے آب ‏ ‏ کوٹھڑی وہ اور یہ شہر خوش آب

بلقیس کو حضرت سلیمانؑ کی دعوت ایمانی

ہیں بیا کہ من رسولم دعوتی ‏ ‏ چوں اجل شہوت کشم نے شہوتی
آ کہ میں ہوں اک رسول دعوتی ‏ ‏ ہوں اجل شہوت کی، کب ہوں شہوتی

ور بود شہوت امیر شہوتم ‏ ‏ نے اسیر شہوت روئے بتم
ہو اگر شہوت، ہوں شہوت کا امیر ‏ ‏ ہوں بتوں میں اور نہ شہوت میں اسیر

بت شکن بودست اصل اصل ما ‏ ‏ چوں خلیل حق و جملہ انبیا
بت شکن ہے اصل میری نسل ذرا ‏ ‏ جیسے ابراہیمؑ اور سب انبیا

گر در آییم از رہی در بتکدہ　　بت سجود آرد ہمی در معبدہ

ہم اگر جائیں کبھی بت خانے میں　　مندروں میں بت ہمیں سجدہ کریں

احمدؐ و بوجہل در بتخانہ رفت　　زیں شدن تا آں شدن فرقیست زفت

آنحضرت محمدؐ اور بوجہل بت خانے گئے　　فرق ہیں دونوں کے جانے میں بڑے

او در آید سر نہند او را بتاں　　ایں در آید سر نہد چوں امتاں

وہ جو آئیں، اُن کو بت سجدہ کریں　　یہ جب آئے بت کے آگے سر رکھے

ایں جہان شہوتی بتخانہ ایست　　انبیا و کافراں را لانہ ایست

یہ جہانِ شہوتی بت خانہ ہے　　کافر اور نبیوں کا اک ہی آشیانہ ہے

لیک شہوت بندۂ پاکاں بود　　زر نسوزد زانکہ نقدِ کاں بود

پاکوں کی لونڈی ہے شہوت بر ملا　　جل نہیں سکتا جو سونا ہو کھرا

کافراں قلب اند و پاکاں ہمچو زر　　اندریں بوتہ درند ایں دو نفر

کھوٹے سکّے کافر، پاک ہیں مانندِ زر　　ایک ہی بوتہ میں ہیں یہ دو نفر

قلب چوں آمد سیہ شد در زماں　　زر در آمد زری او شد عیاں

کھوٹا جب آیا تو کالا پڑ گیا　　سونا جب آیا، کھرا پن جاگ اٹھا

دست و پا انداخت اندر بوتہ[۱] زر　　در رخِ آتش ہمی خندد چو خور

بوتہ میں سونے نے ڈالے دست و پا　　آگ میں چمکا مگر خورشید سا

جسم ما روپوش ما شد در جہاں　　ما چو دریا زیر ایں کہ در نہاں

تن مرا دنیا میں ہے روپوش سا　　مثلِ دریا زیرِ کہ ہوں میں چھپا

شاہ دیں را منگر اے نادان بطین　　کیں نظر کردہ است ابلیس لعین

کہ نہ رکھی ان کو جو ہوں شاہِ دیں　　یہ نظر رکھتا تھا ابلیس لعین

[۱] کٹھالی

کی تواں اندود ایں خورشید را ✱ با کفے گل، تو بگو آخر مرا

کس طرح خورشید چھپتا ہے کہ سالا ✱ ایک مٹھی خاک سے تو ہی بتا

گر بریزی خاک و صد خاکسترش ✱ بر سر نورا و بر آید بر سرش

گر تو اس کے نور پر مٹی گرائے ✱ لوٹ کر پھر تیرے ہی سر پر وہ آئے

کہ کہ باشد کہ بپوشد روئے آب ✱ طین کہ باشد کہ بپوشد آفتاب

گھاس کس صورت چھپا سکتی روئے آب ✱ اور مٹی کب چھپا سکے آفتاب

خیز بلقیسا بیا چوں ادہمؑ شاہ وار ✱ دود از یں ملک دو سہ روزہ برآر

اٹھ کھڑی ہو اے بلقیس ابراہیمؒ دار ✱ پھونک دے یہ ملک جو ہے مستعار

حضرت ابراہیم ادہمؒ کا باقی حصہ

بر سر تختے شنید آں نیک نام ✱ طقطقے و ہائے ہوئے شب ز بام

شور سنتے تخت پر شب کو وہیں ✱ بام پر کھٹ کھٹ کی آوازیں سنیں

گامہائے تند بر بام سرا ✱ گفت با خود ایں چنیں زہرہ کرا

کوٹھے پر تھا تیز کوئی دوڑتا ✱ بولے ایسی کس کی طاقت ہے بھلا

بانگ زد بر روزن قصر او کہ کیست ✱ ایں نباشد آدمی مانا پریست

کون ہے یہ کھڑکی سے آواز دی ✱ آدمی تو یہ نہیں ہوگی پری

سر فرو کردند قومے بوالعجب ✱ ما ہمی گردیم شب بہر طلب

نیچے جھک کر چند لوگوں نے کہا ✱ ہم طلب میں رات سے ہیں پھر رہا

ہیں چہ می جوئید گفتند اشتراں ✱ گفت اشتر بام بر کہ جست ہاں

بولے کس کی ہے طلب؟ بولے شتر ✱ بولے آئے اونٹ کیونکر بام پر

ؑ یعنی حضرت ابراہیم ادہم رح۔

پس بگفتندش کہ تو بر تختِ جاہ ۔۔ چوں ہمے جوئی ملاقاتِ اِلٰہ

بولے تم اُس تخت پر با عزّ و جاہ ۔۔ ڈھونڈتے ہو جو ملاقاتِ اِلٰہ

خود ہما پدید دگر او را کس ندید ۔۔ چوں پری از آدمی شد ناپدید

خود ہما تھا کون اُس کو دیکھتا ۔۔ آدمی سے جوں پری غائب ہوا

معنیش پنہان و او در پیش خلق[1] ۔۔ خلق کے بینند غیر ریش و دلق

ہیں نہاں معنی مگر وہ سامنے ۔۔ لوگ ریش و دلق کو ہیں دیکھتے

چوں ز چشمِ خویش و خلقاں دور شد ۔۔ ہمچو عنقا در جہاں مشہور شد

چشمِ خلقت سے رہا جو دور وہ ۔۔ مثلِ عنقا ہو گیا مشہور وہ

جانِ سیمرغے کہ آمد سوئے قاف ۔۔ جملہ عالم ازو بافند لاف

قاف کی جانب جو سیمرغ آ گیا ۔۔ سارے عالم میں ہے اس کا ماجرا

چوں رسید اندر سبا آں نورِ شرق ۔۔ غلغلے افتاد در بلقیس و خلق

جبکہ جا پہنچا سبا میں نورِ شرق ۔۔ رہ گئی حیران سی بلقیس و خلق

روحہائے مردہ جملہ پر زدند ۔۔ مردگاں از گورِ تن سر بر زدند

مردہ روحیں سب کی سب اُڑنے لگیں ۔۔ مر چکے نکلے گور سے سب بالیقیں

یک دگر را مژدہ میدادند ہاں ۔۔ نک ندائے میرسید از آسماں

ایک کو دیتا تھا مژدہ دوسرا ۔۔ آسماں سے بھی کچھ آتی تھی صدا

زاں ندا دینہا ہمے گردند گبز ۔۔ شاخ و برگِ دل ہمے گردند سبز

اس ندا سے دین ہوتے تھے قوی ۔۔ شاخ و برگِ دل کو سرسبزی ملی

از سلیماں[2] آں نفس چوں نفخِ صور ۔۔ مردگاں را میرہانید از قبور

وہ سلیمان[2] کا پیامِ صور سا ۔۔ مُردوں کو کرتا تھا قبروں سے رہا

[1] یعنی مخلوق تو اُسے دیکھتی ہے جو بڑی سی ڈاڑھی چھوڑے اور گدڑی پہنے ہوئے ہو۔

[2] حضرت سلیمان علیہ السلام کے پیامِ روشن سے مُراد ہے۔

مرترا باد اسعادت بعد ازیں ــــ عمر گزشت اللہ اعلم بالیقیں

تجھ کو پہنچے گی سعادت بعد ازیں ــــ عمر گیا، واللہ اعلم بالیقیں

اہل سبا کا باقی قصہ

قصہ گویم از سبا مشتاق وار ــــ چوں صبا آمد بسوئے لالہ زار

پھر کہوں حال سبا مشتاق وار ــــ جوں صبا آیا وہ سوئے لالہ زار

لافت الاشباح یوم وصلہا ــــ عادت الاولاد صوب اصلہا

جسم اپنے وصل کے دن سے ملے ــــ لوٹے سب فرزند جانب اصل کے

امۃ العشق خفی فی الامم ــــ مثل جود حولہ لوم السقم

امت عشق ہم امتوں میں ہے نہاں ــــ جیسے کنجوس میں جود کو بیماریاں

ذلۃ الارواح من اشباحہا ــــ عزۃ الاشباح من ارواحہا

روح کی ذلت ہے اس کے جسم سے ــــ روح سے بڑھتے ہیں رتبے جسم کے

ایہا العشاق السقیا لکم ــــ انتم الباقون والبقیا لکم

ہے تمہیں کو عاشقو پینا روا ــــ تم ہو باقی اور تمہاری ہے بقا

ایہا الشالون قوموا واعشقوا ــــ ذاک ریح یوسف[1] استنشقوا

اے جوانو تم اٹھو اور الفت کرو ــــ بوئے یوسف[1] آئی اس کو سونگھ لو

منطق الطیر سلیمانی بیا ــــ بانگ ہر مرغے کہ آید مے سرا

منطق الطیر سلیمانی[2] تو آ ــــ ہو پرندوں کی طرح نغمہ سرا

چوں بمرغانت فرستاد است حق ــــ لحن ہر مرغے بدادستت سبق

طائروں میں حق نے بھیجا ہے تجھے ــــ نغمۂ طائر سکھایا ہے تجھے

[1] یعنی پیام حضرت سلیمان علی نبینا وعلیہ السلام +

[2] وہ فلسفۂ سلیمانی جس سے پرندوں کی بولیاں سمجھ میں آجائیں۔

مرغ جبری را زبان جبر گو	مرغ پر اشکستہ را از صبر گو
مرغ جبری کو زبان جبر دے	پر شکستہ طائروں کو صبر دے
مرغ صابر را تو خوش دار و معاف	مرغ عنقا را بخوان اوصاف قاف
مرغ صابر کو تو خوش کر اور معاف	مرغ عنقا کو سنا اوصاف قاف
مر کبوتر را حذر فرما ز باز	باز را از حلم گو و احتراز
کہ کبوتر سے رہے محفوظ باز	باز کو دے درس حلم و احتراز
واں خفاشے را کہ ماند او بے نوا	مے کنش با نور جفت و آشنا
اور چمگادڑ کہ جو ہے بے نوا	نور سے تو اس کو کر دے آشنا
کبک جنگی را بیاموزاں تو صلح	مر خروساں را نما اشراط صبح
صلح کا ڈھب کبک جنگی کو سکھا	صبح کے آداب مرغوں کو بتا
ہمچنیں مے رو ز ہدہد تا عقاب	رہ نما واللہ اعلم بالصواب
جا یونہی ہدہد سے لیکر تا عقاب	رہنما بن، واللہ اعلم بالصواب

بلقیس[٣] کا اپنے ملک سے آزاد ہونا

چوں سلیمان[١] سوئے مرغان سبا	یک صفیرے کرد بست آں جملہ را
جیسے سلیمان نے سوئے مرغان سبا	اک صفیر دی، بس ہر طائر ہوا
جز مگر مرغے کہ بد بے جان و پر	یا چو ماہی گنگ بود از اصل کر
ماسوا اس کے جو تھا بیجان و پر	مثل ماہی یا تھا گونگا اور کر
نے غلط گفتم کہ کر گر سر نہد	پیش وحی کبریا سمعش دہد
یہ غلط میں نے کہا بہرا اگر	سر جھکا دے، سمع ملتی ہے بہرہ ور

١ حضرت سلیمان ؑ سے مراد ہے۔

٢ یعنی سماعت یا قوت ادراک سے۔

چونکه بلقیس از دل و جان عزم کرد | بر زمان رفته هم افسوس خورد
ذہن جو یہ بلقیس کو دل سے لگی | اپنے دور رفتہ پر کرنے لگی

ترک مال و ملک کرد او آنچناں | که بترک نام و ننگ آں عاشقاں
اس نے ملک و مال چھوڑا بید رنگ | جیسے کریں عشاق ترک نام و ننگ

آں غلاماں و کنیزان بناز | پیش چشمش همچو پوسیده پیاز
وہ غلام اور وہ کنیزیں صحبِ ناز | اس کے آگے تھیں سڑی جیسے پیاز

باغها و قصرها و آب رود | پیش چشم از عشق گلخن می نمود
خاک قصر و نہر گلشن ہو گئے | عشق سے نظر دل میں گلخن ہو گئے

عشق در هنگام استیلا و خشم | زشت گرداند لطیفاں را بچشم
عشق غصہ اور غلبہ جب دکھائے | ہو جو چیز اچھی بُرا اس کو بنائے

هر زمرد را نماید گندنا | غیرت عشق ایں بود معنی لا
وہ زمرد کو بنا دے گندنا | عشق کی غیرت سے یہ معنی لا

لا اله الا هو اینست اے پناه | که نماید مه ترا دیگ سیاه
لا الٰہ الا ہو کی ہے پناہ | چاند بھی آئے نظر دیگ سیاہ

هیچ مال و هیچ مخزن هیچ رخت | مے دریغش آمد الا جز که تخت
مال و مخزن کا نہ غم اس کو ہوا | تخت کا افسوس ترک تخت کا

پس سلیماں از دلش آگاه شد | کز دل او تا دل او راه بد
پس سلیماں کو خبر اس کو ہوئی | ان کے دل سے اس کے دل تک راہ تھی

آں کسے کو بانگ مرغاں بشنود | وز ضمیر هر یکے واقف بود
وہ کہ جس نے پرندوں کی صدا | اور ہو واقف سب کے دل سے برملا

ناله مخفی موراں بشنود | هم فغان سر دوراں بشنود
چیونٹیوں کا نالہ مخفی سنے | اور سنے جو فغاں گردوں کرے

آنکہ گوید رمزِ قَالَتْ نَمْلَۃٌ ہم بداند رمزِ ایں طاقِ کہن

جو سنائے رازِ قَالَتْ نَمْلَۃٌ کیوں نہ سمجھے رازِ دنیائے کہن

دید از دورش کہ آں تسلیم کیش تلخش آمد فرقتِ آں تختِ خویش

دُور سے دیکھا کہ وہ ہے بیقرار چھوڑ دینا تخت کا ہے ناگوار

گر بگویم آں سبب گردد دراز کہ چرا بودش بتخت آں عشق و آز

گر کہوں اس کا سبب تو طول ہو چھوڑنا دشوار کیوں تھا تخت کو

گرچہ ایں کلکِ قلم خود بے حس است نیست جنسِ کاتب او را مونس است

گرچہ بے حس ہے قلم اے دوستدار جنسِ کاتب سے نہیں ہے اس کا یار

ہمچنیں ہر آلتِ پیشہ ورے ہست بیجاں مونسش ہر جانورے

ایسے ہی ہر آلہ اہلِ پیشہ کا ہے تو بیجاں لیک مونس ہے فنا

ایں سبب را من معیّن گفتمے گر نبودے چشمِ فہمت را نمے

یہ سبب بے شک بتا دیتا تمہیں گر نہ بھرتا پانی چشمِ فہم میں

از بزرگیِ تخت کز حد مے فزود نقل کردن ہیچ نوع امکاں نبود

تخت جو حد سے زیادہ تھا بڑا اس کے لے جانے کا کب امکان تھا

خُردہ کاری بود و تفریقش خطر ہمچو اوصالِ بدن با یکدگر

پچیکاری سے اکھڑنے کا تھا ڈر وہ تھی جوں اعضائے تن با یکدگر

پس سلیمانؑ گفت گرچہ فی الاخیر سرد خواہد شد برو تاج و سریر

پھر سلیمانؑ نے کہا انجامِ کار تخت اور تاج اس کو ہوگا ناگوار

لہ اس آیۂ شریف کی طرف اشارہ ہے قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۔ یعنی ایک چیونٹی نے کہا کہ اے چیونٹیو اپنے اپنے گھروں میں گھس جاؤ تاکہ سلیمانؑ اور ان کا لشکر تم کو پامال نہ کر ڈالے کیونکہ وہ نہیں جانتے۔

چوں ز وحدت جاں بروں آرد سرے — جسم را با فرّ او نبود فرے
جان وحدت سے نکالیگی جو سر — جسم میں باقی نہ ہوگا کوئی فر

چوں برآید گوہر از قعر بحار — بنگری اندر کف و خاشاک خوار
تہ سے دریا کی جو گوہر باہر آئے — خاک اور کانٹوں میں وہ کیونکر سمائے

سر برآرد آفتاب باشرر — دُمِ عقرب را کہ سازد مستقر
جبکہ نکلے آفتاب پُر شرار — کس طرح بچھو کی دُم کو ہو قرار

لیک خود با اینہمہ بر بد حال — جست باید تخت او را انتقال
باوجود ان ساری باتوں کے و لے — پہلے اس کا تخت لانا چاہیے

تا نگردد خستہ ہنگامِ لقا — کودکانہ حاجتش گردد روا
تاکہ آکر ہو نہ غم میں مبتلا — حاجت طفلانہ اُس کی ہو روا

ہست بر ما سہل و او را بس عزیز — تا بود بر خوان حوراں دیو نیز
ہم کو آساں اور اس کی ہے خوشی — خوان پر حوروں کے ہو اک دیو بھی

عبرت جانش شود آں تخت ناز — ہمچو دلق و چارقے پیش ایاز
عبرت اُس کو ہوگا پھر یہ تخت ناز — جیسے دلق اور جوتیاں پیش ایاز[۱]

تا بداند در چہ بود آں مبتلا — از کجاہا در رسید او تا کجا
تاکہ جانے کس میں تھی وہ مبتلا — تھی کہاں اور ہے کہاں رونق فزا

خاک را و نطفہ را و مضغہ را — پیش چشم ما ہمے دارد خدا
خاک نطفہ گوشت سب کو اے فتا — ہے ہمارے سامنے حق نے رکھا

لہ یعنی جس طرح ایاز محمود غزنوی کا محبوب ہو کر بھی اپنی پرانی گدڑی اور جوتیوں کو سامنے رکھ کر عبرت حاصل کیا کرتا تھا، اسی طرح بلقیس کو بھی یہاں اس تخت کی موجودگی سے اپنی پہلی حالت پر عبرت ہوگی +

کز کجا آوردمت اے بدنبیت
کہ ازاں آید ہمے خفریقیت
ہیں کہاں سے لایا تجھ کو بدنیت
ایسا گرانی تجھ کو ہوئی ہے بہت

تو بداں عاشق بدی در دور آں
منکر ایں فضل بودی آں زماں
اس زمانے میں تو عاشق ان پہ تھا
اور منکر تھا ہمارے فضل کا

ایں کرم چوں دفع آں انکار تست
کہ میان خاک میکردی نخست
یہ کرم ہے دفع اس انکار کا
رہ کے مطابق خاک جو تو نے کیا

حجت انکار شد انشار تو
از دوا بدتر شد ایں بیمار تو
حجت انکار سے ہے ابتری
بڑھ گیا دارو سے دکھ تجھ اور بھی

خاک را تصویر انکار از کجا
نطفہ را خصمی و انکار از کجا
خاک کی صورت میں ہو انکار کیا
نطفہ کا مالک پریشاں کیوں ہوا

چوں برآں دم بیدل و بے سر بدی
فکرت و انکار را منکر بدی
جبکہ اس دم بیدل و بے سر تھا تو
فکر اور انکار سے منکر تھا تو

از جمادی چونکہ انکارت برست
ہم ازیں انکار حشرت شد درست
جب جمادی سے رہا انکار تھا
حشر اس انکار سے ثابت ہوا

پس مثال تو چو آں حلقہ زنیست
کز درونش خواجہ گوید خواجہ نیست
تو ہے ایسا دیں جو دستک بالیقیں
مالک اندر سے کہے۔ مالک نہیں

حلقہ زن زیں نیز دریابد کہ ہست
پس ز حلقہ بر ندارد ہیچ دست
کھٹکھٹانے والا جب واقف ہوا
کھٹکھٹانے سے وہ کیوں لے ہاتھ اٹھا

پس ہم انکارت مبیّن می کند
کز جماد او حشر صد فن می کند
پس یہ روشن ہے تیرے انکار سے
حشر وہ سو سو جمادی سے کرے

چند صنعت رفت اے انکار تا
آب و گل انکار زاد از ہل اتی[1]
صنعتوں میں آب و گل تک تو رہا
ہل اتی[1] سے پھر تو منکر ہو گیا

[1] قولہ تعالیٰ ہل اتی علی الانسان حین من الدہر لم یکن شیئا مذکورا یعنی کیا انسان پر وہ وقت نہ آیا تھا کہ اس

آب و گل میگفت خود انکار نیست	بانگ میزد بیخبر کاخبار نیست
آب و گل کو خود نہیں انکار کچھ	گو رہی ہے یہ نہیں اخبار کچھ [1]
پس بگویم شرح این را صد طریق	لیک خاطر لغزد از گفتِ دقیق
سو طرح سے میں کروں اس کو بیاں	لغزشِ خاطر کا لیکن ہے گماں
شرح آنرا لیک بستم سے کیا	بہرِ نقلِ تختِ بلقیس از سبا
شرح سے اس کی خموشی ہے روا	یوں سبا سے تخت اڑا بلقیس کا

حضرت سلیمانؑ کا تختِ بلقیس کو منگانا

پس سلیمانؑ گفت با لشکر عیاں	تخت او را حاضر آرید ایں زماں
پس سلیمانؑ نے یہ لشکر سے کہا	تخت یاں حاضر کرو بلقیس کا
گفت عفریتے کہ تختش را بفن	حاضر آرم تا تو زیں بیروں شدن
بولا اک جن لاؤں گر حکم آپ دیں	آپ باہر آئیں، اتنی دیر میں [2]
گفت آصف من باسمِ اعظمش	حاضر آرم پیش تو در یکدمش
بولا آصف اسمِ اعظم سے ابھی	تخت لاتا ہوں یہاں میں اے نبیؑ [3]
گرچہ عفریت اوستادِ سحر بود	لیک آں از نفخِ آصف رو نمود
گرچہ وہ جن سحر میں استاد تھا	دم سے آصف کے مگر تخت آ گیا
حاضر آمد تختِ بلقیس آں زماں	لیک ز آصف نز فنِ عفریتیاں
تختِ بلقیس آ گیا فوراً وہاں	لایا آصف، جن نہ لائے بیگماں

[1] یعنی یہ اخبار نہیں جس میں جھوٹی سچی خبریں ہوں۔ [2] یعنی اتنی دیر میں کہ آپ اپنے دولت خانہ سے باہر تشریف لائیں۔ مطلب یہ ہے کہ بہت جلد۔ [3] آصف ہی شخص ہے جس کا ذکر قرآن مجید میں یوں الفاظ آیا ہے کہ قال الذی عندہ علم من الکتاب انا اتیک بہ قبل ان یرتد الیک طرفک یعنی اس شخص نے جس کے پاس علم کتاب تھا کہا کہ میں اس کو لاتا ہوں اس سے پہلے کہ تم پلک جھپکاؤ۔

گفت حمداللہ برین و صد چنین　　کہ بدیدستم ز رب العالمین
شکر خالق کا سلیماںؑ نے کیا　　اس پہ جو دیکھا تھا لطفِ کبریا

پس نظر کرد آں سلیماںؑ سوئے تخت　　گفت آرے گول گیری اے درخت
تخت پر ڈالی نظر اور یوں کہا　　پھانسنے والا ہے تو نادان کا

پیش چوب و سنگ چوں نقشے کنند　　اے بسا گولاں کہ سرہا مے نہند
نقش خود کرتے ہیں چوب و سنگ پر　　اُس کے آگے خود جھکا دیتے ہیں سر

ساجد و مسجود از جاں بے خبر　　دیدہ از جاں جنبشے و اندک اثر
ساجد و مسجود جاں سے بے خبر　　جنبش جاں کا بھی کچھ دیکھا اثر؟

دیدہ در وقتے کہ شد حیران و دنگ　　کہ سخن گفت و اشارت کرد سنگ
دیکھا اُس دم جبکہ تھے حیران و دنگ　　بات کرتا ہے اشارے کرکے سنگ

نرد خدمت را چو نا موضع بباخت　　شیر سنگی را شقی شیرے شناخت
کھیل کھیلے بے محل وہ بے خبر　　شیر کو پتھر کے جانا شیرِ نر

از کرم شیر حقیقی کرد جود　　استخوانے سوئے سگ انداخت زود
پھر کرم شیرِ حقیقت نے کیا　　ہڈی اک کتے کو بھی کر دی عطا

گفت گرچہ نیست آں سگ بر قوام　　لیک ما را استخواں لطفے ست عام
اور کہا گو ہے یہ کتا بد قوام　　ہڈیاں دیتا ہے میرا لطفِ عام

حضرت حلیمہ رضؓ کا قصہ

قصۂ را از حلیمہؓ گومت　　تا زداید داستان او غمت
سن حلیمہؓ کا کہوں قصہ ذرا　　تا وہ قصہ تیرے غم کو دے بھلا

مصطفیٰؐ را چوں ز شیر او باز کرد　　بر کفش برداشت چوں ریحان و ورد
جب چھڑایا دودھ اُس محبوبؐ کا　　ہاتھ پر پھولوں کی صورت رکھ لیا

میگریزانیدش از ہر نیک و بد ۔۔۔ تا سپارد آں شہنشہ را بجد
نیک و بد سے تھیں بچاتی ماہ کو ۔۔۔ تا سپرد جد کریں اُس شاہ کو

چوں ہمے آورد امانت را ز بیم ۔۔۔ شد بکعبہ و آمد او اندر حطیم
جب امانت لیکے ڈرتی آگئیں ۔۔۔ اور حطیم[1] کعبہ میں داخل ہوئیں

از ہوا بشنید بانگے کاے حطیم ۔۔۔ تافت بر تو آفتابے بس عظیم
یہ سنی آواز انہوں نے اے حطیم ۔۔۔ تجھ پہ چمکا ایک خورشید عظیم

اے حطیم امروز آید بر تو زود ۔۔۔ صد ہزاراں نور از خورشید جود
اے حطیم آج آئیں گے تیرے لئے ۔۔۔ نور لاکھوں آفتاب جود کے

اے حطیم امروز آرد در تو رخت ۔۔۔ محتشم شاہے کہ پیک اوست بخت
اے حطیم آج اس جگہ ہے جلوہ گر ۔۔۔ شاہ وہ اقبال جس کا نامہ بر

اے حطیم امروز بیشک از نوی ۔۔۔ منزل جانہائے بالائی شوی
اے حطیم آج ایسی پائے تازگی ۔۔۔ عالم بالا ہو ہر منزل تری

جان پاکاں طلب طلب و جوق جوق ۔۔۔ آیدت از ہر نواحی مست شوق
پاک روحیں فوج فوج اور جوق جوق ۔۔۔ ہر طرف سے آئیں ہو کر مست شوق

گشت حیراں آں حلیمہؓ زاں صدا ۔۔۔ نے کسے در پیش نے سوئے قفا
دنگ تھیں سنکر حلیمہؓ یہ صدا ۔۔۔ سامنے کوئی نہ پیچھے کوئی تھا

شش جہت خالی ز صورت وین ندا ۔۔۔ شد پیاپے آں ندا را جاں فدا
شش جہت صورت سے خالی اور ندا ۔۔۔ آتی تھی پیہم ہو جان اُس پر فدا

مصطفیٰ صلعم را بر زمیں بنہاد او ۔۔۔ تا کند آں بانگ خوش را جستجو
مصطفیٰ صلعم کو تو دیا اک جا بٹھا ۔۔۔ تا کہ اس آواز کو ڈھونڈیں ذرا

[1] حطیم کعبہ میں جانب مغرب ایک بیرونی دیوار ہے جہاں کعبہ کا حوض بنا ہوا ہے +

چشم می انداخت آن دم سو بسو
کہ کجا است آں شہ اسرار گو

ہر طرف جویا ہوئی ان کی نظر
راز کہنے والا ہے آخر کدھر

اینچنیں بانگ بلند از چپ و راست
می رسد یارب رسانندہ کجاست

دائیں بائیں سے جو آتی ہے صدا
کون ہے یارب یہ ایسا خوش نوا

چوں ندید او خیرہ و نومید شد
جسم لرزاں ہمچو شاخ بید شد

ہو گئیں نومید کچھ آیا نہ بن
بید کی صورت ہوا لرزاں بدن

باز آمد سوئے آں طفل رشید
مصطفیٰؐ را در مکان خود ندید

لوٹ کر جب بچے کی جانب گئیں
مصطفیٰؐ کو اس جگہ دیکھا نہیں

حیرت اندر حیرت آمد بر دلش
گشت بس تاریک از غم منزلش

اور حیرت میں ہوئی حیرت سوا
غم سے دل تاریک سا ان کا ہو گیا

سوئے منزلہا دوید و بانگ داشت
کہ کہ بر دُردانہ ام غارت گماشت

منزلوں دوڑی یہی دیتی صدا
آہ لوٹا کس نے دُر دانہ مرا

مکیاں گفتند ما را علم نیست
ما ندانستیم کا ینجا کودکیست

کہنے لگے سب کو خبر ہم کو کہاں
ہم نہ جانیں کوئی بچہ تھا یہاں

ریخت چنداں اشک و کرد او بس فغاں
کہ ازو گریاں شدند آں مکیاں

اس قدر کرتی تھیں وہ آہ و فغاں
مکہ والے ان پہ تھے گریہ کناں

سینہ کوباں آنچناں بگریست خوش
کاختراں گریاں شدند از گریہ اش

روتی تھیں ہر بار سینہ کوٹ کر
روتے تھے اس غم سے تارے چرخ پر

بوڑھے رہنما کی حکایت

پیر مردے پیشش آمد با عصا
کاے حلیمہ رضؓ چہ افتاد آخر ترا

آیا اک بڈھا لئے اپنا عصا
پوچھا کیا ہے اے حلیمہ رضؓ ماجرا

کاتشیں آتش ز دل افروختی ‏ / ‏ ویں جگرہا را زماتم سوختی
آگ کیوں دل میں ہے یہ بھڑکی ہوئی ‏ / ‏ ہے جگر میں آگ کس کے سوگ کی

گفت احمد را حلیمہ معتمد ‏ / ‏ پس بیاوردم کہ بسپارم بجد
بولیں اپنے مصطفیٰ کی دائی ہوں ‏ / ‏ اُن کے گھر پہنچانے اُن کو لائی ہوں

چوں رسیدم در حطیم آوازہا ‏ / ‏ میرسید و میشنیدم از ہوا
جب حطیم آیا - صدائیں بارہا ‏ / ‏ آتی تھیں میں سن رہی تھی برملا

من چو آں الحاں شنیدم از ہوا ‏ / ‏ طفل را بنہادم آنجا زاں صدا
جب ہوا سے میں نے آوازیں سنیں ‏ / ‏ بچے کو بٹھلا کے بالائے زمیں

تا ببینم ایں صدا آوازِ کیست ‏ / ‏ کہ ندائے بس لطیف و بس شہی ست
میں گئی دیکھوں یہ کس کی ہے صدا ‏ / ‏ ایسی دلکش اور لطیف ایسی ندا

نز کسے دیدم بگردِ خود نشان ‏ / ‏ نہ ندا مے منقطع شد یک زماں
پر نہ آتا تھا نظر مجھ کو کوئی ‏ / ‏ بند ہوتی تھی نہ آواز اک گھڑی

چونکہ وا گشتم ز حیرتہائے دل ‏ / ‏ طفل را آنجا ندیدم وائے دل
ہو گئے حیراں جبکہ میں واپس ہوئی ‏ / ‏ بچے کو اس جا نہ پایا واقعی

گفتش اے فرزند تو اندُہ مدار ‏ / ‏ کہ نمایم من ترا یک شہریار
پھر بولا، غم نہ کر جانے بھی دے ‏ / ‏ میں ملاتا ہوں تجھے اک شاہ سے

کو بگوید گر بخواہد حالِ طفل ‏ / ‏ او بداند منزل و ترحالِ طفل
حال کہہ دیگا وہ سارا طفل کا ‏ / ‏ جانتا ہے وہ کہاں چھپ کر گیا

پس حلیمہ گفت اے جانم فدا ‏ / ‏ مر ترا اے شیخ خوب و خوش ندا
پس حلیمہ بولیں تجھ پر جاں نثار ‏ / ‏ ہے تری آواز میں دل کا قرار

ہیں مرا بنمائے آں شاہِ نظر ‏ / ‏ کش بود از حالِ طفلِ من خبر
پاس اس سلطان کے لیچل جلد تر ‏ / ‏ میرے بچے کی سے ہو کچھ خبر

برد او را پیش عزّیٰ کایں صنم ٭ ہست در اخبارِ غیبی مغتنم
پیش عزّیٰ کے لے گیا۔ ہاں یہ صنم ٭ غیب کی خبروں میں ہے بس مغتنم

ما ہزاراں گم شدہ زو یافتیم ٭ چوں بخدمت سوئے او بشتافتیم
گم شدہ اس سے ہزاروں ہی ملے ٭ جب ہم اس کے پاس آئے دوڑ کے

پیر کرد او را سجود و گفت زود ٭ اے خداوندِ عرب وے بحرِ جود
سجدہ کرکے اس کو بڈھے نے کہا ٭ اے خداوندِ عرب بحرِ عطا

گفت اے عزّیٰ تو بس اکرامہا ٭ کردۂ تا رستہ ایم از دامہا
ہیں بہت اکرام اے عزّیٰ ترے ٭ تو نے ہم کو ہے چھڑایا دام سے

بر عرب حقّ است از اکرامِ تو ٭ فرض گشتہ تا عرب شد رامِ تو
ہے عرب پر حق ترے اکرام کا ٭ رام ہے ملکِ عرب سارا ترا

ایں حلیمہ سعدی از امید تو ٭ آمد اندر ظلِ شاخِ بید تو
یہ حلیمہ رضہ سعدیہ کرکے امید ٭ آئی ہے سائے میں ترے اے سعید

کہ ازو فرزند طفلے گم شدہ است ٭ نام آں کودک محمدؐ آمدہ است
کھو گیا ہے اس کا اک بچہ کہیں ٭ نام ہے جس کا محمدؐ بالیقیں

چوں محمدؐ گفت آں جملہ بتاں ٭ سرنگوں گشتند ساجد آں زماں
جب کہا اس نے محمدؐ رعب سے ٭ جتنے تھے بُت سجدے میں سب گر پڑے

کہ برو اے پیر ایں چہ جستجوست ٭ آں محمدؐ را کہ عزلِ ما دروست
اور کہا اس کو نہ ڈھونڈ اے پیر جا ٭ وہ محمدؐ، جو ہے ہم سب کی فنا

ما نگوں و سنگسار آئیم ازو ٭ ما کساد و بے عیار آئیم ازو
ہم تو اس سے ہیں نگوں اور سنگسار ٭ کر دیا ہے اس نے کھوٹا اور خوار

آں خیالاتے کہ دیدندے زما ٭ وقتِ فترت گاہ گاہ اہلِ ہوا
وہ خیالات اور اشارے وہم کے ٭ دیکھے جو فترت[1] میں اہلِ حرص نے

[1] دو پیغمبروں کے درمیان کا زمانہ +

گم شو و چوں بارگاہ او رسید ‌ ‌ آب آمد مر تیمم را درید

گم ہوئے جب عہد اس کا آ گیا ‌ ‌ پانی جب آیا۔ تیمم کب رہا

دور شو اے پیر فتنہ کم فروز ‌ ‌ ہیں ز رشک احمدی ما را مسوز

آگ فتنے کی نہ اے بوڑھے لگا ‌ ‌ رشک احمد سے نہ یوں ہم کو جلا

دور شو بہر خدا اے پیر تو ‌ ‌ تا نسوزی ز آتش تقدیر تو

دور ہو بڈھے خدا کے واسطے ‌ ‌ یوں نہ جھلسا آتش تقدیر سے

ایں چہ دم اژدہا افشردن است ‌ ‌ ہیچ دانی چہ خبر آوردن است

اژدہے کی دم دبانا ہے مگر ‌ ‌ کیا خبر تجھ کو کہ ہے کیسی خبر

زیں خبر خوں شد دل دریا و کاں ‌ ‌ زیں خبر لرزاں شود ہفت آسماں

خون اس سے ہے دل دریا و کاں ‌ ‌ اس خبر سے کانپ اٹھے سات آسماں

چوں شنید از سنگہا پیر ایں سخن ‌ ‌ پس عصا انداخت آں پیر کہن

بڈھے نے پتھر کی جب باتیں سنیں ‌ ‌ خوف سے اپنا عصا پھینکا وہیں

پس ز لرزہ خوف و بیم آں ندے ‌ ‌ پیر دنداں ہا بہم بر میزدے

خوف سے آواز کے لرزے پڑے ‌ ‌ دانت مرد پیر کے بجنے لگے

ہمچناں کاندر زمستاں مرد عور ‌ ‌ او ہمے لرزید و میگفت اے ثبور

جس طرح سردی میں کوئی برہنہ ‌ ‌ کانپ کر کہنے لگے لو ہیں مرا

چوں دراں حالت بدید آں پیر را ‌ ‌ پا و سر گم کردن تدبیر را

جبکہ اس حالت میں دیکھا پیر کو ‌ ‌ سعد یہ بھولیں ہر اک تدبیر کو

گفت پیرا گرچہ من در محنتم ‌ ‌ حیرت اندر حیرت اندر حیرتم

بولی اے بڈھے میں خود الجھن میں تھی ‌ ‌ اور بھی حیرت میں حیرت بڑھ گئی

ساعتے باد دم خطیبی میکند ‌ ‌ ساعتے سنگم ادیبی میکند

ہے کبھی موج ہو میری خطیب ‌ ‌ اور کبھی بنتے ہیں بت میرے ادیب

باد با حرفم سخنہا میدہد | سنگ و کوہم فہم اشیا میدہد

مجھ سے کچھ کرتی ہے باتیں یہ ہوا | اور آشیا سے کریں سنگ ہم آشنا

گاہ طفلم را ربودہ غیبیاں | غیبیان سبز پوش آسماں

غیب والے لے گئے بچہ مرا | آسماں کے سبز پوش اے حسرتا

از کہ نالم با کہ گویم زیں گلہ | من شدم سودائی اکنوں صد دلہ

کس سے روؤں اور کروں کس سے گلہ | میں ہوئی سودائی وحشت سے سوا

غیرتش از شرح غیبم لب ببست | اینقدر گویم کہ طفلم گم شدہ است

لب مرے ہیں بند شرح غیب سے | کھو گیا بچہ یہ ہیں نالے مرے

گر بگویم چیز دیگر من کنوں | خلق بندندم بزنجیر جنوں

بھید کی گر بات میں کوئی کہوں | لوگ ابھی پہنائیں زنجیر جنوں

گفت پیرش کای حلیمہ شاد باش | سجدۂ شکر آر و رو کم خراش

بولا بڈھا اے حلیمہ رض شاد ہو | شکر کر غم سے نہ یوں برباد ہو

غم مخور یاوہ نگردد او ز تو | بلکہ عالم یاوہ گردد اندرو

غم نہ کر تجھ سے وہ ہوگا گم کہاں | بلکہ اس میں ہوگا گم سارا جہاں

ہر زمانش از رشک غیرتش پیش و پس | صد ہزاراں پاسبان است و حرس

رشک و غیرت سے ہیں ہر دم ہر زماں | آگے پیچھے اس کے لاکھوں پاسباں

آں ندیدی کاں بتان ذو فنوں | چوں شدند از نام طفلت سرنگوں

کیا نہ دیکھا یہ بتان ذو فنوں | نام سے اس کے ہوئے سب سرنگوں

ایں عجب قرنیست بر روئے زمیں | پیر گشتم من ندیدم جنس ایں

یہ نہیں پر اک زمانہ سے بنا | ایسا کب دیکھا میں بوڑھا ہو گیا

زیں رسالت سنگہا چوں نالہ داشت | تا چہ خواہد بر گنہگاراں گماشت

اس رسالت سے ہیں پتھر نوحہ خواں | کیا گنہگاروں پہ ہوں گی سختیاں

سنگ ہم مجرم است و نے معبودیش	تو نہ مضطر کہ بندہ بودیش
بت جو ہیں معبود ہو کر بے خطا	تو نہیں مضطر کہ بندہ ہے بنا
آنکہ مضطر اینچنیں ترساں شدہ است	تاکہ بر مجرم چہا خواہند بست
جبکہ مضطر اس قدر ہے خوف میں	جانے کیا مجرم پہ آئیں آفتیں

عبد المطلب کو حضورؐ کے گم ہونے کی خبر ہونا

چوں خبر یابید جدِّ مصطفیٰؐ	از حلیمہؓ وز فغانش برملا
جب ہوئے آگاہ جدِّ مصطفیٰؐ	یوں حلیمہؓ کی فغاں سے برملا
وز چناں بانگے بلند و نعرہ ہا	کہ ہمی بُرد سپید از وے صدا
وہ بلند آوازہ وہ شور و بکا	جاتی تھی اک میل تک جس کی صدا
زود عبد المطلب دانست چیست	دست بر سینہ ہمیزد و میگریست
سمجھے عبد المطلب یہ ماجرا	سینہ کوٹا اور روئے باوفا
آمد از غم بر درِ کعبہ بسوز	کاے خبیر از سرِ شب وز رازِ روز
کعبہ کے در پہ وہ آئے غم نشاں	اور کہا اے روز و شب کے رازداں
خویشتن را مے نہ بینم من فنے	تا بود ہمراز تو ہمچوں منے
کوئی فن پاتا نہیں اپنے میں جو	مجھ سا اک بندہ ترا ہمراز ہو
خویشتن را من نمے بینم ہنر	تا شوم مقبول ایں مسعود در
ایسا کبھی مجھ میں نہیں کوئی ہنر	تا قبول اس سے کرے کعبہ کا در
یا سر و سجدہ مرا قدرے بود	یا بیاشادم و لبے خنداں شود
یا مرے سجدے کی سر کی قدر کر	یا ہنسا مجھ کو کہ ہوں با چشم تر
لیک در سیمائے آں دُرِّ یتیم	دیدہ ام آثارِ لطفت اے کریم
اے خدا اس کی جبیں میں ہیں چھپے	دیکھے ہیں آثار تیرے لطف کے

کہ نماند بما گرچہ زماست	ما ہمہ مسیم و احمدؐ کیمیاست
ہم سے ہے ملتا نہیں ہم میں مگر	ہم ہیں مس اور کیمیا خیر البشرؐ
آں عجائبہا کہ من دیدم برو	من ندیدم بر ولی و بر عدو
وہ عجب باتیں جو اس میں دیکھ لیں	دوست دشمن میں نہیں دیکھیں کہیں
آنچہ فضل تو دریں طفلیش داد	کس نشاں ندہد بصد سالہ جہاد
تو نے جو کچھ اس کو طفلی میں دیا	سو برس میں بھی نہ اوروں کو ملا
چوں یقیں دیدم عنایتہائے تو	بر وے آں دُریست از دریائے تو
جب ہیں اتنے لطف اس کے حال پر	تیرے ہی دریا کا ہے وہ اک گہر
من ہم اورا می شفیع آرم بتو	حال او اے حال داں با من بگو
واسطہ اس کا میں دیتا ہوں تجھے	حال اس کا کچھ بتا یا رب مجھے
از درون کعبہ آمد بانگ زود	کہ ہم اکنوں رخ بتو خواہیم نمود
اندرون کعبہ سے آئی ندا	تو ابھی دیکھے گا رُوئے مصطفیٰؐ
با دو صد اقبال او محظوظ ماست	با دو صد طلب ملک محفوظ ماست
سینکڑوں اقبال سے محظوظ ہے	وہ فرشتوں میں بہت محفوظ ہے
ظاہرش را شہرۂ گیہاں کنیم	باطنش را از ہمہ پنہاں کنیم
ظاہر اس کا شہرۂ دوراں کریں	باطن اس کا سب سے ہم پنہاں کریں
زر کہ کانست آب و گل ما زرگریم	گہ گہش خلخال و گہ خاتم بریم
آب و گل سونا ہے اور زرگر ہیں ہم	خاتم اور پازیب گھڑتے ہیں ہم
گہ حمائلہائے شمشیرش کنیم	گاہ بند گردن شیرش کنیم
تیغ کی اس کو حمائل گہ بنائیں	شیر پر اس کو کبھی غلبہ دلائیں
گہ ترنج تخت بر سازیم ازو	گاہ تاج فرقہائے ملک جو
گہ ترنج تخت ہم اس کو کریں	گاہ تاج اور سر پہ شاہوں کے رکھیں

عشقہا داریم با ایں خاک ما — زانکہ افتادست در قعدہ رضا

ہم کو ہے اس خاک سے اُلفت بڑی — کیونکہ یہ راہ رضا میں ہے پڑی

گہ چنیں شاہے ازو پیدا کنیم — گہ ہم او را پیش شہ شیدا کنیم

اُس سے ہم سلطاں کبھی پیدا کریں — پیش شہ اُس کو کبھی شیدا کریں

صد ہزاراں عاشق و معشوق ازو — در فغان و در نفیر و جستجو

لاکھوں معشوق اُس سے اور عاشق بنے — جو فغان و جستجو میں ہیں پڑے

کار ما اینست بر کوریِ آں — کہ بکار ما ندارد میل جاں

یہ ہے صنعت، اُس پہ حسرت ہے مگر — جو نہیں راغب ہمارے کام پر

ایں فضیلت خاک را زاں رو دہیم — زانکہ نعمت پیش بے برگاں نہیم

یہ فضیلت خاک کو دیتے ہیں ہم — ہے ہمارا بے نواؤں پر کرم

زانکہ دارد خاک شکل اغبری — و ز درون دارد صفات انوری

کیونکہ صورت خاک کی ہے پُر غبار — اور ہیں اندر صفات نور بار

ظاہرش با باطنش گشتہ بجنگ — باطنش چوں گوہر و ظاہر چو سنگ

ظاہر و باطن میں ہے جنگ اس قدر — ظاہر اس کا سنگ ہے، باطن گہر

ظاہرش گوید کہ ما اینیم و بس — باطنش گوید نکو بیں پیش و پس

کہتا ہے ظاہر کہ ہم تو یہ ہیں بس — کہتا ہے باطن، نظر کر پیش و پس

ظاہرش منکر کہ باطن ہیچ نیست — باطنش گوید کہ بنماییم بیست

بولے ظاہر کچھ نہیں باطن ـ مگر — کہتا ہے باطن، دکھاتا ہوں ٹھہر

ظاہرش با باطنش در چالش اند — لاجرم زیں صبر نصرت میکشند

ظاہر و باطن میں ہے جنگ و جدل — صبر سے پاتے ہیں دونوں نیک پھل

زیں ترش رو خاک صورتہا کنیم — خندۂ پنہانش را پیدا کنیم

خاک سے صورت کو دیں نقش و نگار — خندۂ پنہاں کو کر دیں آشکار

زانکہ ظاہر خاک اندوہ و بکاست — در درونش صد ہزاران خندہاست

ظاہرا ہے خاک اندوہ و بکا — خندے باطن میں ہیں لاکھوں رونما

کاشف السریم کار ما ہمیں — کاین نہانہا را بر آریم از زمیں

بھید ظاہر کرتے ہیں ہم بے گماں — لاتیں باہر جو نہیں ہیں سب نہاں

گرچہ دزد از منکری دم میزند — شحنہ آں از عصر پیدا میکند

چور چوری سے جو ہو منکر تو کیا — شحنہ کر کے شکنجہ سے لے سب پتا

فضلہا دزدیدہ اند ایں خاکہا — تا بیفشاریم شاں از ابتلا

خاک نے فضلے لئے ہیں سب چرا — ہم اگلوا دیتے ہیں کر کے مبتلا

بس عجب فرزند کو را بودہ است — لیک احمد بر ہمہ افزودہ است

ایک اک فرزند عجب اس کو ملا — لیکن احمد ان سبھوں سے بڑھ گیا

شد زمین و آسماں خنداں و شاد — کاینچنیں شاہے ز ما دو جفت زاد

شاد و خنداں ہیں زمین و آسماں — ہم سے یہ پیدا ہوا سلطان جہاں

میشگافد آسماں از شادیش — خاک چوں سوسن شدہ آزادیش

ہے پھٹا جاتا خوشی سے آسماں — خاک سوسن کی طرح سے شادماں

ظاہرت با باطنت اے خاک خوش — چونکہ در جنگند و اندر کشمکش

ظاہر و باطن سے خوشتر خاک کا — کشمکش میں ہیں یہ دونوں مبتلا

ہر کہ با خود بہر حق باشد بجنگ — تا شود معنیش خصم بو و رنگ

بہر حق اپنے سے جو ہو جنگ جو — اس کا باطن ہو عدو سے رنگ و بو

ظلمتش با نور او شد در قتال — آفتاب جانش را نبود زوال

قتل اس کی ظلمتیں ہوں نور سے — آفتاب جاں نہ گہنائے ہیں پڑے

ہر کہ کوشد بہر ما در امتحاں — پشت زیر پاش آرد آسماں

جو ہمارے واسطے دے امتحاں — پیٹھ زیر پا جھکا دے آسماں

ظاہرش از تیرگی افغاں کناں — باطن او گلستان در گلستاں
ظاہر اس کا تیرگی سے نوحہ خواں — باطن اس کا گلستاں در گلستاں

قاصدا چوں صوفیاں رو در ترش — تا نیامیزند با ہر نور کشش
ہیں ترش رو مثل صوفی بالیقیں — نور کشش اُن سے نہ رل جائیں کہیں

عارفاں رو ترش چوں خارپشت — عیش پنہاں کردہ در خار درشت
رو ترش ہیں عارف ہیں سیہی کی مثال — کانٹوں میں رکھتے ہیں پنہاں عیش حال

باغ پنہاں کردہ گل و انخار فاش — کاے عدو دور از من و دور باش
باغ میں پنہاں ہیں گل اور خار فاش — دشمن گل سے ہیں کہتے دور باش

خار پشتا خار حارس کردۂ — سر چو صوفی در گریباں بردۂ
تو ہے سیہی، خار تیرے پاسباں — مثل صوفی سر گریباں میں نہاں

تا کسے در چار دانگ عیش تو — کم شود زیں کلرخان خار تو
تاکہ اس تیرے جہان عیش سے — خار خو کوئی نہ گل جاتا رہے

طفل تو گرچہ کہ کودک خو بداست — ہر دو عالم خود طفیل او بداست
تیرا بچہ گو ہے بچہ بے گماں — ہیں طفیل اس کے مگر دونوں جہاں

ما جہانے را باو زندہ کنیم — چرخ را در خدمتش بندہ کنیم
ہم جہاں کو اس سے دینگے زندگی — اور فلک اس کی کریگا بندگی

مقام حضور کے متعلق عبدالمطلب کا پتہ پوچھنا

گفت عبدالمطلب کایں دم کجاست — اے علیم السر نشاں دہ راہ راست
بولے عبدالمطلب ہے اب کہاں — اے علیم راز دے اس کا نشاں

از درون کعبہ آوازش رسید — گفت اے جویندہ طفل رشید
آئی پھر کعبے کے اندر سے صدا — ایکہ تو جویا ہے طفل پاک کا

ہاتفش گفتا مخور غم کاین زماں　　با تو زاں شاہ جہاں باشم نشاں
بولا ہاتف غم نہ کر ہو شادماں　　ہم تجھے اُس شاہ کا دینگے نشان

در فلاں وادیست زیر آں درخت　　پس رواں شد زود پیر نیکبخت
ہے فلاں وادی میں نیچے پیڑ کے　　پس وہ اُس جانب روانہ ہو گئے

در رکاب او امیران قریش　　زانکہ جدش بود ز اعیان قریش
ساتھ تھے سب اُن کے اعیان قریش　　تھے وہ سردار رئیسان قریش

تا بہ پشت آدمؑ اسلافش ہمہ　　مہتران رزم و بزم و ملحمہ
اُن کے سب اسلاف آدمؑ تک یہاں　　گذرے رزم و بزم کے سردار ہاں

این نسب خود قشر او را بودہ است　　کز شہنشاہان مہ پالودہ است
یہ نسب خود پوست تھا اُن کے لئے　　بادشاہوں نے کیا تھا صاف جسے

مغز او خود از نسب دورست و پاک　　نیست جنسش از سمک کس تا سماک
مغز اُس کا ہے نسب سے صاف و پاک　　کون مثل اُن کا سمک سے تا سماک

نور حق را کس نجوید زاد و بود　　خلعت حق را چہ حاجت تار و پود
نورِ حق کی کون ڈھونڈے زاد و بود　　خلعت حق ہے نیاز تار و پود

کمترین خلعت کہ بدہد در ثواب　　بر فزاید بر طراز آفتاب
کمترین خلعت جو کرتا ہے عطا　　دیتا ہے سورج سے بھی رتبہ بڑھا

حضرت سلیمانؑ و بلقیسؓ کا باقی قصہ

خیز بلقیسا بیا و ملک بیں　　بر لب دریای یزداں دُر بچیں
دیکھ یہ ملک آ کے اُٹھ اے بلقیس آ　　چن گہر یہ ہے گہر دریائے خدا

خواہرانت ساکن چرخ سنی　　تو بمرداری چہ سلطانی کنی
تیری بہنیں چرخ پر ہیں جلوہ گر　　ہے حکومت تیری کیوں مردار پر

خیز بلقیسا بیا و دولت نگر   جاوداں از دولت ما بر بخور

اُٹھ کے آ بلقیسؑ دولت ہے یہاں   پھل اُٹھا اس مال و زر سے جاوداں

خواہرانت را ز بخششہا و داد   ہیچ میدانی کہ آں سلطاں چہ داد

تیری بہنوں پر ہوئی کیسی عطا   کچھ خبر ہے کیا خدا نے دیدیا

خیز بلقیسا در آ در بحر جود   ہر دمے بردار بے سرمایہ سود

جود کے دریا تک اے بلقیسؑ آ   اور بے سرمایہ کے پا فائدا

خواہرانت جملہ در عیش و طرب   بر تو چوں خوش گشت ایں رنج و تعب

تیری بہنوں کو ملا عیش و طرب   کیوں گوارا ہے تجھے رنج و تعب

خیز بلقیسا سعادت یار شو   وز ہمہ ملک سبا بیزار شو

آ یہاں بلقیسؑ نیک اطوار ہو   اور سبا کے ملک سے بیزار ہو

تو ز شادی چوں گدائے طبل زن   کہ منم شاہ و رئیس گولخن

طبل زن شادی سے ہے مثل گدا   یعنی ہیں گھورے کی ہوں فرماں روا

آں سگے در کو گدائے کور دید   حملہ مے آورد و دلقش میکشید

تو وہ سگ ہے جو گدائے کور پر   حملہ ور ہوتا ہے گدڑی کھینچ کر

کور گفتش آخر آں یاران تو   بر کُہ اند ایں دم شکار و صیدجو

کور کہتا ہے کہ آخر تیرے یار   جنگلوں میں کرتے پھرتے ہیں شکار

قوم تو در کوہ مے گیرند گور   در میان کوے میگیری تو کور

قوم تیری ہے پکڑتی گورخر   حملہ ور تو ہے گلی میں اندھے پر

آدمی کا دنیا اور اُس کی حرص پر قانع ہونا

گفتہ ایم ایں را و لے بار دگر   شد مکرر بہر تاکید نظر

کہہ چکے ہیں ہم و لے بار دگر   کہتے ہیں پھر بہر تاکید نظر

ترک این تزویر گو شیخ نفور	آب شوربی جمع کرد و چند کور
چھوڑ مکاری کو اسے شیخ نفور	جمع کیوں اندھے کئے اور آب شور
کاین مریدان من و من آب شور	می‌خورند از من ہمہ گردند کور
کہ رہا ہے میرے چیلے آب شور	مجھ سے لے کر پیتے ہیں ہوتے ہیں کور
آب خود شیرین کن از بحر لدن	آب بد را دام این کوران مکن
پانی کر بحر لدن سے خوش گوار	آب بد سے سب کو کر دے رستگار
خیز شیران خدا بین گورگیر	تو چو سگ چونی بزرقی گورگیر
دیکھ شیران خدا ہیں گورگیر[1]	مکر سے تو مثل سگ ہے گورگیر
کور چہ از صید غیر و ست دور	جملہ شیر و شیرگیر و مست نور
کور صید غیر سے اور اس سے دور	شیر سب ہیں شیرگیر اور مست نور
در نظارہ صید و صیادی شہ	کردہ ترک صید و مردہ در ولہ
صید و صیادی شہ ہیں دیکھتے	صید چھوڑ کے سب ہیں حیرت میں پڑے
ہمچو مردہ مردہ شان بگرفتہ یار	تا کند او جنس ایشان را شکار
خود ہیں مردہ سے کیا مردوں کو یار	تا وہ اپنی جنس کو کر لیں شکار
مردہ مرغ مضطر اندر وصل و بین	خواندہ القلب بین الاصبعین
مرغ مضطر وصل میں فرقت میں بھی	دل ہے حق کی انگلیوں میں واقعی
مرغ مردہ اش را ہر آنکو شد شکار	چوں ببیند شد شکار شہریار
مرغ مردہ کا ہوا ہے جو شکار	اصل میں وہ ہے شکار شہریار
ہر کہ او زیں مرغ مردہ سر بتافت	دست آں صیاد را ہرگز نیافت
مرغ مردہ سے جو برگشتہ ہوا	ہاتھ تک دیکھا نہ اس صیاد کا

[1] یعنی گورخر کو شکار کرنے والے۔

گو بیا او مست گر مُرداریٔ من | عشقِ شہ بیں در نگہداریٔ من
وہ یہ کہتا ہے نہ مرداری کو دیکھ | عشقِ شہ کو اور نگہداری کو دیکھ
من نہ مردارم مرا شہ کشتہ است | صورتِ من شبہِ مردہ گشتہ است
ہیں نہیں مُردار مارا شاہ نے | ہیں نشاں مردے کے چہرے پر مرے
جنبشم زیں پیش بود از بال و پر | جنبشم اکنوں ز دستِ داوگر
میری جنبش پہلے بال و پر سے تھی | اب خدا کے ہاتھ میں ہے واثقی
جنبشِ فانیم بیروں شد ز پوست | جنبشِ باقیست اکنوں چوں از دوست
جنبشِ فانی ہوں میں بیرونِ پوست | جنبشِ باقی ہے یہ اکرامِ دوست
ہر کہ کج جنبد بہ پیشِ جنبشم | گرچہ سیمرغ است زارش میکشم
جو مری جنبش کے آگے کج ہوا | گو کہ تھا سیمرغ خوار اس کو کیا
ہیں مرا مردہ مبیں گر زندۂ | در کفِ شاہم نگر گر بندۂ
کہ نہ مُردہ مجھ کو زندہ ہے اگر | دیکھ دستِ شہ میں بندہ ہے اگر
مردہ زندہ کرد عیسیٰؑ از کرم | من بکفِّ خالقِ عیسیٰؑ درم
مُردے کو عیسیٰؑ نے زندہ کر دیا | خالقِ عیسیٰؑ کا ہوں دست آشنا
کے بمانم مردہ در قبضۂ خدا | بر کفِ عیسیٰؑ مدار ایں ہم روا
قبضۂ حق میں رہوں مُردہ میں کیا | دستِ عیسیٰؑ پہ بھی مت رکھ یہ روا
عیسیم لیکن ہر آنکو یافت جاں | از دمِ من او بماند جاوداں
ہوں میں عیسیٰؑ بخشدوں گا جس کو جاں | میرے دم سے وہ رہیگا جاوداں
شد ز عیسیٰ زندہ لیکن باز مُرد | شاد آنکو جاں بدیں عیسیٰؑ سپرد
زندہ عیسیٰؑ سے ہوا پھر مر گیا | خوش وہ اس عیسیٰؑ کو جس نے دم دیا
من عصایم در کفِ موسائے خویش | موسیم پنہان و من پیدا بہ پیش
ہاتھ میں ہوں اپنے موسیٰ کے عصا | موسیٰؑ پنہاں اور میں ہوں ظاہرا

بر مسلماناں پل و دریا شوم — باز بر فرعون اژدرہا شوم

مسلموں پر میں پل و دریا بنوں — اژدہا فرعون کے حق میں رہوں

ایں عصا را اے پسر تنہا مبیں — کہ عصا بے کف حق نبود چنیں

اس عصا کو اے پسر تنہا نہ جان — بے کف حق تو اسے ایسا نہ مان

موج طوفاں ہم عصا بد کوز ورد — طنطنہ جادو پرستاں را بخورد

موج طوفاں بھی عصا تھی اے غیور — کھا گئی جادو پرستوں کا غرور

ہم عصا بد باد بر اعدائے ہود — کہ برآورد از بقیۂ عاد دود

ہود کے اعداء کو تھی آندھی عصا — اور قوم عاد کو جھلسا دیا

ہم عصائے بود پشہ در نمرو — کہ برآورد از سر نمرود گرد

ایک مچھر بن گیا تھا اک عصا — جس نے سر نمرود کا خاک سے کیا

گر عصاہائے خدا را بشمرم — زرق ایں فرعونیاں را بر درم

گر عصاؤں کو خدا کے میں گنوں — مکر ان فرعونیوں کا توڑ دوں

لیک زیں شیریں گیاہ زہر مند — ترک کن تا چند روزے می چرند

ترک میٹھی گھاس زہریلی تو کر — چرنے دے کچھ دن انہیں تا ہو اثر

گر نباشد جاہ فرعونی سری — از کجا یابد جہنم پروری

ہو نہ گر فرعونیت اور سروری — پھر کہاں سے ہو جہنم پروری

فربہش کن آنگہش کش[1] اے قصاب — زانکہ بے برگند در دوزخ کلاب

اے قصائی کر کے فربہ اس کو مار — کتے دوزخ میں ہیں بھوکے بے شمار

گر نبودے خصم و دشمن در جہاں — پس بمردے خشم اندر مردماں

ہوتے دشمن گر نہ دنیا میں عیاں — غصہ کا ہوتا نہ لوگوں میں نشاں

دوزخ آں خشم است و خصمی بایدش — تا زیاد ورنہ رحیمی بکشدش

غصہ ہی دوزخ ہے آلہ دشمنی — تا بچے ورنہ مٹا دے رحم ہی

[1] یعنی مار ڈالے۔

در جہاں گر لطف و قہرے بدے　　پس کمال پادشاہی کے شدے
لطف گر ہے قہر دنیا میں رہا　　تو کمال بادشاہی کب ہوا

ریشخندی کردہ اند آں منکراں　　بر مثلہا و بیان ذاکراں
منکروں نے تو اڑائی تھی ہنسی　　ذاکروں کے ذکر اور انکار کی

تو اگر خواہی بکن ہم ریشخند　　چند خواہی زیست اے مردار چند
تو بھی گر چاہے تو اب تضحیک کر　　دہر میں کب تک جیئے گا تو مگر

شاد باشید اے محبّاں در نیاز　　بر ہمیں در کایں شود امروز باز
شاد ہو جاؤ۔ اب اہل احتیاج　　تم اسی در پر جو کھلنے کو ہے آج

ہر چو تخمے باشدش کردے دگر　　در میان باغ از سیر و گزر
ہر ضرورت کی ہے الگ کیاری جدا　　ہے کہیں گاجر کہیں لہسن لگا

ہر یکے با جنس خود در کرد خود　　از برائے پختگی نم مے خورد
اپنی ہم جنسوں سے ہر شئے [illegible]　　پختگی کے واسطے کھاتی ہے نم

تو کہ کرد زعفرانی زعفراں　　باش آمیزش مکن با ضیمراں
زعفرانی ہے تو رہ تو زعفران　　مل نہ جا کر تا تو سے لے جوال

آب میخور زعفرانا تا رسی　　زعفرانی اندراں حلوا رسی
اپنی ہی کیاری کا تو پانی بھی پی　　تا کہ شیرینی سے ہو بہرہ وری

تو مکن در کرد شلغم پور خویش　　تا نگردد با تو او ہم طبع و کیش
گھر نہ تو شلغم کی کیاری میں بنا　　ہم طبیعت وہ نہ ہو جب تک ترا

تو بکردے او بکردے مودعہ　　زانکہ ارض اللہ آمد واسعہ
تو ہے اپنی جا، تو وہ ہے اپنی جا　　کیونکہ ہے از بس بڑا ملک خدا

خاصہ آں ارضے کہ از پہناوری — در سفر گم میشود دیو و پری

اس زمیں کی خاص کر وسعت بڑی — جس میں ہوں جاتے ہیں گم دیو و پری

اندراں بحر و بیابان و جبال — منقطع میگردد اوہام و خیال

ایسے دریا ایسے دشت ایسے جبال — ٹکڑے ہو جائیں جہاں وہم و خیال

ایں بیاباں در بیابانہائے او — ہمچو اندر بحر پر یک تار مو

یہ ہے اس صحرا کا اس صحرا میں حال — ہو بھرے دریا میں جیسے ایک بال

آب استادہ کہ سیرش نہاں — تازہ تر خوشتر ز جوہائے رواں

ہے کھڑا پانی ہے سیر اس کی نہاں — تازہ و خوشتر بہ نسبت نہر رواں

کز درون خویش چون جان و رواں — سیر پنہاں دارد و پائے رواں

ہمت باطن سے اپنی منزل جاں — سیر پوشیدہ رکھے پاؤں رواں

مستمع خفتہ است کوتہ کن خطاب — اے خطیب ایں نقش را کم زن بر آب

سننے والا سو رہا ہے مت پکار — اے خطیب اب نقش پانی پر نہ مار

حضرت سلیمانؑ اور بلقیسؓ

خیز بلقیسا کہ بازاریست تیز — از خسیسان کساد افگن گریز

جلد آ بلقیسؓ ہے بازار تیز — ان خسیسوں سے مناسب ہے گریز

خیز بلقیسا کنوں با اختیار — پیش ازانکہ مرگ آرد گیر و دار

آ کہ ہے اس وقت تک با اختیار — پیشتر اس سے کہ آئے موت یار

خیز بلقیسا بیا پیش از اجل — در نگر شاہی و ملک بے خلل

جلد اٹھ بلقیس، آ پیش از اجل — دیکھ یہ شاہی یہ ملک بے خلل

خیز بلقیسا بچارہ خود مناز — اندریں درگہ نیاز آور نہ ناز

کر نہ اے بلقیسؓ اس دولت پہ ناز — مصلحت اس بارگہ میں ہے نیاز

خیز بلقیسا و ستہ با قصبا | ورنہ مرگ آید کشد گوشت ترا
اٹھ اجل سے یوں نہ اے بلقیس مان | لائیگی ورنہ پکڑ کر موت کان

بعد ازاں گوشت کشد مرگ آنچناں | کہ چو دزد آئی بشحنہ مو کشاں
کان یوں پکڑیگی مرگ جاں شناس | مثل دزد آئیگی تو شحنہ کے پاس

زیں خراں تا چند باشی نعل دزد | گر ہمی دزدی بیا و لعل دزد
نقل شر ہے کیوں پھر اُٹھائے تو بھلا | چوری کرنی ہے تو لعل آکر چرا

خواہرانت یافتہ ملک خلود | تو گرفتہ ملکت کور و کبود
تیری بہنوں کا ہے دائم اقتدار | تو نے کی اندھی حکومت اختیار

اے خنک آں را کزیں ملکت بجست | کہ اجل ایں ملک را ویراں کنست
ہے مبارک ترک کیا جو اس ملک سے | ہیں اجل اس ملک کو ویراں کرے

خیز بلقیسا بیا باری ببیں | ملکت شاہان و سلطانان دیں
آؤ اب بلقیس یہ شاہی بھی دیکھ | مملکت شاہان ملت کی بھی دیکھ

شستہ در باطن میان بوستاں | ظاہرا خارے میان دوستاں
فی الحقیقت ساکن گلزار ہیں | دوستوں ہیں وہ بظاہر خار ہیں

بوستاں با او رواں ہر جا رود | لیک آں از خلق پنہاں میشود
ساتھ ہیں اُن کے ہر اک جا بوستاں | دیدۂ خلقت سے لیکن ہیں نہاں

میوہ ہا لابہ کناں کز من بخور | آب حیواں آمدہ کز من بخور
میوے لیتے ہیں غذا ہم کو کرو | آب حیواں کہتا ہے مجھ کو پیو

طوف میکن بر فلک بے پر و بال | ہمچو خورشید و چو بدر و چوں ہلال
آ طواف چرخ کر بے پر و بال | مثل مہر و بدر اور مثل ہلال

چوں رواں باشی روان و پاے نہ | میخوری صد لوت و لقمہ خائے نہ
جب رواں ہو ہو رواں بے پاؤں کے | جب غذا کھائے تو بے لقمہ لئے

نے نہنگ غم زند بر کشتیت نے پدید آید ز مردن زشتیت

حملہ ور ہوگا نہ کشتی پر مگر[1] اور نہ ہوگی موت سے حالت بتر

ہم تو شاہ و ہم تو لشکر ہم تو تخت ہم تو نیکو بخت باشی ہم تو بخت

تو ہی لشکر تو ہی سلطاں تو ہی تخت تو ہی نیکو بخت ہو اور تو ہی بخت

گر تو نیکو بختی و سلطان زفت بخت غیر تست روزے بخت رفت

خوش نصیب آخر تو سلطاں ہے تو کیا بخت بیگانہ ہے تو اک دن گیا

تو بمانی چوں گدا اے بے نوا دولت خود ہم تو باش اے مجتبیٰ

تو رہے مثل گدا سے بے نوا اپنی دولت آپ بن اے باوفا

چوں تو باشی بخت خود اے معنوی پس تو کہ بختی ز خود کے گم شوی

جب بنے گا بخت اپنا آپ ہی پھر نہ اپنے آپ سے گم ہو کبھی

تو ز خود کے گم شوی اے خوش خصال چونکہ عین تو ترا شد ملک و مال

خود تو کب گم ہو سکے اے خوش خصال جبکہ تیری ذات ہوگی ملک و مال

حضرت سلیمانؑ کا مسجد اقصیٰ کو تعمیر کرنا

بعد ازاں آمد ندا از پیش تخت بر سلیماں آں نبیؑ نیک بخت

بعد ازاں آئی ندا اک پیش تخت اے سلیماںؑ اے نبیؑ نیک بخت

کاے سلیماںؑ مسجد اقصیٰ بساز لشکر بلقیس آمد در نماز

اے سلیماںؑ مسجد اقصیٰ بنا لشکر بلقیس ہے سجدہ نما

چونکہ او بنیاد آں مسجد نہاد جن و انس آمد بدن را کار داد

جس گھڑی بنیاد مسجد کی رکھی کام کرنے آئے جن و انس بھی

[1] مگرمچھ

یک گروہ از عشق و قومے بے مراد	ہمچنانکہ در رہ طاعت عباد
اک جماعت شوق[1] کی ۔ اک بے مراد	جس طرح بندے کریں خالق کی یاد
خلق دیوانند و شہوت سلسلہ	میکشدشاں سوئے دکان و غلہ
خلق[2] دیو، اور شہوت اک زنجیر پا	کھینچتی ہے جانب حرص و غذا
ہست این زنجیر از خوف و ولہ	تو مبیں این خلق را بے سلسلہ
پاؤں میں زنجیر ہے یہ خوف سے	دیکھ مت خلقت کو بے زنجیر کے
میکشاندشاں سوئے کشت و شکار	میکشدشاں سوئے کانہا و بحار
کھیت تک کھینچے وہ یا بہر شکار	کانوں اور دریا پہ کھینچے بار بار
میکشاندشاں بسوئے نیک و بد	گفت حق فی جیدہا حبل المسد
کھینچتی ہے اُن کو سوئے نیک و بد	قول حق[3]، فی جیدہا حبل المسد
قد جعلنا الحبل فی اعناقہم	واتخذنا الحبل من اخلاقہم
گردنوں میں ان کی رسی ڈال دی	عادتوں سے ان کی تھی رسی بنی
لیس من مستقذر مستقذرہ	قط الا طائرہ فی عنقہ
کب ہے کوئی پُر خطا و بے خطا	ہو نہ ٹکا[4] جس کی گردن میں پڑا
نیستند این خلق بے بند گراں	ہست آں بند و کمند آتش فشاں
کب ہے یہ مخلوق بے بند گراں	بند اُن کا خوف ہی سے ہے گماں
حرص تو در کار بد چوں آتش است	اخگر از رنگ خوش آتش خوش است
حرص کار بد میں ہے آتش نہاد	رنگ سے آتش کے چنگاری ہے شاد

[1] یعنی بوجہ شوق ۔ [2] یہاں سے مولانا علیہ الرحمۃ کے اقوال ہیں ۔
[3] قولہ تعالیٰ عزوجل ۔ فی جیدہا حبل من مسد ۔ یعنی اُن کے گلوں میں کھجور کی رسی پڑی ہوئی ہے ۔ [4] یعنی طائر اعمال ۔

آں سوادِ فحم در آتش نہاں ‏ ‏ ‏ چونکہ آتش شد سیاہی شد عیاں
کوئلہ کا رنگ آتش میں نہاں ‏ ‏ ‏ جب بجھی آتش سیاہی تھی عیاں

اخگر از حرصِ تو شد فحم سیاہ ‏ ‏ ‏ حرص چوں شد ماند آں فحم تباہ
حرص سے اخگر ہے انگارہ سیاہ ‏ ‏ ‏ حرص گذری کوئلہ پھر ہے تباہ

آں زماں کہ فحم اخگر مے نمود ‏ ‏ ‏ آں نہ حسن کارِ نارِ حرص بود
جب نظر آتا تھا اخگر کوئلا ‏ ‏ ‏ تھا کرشمہ حرص کی وہ آگ کا

حرص کارت را بیارائیدہ بود ‏ ‏ ‏ حرص رفت و ماند کارِ تو کبود
کام تھا یہ حرص سے سنورا ہوا ‏ ‏ ‏ حرص چلدی کام ویراں ہو گیا

غورہا را کہ بیارائید غول ‏ ‏ ‏ پختہ پندارد کسے کو ہست گول
کچے انگوروں کو سینچا غول نے ‏ ‏ ‏ پختہ سمجھا احمق مجہول نے

آزمایش چوں نماید جانِ او ‏ ‏ ‏ کند گردد ز آزموں دندانِ او
روح نے جب امتحاں ان کا کیا ‏ ‏ ‏ دانت کھٹے ہو گئے سب برملا

از ہوس آں دام دانہ مے نمود ‏ ‏ ‏ عکسِ غول حرص آں خود دام بود
دام آیا حرص سے دانہ نظر ‏ ‏ ‏ عکسِ غولِ حرص کا تھا دام پر

حرص اندر کارِ دیں و خیر جو ‏ ‏ ‏ چوں نماند حرص ماند نغز رو
حرص کر دین اور کارِ خیر کی ‏ ‏ ‏ حرص رخصت ہو تو ہے باقی خوشی

خیرہا نغز ند نے از عکسِ غیر ‏ ‏ ‏ تابِ حرص ار رفت ماند تابِ خیر
خیر کی خوبی نہیں کسب ہے عکسِ غیر ‏ ‏ ‏ حرص ہٹ کر بھی رہیگی تابِ خیر

تابِ حرص از کارِ دنیا چوں برفت ‏ ‏ ‏ فحم باشد ماندہ از اخگر بہ تفت
کارِ دنیا سے جو تابِ حرص جائے ‏ ‏ ‏ ہٹ کے اخگر کوئلہ کا رنگ پائے

کودکاں را حرص مے آرد غرار ‏ ‏ ‏ تا نشوند از ذوقِ دل دامن سوار
حرص دھوکا دیتی ہے بچوں کو یار ‏ ‏ ‏ تا ہوں ذوقِ دل سے وہ دامن سوار

چوں ز کودک رفت آں حرص بدش — بر دگر اطفال خندہ آیدش
حرص بد بچے کی جب دم ہو فنا — دوسرے بچوں پہ ہنستا ہے بجا

کہ چہ میکردم چہ میدیدم دریں — تلخ از عکس حرص بنمود انگبیں
کہتا ہے کیا تھا وہ فعل شرمگیں — بس کہ عکس حرص سے تھا انگبیں

آں بنائے انبیا بے حرص بود — لاجرم پیوستہ رونقہا فزود
انبیاء کی ہر بنا بے حرص تھی — رونقیں اُن سے بڑھی ہیں دائمی

اے بسا مسجد بر آوردہ کرام — لیک نبود مسجد اقصاش نام
مسجدیں لوگوں نے بنوائیں تمام — مسجد اقصیٰ نہیں پر اُن کا نام

کعبہ را کش ہر زماں عزے فزود — آں ز اخلاصات ابراہیمؑ بود
کعبہ جس کا شوق ہر لحظہ بڑھے — وہ تھا اخلاصات ابراہیمؑ سے

فضل آں مسجد ز خاک و سنگ نیست — لیک در بانیش حرص و جنگ نیست
وقر مسجد خاک پتھر سے نہیں — حرص و جنگ اس کی بنا میں نہ تھیں

نے کتب شاں چوں کتاب دیگراں — نے مساجدشاں نہ کسب و خانماں
دوسروں کی سی کتب اُن کی نہ تھیں — مسجدیں اور کسب اور گھر بھی نہیں

نے ادبشاں نے غضبشاں نے نکال — نے نعاس و نے قیاس و نے خیال
وہ ادب اور وہ غضب اور وہ عذاب — تھے الگ سارے قیاس و فہم و خواب

ہر یکے را داوہ حق در مرتبت — صد ہزاراں حشمت و صد مکرمت
مرتبے میں سب کو خالق نے دیا — حشمت و اکرام اوروں سے سوا

ہر یکے شاں را یکے فرّے دگر — مرغ جانشاں طائر از پرّے دگر
اُن میں ہر اک کا نیا تھا دبدبا — طائر جاں کو ملا تھا پر نیا

دل ہمے لرزد ز ذکر حال شاں — قبلۂ افعال ما افعال شاں
دل لرز جاتا ہے اُن کے ذکر سے — فعل ان کے اپنے فعلوں سے بڑے

مرغ شاں را بیضہ ہا زرّیں بُدست　　نیم شب جانشاں سحرگہ بیں شدست

مرغ ان کے دیتے تھے بیضائے زر　　نصف شب کو دیکھ لیتے تھے سحر

ہرچہ گویم من بجاں نیکوئے قوم　　نقص گفتم گشتہ ناقص گوئے قوم

وصف جو کچھ بھی کروں ان کا بیاں　　نقص رہ جائیگا اُس میں بے گماں

مسجد اقصیٰ لبباز ید اے کرام　　کہ سلیمانؑ باز آمد والسّلام

مسجد اقصیٰ بنا اسے ذوالکرام　　پھر سلیمانؑ آرہے ہیں والسّلام

ور ازیں دیوان و پریاں سرکشند　　جملہ را املاک در چنبر کشند

گر کریں کچھ سرکشی دیو و پری　　ان کی رلکیں ہوں شکنجوں میں کبھی

دیو یکدم کج رود از مکر و زرق　　تازیانہ آیدش بر سر چو برق

مکر کرکے دیو اگر ٹیڑھا چلے　　سر پہ کوڑا مثل بجلی کے لگے

چوں سلیمانؑ شو کہ تا دیوانِ تو　　سنگ برّند از پئے ایوانِ تو

بن سلیماںؑ تاکہ جماعت دیو کے　　لائیں پتھر تیرے ایواں کے لئے

چوں سلیمانؑ باش بے وسواس و ریو　　تا ترا فرماں برد جنّی و دیو

جوں سلیمانؑ چھوڑ مکر اور وسوسے　　دیو اور جن تا ہوں قبضے میں ترے

خاتمِ تو ایں دلست و ہوشدار　　تا نگردد دیو را خاتم شکار

یہ ترا دل ہے انگوٹھی ہوشیار　　ہو نہ جائے دیو کی اک دن شکار

پس سلیمانی کند بر تو مدام　　دیو با خاتم حذر کن والسّلام

پھر سلیمانی کرے تجھ پر مدام　　دیو خاتم سے حذر کر والسّلام

آں سلیمانی دلا منسوخ نیست　　در سر و سرّت سلیمانی کنیست

وہ سلیمانی نہیں منسوخ ابھی　　ہے سر و سر میں سلیمانی وہی

دیو ہم وقتے سلیمانی کند　　لیک ہر جولاہہ اطلس کے تند

ہو سلیماںؑ دیو بھی اک وقت پر　　ہر جلاہا کب بنے اطلس مگر

دست جنباند چو دست او و لیک ‖ درمیان ہر دو شاں فرقیست نیک
ہلتا اس کے ہاتھ کی صورت ہلا بیٹے ‖ پر تو اُن دونوں میں بیحد فرق پائیے
در بیان این حدیث مثنوی ‖ یک حکایت بشنو اندر مثنوی
اس حدیث مثنوی کے ضمن میں ‖ مثنوی کی یہ حکایت بھی سنیں

ایک شاعر کا قصہ

شاعرے آورد شعرے پیش شاہ ‖ بر امید خلعت و اکرام و جاہ
ایک شاعر شعر لایا پیش شاہ ‖ تھی امید خلعت و اکرام و جاہ
شاہ مکرم بود فرمودش ہزار ‖ از زر سرخ و کرامات و نثار
شہ سخی تھا اشرفی دیدی ہزار ‖ اور دیا انعام اس کو بے شمار
پس وزیرش گفت کاین اندک بود ‖ دہ ہزارش بر بدہ تا وا رود
پس وزیر آیا۔ کہا یہ کم رہے ‖ دس ہزار اب اس کو دینا چاہیے
از چنو شاعر پس از تو بحر دست ‖ دہ ہزارے ہم کہ گفتم اندک است
ایسا شاعر تجھ سا اک بحر کرم ‖ دس ہزار اب بھی کہے ہیں میں نے کم
قصہ گفت آں شاہ را و فلسفہ ‖ تا بر آمد عشر خرمن از کفہ
کچھ سنایا فلسفہ۔ قصے کہے ‖ دس گنا غلہ نکالا بال سے
دہ ہزارش داد و خلعت در خورش ‖ خانۂ شکر و ثنا گشت آں سرش
دس ہزار اور عمدہ اک خلعت دیا ‖ اُس کا سر شکر و ثنا سے بھر گیا
پس تفحص کرد کاین سعی کہ بود ‖ شاہ را اہلیت من کہ نمود
اس نے ڈھونڈا کس نے تھی یہ سعی کی ‖ شاہ کو دکھلائی اہلیت مری
پس بگفتندش کہ حسن الدین وزیر ‖ آں حسن نام و حسن خلق و ضمیر
پس کہا لوگوں نے ہے سعی وزیر ‖ ہے حسن نام اور حسن خلق و ضمیر

در ثنائے وے یکے شعرے دراز ۔۔۔ برنوشت و سوئے خانہ رفت باز

شعر کچھ اس کے لئے اس نے لکھے ۔۔۔ اور اپنے گھر سدھارا شوق سے

بے زبان و لب ہماں نعمائے شاہ ۔۔۔ مدح شہ میگفت خلعتہائے شاہ

بے زبان و لب سخاوت شاہ کی ۔۔۔ مدح خواں تھی اور خلعت شاہ کی

چند سال کے بعد شاعر کا پھر آنا

بعد سالے چند بہر رزق و کشت ۔۔۔ شاعر از فقر و عوز محتاج گشت

کچھ برس کے بعد طالب رزق کا ۔۔۔ فقر کا مارا وہ شاعر پھر ہوا

گفت وقت فقر و تنگی دو دست ۔۔۔ جستجوئے آزمودہ بہتر ست

بولا وقت فقر و تنگی تجو بجو ۔۔۔ آزمودہ کی ہے بہتر جستجو

درگہی را کازمودم از کرم ۔۔۔ حاجت نو را ہماں جانب برم

آزمایا لطف جس درگاہ کا ۔۔۔ حاجت نو بھی ادھر لے جاؤں گا

معنی اللہ گفت آں سیبویہ[1] ۔۔۔ یولہون فی الحوائج ہم لدیہ[2]

سیبویہ اللہ کے یہ معنے کہے ۔۔۔ وقت حاجت روئیں اس کے سامنے

گفت الہنا فی حوائجنا الیک ۔۔۔ والتمسنا ہا وجدنا ہا الیک

اور کہا جب وقت حاجت کی پڑا ۔۔۔ اور ڈھونڈا ہم نے اس کو پالیا

صد ہزاراں عاقل اندر وقت درد ۔۔۔ جملہ نالاں پیش آں دیان فرد

لاکھوں عاقل جب کہ ہوں تکلیف میں ۔۔۔ روئیں، یاد اللہ کو اپنے کریں

ہیچ دیوانہ فلیوسے آں کند ۔۔۔ بر بخیلے عاجزے کدیہ تند

ہوگا بیہودہ وہ دیوانہ کوئی ۔۔۔ جو کرے عاجز سے دریوزہ گری

[1] علم نحو کے بڑے عالم و فاضل امام گذرے ہیں ۔

[2] اپنی حاجتوں کے وقت بندے اس کے سامنے زاری کریں ۔

گر ندیدندی ہزاراں بار بیش ۔۔۔ عاقلاں کے جان کشیدندی بہ پیش

پہلے لاکھوں بار جا پہنچا ہے آگے ۔۔۔ ورنہ عاقل جان دیتے کس لیے

بلکہ جملہ ماہیاں در موجہا ۔۔۔ جملہ پرندگاں بر اوجہا

بلکہ موجوں میں ہیں جیتی مچھلیاں ۔۔۔ جو پرندے ہیں فضاؤں میں نہاں

بلکہ جملہ موجہا بازی کناں ۔۔۔ ذوق شوقش را عناں اندر عناں

بلکہ ہیں موجیں بھی سب بازی کناں ۔۔۔ ذوق میں اس کے عناں اندر عناں

پیل و گرگ و شیر و اشکار نیز ۔۔۔ اژدہائے زفت و مور و مار نیز

بھیڑیا، اور شیر، ہاتھی اور شکار ۔۔۔ اژدہا پر خوف اور سب مور و مار

بلکہ خاک و آب و باد و ہم شرار ۔۔۔ مایہ زو یابند ہم دی ہم بہار

خاک پانی اور ہوا اور یہ شرار ۔۔۔ سب خزاں پاتے ہیں اس سے اور بہار

ہر دمش لابہ کند ایں آسماں ۔۔۔ کہ فرو مگذارم اے حق یک زماں

کرتا ہے اس کی خوشامد آسماں ۔۔۔ چھوڑنا یا رب نہ مجھ کو ناگہاں

استن من عصمت و حفظ تو است ۔۔۔ جملہ مطوی[1] بیمین آں دو دست

ہے ستوں میرا، حفاظت میں تری ۔۔۔ ہاتھ میں لپٹے ہیں تیرے ہم سبھی

ویں زمیں گوید کہ دارم بر قرار ۔۔۔ ایکہ بر آبم تو کردی استوار

اور زمیں کہتی ہے رکھنا برقرار ۔۔۔ مجھ کو پانی پر کیا ہے استوار

جملگاں کیسہ ازو بر دوختہ ۔۔۔ دادن حاجت ازو آموختہ

سب نے کیسہ لطف سے اس کے سیا ۔۔۔ اس سے سیکھا کرنا حاجت کا روا

ہر نبی زو برآوردہ برات ۔۔۔ استعینوا[2] منہ صبراً و الصلوٰۃ

ہر نبی نے اس سے حاصل کی برات ۔۔۔ تم مدد لو اس سے با صبر و صلوٰۃ

۱؎ حصہ للہ - سجدہ

۲؎ استعینوا بالصبر و الصلوٰۃ - صبر اور نماز کے ذریعے سے اللہ سے مدد چاہو

ہیں از و خواہید نے از غیر او ‏ ‏ آب در یم جو مجو از خشک جو
اس سے مانگو ہاں نہ مانگو غیر سے ‏ ‏ پانی لے دریا سے نہریں چھوڑ دے

در بجواہی از دگر ہم او دہد ‏ ‏ بر کف میلش سخا ہم او نہد
دوسرے سے بھی جو مانگے دے وہی ‏ ‏ ہاتھ کو میل سخاوت اُس نے دی

آنکہ معرض را ز زر قاروں کند ‏ ‏ رو بد و آری بطاعت چوں کند
معترض کو دیکے زر قاروں کیا ‏ ‏ گر کرے طاعت تو دے کتنا صلا

بار دیگر شاعر از سودائے داد ‏ ‏ رو بسوئے آں شہ محسن نہاد
شاعر آیا داد کی اُمید پر ‏ ‏ اپنے محسن کی طرف پھر لوٹ کر

ہدیۂ شاعر چہ باشد شعر نو ‏ ‏ پیش محسن آرد و بنہد گرو
ہدیہ شاعر ہے کیا اشعارِ نو ‏ ‏ پیش محسن لاکے رکھتا ہے گرو

محسناں با صد عطا و جود و بر ‏ ‏ زر نہادہ شاعراں را منتظر
سو عطا و جود سے محسن تمام ‏ ‏ شاعروں کے منتظر ہیں لا کلام

پیش شاں شعرے بہ از یک تنگ شعر ‏ ‏ خاصہ شاعر کو گہر آرد ز قعر
شعر انہیں ریشم سے ہیں محبوب تر ‏ ‏ خاص کر شاعر پروئے جو گہر

آدمی اوّل حریص ناں بود ‏ ‏ زانکہ قوت ناں ستون جاں بود
آدمی اوّل حریص ناں ہوا ‏ ‏ روٹی کھانا ہی ستون جاں ہوا

سوئے کسب و سوئے غصب و صد حیل ‏ ‏ جاں نہادہ بر کف از حرص و امل
کسب و غصب اور سو طرح حیلہ کرے ‏ ‏ حرص سے جاں کو ہتھیلی پر دھرے

حارسی از گرگ جستن شرط نیست ۔۔۔ جُستن از غیرِ محل ناجُستنی ست
بھیڑیے سے پاسبانی کی اُمید ۔۔۔ جستجوئے بے محل کب ہو مفید
من ترا بے ہیچ شکّے دشمنم ۔۔۔ من ترا کے رہ نمایم رہ زنم
ہیں بغیر شبہ دشمن ہوں ترا ۔۔۔ کیوں دکھاؤں راہ راہزن ہوں ترا
ہر کہ باشد ہمنشین دوستاں ۔۔۔ ہست در گلخن میانِ بوستاں
وہ جو بیٹھے دوستوں کے درمیاں ۔۔۔ بھاڑ میں بھی ہے مقیمِ گلستاں
ہر کہ با دشمن نشیند در زمن ۔۔۔ ہست اندر بوستاں در گولخن
اور جو دنیا میں ہے دشمن نشیں ۔۔۔ باغ میں بھی ہے تو ہے گلخن نشیں
دوست را مازار از ما و منت ۔۔۔ تا نہ گردد دوست خصم و دشمنت
دوست کو نخوت سے آزردہ نہ کر ۔۔۔ تا نہ ہو جائے وہ دشمن پر خطر

خیر کن با خلق بہر ایزدت　　یا برائے راحت جان خودت

کر بھلا سب کا خدا کے واسطے　　یا کہ اپنی راحت جاں کے لئے

تا ہمہ را دوست بینی در نظر　　در دلت ناید زکیں ناخوش صور

تا کہ تجھ کو دوست سب آئیں نظر　　ہو بری صورت نہ دل میں رخنہ گر

چونکہ کردی دشمنی پرہیز کن　　مشورت با یار مہر انگیز کن

اپنے دشمن سے مگر پرہیز کر　　دوست سے لے مشورہ اے باہنر

گفت من دانم ترا اے بوالحسن　　کہ توئی دیرینہ دشمن دار من

بولا میں ہوں جانتا اے بوالحسن　　تو پرانا ہے عدو اے کینہ فن

لیک مرد عاقلی و معنوی　　عقل تو نگذاردت کہ کج روی

پر ہے مرد معنوی پر عقل سے　　عقل تیری کج نہ جانے دے تجھے

طبع خواہد تا کشد از خصم کیں　　عقل بر نفس است بند آہنیں

نفس دشمن سے کرے پرخاش و کیں　　نفس پر ہے عقل بند آہنیں

آید و منعش کند وا دارد ش　　عقل چوں شحنہ است در نیک و بدش

آئے اور روکے اسے اے باکمال　　عقل نیک و بد میں ہے جوں کوتوال

عقل ایمانی چو شحنہ عادلست　　پاسبان و حاکم شہر دلست

عقل ایمانی ہے منصف کوتوال　　شہر دل کی حکمراں ہے باکمال

ہمچو گربہ باشد او بیدار ہوش　　دزد در سوراخ ماند ہمچو موش

مثل بلی کے ہے رہتی ہوشیار　　چور چھپ رہتا ہے بلوں میں موش وار

در ہر آنجا کہ برآرد موش دست　　نیست گربہ ور بود او مردہ است

ہے جہاں چوہا وہاں بلی نہیں　　اور ہے بھی تو ہے مردہ بالیقیں

گربہ چہ شیر شیر افگن بود　　عقل ایمانی کہ اندر تن بود

بلی کیسی شیر شیر افگن ہے وہ　　عقل ایمانی کہ زیب تن ہے وہ

غرّهٔ او حاکمِ درّندگان … نعرهٔ او مانعِ چرّندگان

اُس کا غرّانا درندوں کا تسلط … اُس کا نعرہ ہے چرندوں کا خطر

شهر پُر دزد است و پر جامه کَنی … خواه شحنه باش گو و خواه نی

شہر ہے چوروں اُچکوں سے بھرا … شحنہ اس میں ہو نہ ہو لیں اس سے کیا

عقل در تن حاکمِ ایمان بود … که ز بیمش نفس در زندان بود

عقل تن میں حاکمِ ایماں تو ہے … نفس اس کے خوف سے لرزاں تو ہے

عقلِ عقل و جانِ جان ای جان توئی … عقل و جانِ خلق را سلطان توئی

عقلِ عقل اور جانِ جاں ایجاں ہے تو … عقل و جانِ خلق کا سلطاں ہے تو

عقلِ کُل سرگشته و حیرانِ تُست … کُلِّ موجودات در فرمانِ تُست

عقلِ کُل سرگشتہ و حیراں تری … خلق ہے سب تابعِ فرماں تری

آنحضرتؐ کا ایک ہذیلی[1] جوان کو امیرِ لشکر بنانا

یک سریّه میفرستادے رسولؐ … بهرِ جنگِ کافر و دفعِ فضول

بھیجا اک لشکر رسولؐ اللہ نے … تا کہ جا کر کافروں سے وہ لڑے

یک جوانے را گزید او از هذیل … میرِ لشکر کردش و سالارِ خیل

اک ہذیلی تھا جوانِ خوش ادا … میرِ لشکر اس کو حضرتؐ نے کیا

اصلِ لشکر بیگمان سرور بود … قوم بے سرور تنِ بے سر بود

اصلِ لشکر حاکمِ لشکر ہی ہے … قوم بے سرور، تنِ بے سر ہی ہے

اینهمه که مُرده و پژمردهٔ … زان بود که ترکِ سرور کردهٔ

تو جو ہے مُردہ سا کملایا ہوا … ترکِ سرور ہے سبب اس کا فتا

[1] ہذیل ایک قبیلۂ عرب کا نام ہے +

از کسل وز بخل وز ما و منی　　　میکشی سر خویش را سر میکنی

بخل سستی اور خودی کرتا ہے تو　　　سر اٹھا کر سرکشی کرتا ہے تو

ہمچو استورے کہ بگریزد ز بار　　　او سر خود گیرد اندر کوہسار

مثل اس خر کے جو بھاگے بار سے　　　لے پناہیں دشت اور کہسار سے

صاحبش در پے دواں کاے خیرہ سر　　　ہر طرف گرگیست اندر قصدِ خر

مالک اس کے پیچھے پیچھے ہے رواں　　　قصدِ خر ہیں بھیڑیے بھی ہیں نہاں

گر ز چشمم ایں زماں غائب شوی　　　پیش آید ہر طرف گرگِ قوی

وہ یہ کہتا ہے جو تو غائب ہوا　　　ہوگا ہر سو بھیڑیے کا سامنا

استخوانت را بخاید چوں شکر　　　کہ نہ بینی زندگانی را دگر

ہڈیاں چابے گا وہ مثل شکر　　　زندگی کب دیکھے تو بارِ دگر

آں مکن کاخر بمانی از علف　　　آتش از بے ہیزمے گردد تلف

یہ نہ کر چارہ سے بھی رہ جائیگا　　　آگ بے لکڑی کے کیا ہو شعلہ زا

ہیں مگریز از تصرف کردنم　　　وز گرانی بار چوں جانت منم

ہاں نہ بھاگ اتنا پکڑنے سے مرے　　　میں ہوں تیری جاں نہ ڈر تو بار سے

تو ستوری ہم کہ نفست غالب ست　　　حکم غالب را بود اے خود پرست

نفس غالب آیا تجھ پر خر ہے تو　　　حکم غالب کے لیئے ہے مو بمو

خر نخواندت اسپ خواندت ذوالجلال　　　اسپ تازی را عرب گوید تعال

خر نہیں کہتا ہے گھوڑا ذوالجلال　　　اسپ تازی کو عرب بولیں تعال[1]

میر آخور بود حق را مصطفیٰ[2]　　　بہر استوران نفس پر جفا

مصطفیٰ ہیں میر آخور اللہ کے　　　نفس ظالم کے مواشی کے لیئے

[1] یعنی جس طرح اہل عرب آدمی کو بلاتے ہیں تو تعال کہتے ہیں یعنی آ۔ اسی طرح جب گھوڑے کو بلاتے ہیں تو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں۔ [2] داروغۂ اصطبل۔

قل تعالوا[1] گفت از جذب کرم — تا ریاضت شان دہم من رائضم

امرِ حق سے آپ نے ان کو کہا — آؤ لوں تم سے ریاضت برملا

نفسہا را تا مروض کردہ ام — زیں ستوراں بس لگدہا خوردہ ام

نفس کی بابت سواری میں نے کی — کھائیں چوپایوں کی لاتیں واقعی

ہر کجا باشد ریاضت بارہ — از لگدہاش نباشد چارہ

گھوڑے اڑیل کو سدھاتے ہیں جہاں — یوں ہی لاتیں کھائی جاتی ہیں وہاں

لاجرم اغلب بلا بر انبیاست — کہ ریاضت دادنِ خاماں بلاست

اس لئے خود ہیں پریشاں انبیا — خام کاروں کا سکھانا ہے بلا

سکسکانید از دمم پرغا شوید — تا یواش و مرکبِ سلطاں شوید

سست رو ہو تم بنو اب تیز گام — اسپِ خاصہ تا بنائیں سب ہمام

قُل تعالوا قُل تعالوا گفت حق — اے ستورانِ ملول اندر سبق

قُل تعالوا، قُل تعالوا، حکمِ حق — ہے برائے گلہ جو بھولا سبق

قُل تعالوا قُل تعالوا گفت ہے — اے ستورانِ فسردہ رگ و پے

قُل تعالوا، قُل تعالوا، ہے کہا — تھا فسردہ رگ جو گلہ برملا

قُل تعالوا قُل تعالوا گفت رب — اے ستورانِ رمیدہ از ادب

قُل تعالوا، قُل تعالوا، قولِ رب — واسطے گلے کے جو تھا بے ادب

گر نیایند اے نبیؐ غمگیں مشو — زاں دو بے تمکیں تو پُر از کیں مشو

گر نہ آئیں اے نبیؐ غمگیں نہ ہو — وہ ہیں بے تمکین، تو پُر کیں نہ ہو

گوش بعضے زیں تعالوا کر است — ہر ستورے را صطبلے دیگر است

اس "تعالوا" سے ہیں بعضے کان کر — ہے جدا اسپ کا طویلہ سربسر

---

[1] قولِ باری عز اسمہ: قُل تعالوا اتل ما حرّم ربکم علیکم یعنی اے محمدؐ ان سے کہہ دے کہ آؤ میں تم کو بتاؤں وہ کچھ جو تمہارے پروردگار نے تم پر حرام کیا ہے۔

منہزم گردند بعضے زیں ندا ‏ ہست ہر اسپے طویلہ او جدا

بعضے بھاگ اٹھے سنی جب یہ صدا ‏ تھان ہے ہر ایک گھوڑے کا جدا

منقبض گردند بعضے زیں قصص ‏ زانکہ ہر مرغے جدا دارد قفس

قبض ان قصوں سے بعضوں کو ہوا ‏ ہے قفس ہر اک پرندے کا جدا

خود ملائک نیز ناہمتا بدند ‏ زیں سبب بر آسماں صف صف شدند

خود ملک اک دوسرے سے ہیں جدا ‏ اس لئے ہیں ہر فلک پر جا بجا

کودکاں گرچہ بیک مکتب درند ‏ در سبق ہر یک ز یک بالاترند

اک ہے مقصد بچوں کی تعلیم کا ‏ وہ سبق میں ہیں مگر کم اور سوا

مشرقی و مغربی را حسہاست ‏ منصب دیدار حس چشم راست

مشرقی و مغربی میں ہیں حواس ‏ منصب دیدار ہے آنکھوں کے پاس

صد ہزاراں گوشہا گر صف زنند ‏ جملہ محتاجان چشم روشنند

کان گو لاکھوں صفیں قائم کریں ‏ سب کے سب محتاج آنکھوں کے رہیں

باز صف گوشہا را منصبی ‏ در سماع جان و اخبار نبی

کانوں کی صف کا ہے اک منصب جدا ‏ سنتے ہیں روح و پیمبر کی صدا

صد ہزاراں چشم را آن راہ نیست ‏ ہیچ چشمے از سماع آگاہ نیست

کانوں میں آنکھوں کو لیکن دخل کیا ‏ آنکھ کیونکر ہو سماعت آشنا

ہمچنیں از حس یکایک می شمر ‏ ہر یکے معزول از کار دگر

اس طرح ایک ایک حس کو دیکھ لے ‏ ہے ہر اک بیکار کار غیر سے

پنج حس ظاہر و پنج اندروں ‏ در صفند اندر قیام الصافون

پانچ ظاہر پانچ باطن کی حسیں ‏ اپنی اپنی سب نے قائم کیں صفیں

ہر کسے کو از صف دیں سرکش است ‏ میرود سوے صفے کاں ناخوش است

دین کی صف سے جو سرکش ہے بنا ‏ وہ بڑھی اک دوسری صف میں گیا

تو ز گفتارِ تعالوا کم مکن / کیمیائے بس شگرفست این سخن

پس تعالوا کی نہ کر کم تو صدا / یہ سخن ہے اک نرالی کیمیا

گر مسے گردد ز گفتارت نفیر / کیمیا را ہیچ از وے وا مگیر

اس صدا سے مس کرے نفرت اگر / کیمیا کو تو الگ اس سے نہ کر

این زمان گر بست نفسِ کافرش / گفتِ تو سودش دہد در آخرش

نفس کافر اس کا کج ہے اس گھڑی / کام آخر آئیں گی باتیں تری

قُل تعالوا قُل تعالوا اے غلام[1] / ہیں کہ اِنّ اللہ یدعو بالسّلام

قل تعالوا، قل تعالوا اے غلام / حق بُلاتا ہے سوئے دار السّلام

خواجہ باز آ از منی و از سری / سروری جو کم طلب کن سروری

خواجہ اس خبطِ خودی سے باز آ / تا تجھے حق سے سروری بخوشت ملا

رسولِ مقبول[1] پر اعتراض

چون پیمبر[2] سروری کرد از ہذیل[3] / از برائے لشکرِ منصور خیل

جب پیمبر نے ہذیلی کو کیا / میر اس فوجِ ظفر تقدیر کا

بوالفضولے از حسد طاقت نداشت / اعتراضِ لانسلّم بر فراشت

ایک حاسد کو حسد پیدا ہوا / اعتراض اس بات پر کرنے لگا

خلق را بنگر کہ چون ظلمانیند / در متاعِ فانیے چون فانیند

اہل دنیا ہیں اندھیرے میں فنا / مال فانی پر یہ ہوتے ہیں فنا

از تکبر جملہ اندر تفرقہ / مُردہ از جان زندہ اندر مخرقہ

تفرقے میں ہیں تکبر سے پڑے / سو رہیں زندہ ہیں مردہ جان سے

۱ غلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُن تین مخصوص ناموں میں سے ایک ہے جو خدا کو بہت پسند تھے۔ یعنی اُمّی۔ یتیم اور غلام +

ای عجب کہ جاں بزنداں اندر ست — وآنگہے مفتاح زندانش بدست

ہے یہ حیرت قید میں ہے ان کی جاں — ہات میں محبس کی لی ہیں کنجیاں

پائے تا سر غرق سرگیں آں جواں — میزند بر دامنش جوئے رواں

غرق ہے گوبر میں سرتاپا جواں — بہتی ہے دامن پہ اک نہر رواں

داغ کا پہلو بہ پہلو بیقرار — پہلوئے آرامگاہ پشت وار

ہے ہمیشہ مضطرب اور بے قرار — گو کہ پہلو ہی میں ہے جائے قرار

نور پنہانست و جست و جو گواہ — کز گزافہ دل نجوید پناہ

نور پنہاں جستجو اس کی گواہ — دل نہیں غفلت سے جو پائے پناہ

گر نبودے حابس دنیا را مناص — نے بُدے وحشت نہ دل جُستے خلاص

ہو نہ آزادیؔ قید دہر اگر — ہو نہ وحشت اور نہ دل ڈھونڈے مفر

وحشتت ہمچوں موکل می کشد — کہ بجو اے ضال منہاج رشد

ہوں موکل کھینچتی ہیں وحشتیں — ڈھونڈ اے گمراہ راہیں رشد ہیں

ہست منہاج نہاں در مکمنت — یافتنش رہن گزافہ جستنت

ذات میں تیری ہے یہ رستہ نہاں — ہے غلط جوئی سے غائب بیگماں

تفرقہ جویائے جمع اندر کمیں — تو دریں طالب رخ مطلوب بیں

جمع کا[ل] ہے تفرقہ جویا نہاں — دیکھ طالب میں رخ مطلوب ہاں

مردگان باغ برجستہ ز بن — زندگی بخشندہ را تو فہم کن

جڑ سے پھر نکلے جو گلشن میں مرے — بخشی جس نے جاں سمجھ تو بھی اُسے

چشم ایں زندانیاں ہردم بدر — کے بُدے گر نیستی کس مژدہ ور

قیدیوں کی آنکھیں کیوں رہتیں لگی — مژدہ گر ان کو نہ دے دیتا کوئی

[ل] یعنی کثرت و وحدت (جو جمع ہیں) میں تفرقہ کرنے والا گھات میں لگا ہوا ہے۔

صد ہزار آلودگان آب جو ‏ ‏ کے بدندے گر نبودے آب جو

لاکھوں کیوں پانی کو آخر ڈھونڈتے ‏ ‏ گر نہ ہوتیں ندیاں سن غور سے

بر زمیں پہلوت را آرام نیست ‏ ‏ زانکہ در خانہ لحاف و بستریست

خاک پر پہلو کو ہو آرام کیا ‏ ‏ کیونکہ گھر میں ہے لحاف اور بسترا

بے مقر گاہے نباشد بیقرار ‏ ‏ بے خمار اشکن نباشد ایں خمار

جو ہو بے گھر کب ہوا وہ بے قرار ‏ ‏ بے[۱] خمار اشکن ہو کب ایسا خمار

گفت نے نے یا رسول اللہ مکن ‏ ‏ سرور لشکر مگر شیخ کہن

بولا[۲] ہاں ہاں یا نبیؐ ہے قیل و قال ‏ ‏ سرور لشکر بنے اک کہنہ سال

یا رسول اللہ جواں ار شیر زاد ‏ ‏ غیر مرد پیر سر لشکر مباد

یا رسول اللہ جواں گر شیر ہو ‏ ‏ کب ہے موزوں سروری فوج کو

ہم تو گفتی ایں و گفت تو گوا ‏ ‏ پیر باید پیر باید پیشوا

آپ کا قول آپ نے ہے خود کہا ‏ ‏ پیر ہونا چاہیئے اک پیشوا

یا رسول اللہ دریں لشکر نگر ‏ ‏ ہست چندیں پیر از وے بیشتر

یا رسول اللہ لشکر پر نظر ‏ ‏ ہیں بہت سے بوڑھے اس سے خوبتر

زیں درخت آں برگ زردش را ببیں ‏ ‏ سیبہائے پختہ او را بچیں

برگ زرد اس پیڑ کے کیوں دیکھئے ‏ ‏ سیب پختہ بھی تو ہیں ان میں لگے

برگہائے زرد او خود کے تہی ست ‏ ‏ ایں نشان پختگی و کاملیست

زرد پتے بھی نہیں ان سے تہی ‏ ‏ ہیں نشان پختگی و کاملی

[۱] ایسا خمار جبھی ہوتا ہے جب خمار شکن موجود ہو۔ یعنی جب زمین کی سختی سے بچانے والا لحاف اور بستر گھر میں پڑا ہو۔ تو زمین پر کیونکر نیند آسکے۔

[۲] یعنی وہ اعتراض کرنے والا بولا۔

برگِ زردِ ریش وآں موئے سپید ‏ ‏ بہرِ عقلِ پختہ می آرد نوید
برگِ زردِ ریش اور موئے سپید ‏ ‏ عقلِ پختہ کو ہیں دیتے اک نوید

برگہائے نو رسیدہ سبز فام ‏ ‏ شد نشانِ آنکہ ایں میوہ است خام
جب نئے پتّے ہوں اور ہوں سبز فام ‏ ‏ ہیں نشاں اس کا ابھی میوہ ہے خام

برگ بے برگی نشانِ عارفیست ‏ ‏ زردیِ زرِ سرخ روئے صیرفیست
برگ بے برگی ہے عارف کا نشاں ‏ ‏ زردیِ زر عزّتِ صراف ہاں

آنکہ او گل عارضست و نو خط[1] است ‏ ‏ او بمکتب گاہ مخبر نو خط است
جس کے عارض پھول خط[1] کی ابتدا ‏ ‏ مدرسے میں ہے اسی کا خط[2] نیا

حرفہائے خطِ او کژ مژ بود ‏ ‏ مزمن عقلست اگر تن میدود
ٹیڑھے سیدھے حرف ہونگے بیگماں ‏ ‏ عقل ساکن ہے اگر ہے تن دواں

پائے پیر از سرعت ارچہ باز ماند ‏ ‏ یافت عقل او دو پر بر اوج راند
پیر گو معذور سرعت سے ہے مگر ‏ ‏ عقل اس کی اڑ رہی ہے اوج پر

گر مثل خواہی بجعفر درنگر ‏ ‏ داد حق بر جائے دست و پاش پر
جعفر طیّار ہی پر غور کر ‏ ‏ جائے دست و پا دیے خالق نے پر

گر ز اسرارِ سخن بوئے بری ‏ ‏ ایں سخن گویم چو زرِ جعفری[3]
بو جو اسرارِ سخن کی سے لے اخی ‏ ‏ یہ سخن ہے مثلِ زرِ جعفری

بگذر از زر کایں سخن شد محتجب ‏ ‏ ہمچو سیماب ایں دلم شد مضطرب
چھوڑ زر کو ہے نہاں یہ بات یار ‏ ‏ صورتِ سیماب دل ہے بیقرار

زاندرونم صد خموشی خوش نفس ‏ ‏ دست بر لب مینہد یعنی کہ بس
جوش زن ہیں دل میں جو خاموشیاں ‏ ‏ ہاتھ رکھ کر بند کرتی ہیں زباں

لہ پہلا خط خطِ رخسار کے معنوں میں ہے۔ اور دوسرا خط خطِ تحریر کے معنوں میں +
سلہ نیا + سلہ زرِ خالص +

خامشی بحر است و گفتن همچو جو　　بحر می جوید ترا جو را مجو
بحر خاموشی ہے ندّی گفتگو　　بحر کو ڈھونڈتا ہے تری چھوڑ آ بجو

از اشارتہائے دریا سر متاب　　ختم کن واللّٰہ اعلم بالصّواب
کر نہ موج بحر سے تو اجتناب　　ختم کر، واللّٰہ اعلم بالصّواب

ہمچنیں پیوستہ کرد آں بے ادب　　پیش پیغمبر سخن زاں سر و لب
اس طرح وہ بے ادب کہتا رہا　　پیش پیغمبر جو اس کا منہ کھلا

دست بیداد ش سخن او بیخبر　　کہ خبر ہرزہ بود پیش نظر
باتیں وہ کرتا تھا لیکن بے خبر　　ہے خبر بیہودگی پیش نظر

آں خبرہا از نظر خود نائب است　　بہر حاضر نیست بہر غائب است
ہوتی ہے نائب نظر کی خود خبر　　ہے خبر غائب کو، حاضر کو نظر

ہر کہ او اندر نظر موصول شد　　ایں خبرہا پیش او معزول شد
جو نظر کے کیف سے سرشار ہے　　پھر خبر اس کے لئے بیکار ہے

چونکہ با معشوق گشتی ہمنشیں　　دفع کن دلالہ کاں را بعد ازیں
جبکہ تو معشوق کا ہے ہمنشیں　　حاجت دلّالہ پھر تجھ کو نہیں

ہر کہ از طفلی گذشت و مرد شد　　نامہ و دلّالہ بر وے سرد شد
جو لڑکپن سے گذر کر مرد ہو　　نامہ اور دلّالہ اس پر سرد ہو

نامہ خواند از پئے تعلیم را　　حرف گوید از پئے تفہیم را
نامہ ہے تعلیم ہی کے واسطے　　بات ہے تفہیم ہی کے واسطے

پیش بینایاں خبر گفتن خطاست　　کاں دلیل غفلت و نقصان ماست
پس ہے بینا کو خبر دینا خطا　　اس میں ہے نقصان و غفلت برملا

پیش بینا شد خموشی نفع تو　　بہر ایں آمد خطاب انصتوا[1]
پیش بینا ہے خموشی آبرو　　اس لئے آیا ندا ہے انصتوا[1]

[1] قوله تعالیٰ جل جلاله و عم نواله واذا قری القرآن فاستمعوا له وانصتوا ۔ یعنی جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو سنو اور خاموش رہو۔

گر بفرماید بگو برگوئے خوش ‏ ‏ ‏ ‏ لیک اندک گو دراز اندر مکش

گر وہ فرمائے تو کچھ کہہ شوق سے ‏ ‏ ‏ ‏ وہ بھی کم، ہرگز نہ اس کو طول دے

ور بفرماید کہ اندر کش دراز ‏ ‏ ‏ ‏ ہمچناں شیریں بگو با امر ساز

طول دے باتوں کو فرمائے اگر ‏ ‏ ‏ ‏ خوب کہہ اور حکم کی تعمیل کر

ہمچنانکہ من دریں زیبا فنوں ‏ ‏ ‏ ‏ با ضیاء الحق حسام الدین کنوں

جس طرح اس مثنوی کے سلسلے ‏ ‏ ‏ ‏ ہیں ضیاء الحق حسام الدینؒ سے

چونکہ کوتہ می کنم بعد از رشد ‏ ‏ ‏ ‏ او بقصد لو نعم بگفتن میکشد

مختصر کرتا ہوں میں بعد دعا ‏ ‏ ‏ ‏ وہ یہ کہتے ہیں اسے آگے بڑھا

اے حسام الدین ضیائے ذو الجلال ‏ ‏ ‏ ‏ چونکہ می بینی چہ میجوئی مقال

اے حسام الدینؒ نور ذو الجلال ‏ ‏ ‏ ‏ دیکھتے ہو پھر ہے کیوں فکر مقال

ایں مگر باشد ز حب مشتہے ‏ ‏ ‏ ‏ اسقنی خمراً و قل لی انہا[1]

ہے مگر شاید طلب کی یہ ولا ‏ ‏ ‏ ‏ مے پلا اور کہہ دے ہے برملا

بر دہان تست ایندم جام ہو ‏ ‏ ‏ ‏ گوش میگوید کہ قسم گوش کو

اب تمہارے ہونٹ پر ہے جام ہُو ‏ ‏ ‏ ‏ کان کو حصے کی اپنے جستجو

قسم تو گرمیست نک گرمیت ہست ‏ ‏ ‏ ‏ گفت حرص من ازیں افزونتر ست

گرمی مے تھی مقدر مل گئی ‏ ‏ ‏ ‏ بولے حرص افزوں ہے میری اس سے بھی

معترض کو آنحضرتؐ کا جواب

در حضور مصطفائے قند خو ‏ ‏ ‏ ‏ چوں ز حد برد آں عرب از گفتگو

مصطفائے قند خو کے روبرو ‏ ‏ ‏ ‏ جب بڑھی حد سے عرب کی گفتگو

[1] عربی شاعر ابو نواس کے اس شعر کی طرف اشارہ ہے کہ ؎ الا اسقنی خمراً و قل لی ہی الخمر ‏ ولا تسقنی سراً اذا امکن الجہر ۔ یعنی مجھے شراب پلا اور مجھ سے کہدے کہ یہ شراب ہے اور چھپا کے مت پلا ۔ جب تک کہ اعلان ممکن ہو۔

آن شہ والنجم و سلطان عبس[۱] | لب گزید آن پس کہ دل را گفت بس

وہ شہِ والنجم، سلطانِ عبس | کاٹ کر لب، پھر لب سے بولے۔ بس

دست می زد بہر منعش بر دہاں | چند گوئی پیش دانائے نہاں

ہاتھ رکھ کر منہ پہ فرمایا کہ ہاں | کیوں ہے بک بک پیش دانائے نہاں

پیش بینا بردہ سرگین خشک | کہ بخر این را بجائے نافۂ مشک

پیش بینا ٹکڑا گوبر خشک کا | لاکے بولا لو یہ نافہ مشک کا

بعر را اے گندہ مغز گندہ مخ | زیر بینی بنہی و گوئی کہ اخ

اونٹ کا گوبر لگا کر ناک پر | سونگھتا ہے اور خوش ہے سر بسر

اخ اخے برداشتی اے گیج کاج | تا کہ کالائے بدت یابد رواج

ہے تری تحسین اے احول یہ آج | تا ترا سامان بد پائے رواج

تا کہ بفریبی مشام پاک را | آن چرندہ گلشن افلاک را

تا کہ دھوکا دے دماغ پاک کو | یعنی مرغ گلشن افلاک کو

حلم او خود را اگرچہ گول ساخت | خویشتن را اندکے باید شناخت

حلم نے گو اس کے کی بیگانگی | اپنی ہے پہچان لیکن لازمی

دیگ را گر باز ماند شب دہن | گربہ را ہم شرم باید داشتن

دیگ کا گر منہ رہے شب کو کھلا | چاہیئے بلی کو بھی کچھ تو حیا

خویشتن گر خفتہ کرد آن خوب فر | سخت بیدار است دستارش مبر

خود کو گر سوتا لیا اس نے بنا | لے نہ پگڑی اس کی وہ ہے جاگتا

چند گوئی اے لجوج بے صفا | این فسون دیو پیش مصطفیٰ ؑ

جنگجو ہے بے صفا کب تک سنے | سحر شیطاں مصطفیٰ ؑ کے سامنے

۱؎ والنجم اور عبس و تولیٰ دونوں قرآن مجید کی دو مقدس سورتیں ہیں۔

صد ہزاراں حلم دارند ایں گروہ
ہر یکے حلمے از آنہا صد چو کوہ

حلم رکھتے ہیں ہزاروں انبیا
ایک اک حلم اُن کا سَو سَو کوہ سا

حلمِ شاں بیدار را ابلہ کند
زیرک صد چشم را گُمرہ کند

حلم اُن کا ہوش ہشیاروں کے لے
عاقلِ صد چشم کو گُمرہ کرے

حلمِ شاں ہمچوں شرابِ خوب و نغز
نغز نغزک بر رود بالائے مغز

حلم اُن کا ہے شرابِ خوب و نغز
جلدی جلدی چڑھتی ہے بالائے مغز

مست را بیں زاں شرابِ پُر شگفت
ہمچو فرزیں مست کژ رفتن گرفت

دیکھ حالت اُس کے مستِ کیف کی
مثلِ[1] فرزیں مستیوں سے کجروی

مردِ برنا زاں شرابِ زُود گیر
در میانِ راہ می اُفتد چو پیر

جب جواں پیتے ہیں جامِ زود گیر[2]
گرتے ہیں وہ راستے میں مثلِ پیر

خاصہ آں بادہ کہ از خُمہائے ہُست
نے مئے کہ مستئ او یک شبی ست

خاص کر وہ بادہ خُمہائے بلیٰ
وہ نہیں جس میں ہو مستی یک شبی

آنکہ آں اصحابِ کہف از نقلِ نقل
سیصد و نُہ سال گُم کردند عقل

جب سے وہ اصحابِ کہف از روئے نقل[3]
تین سو نو سال تک کھولے تھے عقل

زاں زنانِ مصر جامے خوردہ اند
دستہا را شرحہ شرحہ کردہ اند

پی کے وہ بادہ زنانِ مصر نے
ہاتھ اپنے ٹکڑے ٹکڑے کر لئے

ساحراں ہم سُکرِ موسیٰ داشتند
دار را دلدار می پنداشتند

ساحروں کو بھی تھا موسیٰ کا خمار
دار کو دلدار کرتے تھے شمار

جعفرِ طیار زاں مے بُود مست
زاں گرو میکرد بیخود پا و دست

جعفرِ طیارؓ تھے اُس مے سے مست
اس لئے کٹوا لئے اپنے پا و دست

[1] یعنی جس طرح بساطِ شطرنج پر فرزیں ٹیڑھا چلتا ہے +
[2] فوراً دبوچ لینے والا + [3] روایت +

حضرت بایزیدؒ اور اُن کے مرید

با مریداں آں فقیرِ محتشم — بایزیدؒ آمد کہ یزداں نک منم

بایزیدؒ آئے مریدوں سے کہا — اے مریدو! میں تمہارا ہوں خدا

گفت مستانہ عیاں آں ذوفنون — لا الٰہ الّا انا ہا فاعبدون

اور کہا مستانہ اے لوگو سنو — میں خدا ہوں تم مری پوجا کرو

چوں گذشت آں حال گفتندش صباح — تو چنیں گفتی و ایں نبود صلاح

ختم جب حالت ہوئی وقتِ صباح — لوگ بولے تھا یہ کہنا بے صلاح

گفت ایں بار ار کنم ایں مشغلہ — کاردہا در من زنید آندم ہلہ

بولے اب کی بار ہو ایسا اگر — مارنا چھریاں مرے تم بے خطر

حق منزہ از تن و من با تنم — چوں چنیں گویم ببایدکشتنم

حق بری ہے جسم سے، با تن ہوں میں — یوں کہوں تو قابلِ کشتن ہوں میں

چوں وصیّت کرد آں آزاد مرد — ہر مریدے کاردے آمادہ کرد

جب وصیّت آپ نے یہ اُن سے کی — ہو گئے آمادہ سب لے کر چھری

مست گشت او باز از آں سغراقِ زفت — آں وصیّتہاش از خاطر برفت

مست وہ پھر ہو گئے اس جام سے — جو وصیّت کی تھی اب بھولے اُسے

عشق آمد عقلِ او آوارہ شد — صبح آمد شمعِ او بیچارہ شد

عشق آیا عقل آوارہ ہوئی — صبح آئی شمع ناکارہ ہوئی

عقل چوں شحنہ است چوں سلطاں رسید — شحنۂ بیچارہ در کنجے خزید

عقل شحنہ تھی جو سلطاں آ گیا — شحنہ اک کونے میں جا کر چھپ رہا

عقل سایۂ حق بود حق آفتاب — سایہ را با آفتاب او چہ تاب

عقل سایہ حق کا حق ہے آفتاب — سایے کو سورج سے کیا یارائے تاب

چوں پری غالب شود بر آدمی | گم شود از مرد وصف مردمی
آدمی پر جبکہ غالب ہو پری | اُس سے گم ہو جائے وصف مردمی

ہر چہ گو ید او پری گفتہ بود | زیں سرے نہ زاں سرے گفتہ بود
جو کہے وہ ۔ تو پری کا ہو کہا | پھر اُدھر کی ہو ۔ اُدھر کی بات کہا

چوں پری را ایں دم و قانوں بود | کردگار آں پری خود چوں بود
جب پری کا ہو یہ زور و اقتدار | کیسا ہو گا اُس پری کا کردگار

اوی او رفتہ پری خود او شدہ | تُرک بے الہام تازی گو شدہ
وہ کہاں وہ تو پری خود ہو گیا | تُرک بے الہام عربی گو بنا

چوں بخود آید نداند یک لغت | چوں پری را ہست ایں ذات و صفت
آپ میں آئے نہ جانے اک لغت | کام یہ سب ہے پری کا اور صفت

پس خداوند پری و آدمی | از پری کے باشدش آخر کمی
پس وہ معبود پری و آدمی | کس طرح کم ہو پری سے اے صفی

شیر گیر از شیر کے ترسد بگو | شرح راہ از کور کہ پرسد بگو
شیر سے کب شیر گیر آخر ڈرا | اندھے سے کب پوچھتے ہیں راستا

شیر گیر از خونِ نرّہ شیر خورد | تو بگوئی او نکرد آں بادہ کرد
مست ہو جب خونِ نرّہ کا پیا | تو کہے یہ کام [illegible] نے کیا

ور سخن پردازد از رازِ کہن | تو بگوئی بادہ گفتست ایں سخن
اور جب کھولے وہ اسرار کہن | تو کہے یہ سب ہیں مستی کے سخن

بادۂ را مے بود ایں شر و شور | نور حق را نیست ایں فرہنگ و زور
ہوتا ہے مے سے ہی فقط یہ شور و شر | نور حق میں کیا نہیں یہ کرّ و فر

له شیر مست سے مراد ہے ۔

کہ ترا از تو بکل خالی کنند | تو شوی پست او سخن عالی کند
بس تجھی سے وہ تجھے خالی کرے | پست باتوں کو تری عالی کرے

گرچہ قرآں از لب پیغمبرست | ہر کہ گوید حق نگفت او کافرست
گرچہ قرآں قول پیغمبر ہوا | جو نہ مانے قول حق کا فر ہوا

چوں ہمائے بیخودی پرواز کرد | آں سخن را بایزید آغاز کرد
اُڑ گیا جب وہم ہمائے بیخودی | پھر وہی بات آپ نے آغاز کی

عقل را سیل تحیر در ربود | زاں قوی تر گفت کاول گفتہ بود
عقل کو سیلاب حیرت لے گیا | جو کہا تھا اُس سے کچھ بڑھ کر کہا

نیست اندر جبہ ام الا خدا | چند جوئی در زمین و در سما
کچھ نہیں جبے میں میرے جز خدا | تو زمین و آسماں میں ڈھونڈے کیا

آں مریداں جملہ دیوانہ شدند | کاردہا در جسم پاکش میزدند
اُن مریدوں میں بڑھی دیوانگی | مارتے تھے جسم اقدس پر چھری

ہر یکے چوں ملحداں گرد کوہ | کارد میزد پیر خود را بے ستوہ
ہاں مثال ملحدان گردکوہ | مارتا تھا اُن کے چھریاں وہ گروہ

ہر کہ اندر شیخ تیغے میخلید | باز گونہ او تن خود می درید
شیخ کو تھا جو بھی چھریاں مارتا | خون وہ کرتا تھا اپنے جسم کا

یک اثر نے بر تن آں ذوفنوں | واں مریداں خستہ و غرقاب خوں
کچھ اثر تن پر نہ تھا شیخ بایزید کا | خستہ و غرقاب خوں تھے سب مرید

ہر کہ او سوئے گلویش زخم برد | حلق او ببریدہ دید و زار مرد
زخم جس نے اُن کی گردن پہ دیا | حلق خود اُس کا کٹا وہ مر گیا

(حاشیہ: بیخودی شیخ کا اثر)

لہ گردکوہ مازندران میں ایک پہاڑ ہے۔ جہاں امام فخرالدین رح رازی کے زمانے میں ملحد رہتے تھے

وانکه او را زخم اندر سینه زد — سینه اش بشگافت شد مرده ابد

اور جس نے سینے کو زخمی کیا — مر گیا وہ اُس کا سینہ پھٹ گیا

وانکه آگه بود از صاحبقران — دل نهادش که نزد زخم گران

جو آگاہ تھا واقف صاحبقران — وہ لگاتا ہی نہ تھا زخم گراں

نیم دانش دست او را بسته کرد — جان ببرد الا که خود را خسته کرد

ہاتھ اُس کے نیم عقلی سے بندھے — ہو گیا زخمی بچا وہ جان سے

روز گشته آن مریدان کاسته — نوحه‌ها از خانه شان برخاسته

صبحدم جو ہوئے کشتہ مریدوں میں مرے — ان کے گھر میں نوحہ سب کرنے لگے

پیش او آمد هزاران مرد و زن — کای دو عالم درج در یک پیرهن

اس کے پاس آئے ہزاروں مرد و زن — اور کہا اے دو جہاں در پیرہن

این تن تو گر تن مردم بدی — چون تن مردم ز خنجر گم شدی

یہ بدن ہوتا ترا تن مردم اگر — مثل تن خنجر سے ہوتا منتشر

باخودی با بیخودی دوچار زد — بیخودی اندر دیده خود خار زد

جب ہوا بیخودی سے اک باخود دوچار — آنکھ میں بیخود نے مارا اپنی خار

ای زده بر بیخودان تو ذوالفقار — بر تن خود میزنی آن هوشدار

بےخودوں پر جب تو مارے ذوالفقار — اپنے تن پر مارے گویا ہوشیار

زانکه بیخود فانی است و آمن است — تا ابد در ایمنی او ساکن است

کیونکہ بے خود فانی ہیں اور امن میں — اور ہمیشہ کے لئے ایمن رہیں

نقش او فانی و او شد آینه — غیر نقش روی غیر آنجای نه

نقش فانی اور وہ آئینہ ہوا — نقش روئے غیر ہی واں رہ گیا

گر کنی تف سوی روی خود کنی — ور زنی بر آینه بر خود زنی

تف کرے تو اپنے چہرے پر کرے — مارے آئینے پہ خود تجھ پہ پڑے

در بہ بینی روئے زشت آنہم توئی	ور بہ بینی عیسیٰ و مریم توئی
روئے بد دیکھے۔ سب بیش و کم تو ہی	اور جو دیکھے عیسیٰ مریم۔ تو ہی
او نہ اینست و نہ آں او سادہ است	نقش تو در پیش تو بنہادہ است
وہ نہ یہ ہے اور نہ وہ ہے دیکھ لے	نقش ہے تیرا ہی تیرے سامنے
چوں رسید اینجا سخن لب در ببست	چوں رسید اینجا قلم در ہم شکست
بات جب پہنچی یہاں لب بند تھے	جب قلم پہنچا یہاں ٹکڑے ہوئے
لب ببند ارچہ فصاحت دست داد	دم مزن واللہ اعلم بالرشاد
چپ بھی رہ گو ہے فصاحت میں کشاد	دم نہ مار۔ اللہ اعلم بالرشاد
بر کنار بامی اے مست مدام	پست بنشیں یا فرود آ والسلام
ہے کنارِ بام تو مستِ شراب	بیٹھ ہٹ کر یا اتر نیچے شتاب
ہر زمانے کہ شوی تو کامراں	آں دمِ خوش را کنارِ بام داں
جب کبھی جس وقت تو ہو کامراں	اس زمانے کو کنارِ بام جان
بر زمانِ خوش ہراساں باش تو	ہمچو گنجش خفیہ کن نے فاش تو
جب خوشی کا وقت آئے اس سے ڈر	مثلِ گنج اس کو چھپا ظاہر نہ کر
تا نیاید بر تو ناگہ بلا	ترس ترساں رو در آں مکمن ہلا
تا نہ آئے قرب پر تیرے بلا	ڈرتے ڈرتے چل تو گر یہ راستا
ترس جاں در وقت شادی از زوال	زاں کنارِ بام غیب است ارتحال
ڈر خوشی کے وقت غم اور رنج کا	اس کنارِ بام سے ہے تو فنا
گر نمی بینی کنارِ بامِ راز	روح می بیند کہ ہستش اہتزاز[۱]
گر نہ دیکھے تو کنارِ بام راز	روح کو ہے دیکھتی ہے اہتزاز
ہر نکالے ناگہاں کاں آمدست	بر کنارِ کنگرہ شادی نشست
جو مصیبت ناگہاں آئے کبھی	جان لے ہمراہ اس کے ہے خوشی

۱؎ جنبش +

جز کنارہ بام خود و نبود سقوط | اعتبار قوم نوح ؑ و قوم لوط ؑ

تو کنارہ بام ہی سے بس گرے | قوم نوح ؑ و لوط ؑ سے عبرت تو لے

اعتبارے گیر تا یابی صفا | از درون انبیا ؑ و اولیا ؒ

ہاں تو عبرت سے کر حاصل ہو صفا | انبیاء و اولیاء سے اے فتا

آنحضرت ؐ کے سامنے معترض کی فضول گوئی کا سبب

پرتو مستی است این از نبی ؐ | چون بزد ہم مست خوش گشت آن غبی

پرتو باطن نبی ؐ کے فیض کا | جب پڑا تو مست وہ بھی ہو گیا

لاجرم بسیار گو شد از نشاط | مست با ادب بگذاشت آورد انبساط

وہ خوشی سے ہو گیا بسیار گو | بھول بیٹھا ضبط میں آداب کو

نے ہمہ جا بیخودی شر میکند | بے ادب را بے ادب تر میکند

بیخودی ہی سے ہر اک جا شر کرے | بے ادب کو بے ادب تر وہ کرے

گر بود عاقل نکو فری شود | ور بود بد خوے بدتری شود

ہو اگر عاقل نکو فر ہو سوا | ہو اگر بد تر تو بد تر ہو سوا

لیک لیک آید لباب آنکہ اس او | ور غبی کم گردد انبساس او

ہوتا ہے عاقل پہ الفت کا کرم | اور غبی سے ہے انس ہو جاتا ہے کم

بیخود از مئے با ادب گردد کام | با خود از مئے بے ادب گردد مدام

بیخودی سے بے خود باادب ہو لا کلام | ہے خودی سے باخود بے ادب ہو گا مدام

لیک اغلب چون بدند و ناپسند | بر ہمہ مے را محرم کردہ اند

لیکن اکثر اس سے ہوتے ہیں خراب | ہے حرام اس واسطے سب پر شراب

لہ نہایت ؎

حکم غالب راست چوں اغلب بدند　　تیغ را از دستِ رہزن بستدند
حکم غالب پر ہے بد غالب جو تھے　　تیغ چھینی راہزن کے ہاتھ سے

آنحضرت صلعم کا سبب بیان فرمانا

گفت پیغمبر صلعم کہ اے ظاہر نگر　　تو مبیں او را جوان و بے ہنر
بولے پیغمبر صلعم کہ اے ظاہر نگر　　تو نہ دیکھ اس کو جواں اور بے ہنر
اے بسا ریشِ سیاہ و مردِ پیر　　اے بسا ریشِ سفید و دل چو قیر
کالی ڈاڑھی والے اکثر پیر رہ　　اجلی ڈاڑھی والے اکثر دل سیہ
عقل او را آزمودم بارہا　　کرد پیری آں جواں در کارہا
عقل اس کی آزمائی بارہا　　کی ہے پیری اس جواں نے برملا
پیر پیرِ عقل باشد اے پسر　　نے سفیدی موئے اندر ریش و سر
پیر پیرِ عقل ہوتا ہے پسر　　وہ نہیں ہوں جس کے اجلے ریش و سر
از ابلیس او پیر تر خود کے بود　　چونکہ عقلش نیست او لاشے بود
ہو وہ کب ابلیس سے بوڑھا سوا　　چونکہ عقل اس میں نہیں لاشے ہوا
طفل گیرش چوں بود صاحب کمال　　پیر باشد در ہنر آں خوش خصال
جان لڑکا جب وہ ہے صاحب کمال　　پیر از روئے ہنر ہے خوش خصال
طفل گیرش چوں بود عیسیٰ نفس　　پاک باشد از غرور و از ہوس
جان لڑکا جب وہ ہے عیسیٰ نفس　　کچھ نہ پاؤ اس میں تکبر اور ہوس
آں سپیدی مو دلیل پختگی است　　پیش چشم بستہ کش کوتہ نگریست
ہیں دلیل پختگی یہ اجلے بال　　آگے اندھے کے جو ہے کوتہ خیال
آں مقلد چوں نداند جز دلیل　　در علامت جوید او دائم سبیل
وہ مقلد جب نہ جانے جز دلیل　　ڈھونڈتا ہے بس علامت میں سبیل

بہر آں گفتست کایں تدبیر را | چوں کہ خواہی کرد بگزیں پیر را
یوں کہا تھا حضرت تدبیر کو | ڈھونڈنا لازم ہے ہر دو پیر کو
لیک پیرِ عقل نے پیرِ سن | می ندانی ممتحن[1] از ممتحن[2]
وہ بھی پیرِ عقل نے پیرِ سن | تو نہ جانے ممتحن[1] اور ممتحن[2]
آنکہ او از پردۂ تقلید جست | او بنورِ حق ببیند ہر چہ ہست
پردۂ تقلید سے نکلا ہے جو | نورِ حق سے دیکھے وہ ہر چیز کو
نورِ پاکش بے دلیل و بے بیاں | پوست بشگافد درآید درمیاں
نور اُس کا بے دلیل و بے بیاں | کھولے ہے سب راز پڑ کر درمیاں
پیشِ ظاہر بیں چہ قلب و چہ سرہ | او چہ داند چیست اندر قوصرہ
چشمِ ظاہر بیں سے کیا کھوٹا کھرا | وہ نہ جانے تھیلی کے اندر ہے کیا
اے بسا زرِ سیہ کردہ بدود | تا رہد از دستِ ہر دزدِ حسود
کرتے ہیں آتش دھوئیں سے زر سیاہ | چور سر ڈالیں نہ تا اس کو تباہ
اے بسا مسّ اندودہ بزر | تا فروشد آں بعقلِ مختصر
اور چڑھا کر سونا آتش تانبے پر | بیچتے ہیں تا کہ لے لیں کم نظر
ما کہ باطن بینِ جملہ کشوریم | دل ببینیم و بظاہر ننگریم
ہم ہیں ہر کشور کا باطن دیکھتے | چھوڑ ظاہر دل ہیں لیکن دیکھتے
قاضیانے کہ بظاہر می تنند | حکم بر اشکالِ ظاہر می کنند
قاضیوں کا جیسے ظاہر پر مدار | شکل ظاہر پر ہے حکم و اختیار
چوں شہادت گفت و ایمانش نمود | حکمِ او مومن کنند ایں قوم زود
پڑھ کے کلمہ ظاہر ایماں جب کیا | حکم مومن کا دیا اُس پر لگا

[1] جس کا امتحان کیا جائے +
[2] امتحان لینے والا +

پس منافق کاندرین ظاهر گریخت | خون صد مومن به پنهانی بریخت

اس لئے پردے میں منافق آ چھپا | خون سو مومن چھپ چھپ کر لیا

جهد کن تا پیر عقل و دین شوی | تا چو عقل کل تو باطن بین شوی

سعی کر تا پیر عقل و دیں ہو تو | مثل عقل کل کے باطن بیں ہو تو

از عدم چون عقل زیبا رو نمود | خلعتش داد و هزار اسما فزود

جب عدم سے عقل یہ پیدا ہوئی | خلعتیں دیں حق نے عزت اسکی کی

عقل چون ز عالم غیبی گشاد | رفعت افزود و هزارش نام داد

عالم غیبی سے جب پائی کشاد | نام پھر پائے ہزاروں بامراد

کمترین زان نامهای خوش نفس | اینکه نبود هیچ او محتاج کس

سب سے ادنیٰ نام کی یہ لاج ہے | وہ کسی کی بھی نہیں محتاج ہے

گر بصورت وا نماید عقل رو | تیره باشد روز پیش نور او

عقل جب صورت میں ہوتی ہے عیاں | اس سے آگے دن سیہ ہے بے گماں

ور مثال احمقی پیدا شود | ظلمت شب پیش او روشن بود

ہو اگر ظاہر مثال احمقی | مانند ہو اس سے اندھیری رات بھی

کو ز شب مظلم تر و تاری تر است | لیک خفاش شقی ظلمت خر است

رات سے ظلمت میں ہے تاریک تر | ہے خریدار اس کی چمگادڑ مگر

اندک اندک خوی کن با نور روز | ورنه خفاشی بمانی بی فروز

تھوڑی تھوڑی ڈال لے تو دن کی خو | ورنہ چمگادڑ ہی رہ جائے گا تو

عاشق هر جا شکال و مشکلی ست | دشمن هر جا چراغ مقبلی ست

ہر جگہ عاشق تو ہر مشکل کا ہے | ہر کہیں دشمن تو ہر مقبل کا ہے

ظلمت اشکال زان جوید دلش | تاکه افزون تر نماید حاصلش

ڈھونڈھتے دل مشکل کی ظلمت اس لئے | تا دکھا سکے کچھ بڑھا کر فائدے

تا ترا مشغول آں مشکل کند	وز نہاد زشت خود غافل کند
تا کرے مشغول صد مشکل سمجھ	اپنی بد اصلی سے غافل ہی رکھے

پورے اور آدھے عاقل وغیرہ کی علامتیں

عاقل آں باشد کہ او با مشعلہ است	او دلیل و پیشوائے قافلہ است
وہ ہے عاقل یعنی جس کے نور ہو	پیشوا ہو قافلے کا نیا ہو خود
پیرو نور خود است آں پیشرو	تابع خویش است آں بیخویش رو
نور کا اپنے ہے پیرو پیش رو	اپنا ہی تابع ہے اپنا ہی رگرد
مومن خویش است و ایماں آورید	ہم بآں نورے کہ جانش زو چرید
اپنا ہی مومن ہے وہ ایماندار	نور پر لایا ہے ایماں باوقار
دیگرے کہ نیم عاقل آمد او	عاقلے را دیدہ کرد آں نورہ جو
دوسرا جو نیم عاقل تھا پسر	نور ڈھونڈا عاقلوں کو دیکھ کر
دست در وے زد چو کور اندر دلیل	تا بدو بینا شد و چست و جلیل
[illegible] اس کو کیا جب رہنما	وہ بزرگ اور چست و بینا ہو گیا
واں خرے کز عقل جو سنگے نداشت	خود نبودش عقل و عاقل را گذاشت
اور جس میں عقل جو کبھر بھی نہ تھی	عقل و عاقل چھوڑ بیٹھا وہ شقی
خود نداند نے قلیل و نے کثیر	[illegible] بحکم نابصر [illegible]
خود نہیں وہ جانتا کم اور سوا	انبیاء کو بھی نہیں وہ ڈھونڈتا
نے قلیل اندر عقل است و نے قال و قیل	ننگش آید آمدن خلف دلیل
قال و قیل اور [illegible] میں ہے بڑا	رہنما کی پیروی سے ہے حیا
میرود اندر بیابان دراز	گاہ لنگاں آیس و گاہے بتاز
جیسے جنگلوں میں ہے رواں	ہے کبھی لنگڑا کبھی ہے وہ دواں

شمع نے تا پیشوائے خود کند　　نیم شمعے نے کہ نورے گِرد کند

شمع ہو تو اُس کو کرلے پیشوا　　کچھ ہو روشن تو کرے کسب ضیا

نیست عقلش تا دمِ زندہ زند　　نیم عقلے نے کہ خود مردہ کند

عقل ہو تو زندگی کا دم بھرے　　نیم عاقل ہو تو دانشمند سے

مردہ آں عاقل آید او تمام　　تا بر آید از نشیب خود بہ بام

مردۂ عاقل بنے وہ لا کلام　　تا کہ آئے پست سے بالا بہ بام

عقل کامل نیست خود را مردہ کن　　در پناہِ عاقلے زندہ سخن

عقل کامل جب نہیں ہو جا فنا　　اُس میں جو ہے عاقل زندہ ادا

زندہ نے تا ہمدمِ عیسیٰ شود　　مردہ نے تا دمگہِ عیسیٰ بود

زندہ ہو تو ہمدم عیسیٰ بنے　　مردہ ہو تو محرم عیسیٰ بنے

زندہ نے و مردہ نے لاشے بود　　غورہ با نشار نے عنب نے مے بود

زندہ مردہ کچھ نہیں لاشے ہے وہ　　ہے نہ انگور اور نہ مثل مے ہے وہ

غورہ کز غورگی در نگذرد　　سنگ بست و خام و ترش و رد بود

کچا جب انگور کچا رہ گیا　　سخت ہو کر خام اور کھٹا رہا

جانِ کورش گام ہر سو می نہد　　عاقبت بجہد و لے بر می جہد

اُس کی اندھی جان ہے کھٹکی ہوئی　　رہرو عقبیٰ نہیں ہو جائے گی

سود نہ بُود بر جہیدن آں زماں　　زانکہ نازل شد بلا از آسماں

پھر نہ کچھ بچ جانے سے ہو گا فائدہ　　جبکہ نازل ہو چکی اُس پر بلا

چشمہ۔ شکاری اور تین مچھلیاں

قصہ آں آبگیر است اے عنود　　کہ درو سہ ماہیِ اشگرف بود

قصہ اک چشمے کا سن لے نوجواں　　تین تھیں اُس میں نرالی مچھلیاں

در کلیلہ خواندہ باشی لیک آں — صورت قصہ بود وین مغز جاں

گو کلیلہ دمنہ میں ہوگا پڑھا — تھا وہ قصہ یہ ہے مغز اے باصفا

چند صیادی سوئے آں آبگیر — برگذشتند و بدیدند آں ضمیر

کچھ شکاری آئے جب اس چشمے پر — مچھلیوں کی ہو گئی ان کو خبر

پس شتابیدند تا دام آورند — ماہیاں واقف شدند و ہوشمند

دام لینے کے لئے دوڑے گئے — مچھلیاں واقف ہوئیں اس راز سے

آنکہ عاقل بود عزم راہ کرد — عزم راہ مشکل ناخواہ کرد

تھی جو عاقل اس نے تو رستہ لیا — واں سے بھاگی دل نہ گو تھا چاہتا

گفت با اینہا ندارم مشورت — کہ یقیں سستم کنند از مقدرت

بولی گر ان سے کروں گی مشورا — سست کر دینگی ارادہ یہ مرا

مہر زاد و بود برجاں شاں تنند — کاہلی و جہل شاں بر من زنند

یہ جتائیں گی سمجھے حب وطن — کاہلی و جہل ہے ان کا چلن

مشورت را زندہ باید نکو — کہ ترا زندہ کند آں زندہ گو

مشورہ زندہ سے کرنا چاہیئے — تا سجھے وہ زندہ گو زندہ کرے

اے مسافر با مسافر رائے زن — زانکہ پایت لنگ دارد رائے زن

اے مسافر لے مسافر ہی سے رائے — ورنہ دانا تجھ کو لنگڑا دے بنائے

از دم حب الوطن بگذر مایست — کہ وطن آنسوست جاں اینسو نیست

چھوڑ دے حب وطن چل بالیقیں — ہے وطن اس سمت جاں اس سو نہیں

حب الوطن شعبۃ من الایمان کا راز

گر وطن خواہی گذر آنسوئے شط — اینحدیث راست را کم خواں غلط

گر وطن کی ہے طلب اس پار جا — کب غلط ہے یہ حدیث مصطفیٰ

در وضو ہر عضو را وردے جدا ۔ آمدہ است اندر خبر بہر دعا

ہے وضو میں وردِ اعضا کا جدا ۔ جو حدیثوں میں ہے از بہر دعا

چونکہ استنشاق بینی می کنی ۔ بوئے جنت خواہ از ربِ غنی

ناک صاف اپنی جو پانی سے کرے ۔ بوئے جنت کر طلب اللہ سے

تا ترا آں بو کشد سوئے جناں ۔ بوئے گل باشد دلیلِ گلستاں

تا وہ بو کھینچے تجھے سوئے جناں ۔ گل کی خوشبو ہے دلیل گلستاں

چونکہ استنجا کنی وردِ سخن ۔ ایں بود کز زیانم پاک کن

جبکہ استنجا کرے تو اے پسر ۔ کہ مجھے یا رب زیاں سے پاک کر

دستِ من اینجا رسید ایں را بشست ۔ دستم اندر شستنِ جانست سست

ہاتھ پہنچا جس جگہ تک دھو لیا ۔ روح ہاتھوں سے کروں کیونکر صفا

اے ز تو کس گشتہ جانِ ناکساں ۔ دستِ فضلِ تست در جانہا رساں

ناکسوں کو کس دیا تو نے بنا ۔ پہنچا دستِ فضل جانوں تک ترا

حدِ من ایں بود کردم من لئیم ۔ زاں سوئے حد را نقی کن اے کریم

اپنی حد تک صاف میں نے کرلیا ۔ اے کریم اب آگے تو کردے صفا

از حدث شستم خدایا پوست را ۔ از حوادث تو بشو ایں دوست را

میں نے دھو ڈالی نجاست پوست کی ۔ کر حوادث سے منزہ جان بھی

استنجا کے وقت ناک کی دعا پڑھنے والا شخص

آں یکے در وقتِ استنجا بگفت ۔ کہ مرا با بوئے جنت دار جفت

ایک نے کی وقت استنجا دعا ۔ بوئے جنت سے مجھے کر آشنا

گفت شخصے خوب ورد آوردۂ ۔ لیک سوراخِ دعا گم کردۂ

بولا اک شخص اور یہ ہے ورد کیا ۔ تو نے سوراخ دعا گم کر دیا

این دعا کہ ورد بینی بود چوں ۔۔۔ ورد بینی را تو آوردی بکوں

یہ دعا ہے ورد بینی برملا ۔۔۔ ورد بینی کا یہاں تھا کام کیا

رایحہ جنت ز بینی یافت حر ۔۔۔ رایحہ بینی کے آید از دبر

سونگھتے ہیں بوئے جنت ناک سے ۔۔۔ بوئے بینی پیٹھ سے کس کو ملے

اے تواضع بردہ پیش ابلہاں ۔۔۔ وے تکبر بردہ تو پیش شہاں

تو تواضع بے وقوفوں کی کرے ۔۔۔ اور تکبر بادشہ کے سامنے

آں تکبر بر خساں خوبست و چست ۔۔۔ ہیں مرو معکوس عکسش بند تست

یہ تکبر ہے کمینوں سے روا ۔۔۔ چل نہ الٹا عکس ہے زنداں ترا

از پئے سوراخ بینی رست گل ۔۔۔ بو وظیفہ بینی آمد اے عتل

بہر بینی پھول ہے پیدا ہوا ۔۔۔ بو ہے اے ظالم وظیفہ ناک کا

بوئے گل بہر مشام است اے دلیر ۔۔۔ جائے آں بو نیست ایں سوراخ زیر

ہے دماغوں کے لئے بو اے دلیر ۔۔۔ کب جگہ اس کی ہے یہ سوراخ زیر

کے ازینجا بوئے خلد آید ترا ۔۔۔ بو ز موضع جو اگر باید ترا

بوئے خلد آئے گی کب اس سے تجھے ۔۔۔ بو ٹھکانے ہی سے لے گر چاہیے

ہمچنیں حب الوطن آمد درست ۔۔۔ تو وطن بشناس اے خواجہ نخست

ایسے ہی حب وطن بھی ہے بجا ۔۔۔ پہلے ہو خواجہ! وطن سے آشنا

گفت آں ماہی زیرک رہ کنم ۔۔۔ دل ز رائے مشورت شاں برکنم

بولی وہ مچھلی کہ اپنی راہ لوں ۔۔۔ مشورہ اور رائے کیوں لوں ان کی فضول

نیست وقت مشورت ہیں راہ کن ۔۔۔ چوں علیؓ تو آہ اندر چاہ کن

مشورے کا وقت کب ہے اے صفی! ۔۔۔ کر کنوئیں میں آہ تو مثل علیؓ[1]

[1] حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قاعدہ تھا کہ جب کوئی ہم نفس نہ ہوتا، تو غلبۂ حال کے وقت کنوئیں میں سر جھکا کر آہ کیا کرتے تھے۔

محرم آں راہ کمیاب است و بس | شب رو و پنہاں روی کن چوں عسس
کم ہیں اس منزل کے محرم بے خلل | مثل شحنہ چھپ کے راتوں رات چل

سوئے دریا عزم کن زیں آبگیر | بحر جو و ترک ایں گرداب گیر
سوئے دریا عزم اس چشمے سے کر | ڈھونڈ دریا ترک کر دے یہ بھنور

سینہ را پا ساخت میرفت آں حذور | از مقام با خطر تا بحر نور
وہ بنا کر پاؤں سینے کو چلی | اس مقام خوف سے دوڑی ہوئی

ہمچو آہو کز پئے او سگ بود | میدود تا در تنش یک رگ بود
جیسے آہو جس کے پیچھے آئے سگ | بھاگے جب تک جسم میں باقی ہو رگ

خواب خرگوش و سگ اندر پے خطاست | خواب خود در چشم ترسندہ کجاست
خواب خرگوش اور پیچھے سگ یہ کیا | نیند کیا اس کو جو ہو خوف آشنا

رفت آں ماہی رہ دریا گرفت | راہ دور و پہنۂ پہنا گرفت
الغرض مچھلی سوئے دریا گئی | راہ لی چشمے سے اس نے دور کی

رنجہا بسیار دید و عاقبت | رفت آخر سوئے امن و عافیت
پائیں تکلیفیں بہت اور عاقبت | امن بھی اس کو ملا اور عافیت

خویشتن افگند در دریائے ژرف | کہ نیابد حد آں را ہیچ طرف
اک بڑے دریا میں خود کو لے گئی | جس کی کوئی انتہا و حد نہ تھی

پس چو صیاداں بیاوردند دام | نیم عاقل را ازاں شد تلخ کام
جب شکاری لے کے آئے اپنا دام | نیم عاقل ہو گئی بس تلخ کام

گفت آہ من فوت کردم وقت را | چوں نگشتم ہمرہ آں رہنما
بولی میں نے وقت ضائع ہی کیا | رہنما کا کیوں نہ ساتھ آخر دیا

ناگہاں رفت او ولیکن چونکہ رفت | می ببایستم شدن در پے بتفت
[illegible] تو وہ گئی بیشتاب گئی | چاہیے تھی مجھ کو بھی اس کی پیروی

ہر گذشتہ حسرت آوردن خطاست ۔ باز ناید رفتہ یاد آں ہباست

گذری باتوں پر ہے پچتانا خطا ۔ پھر نہ آئے جو گیا یاد اس کی کیا

ایں زماں سودے ندارد حسرتم ۔ چوں کنم چوں فوت شد ایں فرصتم

اب بھلا افسوس سے کیا فائدا ۔ کیا کروں وہ وقت فرصت کا گیا

ایک مرغ کا قصہ

آں یکے مرغے گرفت از مکر دام ۔ مرغ اورا گفت کاے خواجہ ہمام

مرغ اک لایا شکاری زیر دام ۔ مرغ بولا اس سے اے خواجہ ہمام

تو یکے مرغ ضعیفے ہمچو من ۔ صید کردہ خوردہ گیر اے نیک ظن

تو بھی مجھ سا ایک ہے مرغ ضعیف ۔ پکڑا کھایا جان خود کو اے شریف

تو بسے گاوان و میشاں خوردہ ۔ تو بسے اشتر بقرباں کردہ

گائیں بھیڑیں تو بہت سی کھا گیا ۔ اونٹ قرباں کر دیئے بے انتہا

خود نگشتی سیر زانہا در زمن ۔ ہم نگردی سیر از اجزائے من

پیٹ تیرا جب نہ ان سے کبھی بھرا ۔ سیر مجھ سے کس طرح ہوگا بھلا

مر مرا آزاد گرداں از کرم ۔ اے جواں مرد کریم محتشم

چھوڑ دے مجھ کو آزاد کر مجھ پر کرم ۔ اے جواں مرد اے کریم محتشم

ہل مرا تا کہ سہ پندت بردہم ۔ تا بدانی زیرکم یا ابلہم

چھوڑ دے تا تین پند اب تجھ کو دوں ۔ تا تو جانے ابلہ یا عاقل میں ہوں

اوّل آں پند ہم بر دست تو ۔ پدہم ایجاں دوم بالیست تو

پند پہلی تو یہیں دوں گا بہ مختصر پر ۔ تیسرے قابل ہیں ہیں میرے بال و پر

بر سر دیوار پہ ہم ثانیش ۔ تا شوی زاں پند شاد و خوب کیش

دوسری دیوار پر ہیں بیٹھ کر ۔ پند دوں گا تا ہو خوش تو سر بسر

پس سوم پندت دہم من بر درخت　　　که ازیں سه پند گردی نیکبخت
پیڑ پر دونگا نصیحت تیسری　　　جس میں پیچیدہ ہے تیری بہتری
آنچه بر وستنست اینست آں سخن　　　که محالے را زکس باور مکن
یہ ہے پہلی پند تیرے ہاتھ پر　　　ہو جو ناممکن اُسے باور نہ کر
بر کفش چوں گفت اوّل پند زفت　　　گشت آزاد و برآں دیوار رفت
پند پہلی ہاتھ میں دے کر ادھر　　　وہ اڑا اور بیٹھا اک دیوار پر
گفت دیگر بر گذشتہ غم مخور　　　چوں ز تو بگذشت زآں حسرت مبر
بولا گزری بات کا تو غم نہ کھا　　　ہو چکی اک بات پھر افسوس کیا
بعد ازاں گفتش کہ در جسمم کتیم　　　دہ درم سنگست یک دُرِّ یتیم
پھر کہا میرے بدن میں اے کریم　　　دس درم بھر ایک تھا دُرِّ یتیم
دولتِ تو بختِ فرزندانِ تو　　　بود آں گوہر بحقِّ جانِ تو
تیری اور لڑکوں کی قسمت میں تھی　　　تھا وہ دُر سوگند تیری جان کی
فوت کردی دُر کہ روزیت نبود　　　کہ نباشد مثل آں دُر در وجود
کھو دیا موتی کہ قسمت میں نہ تھا　　　دوسرا موتی نہ ایسا پائے گا
آنچنانکہ وقت زادن حاملہ　　　نالہ دارد خواجہ شد در غلغلہ
زچگی میں جیسے روئے حاملہ　　　اس طرح خواجہ نے ڈالا غلغلے
گفت غمناک و ہمیگفت آہ آہ　　　ایں چرا کردم کہ شد کارم تباہ
غمزدہ ہو کر کہا اس نے کہ آہ　　　کیوں کیا ایسا ہوا جس سے تباہ
من چرا آزاد کردم مر ترا　　　زیں سبیل از راہ بُردی مر مرا
میں نے کیوں آزاد تجھ کو کر دیا　　　ہو گیا تو کر کے یہ حیلہ رہا

لہ یہ دوسری پند ہے +

مرغ گفتش نے نصیحت کردمت ‏ — ‏ کہ مبادا بر گذشتہ دی غمت

مرغ بولا پند کیا میری نہ تھی؟ ‏ — ‏ فکر لاحاصل ہے گذری بات کی

چوں گذشت و رفت غم چوں میخوری ‏ — ‏ یا نکردی فہم پندم یا کری

بات جو گذری اب اُس کا رنج کیا ‏ — ‏ تو نہ سمجھا یا ہے بہرا یہ بتا

وان دوم پندت بگفتم کز ضلال ‏ — ‏ ہیچ تو باور مکن قول محال

دوسری تھی یہ نصیحت بے مثال ‏ — ‏ کر نہ باور تو کوئی قول محال

من نیم خود سہ درم سنگ اے اسد ‏ — ‏ دہ درم سنگ اندرونم چوں بود

تین درموں کا ہیں جب خود ہی نہیں ‏ — ‏ دس درم آسکتا ہے اندر کہاں

خواجہ باز آمد بخود گفتا کہ ہیں ‏ — ‏ باز گو پند سوم اے نازنیں

ہوش میں پھر آکے خواجہ نے کہا ‏ — ‏ تیسری تھی کیا نصیحت پھر سنا

گفت آرے خوش عمل کردی بآں ‏ — ‏ تا بگویم پند ثالث رائیگاں

بولا اُس پر تو رہا قائم کہاں ‏ — ‏ کیوں کروں میں تیسری کو رائگاں

ایں بگفت و بر پرید و شاد رفت ‏ — ‏ سوئے صحرا سرخوش و آزاد رفت

یہ کہا اور خوش خوش اُڑ کر چل دیا ‏ — ‏ سوئے دشت آزاد و مستانہ گیا

پند گفتن با جہول خوابناک ‏ — ‏ تخم افگندن بود در شورہ خاک

پند کہنا جاہل پُر خواب سے ‏ — ‏ بیج ہیں بنجر زمیں میں ڈالنے

چاک حمق و جہل نپذیرد رفو ‏ — ‏ تخم حکمت کم دہش اے نیکخو

چاک کب ہو بیوقوفی کا رفو ‏ — ‏ بیج حکمت کا نہ کھو اے نیک خو

زانکہ جاہل جہل را بندہ بود ‏ — ‏ چونکہ تو پندش دہی او نشنود

کیونکہ جاہل ہے جہالت کا غلام ‏ — ‏ پند تیری کیا سنے وہ خستہ کام

نیم عاقل مچھلی کا تدبیر سوچنا

نیم عاقل گفت در وقت بلا ۔۔۔ چونکہ ماند از سایۂ عاقل جدا

نیم عاقل نے کہا وقت بلا ۔۔۔ ہیں رہی عاقل کے سائے سے جدا

کو سوئے دریا شد و از غم عتیق ۔۔۔ فوت شد از من چناں نیکو رفیق

وہ سوئے دریا گئی غم سے چھٹی ۔۔۔ آہ ایسے دوست سے میں چھٹ گئی

لیک زاں نندیشم و بر خود زنم ۔۔۔ خویشتن را ایں زماں مردہ کنم

اب کوئی تدبیر کرنا چاہیئے ۔۔۔ حیلتاً اس وقت مرنا چاہیئے

پس بر آرم اشکم خود بر زبر ۔۔۔ پشت زیر و میروم بر آب بر

پیٹ کو اپنے میں اوپر کھولدوں ۔۔۔ پیٹھ نیچے کرکے پانی پر چلوں

میروم بر وے چنانکہ خس رود ۔۔۔ نے بسباحی[1] چنانکہ کس رود

مثل تنکے کے رہوں اوپر رواں ۔۔۔ ہے شناوری بننے کا موقع کہاں

مردہ گردم خویش بسپارم بآب ۔۔۔ مرگ پیش از مرگ امنیست از عذاب

مرکے ہوجاؤں سپرد موج آب ۔۔۔ مرنے سے پہلے ہے مرنا کامیاب

مرگ پیش از مرگ امنیست اے فتی ۔۔۔ اینچنیں فرمودہ مارا مصطفیٰ[2]

موت قبلِ موت یہ ہے اے فتا ۔۔۔ اس طرح فرما گئے ہیں مصطفیٰ[2]

گفت موتوا کلکم من قبل ان ۔۔۔ یاتی الموت تموتوا بالفتن

یہ ہے فرماں مرنے سے پہلے مرو ۔۔۔ تا نہ فتنوں میں زمانے کے پڑو

ہمچناں مردہ[3] شکم بالا فگند ۔۔۔ آب گہ بردش نشیبے گہ بلند

مر گئی اور پیٹ اوپر کر لیا ۔۔۔ پانی نے زیر و زبر اس کو کیا

---

۱ تیرنے والا + ۲ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم "مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا" +
۳ یعنی وہی نیم عاقل مچھلی مُردہ بن گئی +

ہر یکے زاں قاصداں بس غصہ برد　　　کہ دریغا ماہی مہتر بمرد

ہر شکاری کو بڑی اُلجھن ہوئی　　　آہ مچھلی مر گئی اتنی بڑی

شاد میشد او ازاں گفت و دریغ　　　پیش رفت آں یاز بیم زخم تیغ

گفتگو اُن کی وہ سُنکر شاد تھی　　　بس مری یہ چال اُن پر چل گئی

پس گرفتش یک صیاد ارجمند　　　بر سرش تف کرد و بر خاکش فگند

پس نکالا اک شکاری نے اُسے　　　تھو کا پھر اُس پر زمیں پر ڈال کے

غلط غلطاں رفت پنہاں اندر آب　　　ماند آں دیگر ہمیکرد اضطراب

لوٹ پوٹ چھپ کے پانی میں گھسی　　　دوڑی دوڑی پھر رہی تھی تیسری

از چپ و از راست میجست آں سلیم　　　تاکہ بجہد خویش برہاند گلیم

کودتی دائیں کبھی بائیں کبھی　　　تا نکل بھاگے بچالے جان ہی

دام افگندند و اندر دام ماند　　　احمقی او را درآں آتش نشاند

جال جب ڈالا تو اُس میں پھنس گئی　　　آگ میں لے آئی اس کی احمقی

بر سر آتش بہ پشت تابہ　　　با حماقت گشت او ہمخوابہ

آگ پر پہنچی کڑاہی میں پڑی　　　احمقی کے ساتھ محو خواب تھی

او ہمی جوشید از تف سعیر　　　عقل میگفتش الم یاتک نذیر

آگ سے اک جوش میں تھی وہ حقیر　　　عقل کہتی تھی الم یاتک نذیر[۱]

[۱] قولہ تعالیٰ جل جلالہ وعم نوالہ :- کلما القی فیہا فوج سالہم خزنتہا الم یاتکم نذیر قالوا بلیٰ - قد جاءنا نذیر فکذبنا وقلنا ما نزل اللہ من شیٔ ان انتم الا فی ضلال کبیر - یعنی ہرگاہ کہ کافروں کی ایک فوج دوزخ میں ڈالی جائے گی - دوزخ کے داروغہ اُن سے پوچھیں گے - کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا - وہ کہیں گے - ہاں آیا تو تھا - مگر ہم نے اس کو جھٹلایا - اور کہا کہ جو کچھ تم کر رہے ہو - یہ خدا نے ہم پر نازل نہیں کیا - تم تو خود ہی گمراہی میں گرفتار ہو ؎

او ہمی گفت از شکنجہ وز بلا
ہمچو جان کافراں قالوا بلیٰ

وہ بھی کہتی تھی بلا میں مبتلا
جس طرح کفار کہتے ہیں بلیٰ

باز میگفت او کہ گر ایں بار من
وارہم از محنتِ گردن زدن

پھر وہ کہتی تھی اگر میں اب کی بار
مرنے کی تکلیف سے ہوں رستگار

من نسازم جز بدریائے وطن
آبگیرے را نسازم من سکن

میں نہ دریا سے کہیں بھی جاؤنگی
جانب چشمہ نہ ہرگز آؤں گی

آب بیحد جویم و ایمن شوم
تا ابد در امن و در صحت روم

آب بے حد میں رہوں گی بے خطر
امن و صحت پاؤنگی میں عمر بھر

ہمچنیں میکرد با خود نذرہا
کز چنیں ورطہ اگر یابم رہا

منتیں ایسی ہی کرتی وہ مانتی
اس کھبور سے میں اگر اب کے چھٹی

دامنِ عاقل بگیرم روز و شب
تا نیفتم در چنیں رنج و تعب

دامنِ عاقل میں پکڑوں روز و شب
تا نہ جھیلوں اس قدر رنج و تعب

گرفتاری و ندامت کے وقت احمق کا عہد

عقل میگفتش حماقت با تو ہست
با حماقت عہد را آید شکست

عقل کہتی تھی حماقت ہے تجھے
عہد قائم کیا حماقت میں رہے

عقل را باشد وفائے عہدہا
تو نداری عقل رو اے خربہا

عقل ہی سے عہد ہوتے ہیں وفا
عقل جب سمجھ میں نہیں ناداں ابا

عقل را یاد آید از پیمانِ خود
پردۂ نسیاں بدرّاند خرد

یاد ہر پیماں کو رکھتی عقل ہی
پردۂ نسیاں کو پھاڑے عقل ہی

چونکہ عقلت نیست نسیاں میر تست
دشمن و باطل کُنِ تدبیر تست

جب نہیں ہے عقل نسیاں میر ہے
دشمن اور باطل کُنِ تدبیر ہے

از کمی عقل پروانۂ خسیس ۔۔ یاد نارد ز آتش و سوز و حبیس
ہے بہت کم عقل یہ پروانہ بھی ۔۔ بھول جاتا ہے سوزشیں الم حبس کی

چونکہ پرش سوخت توبہ میکند ۔۔ آز و نسیانش بر آتش میزند
توبہ پھر کرتا ہے جب جلتے ہیں پر ۔۔ حرص و نسیاں ڈالتے ہیں آگ پر

ضبط و درک و حافظے و یاد داشت ۔۔ عقل آں باشد کہ عقل آں را فراشت
ضبط و فہم اور یاد داشت اور حافظے ۔۔ عقل وہ ہے جو انہیں اونچا کرے

چونکہ گوہر نیست تابش چوں بود ۔۔ چونکہ نبود ذکر یادش چوں بود
جب نہیں گوہر تو کیونکر ہو ضیا ۔۔ جب نہ ہو ذکر آئے اس کی یاد کیا

ایں تمنا ہم ز بے عقلی اوست ۔۔ کہ نہ بیند کاں حماقت را چہ خوست
صرف بے عقلی سے ہے یہ آرزو ۔۔ اس کو کیا معلوم نادانی کی خو

آں ندامت از نتیجۂ رنج بود ۔۔ نے ز عقل روشن چوں گنج بود
وہ ندامت تھی نتیجہ رنج کا ۔۔ عقل روشن سے نہ تھی کہ باوفا

چونکہ شد رنج آں ندامت شد عدم ۔۔ می نیرزد خاک آں توبہ ندم
رنج جب گذرا ندامت بھی گئی ۔۔ تھی نہ کچھ جس ندامت خاک بھی

آں ندم از ظلمت غم بست بار ۔۔ پس کلام اللیل یمحوہ النہار
وہ ندامت بار رنج و غم سے تھی ۔۔ دن بھلا دیتا ہے باتیں رات کی

چوں برفت آں ظلمت غم گشت خوش ۔۔ ہم برفت از دل نتیجہ و زادہ اش
ظلمت غم جب ہٹی آئی خوشی ۔۔ جو ندامت غم سے تھی رخصت ہوئی

میکند او توبہ و پیر خرد ۔۔ بانگ لو ردوا لعادوا میزند
کرتا ہے وہ توبہ پیر عقل اسے ۔۔ فقرہ لو ردوا لعادوا کا سکھے

لہ یعنی اگر کفار اپنے کام سے باز رکھ کر دوسری طرف لوٹا دئے جائیں۔ تو وہ پھر اپنے ہی کام کی طرف واپس آجائیں گے +

عقل ضدِ شہوتست اے پہلوان ‌‌ آنکہ شہوت می تند عقلش مخوان

عقل ضد شہوت کی ہے اے پہلوان ‌‌ جو تنے شہوت کو عقل اس کو نہ جان

وہم خوانش آنکہ شہوت را گداست ‌‌ وہم قلب نقد زرِ عقلہاست

وہم پہچان اس کو ہے شہوت کا گدا ‌‌ وہم کھوٹا عقل کا سونا کھرا

بے محک پیدا نگردد وہم و عقل ‌‌ ہر دو را سوئے محک کن زود نقل

بے کسوٹی کب ہوں ظاہر وہم و عقل ‌‌ کر کسوٹی کی طرف دونوں کو نقل

ایں محک قرآن و حالِ انبیاءؑ ‌‌ چوں محک مر قلب را گوید بیا

ہے محک قرآن و حال انبیاءؑ ‌‌ کھوٹے سے مثل محک کہتے ہیں آ

تا بہ بینی خویش را ز آسیب من ‌‌ کہ نہ اہل فراز و شیب من

دیکھے تا خود کو مرے آسیب سے ‌‌ اونچا نیچا میرا تو کب پا سکے

عقل را گر ارہ سازد دو نیم ‌‌ ہمچو زر باشد در آتش او سلیم

عقل کو آرہ جو دو ٹکڑے کرے ‌‌ مثل زر قائم وہ آتش میں رہے

وہم مر فرعون عالم سوز را ‌‌ عقل مر موسیٰؑ جاں افروز را

وہم تھا فرعون عالم سوز کو ‌‌ عقل تھی موسیٰؑ جاں افروز کو

فرعون اور حضرت موسیٰؑ کا مکالمہ

رفت موسیٰؑ بر طریق نیستی ‌‌ گفت فرعونش بگو تو کیستی

منکسر ہو کر گئے موسیٰؑ سنو ‌‌ پوچھا یہ فرعون نے تم کون ہو؟

گفت من عقلم رسول ذو الجلال ‌‌ حجۃ اللہ امانم از ہر ضلال

بولے ہوں عقل اور رسول ایزدی ‌‌ حجت خالق پناہِ گمرہی

گفت نے خامش رہا کن گفتگو ‌‌ نسبت و نام قدیمت را بگو

بولا بس بس بند کر اپنی زباں ‌‌ نسبت اور نام اپنا پہلا کر بیاں

گفت موسیٰ نسبتم از خاکدانش | نامِ اصلم کمترین بندگانش

بولے موسیٰ ؑ خاک سے نسبت مجھے | کمتریں بندہ خدا کا جان لے

بندہ زادہ آں خداوند مجید | زادہ از پشت جواری و عبید

بندہ زادہ ہوں خدائے پاک کا | اس کے دو بندوں سے ہوں پیدا ہوا

نسبت اصلم ز خاک و آب و گل | آب و گل را داد یزداں جان و دل

اصل نسبت آب و گل سے خاک سے | آب و گل کو حق نے جان و دل دیے

مرجع ایں جسمِ خاکی ہم بخاک | مرجع تو ہم بخاک اے سہمناک

خاک ہی ہے بازگشت اس جسم کی | اور ہے مرجع ترا بھی خاک ہی

اصل ما و اصل جملہ سرکشاں | ہست از خاکے و آں را صد نشاں

میری اصل اور سرکشوں کی اصل بھی | خاک ہی سے ہے اگر ہو آگہی

نے مدد از خاک میگیرد تنت | از غذائے خاک پیچد گردنت

کیا مدد تجھ کو نہیں ہے خاک سے | ہے غذائے خاک سے کس بل تجھے

چوں رود جاں میشود او باز خاک | اندر آں گور مخوف سہمناک

جان جب جاتی ہے ہو جاتی ہے خاک | قبر میں جا کر جو گھر ہے خوفناک

ہم تو و ہم ما و ہم اسپاہِ تو | خاک گردند و نماند جاہِ تو

ہم بھی تو بھی اور سارے لشکری | خاک ہونگے اور تیری سروری

گفت غیر ایں نسب نامیت ہست | مر ترا خود آں نسب اولیٰ تر است

بولا ہے تیرا نسب کچھ اور بھی | وجہِ عزت جو ہے تیرے نام کی

بندۂ فرعون و بندہ بندگانش | کہ ازو پروردہ اوّل جسم و جانش

بندۂ فرعون بندوں کا غلام | جس سے جسم و جاں پلے تیرے مدام

بندۂ یاغی و طاغی اے ظلوم | زیں وطن بگریختہ از فعل شوم

بندۂ باغی و گمرہ بے وفا | جرم کر کے وطن سے بھاگا ہوا

خونی و غدّارے وحق ناشناس — ہمبریں اوصافِ خود مسکین قیاس

خونی اور غدّار اور ناحق شناس — کر اسی پر اپنی عظمت کو قیاس

در غریبی خوار و درویش و خلق — کہ ندانستی سپاس ما و حق

مفلسی میں خوار درویش و نزار — حق کا اور میرا نہیں طاعت گذار

گفت حاشا کہ بود با آں ملیک — در خداوندی کسے دیگر شریک

بولے موسیٰؑ ہاں خدا ہے لاشریک — ہے خداوندی میں کون اس کا شریک

واحدا ندر ملک او را یار نے — بندگانش را جز او سالار نے

ایک ہے کوئی نہیں ہے اس کا یار — کون ہے بندوں کا ایسا کردگار

نیست خلقش را دگر کس مالکے — شرکتش دعوی کند جز ہالکے

کون ہے خلقت کا مالک دوسرا — جو کرے دعوائے شرکت ہو فنا

نقش او کرد است و نقاش من اوست — غیر اگر دعوی کند او ظلم جوست

نقش سب اس کے ہیں وہ نقاش ہے — غیر اگر دعوے کرے اوباش ہے

تو نتانی آبروے من ساختن — چوں توانی جان من بشناختن

تو کریگا خاک میری آبرو — جب نہیں پہچان سکتا مجھ کو تو

بلکہ آں غدّار و آں طاغی توئی — لافِ شرکت میزنی باغی توئی

بلکہ وہ غدّار و طاغی ہے تو ہی — شرک کے دعوے سے بھی باغی ہے تو ہی

گر بکشتم من عوانے را بسہو — نے برائے نفس کشتم نے بلہو

میں نے گر مارا سپاہی سہو سے — تھا نہ بہر نفس وہ یا لہو سے

من زدم مشتے و ناگہ او فتاد — آنکہ جانش خود نبد جانے بداد

میں نے اک گھونسا جو مارا گر پڑا — جان ہی اس میں نہ تھی وہ مر گیا

من سگے کشتم تو مرسل زادگان — صد ہزاراں طفل بے جرم و زباں

تو نے مرسل زادے مارے میں نے سگ — مار ڈالے لاکھوں بے گنہ بچے الگ

لہ یعنی تو نے مارے +

کشتۂ و خون شاں بر گردنت — تا چہ آید بر تو زیں خوں خوردنت

خون اُن کا تیری گردن پر رہا — دیکھ اب اس خون کی کیا ہو سزا

کشتۂ ذریت یعقوب را — بر امید قتل من مطلوب را

تو نے مارا عترت[1] یعقوب کو — قتل کرنا تھا جو مجھ مطلوب کو

سوئے تو حق مرا خود برگزید — سرنگوں شد آنچہ نفست می پزید

تیرے اندر سے حق پہ ہیں غالب ہوا — سرنگوں آخر وہ تیرا نفس تھا

گفت اینہا را بہل نے ہیچ شک — ایں بود حق من و نان و نمک

بولا یہ سب، بھول جا بے ریب و شک — اس لئے کھایا مرا نان و نمک

کہ مرا پیش حشر خواری کنی — روز روشن بر دلم تاری کنی

جو مجھے کرتا ہے سب میں خوار تو — دن بنا دیتا ہے شام تار تو

گفت خواری قیامت صعب تر — گر نداری پاس من در خیر و شر

بولے خواری حشر کی ہے سخت تر — گر نہیں تجھ کو خیال خیر و شر

زخم کیکے را نمی تانی کشید — زخم مارے را تو چوں خواہی چشید

پسو کی تکلیف سے جب رو دیا — زخم کیا برداشت ہوگا سانپ کا

ظاہرا کار تو ویراں می کنم — لیک خارے را گلستاں می کنم

ہیں بظاہر مجھ سے یہ ویرانیاں — خار کو ہیں کر رہا ہوں گلستاں

عمارت ویرانی میں اور جمعیت پریشانی میں ہے

آں یکے آمد زمیں را می شگافت — ابلہے فریاد کرد و بر نتافت

کھیتے ہیں کوئی زمیں تھا کھودتا — دیکھا احمق نے تو چلانے لگا

[1] اولاد۔

کاین زمین را از چہ ویراں میکنی | میشگافی و پریشاں می کنی
تو زمیں کرتا ہے ویراں کس لئے | اس کو کرتا ہے پریشاں کس لئے
گفت اے ابلہ برو بر من مراں | تو عمارت از خرابی باز داں
بولا وہ مجھ سے نہ لڑ ناداں جا | ہے خرابی سے عمارت برملا
کے شود گلزار و گندم زار ایں | تا نگردد زشت و ویراں ایں زمیں
اس میں کیونکر باغ اور گیہوں اگیں | اس زمیں کو گر نہ ہم ویراں کریں
کے شود بستان و کشت و برگ و بر | تا نگردد نظم او زیر و زبر
کب ہوں باغ اور کھیتیاں و برگ و بر | گر نہ اس کا نظم ہو زیر و زبر
تا نشگافی بنشتر ریش چغز | کے شود نیکو و کے گردید نغز
چیرے نشتر سے نہ گر ناسور کو | مندمل ناسور پھر کس طرح ہو
تا نسوزد خلطہایت از دوا | کے رود سوزش کجا یابد شفا
گر نہ خلطوں کو جلا ڈالے دوا | جائے کب سوزش کہاں پائے شفا
پارہ پارہ کرد درزی جامہ را | کس زند آں درزی علامہ را
ٹکڑے ٹکڑے درزی نے کپڑے کئے | کون درزی کو بھلا تادیب دے
کہ چرا ایں اطلس بگزیدہ را | بر دریدی چہ کنم بدریدہ را
کیوں ہیں پھاڑے ریشمی کپڑے مرے | کیا کروں میں ان کا کون اس سے کہے
ہر بنائے کہنہ کآباداں کنند | نے کہ اول کہنہ را ویراں کنند
جب کریں آباد اک کہنہ بنا | کہنہ کو کرتے ہیں ویراں برملا
ہمچنیں نجار و حداد و قصاب | ہست شاں پیش از عمارتہا خراب
بس یونہی نجار و آہنگر قصاب | کرتے ہیں پہلے ہر چیز کو پہلے خراب
آں ہلیلہ و آں بلیلہ کوفتن | زاں تلف گردند معموری تن
ہڑ بہیڑے کو ہیں پہلے کوٹتے | پھر بنے ہیں کچھ جسم ان کے لائق ہے

تا نکوبی گندمِ اندر آسیا — کے شود آراستہ زاں خوانِ ما
گیہوں چکی میں نہ گر پیسیں بتا — کس طرح پھر خوان ہو آراستا

حضرت موسیٰؑ کا فرعون کو دھمکی سے جواب دینا

ایں تقاضا کرد آں نان و نمک — کز شستت وارہانم اے سمک
مقتضی یوں تھا ترا نان و نمک — بس چھڑاؤں گمرہی سے پاک ہم

گر پذیری پندِ موسیٰؑ وا رہی — از چنیں زشتِ بدِ نا منتہی
پندِ موسیٰؑ مان لے تو ہو رہا — اس بدی سے جو کہ ہے بے انتہا

بسکہ خود را کردۂ بندۂ ہوا — کرمکے را کردۂ تو اژدہا
بسکہ تو ہے بندۂ حرص و ہوا — تو نے کیڑے کو کیا ہے اژدہا

اژدہا را اژدہا آوردہ ام — تا باصلاح آورم من دم بدم
اژدہے کو اژدہا لایا ہوں میں — یوں تری اصلاح کا جویا ہوں میں

تا دمِ آں اژدہم ایں بشکند — مارِ من آں اژدہا را برکند
تا دم اس کا ٹوٹے اس کے سانس سے — اژدہا میرا اس اژدر کو ڈسے

گر رضا دادی رہیدی از دو مار — ورنہ از جانت برآرد آں دمار
گر ہوا راضی تو ہے دونوں سے رہا — ورنہ ہے تیری ہلاکت بر ملا

فرعون کا جواب

گفت الحق سخت استا جادوئی — کہ درافگندی بمکر اینجا دوئی
بولا بیشک سخت جادوگر ہے تو — جو دوئی پھیلائی تو نے چار سو

خلقِ یکدل را تو کردی دو گروہ — جادوئے رخنہ کند در سنگ و کوہ
خلق جو اک دل تھی اب ہے دو گروہ — سحر کر دیتا ہے رخنہ در سنگ و کوہ

حضرت موسیٰؑ کا اپنی جادوگری سے انکار

گفت ہستم غرقِ پیغامِ خدا ‖ جادوئے کہ دید با نامِ خدا

بولے میں ہوں غرقِ پیغامِ خدا ‖ سحر کب ہے ہمرہِ نامِ خدا

غفلت و کفر است مایہ جادوئی ‖ مشعلہ دینست جانِ موسوی

کفر اور غفلت ہے مایہ سحر کا ‖ جانِ موسیٰؑ دینِ حق کی ہے ضیا

من بجادویاں چہ مانم اے وقیح ‖ کز دمم پر رشک میگردد مسیح[۱]

ہیں مشابہ ساحروں سے بے حیا! ‖ میرے دم سے رشک عیسیٰؑ کو ہوا

من بجادویاں چہ مانم اے مُجنب ‖ کز جانم نور میگردد کتب

مجھ سے نسبت ساحروں کو باخدا ہے! ‖ نور میری جان سے پاتے کتاب

من بجادویاں چہ مانم اے خبیث ‖ کز خدا نازل شود بر من حدیث

مجھ سے ہیں ساحر مشابہ اے خبیث؟ ‖ مجھ پہ کرتا ہے خدا نازل حدیث

چوں تو با پرِّ ہوا بر می پری ‖ لاجرم بر من گماں بد میبری

تو ہوا پر چونکہ ہے اڑنے لگا ‖ اس لئے ہے یہ گمانِ بد ترا

ہر کرا افعالِ دام و دد بود ‖ بر کریمانش گمانِ بد بود

جس میں دام و دد کے سے افعال ہوں ‖ بدگماں وہ ہو بزرگوں پر نہ کیوں

چوں تو جزوِ عالمی پس اے مہین ‖ کُل آنرا ہمچو خود بینی یقیں

چونکہ تو ہے جزوِ عالم اے لعیں ‖ کرتا ہے کُل پر بھی اپنا سا یقیں

چوں تو برگردی و برگردد سرت ‖ خانہ را گردندہ بیند منظرت

جیسے ہو چکّر میں تو اور تیرا سر ‖ گھومتا تجھ کو نظر آتا ہو گھر

[۱] یہاں حضرت عیسیٰؑ کا ذکر بطریق شاعرانہ ہے نہ بطریق صحت و تحقیق و نفسِ مکالمہ اس لئے کہ حضرت عیسیٰؑ حضرت موسیٰؑ کے بعد مبعوث ہوئے تھے +

ور تو در کشتی روی بر یم رواں	ساحل یم را ہمی بینی دواں
جب تری کشتی ہو دریا میں رواں	دیکھتا ہے تو کنارے کو دواں
گر تو باشی تنگدل از ملحمہ	تنگ بینی جو دنیا را ہمہ
تنگدل تجھ کو کرے گر تو نشیب جنگ	ساری دنیا تجھ پہ ہو جاوے گی تنگ
ور تو خوش باشی بکام دوستاں	اینجہاں بنمایدت چوں بوستاں
اور اگر ہو دوستوں میں شادماں	تیری نظروں میں جہاں ہو بوستاں
اے بسا کس رفتہ تا شام و عراق	او ندیدہ ہیچ جز کفر و نفاق
لوگ جو اکثر گئے شام و عراق	کچھ وہاں دیکھا نہ جز کفر و نفاق
وے بسا کس رفتہ تا ہند و ہرے	او ندیدہ جز مگر بیع و شرے
لوگ جو اکثر گئے ہند و ہرات	تھا تجارت ہی سے ان کو التفات
وے بسا کس رفتہ ترکستان و چیں	او ندیدہ ہیچ الا مکر و کیں
اور گئے کچھ لوگ ترکستان و چیں	کیا وہاں دیکھا سوائے مکر و کیں
طالب ہر چیز اے یار رشید	جز ہمان چیزے کہ میجوید ندید
جو ہے طالب الغرض جس چیز کا	وہ نہیں اس کے سوا کچھ ڈھونڈتا
چوں ندارد مدرکے جز رنگ و بو	جملہ اقلیمہا را گو بجو
جب نہیں مدرک سوائے رنگ و بو	کہدو پھرتا رہے ہر سو دنیا میں تو
گاو در بغداد آید ناگہاں	بگذرد از ایں سراں تا آں سراں
گائے گر بغداد میں آئے ناگہاں	اس سرے سے اس سرے تک ہو رواں
از ہمہ عیش و خوشیہا و مزہ	او نہ بیند غیر قشر خربزہ
تو وہاں عیش و خوشی سے بیشتر	خربزے کے چھلکے دیکھیگی مگر
کہ بود افتادہ در رہ یا حشیش	لایق سیران گاو خر پشیش
یا جو سوکھی گھاس رستہ میں پڑی	جو کرے سیر اس کا اور دل کی پڑی

خشک بر میخ طبیعت چون قدید	بستهٔ اسبابِ جانش لا یزید
خشک گوشت اس کو ہے بس گھاس کی	ہے مقید وہ انہیں اسباب کی
وان فضای خرق اسباب و علل	هست ارض الله ای صدر اجل
وہ فضا اسباب کو جو پھاڑ دے	ہے زمیں اللہ کی یہ جان لے
هر زمان مبدل شود چون نقش جان	نو بنو بیند جهانی در عیان
ہے بدل جاتا یہ جس دم نقش جاں	نو بنو ہے دیکھتا چیزیں عیاں
گر بود فردوس و انهار بهشت	چون فسرده یک صفت شد گشت زشت
چاہے ہو فردوس نہریں اور بہشت	اک صفت جب مٹ گئی یہ سب ہیں زشت

ہر حس مدرک کو آدمی کی بھی دوسری مدرکات ہیں

چنبرهٔ دید جهان ادراک تست	پردهٔ پاکان حس ناپاک تست
ہے ترا ادراک عالم کی کمند	ہے حس ناقص حجاب اے مستمند[۱]
مدتی حس را بشو ز آب عیان	اینچنین دان جامه شوی صوفیان
حس کو کر آب عیاں سے تو صفا	صوفیوں کی جامہ شوئی جان جا
ای ز غفلت از سبب تو بیخبر	بندهٔ اسباب گشتستی تو خر
تو ہے غفلت میں سبب سے بے خبر	بندۂ اسباب ہے اے بد گہر
لاجرم اعمی دل و سرگشته	مضطرب احوال و مضطر گشته
اس لئے اندھا ہے اور حیران ہے	مضطرب احوال تو سرگرداں ہے
چشم بگشا و مسبب را نگر	تا شوی فارغ ز اسباب نظر
آنکھ کھول اور مسبب پر نظر	تاکہ اسباب پہ نظر جائیں گذر

۱ سمجھنے والی ۱

چوں شدی تو پاک پردہ بر کند | جان پاکاں خویش بر تو می زند
جب کہ تو ہو پاک پردہ کیوں رہے | جان پاکوں کی تجھے خود گھیر لے

جملہ عالم گر بود نور و صور | چشم را باشد از آں خوبی خبر
سارا عالم ہو اگر نور و صور | آنکھ کو ان خوبیوں کی ہو خبر

چشم بستی گوش می آری بہ پیش | تا نمائی زلف و رخسارہ بہ نیش
آنکھ کر لے بند کان اپنے جھکا لے | تا کسی کے زلف و رخسارہ دکھا دے

گوش گوید من بہ صورت ننگرم | صورتا بانگے زند من بشنوم
کان کہتا ہے میں نہیں صورت نگر | ہو صدا کوئی تو سن لوں سر بسر

عالمم لیک اندر فن خویش | فن من جز حرف و صوتے نیست بیش
میں ہوں عالم اپنے ہی فن میں مگر | حرف اور آواز کا ہوں صرف گھر

ہیں بیا بینی ببیں ایں خوب را | نیست بینی در خور ایں مطلوب را
تو کہے لے ناک دیکھ اس خوب کو | کس طرح دیکھے وہ اس مطلوب کو

گر بود مشک و گلاب بو برم | فن من اینست و علمم مخبرم
وہ کہے میں سونگھ لوں مشک و گلاب | یہ مرا فن اس کی مخبر ہوں جناب

کے بہ بینم من رخ آں سیم ساق | ہیں مکن تکلیف ما لیس یطاق
کس طرح دیکھوں وہ روئے نازنین | کر نہ یہ خواہش کہ طاقت ہی نہیں

باز حس کژ نہ بیند غیر کژ | خواہ کژ غژ پیش او یا راست غژ
حس کج، کج ہی رہے گی بر ملا | چاہ کج کو یا نظر کا غژ ہے آشنا

چشم احول از دوئی دید یقین | ناظر شرکست نے توحید بیں
چشم احول[۲] دیکھے دو تو بالیقین | شرک کی ناظر ہے کب توحید بیں

---

۱ بچوں کی طرح چوتڑوں کے بل بیٹھنے والا۔
۲ بھینگا۔

تو کہ فرعونی ہمہ مکری و زرق ۔۔۔ مر مرا از خود نمی دانی تو فرق

تو جو ہے فرعون یکسر ہے دغا ۔۔۔ فرق میرا اور اپنا جانے کیا

منگر از خود در من اے کژ باز تو ۔۔۔ تا یکے تو را نہ بینی تو دو تو

اپنی آنکھوں سے نہ دیکھو اے کج نظر ۔۔۔ ایک کے تا دو نہ دیکھے بے خبر

بنگر اندر من ز من یکساعتے ۔۔۔ تا ورائے کون بینی ساحتے

دیکھ مجھ کو میری آنکھوں سے ذرا ۔۔۔ تا نظر میدان آئے دوسرا

وا رہی از تنگی و از ننگ و نام ۔۔۔ عشق اندر عشق بینی والسلام

ہو رہا تنگی سے چھوٹے ننگ و نام ۔۔۔ عشق میں تو عشق دیکھے والسلام

پس بدانی چونکہ رستی از بدن ۔۔۔ گوش و بینی چشم می داند شدن

جسم سے چھوٹے تو پھر ہو آگہی ۔۔۔ آنکھ بن جاتے ہیں کان اور ناک بھی

راست گفتست آں شہ شیریں زباں ۔۔۔ چشم گردد مو بموئے عارفاں

سچ تو کہتے ہیں وہ شاہ[1] خوش خصال ۔۔۔ آنکھ بن جاتا ہے ہر عارف کا بال

جسم را چشمے نبود اول یقیں ۔۔۔ در رحم بود او جنین گوشتیں

پہلے پہلے جسم میں آنکھیں نہ تھیں ۔۔۔ گوشت کا اک لوتھڑا تھا بالیقیں

علت دیدن مداں پیہ اے پسر ۔۔۔ ورنہ خواب اندر ندیدی آں صور

آنکھ کی چربی بنی وجہ نظر ۔۔۔ خواب میں جو دیکھتی ہے اب صور[2]

آں پری و دیو می بیند شبیہ ۔۔۔ نیست اندر دیدگان ہر دو پیہ

خواب میں دیکھیں صور دیو و پری ۔۔۔ ان کی آنکھوں میں نہیں چربی کوئی

نور را با پیہ خود نسبت نبود ۔۔۔ نسبتش بخشید خلاق ودود

نور کو چربی سے خود نسبت نہ تھی ۔۔۔ نسبت اس کو یہ خدا سے ہے ملی

---

[1] حضرت بایزید بسطامی رح کی طرف اشارہ ہے ۔

[2] صورت کی جمع ۔

آدمیست از خاک کے ماند بخاک ۔۔۔ جنی است از نار بے ہیچ اشتراک

آدمی ہے خاک کب ہے خاک سا ۔۔۔ آگ سے ہیں جن مگر ہیں آگ کیا!

نیست خود مانندِ آتش آں پری ۔۔۔ گرچہ اصلش اوست چوں می بنگری

اک پری بھی آگ کی صورت نہیں ۔۔۔ اصل گو اس کی ہے آتش بالیقیں

مرغ از بادست کے ماند بباد ۔۔۔ نامناسب را خدا نسبت بداد

ہے ہوا سے مرغ اور کب ہے ہوا ۔۔۔ نامناسب کو بھی نسبت دے خدا

نسبت ایں فرعہا با اصلہا ۔۔۔ ہست بیچوں از چہ وادش وصلہا

اصل سے شاخوں کو نسبت ہے بجا ۔۔۔ کون جانے وصل یہ کیوں ہے کیا

آدمی چوں زادہ خاکی ہباست ۔۔۔ ایں پسر را با پدر نسبت کجاست

آدمی ہے زادہ خاک و غبار ۔۔۔ باپ سے نسبت پسر کو کب ہے یار

نسبتے گر ہست مخفی از خرد ۔۔۔ ہست بیچون و خرد کے پے برد

گر ہے نسبت تو نہاں ہے عقل سے ۔۔۔ وہ ہے بے چوں عقل اسے کب پا سکے

باد را بے چشم اگر بینش نداد ۔۔۔ فرق چوں میکرد اندر قوم عاد

باد میں بے چشم اگر بینش نہ تھی ۔۔۔ فرق قوم عاد کیوں جانتی

چوں ہمی دانست مومن از عدو ۔۔۔ چوں ہمی دانست مے را از کدو

وہ تو ہے مومن یہ کافر ہے عدو ۔۔۔ کیوں سمجھتی فرق صہبائے کدو

آتش نمرود را گر چشم نیست ۔۔۔ با خلیلش چوں تجشم کرد نیست

آتش نمرود اگر بینا نہ تھی ۔۔۔ کیوں وہ ابراہیم پر ٹھنڈی ہوئی

گر نبودے نیل را آں نور دید ۔۔۔ از چہ قبطی را ز سبطی می گزید

نیل میں ہوتی نہ بینائی اگر ۔۔۔ قبطی سے سبطی کو کیوں رکھتا نظر

لہ یعنی اس کدو میں کیسی شراب ہے اور اس میں کیسی ہے۔ مطلب یہ کہ اس شخص میں کیسا ایمان ہے اور اس میں کیسا ہے۔

گر نہ کوہ و سنگ با دیدار شُد — پس چرا داؤدؑ را او یار شُد

آنکھ والے گر نہ کوہ و سنگ تھے — کس طرح داؤدؑ[۴] یار اُن کے بنے

ایں زمیں را گر نبودے چشمِ جاں — از چہ قارُوں را فرو خورد آنچناں

اس زمیں کو گر نہ ہوتی چشمِ جاں — کس طرح قاروں کو کر لیتی نہاں

گر نبودے چشمِ دل حنّانہ را — چوں بدیدی ہجرِ آں فرزانہ را

چشمِ دل ہوتی نہ گر حنّانہ[۱] کو — دیکھتا کب فرقتِ فرزانہ[۲] کو

سنگریزہ گر نبودے دیدہ ور — چوں گواہی دادے اندر مشتِ در

سنگریزوں میں نہ گر ہوتی نگاہ — کس طرح مٹھی میں بن جاتے گواہ

اے خرد برکش تو پرّ و بالہا — سورہ برخواں زلزلت زلزالہا

کھول دے اے عقل بال و پر ذرا — پڑھ وہ سورۃ زلزلت زلزالہا

در قیامت ایں زمیں بر نیک و بد — کے ز نادیدہ گواہی میدہد

نیک و بد سب پر قیامت میں زمیں — دیکھ کر دے گی گواہی بالیقیں

کی تحدث حالہا و اخبارہا — تظہر الارض لنا اسرارہا

حال اور اخبار کی باتیں کرے — یہ زمیں اسرار سارے کھول دے

ایں فرستادن مرا پیشِ تو میر — ہست برہانے کہ شُد مُرسل خبیر

میرا تیرے پاس آنا اے امیر — ہے دلیل[۴] اس کی کہ مُرسل ہے خبیر

کہ چنیں دارو چناں ناسور را — ہست ناسور از پئے ملیسور را

بس یہ ہے ناسور کی تیرے دوا — یہ ہے آسانی کو ناسورِ جفا

[۱] وہ ستون جو مسجد نبوی میں تھا۔ اور حضور کے ہجر میں نالے کیا کرتا تھا +

[۲] آنحضرت سے مراد ہے +

[۳] حضرت موسیٰ فرعون سے فرماتے ہیں +

[۴] یعنی یہ خدا تعالیٰ کی ایک حجت ہے۔ کہ ہم نے اپنا رسول بھیجکر تجھ کو خبردار کر دیا تھا +

واقعاتے دیدہ بودی پیش ازیں کہ خدا خواہد مرا کردن گزیں
دیکھے ہیں پہلے کبھی تو نے واقعات مجھ کو بخشے گا خدا عزّ حسنات

من عصا و نور بگرفتہ بدست شاخ گستاخی ترا خواہم شکست
ہیں عصا و نور سے لے مدعی شاخ گستاخی کو توڑونگا تری

واقعاتے سہمگیں از بہر ایں گونہ گونہ مینمودت رب دیں
واقعات خوف آگیں اس لئے ہر طرح کے حق دکھاتا ہے تجھے

در خور سرّ بد و طغیان تو تا بدانی کوست در خورد آن تو
سب بدی سے جو مطابق ہے تری تا کہ جس لائق ہے تو سمجھے وہی

تا بدانی کو حکیم است و خبیر مصلح امراض درمان ناپذیر
تا تو جانے ہے حکیم اور وہ خبیر لا علاج امراض کا ہے شافی بصیر

تو بتاویلات میگشتی ازاں کور و کر کایں ہست از خواب گراں
کرکے تاویلیں تو برگشتہ رہا کر دیا یہ خواب کا ہے ماجرا

واں طبیب و آں منجم در لمع دید تعبیرش بپوشید از طمع
کئے طبیب اور وہ منجم جس قدر سب نے تعبیریں چھپائیں حرص پر

گفت دور از دولت و از شاہیت کہ در آید غصہ در آگاہیت
بولے تیری دولت و شاہی سے دور کیا ہو تیرے آگے غصہ کا ظہور

از غذائے مختلف یا از طعام طبع شوریدہ ہمی بیند منام
جب غذا ہو مختلف یا ہو خراب دیکھتی ہے طبع شوریدہ یہ خواب

زانکہ دیداو کہ نصیحت جو نہ تند و خونخواری و مسکیں خو نہ
جانتے تھے تو نصیحت جو نہیں تند ہے خونخوار مسکیں خو نہیں

پادشاہاں خوں کنند از مصلحت لیک رحمتشاں فزونست از عنت
کرتے ہیں خوں مصلحت سے شاہ کبھی ان کی رحمت ہے تشدد سے بڑی

شاہ را باید کہ باشد خوئے رب ۔۔۔ رحمت او سبق گیرد بر غضب

چاہئے ہر شاہ میں خوئے خدا ۔۔۔ ہر غضب پر غالب اس کی ہو عطا

نے غضب غالب بود مانند دیو ۔۔۔ بے ضرورت خوں کند از بہر ریو

صورت شیطاں نہ غالب ہو غضب ۔۔۔ بے ضرورت ہو نہ ہرگز خوں طلب

نے حلیمی مخنث وار نیز ۔۔۔ کہ شود زن روسپی زان قلتبیز

حلم تجھ میں ہیجڑے کا کبھی نہیں ۔۔۔ ہو زن قحبہ ہی لونڈی با کنیزیں

دیو خانہ کردہ بودی سینہ را ۔۔۔ قبلہ سازیدہ بودی کینہ را

دیو خانہ سینے کو تو نے کیا ۔۔۔ اور کینہ کو لیا قبلہ بنا

شاخ تیزت بس جگرہا را کہ خست ۔۔۔ نک عصایم شاخ شوخت را شکست

تیرے سینگوں سے کئے زخمی جگر ۔۔۔ اب عصا نے سینگ توڑے سربسر

ان دنیا والوں کا اُن دنیا والوں پہ حملہ

حملہ بردند اسپہ جسمانیاں ۔۔۔ جانب قلعہ و دژ روحانیاں[۱]

لشکر جسمانیاں جب برملا ۔۔۔ قلعۂ روحانیاں پر جا چڑھا

تا فرو گیرند بر در بند غیب ۔۔۔ تا کسے ناید ازاں سو پاک جیب

تاکہ آئیں غیب کے در بند پر ۔۔۔ قدسیوں کا ہو نہ اس جانب گذر

غازیاں حملہ غزا چوں کم برند ۔۔۔ کافراں بر عکس حملہ آورند

روسکتے ہیں جنگ کو غازی اگر ۔۔۔ ہوتے ہیں کفار ان پر حملہ ور

غازیان غیب چوں از حلم خویش ۔۔۔ حملہ ناوردند بر تو زشت کیش

غازیان غیب اپنے حلم سے ۔۔۔ حملہ ور تجھ پر نہ آنے کا فر ہوئے

۱؎ قلعہ ۔

حملہ بردی سوئے دربندان غیب ۔ تا نیایند این طرف مردان غیب

حملہ تو نے غیب کے در پر کیا ۔ تا ادھر آئیں نہ مردان خدا[2]

چنگ در صلب و رحمہا بر زدی ۔ تا کہ شارع را بگیری از بدی

پشت اور رحموں میں مارا تو نے چنگل[1] ۔ تا بدی سے راہ روکے بہادر ناک

چون بگیری شہرہ کہ ذو الجلال ۔ برگزیداست از برائے انسال

تو مگر اس راہ کو کس طرح لے ۔ جس کو چھپا شاہ حق نے نسلوں کے لیے

تو زدی دربندہا را اے لجوج ۔ کور گئے تو کرو سست آہنگے خروج

جبکہ دربندوں پہ یورش تو نے کی ۔ اک سپاہی نکلا کوری سے تری

ناک منم سرہنگ و ہنگت بشکنم ۔ ناک بنامش نام و ننگت بشکنم

وہ سپاہی ہیں ہوں دوں تجھ کو شکست ۔ نام سے اس کے کرونگا تجھ کو پست

تو ہلا دربندہا را سخت بند ۔ چند گاہے بر سبال خود بخند

خوب دربندوں کے در مضبوط کر ۔ ہو لے خوش کچھ دیر اپنی مونچھ پر

سبلتت را برکند یک یک قدر ۔ تا بدانی کالقدر یعمی البصر

مونچھیں اکھاڑ ینگی تری ایک ایک کر ۔ تا تو سمجھے اندھا کرتی ہے قدر[3]

سبلت تو تیز تر یا آن عاد ۔ کہ ہمی لرزید از دمشان بلاد

تیری مونچھیں سخت ہیں یا عاد کی ۔ تھا زمانہ جن سے لرزاں اے شقی

تو ستیزہ رو تری یا آل ثمود ۔ کہ نیاید مثل ایشان در وجود

جنگجو تر تو ہے یا قوم ثمود ۔ مثل جن کے تھا نہ کوئی بھی وجود

صد ازینہا گر بگویم تو کری ۔ بشنوی و ناشنودہ آوری

سینکڑوں باتیں کروں بہرا ہے تو ۔ اور سنی کو ان سنی کرتا ہے تو

---

[1] چنگل - پنجہ + [2] خدا کے +
[3] یعنی قضا و قدر +

تو چہ کردم از سخن کانگیختم	بے سخن من دارویت آمیختم
تو یہ نہیں سنے تجھ سے کیوں یہ بات کی	یاد ہے تیری دوا بے بات بھی
کہ نہم بر ریش خامت تا پزد	تا بسوزد ریش خامت تا ابد
تیرے کچے زخم پر رکھوں اسے	تا قیامت زخم کچا ہی سب جلے
تا ہدائی کو خبیرست اے ولد	میدہد ہر چیز را در خورد او
ہے خبیر اب کون، تا تو جان لے	جس کے جو لائق ہو وہ چیز اسکو دے
کے نکو کردی و کے کردی تو شر	کہ ندیدی لایقش در پے اثر
کونسی کی تو نے نیکی اور شر	جو نہ دیکھا اس کے پیچھے اک اثر
کے فرستادی دمے بر آسماں	نیکیئے کز پے نیامد مثل آں
آسماں پر کب ہیں بھیجی نیکیاں	اجر جن کا آ نہ پہنچا ہو یہاں
گر مراقب باشی و بیدار تو	ہر دمے بینی جزائے کار تو
ہو مراقب یا کہ ہو بیدار تو	دیکھے گا ہر دم جزائے کار تو
چوں مراقب باشی و گیری رسن	حاجتت ناید قیامت آمدن
گر مراقب ہو کے رسی تھام لے	پھر قیامت کی نہ کچھ حاجت رہے
آنکہ رمزے را بداند او صحیح	حاجتش ناید کہ گویند او صریح
رمز کو جو جان لیتا ہو صحیح	کیا اسے حاجت کہ وہ بولے صریح
ایں بلا از کودنی آید ترا	کہ نکردی فہم نکتہ و رمزہا
بیوقوفی سے بلا ہے چار سو	کچھ نہ سمجھا رمز اور نکتوں کو تو
از بدی چوں دل سیاہ و تیرہ شد	فہم کن اینجا نشاید خیرہ شد
جب بدی سے دل سیاہ و تیرہ ہو	تو نہیں شایاں کہ تو ششدر ہو
ورنہ خود تیرے شود آں تیرگی	در رسد در تو جزائے خیرگی
تیر ہو جائیگی ورنہ تیرگی	تجھ کو پہنچیگی جزائے خیرگی

ور نیابد پر تبیرت از نجشایش است — نے پیئے تا دیدن آلایش است
گر نہ آسے تیرے ہے اس کی عطا — ورنہ وہ آلودگی ہے دیکھتا
ہیں مراقب باش گر دل بایدت — کز پئے ہر فعل چیزے زایدت
ہو مراقب گر تجھے دل چاہئے — تا جزا ہر فعل کی ملتی رہے
ور ازیں افزوں ترا ہمت بود — از مراقب کار بالاتر بود
اور اگر اس سے کبھی کچھ ہمت بڑھے — تو مراقب سے کبھی کچھ عظمت بڑھے

جسم انسانی جوہر آئینہ ہے

پس چو آہن گرچہ تیرہ ہیکلی — صیقلی کن صیقلی کن صیقلی
مثل لوہے کے تو ہے تاریک اگر — اور کر صیقل بدن پر اور کر
تا دلت آئینہ گردد پر صور — اندرو ہر سو ملیحے سیمبر
تا کہ تیرا دل بنے اک آئینہ — اس میں دیکھے صورتیں رنگیں لقا
آہن ارچہ تیرہ و بے نور بود — صیقلی آں تیرگی از وے زدود
لوہا گرچہ کالا اور بے نور تھا — کی جو صیقل زنگ سب جاتا رہا
صیقلے دید آہن و خوش کرد رو — تا کہ صورت ہا تواں دید اندرو
پا کے صیقل لوہا خوش رو ہو گیا — عکس تک اس میں نظر آنے لگا
گر تن خاکی غلیظ و تیرہ است — صیقلش کن زانکہ صیقل گیرہ است
گر ترا تن خاکی ہو گرا اور سیاہ — صیقل اس پر کر لے ہے اس کی چاہ
تا درو اشکال غیبی رو دہد — عکس حورے و ملک در وے جہد
تاکہ اس میں شکل غیبی آئے نظر — عکس ہو حور و ملک کا جلوہ گر
صیقل عقلت بداں دادہست حق — کہ بدو روشن شود دل را ورق
حق نے دی ہے عقل کی صیقل تجھے — تا کہ وہ دل کا ورق روشن کرے

صیقلے را بستۂ اے بے نماز — واں ہوا را کردۂ دو دست باز

رکھ دیا صیقل کو تو نے باندھ کے — حرص کے ہاتھوں کو کھولا شوق سے

گر ہوا را بند بنہادہ شود — صیقلے را دست بکشادہ شود

حرص کو گر بند تو نے کر لیا — دست صیقل خود بخود کھل جائیگا

آہنے کائینۂ غیبی بدے — جملہ صورتہا درو حاصل شدے

لوہا آئینہ جو ہوتا غیب کا — اس میں ہوتیں صورتیں جلوہ نما

تیرہ کردی زنگ دادی در نہاد — ایں بود یسعون فی الارض الفساد

زنگ دیکر کر دیا تیرہ نہاد — بس زمیں میں ہے یہی سعی[۱] فساد

تاکنوں کردی چنیں اکنوں مکن — تیرہ کردی آب را افزوں مکن

خیر اب جو ہو گیا سو ہو گیا — اپنے پانی کو نہ تیرہ تر بنا

بر مشوران تا شود ایں آب صاف — واندرو بیں ماہ و اختر در طواف

اب نہ حرکت دے کہ یہ پانی ہو صاف — دیکھ اس میں چاند تاروں کا طواف

زانکہ مردم ہست ہمچوں آب جو — چوں شود تیرہ نہ بینی قعر او

کیونکہ ہے انسان مثل آب جو — ہو جو گدلی دیکھے گہرائی نہ تو

قعر جو پر گوہرست و پر دُرر — ہیں مکن تیرہ اگر ہستی تو حُر

موتیوں سے اس کی تہ آباد ہے — کر نہ گدلا اس کو گر آزاد ہے

جان مردم ہست مانند ہوا — چوں بگرد آمیخت شد پردۂ سما

جان ہے انسان کی مثل ہوا — گرد میں آ کر ہو پردہ چرخ کا

مانع آید او ز دید آفتاب — چونکہ گردش رفت شد صافی و ناب

روکتی ہے جمال آفتاب — گرد مٹ جائے تو پھر اجلا ہے تاب

۱ یعنی زمین پر فساد پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں۔

حاصل آنکہ کم کن اے بیہدہ ور   صیقلی واللہ اعلم بالصدور
مختصر یہ کہ نہ کر اے بے سرور   صیقلی واللہ اعلم بالصدور[1]

حضرت موسیٰؑ کا فرعون کے راز کھولنا

با کمال تیرگی حق واقعات   می نمودت تا روی راہ نجات
باوجود تیرگی حق واقعات   کھولتا ہے تاکہ تو پائے نجات

ز آہن تیرہ بقدرت می نمود   واقعاتے کہ در آخر خواست بود
جیسے کہ تیرے آہن تاریک سے   ہونے والے تھے جو آخر واقعے

تا کنی کمتر تو آں ظلم و بدی   آں ہمی دیدی و بدتر می شدی
تا ترے کم ہوں مظالم اور بدی   دیکھ کر بدتر ہوا تو اور بھی

نقشہائے بد کہ در خوابت نمود   می رمیدی زاں و آں نقش تو بود
نقش بد جو خواب میں آئے نظر   جن سے بھاگا، تھا وہ تو ہی سر بسر

ہمچو آں زنگی کہ در آئینہ دید   روئے خود را زشت و بر آئینہ رید
جیسے اک زنگی نے دیکھا آئنا   دیکھی صورت بد تو اس پر ہگ دیا

کہ چہ زشتی لائق اینی و بس   زشتیم آن تواست اے کور خس
اور کہا آئینہ سے اے زشت رو   میری زشتی ہے تری اندھے ہے تو

آں جفا بر روئے زشتت میکنی   نیست بر من زانکہ ہستم روشنی
اپنے روئے زشت پر ہے یہ جفا   مجھ پہ کیا ہے میں تو ہوں صاف اور صفا

گاہ میدیدی لباست سوختہ   گہ دہان و چشم تو بر دوختہ
گہ لباس کو دیکھتا تھا تو جلا   گاہ اپنی آنکھ اور منہ کو سلا

[1] اللہ تعالیٰ سینوں کا حال جاننے والا ہے۔
[2] یہاں سے حضرت موسیٰؑ کا خطاب فرعون سے ہے۔

گاہ جیواں قاصدِ خونت شدہ — گہ سرِ خود را بدنداں دودہ

قصد حیواں نے کبھی خوں کا کیا — تھا کبھی دانتوں میں اُس کا سر تڑا

گہ نگوں اندر میانِ آبریز — گہ غریقِ سیلِ خوں آمیز تیز

تو کبھی چشمے میں اوندھا گر پڑا — غرق سیلِ خوں میں گاہے ہو گیا

گہ ز بامے اوفتادہ گشتہ پست — گاہ در اشکنجہ وبستہ دو دست

تو کبھی کوٹھے سے نیچے گر پڑا — اور شکنجے میں کبھی جکڑا گیا

گاہ دیدہ خویش در زنجیر و غل — گاہ بر مغزت زدندے چوں دہل

گاہ زنجیروں میں تیرے ہاتھ تھے — گاہ دیکھا اپنا سر کٹتے ہوئے

گہ ندات آمد ازیں چرخ نقی — گہ شقیی گہ شقیی گہ شقی

چرخ سے آتی یہ آوازیں کبھی — تو شقی ہے تو شقی ہے تو شقی

گہ ندات آمد صریحے از جبال[1] — گہ برو ہستی ز اصحابِ شمال

اور کبھی آواز دیتے تھے جبال[1] — جا کہ تو ہے مثلِ اصحابِ[2] شمال

گہ صدا می آمدت از ہر جماد — تا ابد فرعون در دوزخ فتاد

پتھروں سے گاہ آتی تھی صدا — تا ابد فرعون دوزخ میں گیا

گہ خطاب آمد ترا از ہر نبات — گشت مطرودِ ابد فرعون مات

اور کہتی تھی کبھی تجھ سے نبات[3] — تا ابد فرعون تو نے کھائی مات

زیں بترہا کہ نمی گویم ز شرم — تا نگردد طبعِ معکوسِ تو گرم

اس سے بھی بدتر کہوں تو آئے شرم — اور ہو الٹی طبیعت تیری گرم

اندکے گفتم بتو لے ناپذیر — ز اندکے دانی کہ ہستم من خبیر

تھوڑا سا کچھ کہہ دیا ہے اے شریر — تا کہ تو سمجھے ہیں ہوں تجھ سے خبیر

[1] پہاڑ + [2] یعنی کافر اور دوزخی جو قیامت میں عرش کی بائیں جانب ہونگے
[3] نباتات +

خویشتن را کور میکردی و مات — تا نیندیشی جواب واقعات
خود کو اندھا کر لیا اور کھائی مات — سوچنا کیا ہے جواب واقعات

چند بگریزی نک آمد پیش تو — کوری او را ک مکر اندیش تو
بھاگیگا کب تک کہ آگے آ گئی — کوری تیرے فہم مکر اندیش کی

ہین مکن زین پس فرا گیر احتراز — کہ ز بخشایش در توبہ است باز
اب نہ کر ایسا کر اس سے احتراز — ہے درِ توبہ ابھی رحمت سے باز

توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے

توبہ را از جانب مغرب درے — باز باشد تا قیامت بر ورے
توبہ کا ہے سمت مغرب ایک در — حشر تک وہ ہے کھلا مخلوق پر

تا ز مغرب بر زند سر آفتاب — باز باشد آن در از وے سر متاب
نکلے مغرب سے نہ جب تک آفتاب — وہ کھلا ہے، کر نہ اس سے اجتناب

ہست جنت را ز رحمت ہشت در — یک در توبہ است زان ہشت اے پسر
خلد کے رحمت سے ہیں جو آٹھ در — اک درِ توبہ ہے ان میں اے پسر

زان ہمہ گہ باز باشد گہ فراز — وان درِ توبہ نباشد جز کہ باز
کھلتے بھی ہیں ہوتے ہیں وہ بند بھی — اور درِ توبہ ہے رہتا باز ہی

ہین غنیمت دار در باز است زود — رخت آنجا کش بکوری اے حسود
ہے غنیمت در ہے توبہ کا کھلا — چھوڑ اندھا پن وہاں بستر جما

پیش از آن کز قہر در بستہ شود — بی از آن زاری تو کس نشنود
اس سے پہلے قہر بن [illegible] اس کو کرے — پھر نہ کوئی تیری زاری کو سنے

باز گرد از کفر وایں در باز یاب — تا نگردی از شقاوت رد باب
کفر سے باز آ، کھلا اس در کو پا — تا نہ رد کر دے شقاوت بیوفا

حضرت موسیٰؑ کا فرعون سے ارشاد

ہین ز من بپذیر یک چیز و بیار | پس ز من بستاں عوض آں را چہار
صرف میری ایک شے کر اختیار | اور عوض میں اس کے لے مجھ سے چار

گفت اے موسیٰؑ کدام است آں یکے | شرح کن با من ازاں یک اندکے
بولا اے موسیٰؑ وہ شے ہے ایک کیا | حال کچھ اس کا مجھے بھی تو سنا

گفت آں یک کہ بگوئی آشکار | کہ خدائے نیست غیر از کردگار
بولے صرف اتنا تو کہہ دے آشکار | بس خدا کوئی نہیں جز کردگار

خالق افلاک و انجم بر علا | مردم و دیو و پری و مرغ را
چرخ اور تاروں کا ہے وہ کبریا | آدمی دیو و پری اور مرغ کا

خالق دریا و کوہ و دشت و تیہ | ملکت او بے حد و او بے شبیہ
خالق صحرا و دریا و جبال | ملک بے حد اس کا وہ ہے بے مثال

حافظ ہر چیز و ہر کس ہر مکاں | رازق ہر جانور اندر جہاں
حافظ ہر چیز و ہر جا و بشر | ہے جہاں میں رازق ہر جانور

ہم نگہدارندۂ ارض و سما | ہم پدید آرندۂ گل از گیا
ہے وہی ارض و سما کا پاسباں | گھاس سے پھولوں کو کرتا ہے عیاں

مطلع او بر ضمیر بندگاں | حاکم و جبار بر گردن کشاں
راز دل بندوں کے اس پہ ہیں عیاں | حاکم و جبار مغروروں پہ ہاں

اوست بر ہر پادشاہے پادشا | حکم او را یفعل اللہ ما یشا
ہے وہی ہر بادشاہ پر بادشا | حکم اس کا یفعل[1] اللہ ما یشاء

[1] اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اور جو چاہیگا کریگا۔

گفت اے موسیٰؑ کدامست آں چہار ‏ ‏ که عوض بدہی مرا بر گو بیار
بولا اے موسیٰؑ ہیں چیزیں وہ چار کیا؟ ‏ ‏ جو عوض میں آپ کے ہیں پاؤں گا

تا بود کز لطفِ آں وعدۂ حسن ‏ ‏ سست گردد چار میخ کفر من
شاید اُن کے وعدۂ محمود سے ‏ ‏ سست میرے کفر کے ہوں حوصلے

بو کہ زاں خوش وعدہائے مغتنم ‏ ‏ بر کشاید قفل کفر صد منم
شاید اُن کے وعدہ سے اے محترم ‏ ‏ ٹوٹ رٹ جائے قفل زناران صنم

بو کہ از تاثیر جوئے انگبیں ‏ ‏ شہد گردد در تنم آں زہر کیں
گر کرے تاثیر جوئے انگبین ‏ ‏ شہد شاید جسم میں ہو زہر کیں

یا ز عکس جوئے آں پاکیزہ شیر ‏ ‏ پرورش یابد دمے عقل اسیر
عکس سے اس نہر کے جس میں ہے شیر ‏ ‏ پرورش پائے مری عقل اسیر

یا بود کز عکس آں جوہائے خمر ‏ ‏ مست گردم بو برم از ذوق امر
یا کرے ڈالے عکس جب جوئے شراب ‏ ‏ مست ہو کر حکم حق مانوں شتاب

یا بود کز لطفِ آں جوہائے آب ‏ ‏ تازگی یابد تن شورہ خراب
یا اگر ہو مہرباں وہ جوئے آب ‏ ‏ تازگی پائے مرا جسم خراب

شورہ ام را سبزۂ پیدا شود ‏ ‏ خار زارم جنت الماوا شود
میرے کوڑے پر ہو سبزہ آشکار ‏ ‏ جنت الماویٰ ہو میرا خار زار

بو کہ از عکس بہشت چار جو ‏ ‏ جاں شود از یاریٔ حق یار جو
عکس جب ڈالے بہشت چار جو[1] ‏ ‏ روح ہو یار رہا حق سے یار جو

آنچناں کز عکس دوزخ گشتہ ام ‏ ‏ آتش و در قہر حق آغشتہ ام
عکس سے دوزخ کے میں ہوں آگ جوں ‏ ‏ قہر میں اللہ کے آلودہ ہوں

[1] چار نہروں والی بہشت۔

کز عکسِ نارِ دوزخ ہمچو مار
گشتہ ام بر اہلِ جنت زہر بار
عکس سے دوزخ کے ہیں مانندِ مار
اہلِ جنت پر ہوا ہوں زہر بار

کز عکسِ جوششِ آبِ حمیم
آبِ ظلمم کرد خلقاں را رہیم
ہے اس آبِ گرم کا ہے جوش یاں
ظلم سے بوسیدہ مجھ کیا ہے جہاں

من ز عکسِ زمہریرم زمہریر
باز عکسِ آں سعیرم چوں سعیر
عکس[۱] نارِ سرد سے ہوں زمہریر
عکس گرم و آتشیں سے ہوں سعیر[۲]

دوزخِ درویش مظلومم کنوں
وائے آنکو پا کشش ناگہ زبوں
دوزخِ درویش مظلوم آج ہوں
وائے اس پر پاؤں ہیں جس کو زبوں

موسیا باشد کہ بکشائیم در
وز فضیلہات گردم با خبر
شاید اے موسیٰؑ وہ در ہیں کھول لوں
اور خبر تیری فضیلت کی سنوں

موسیا باشد کہ یابیم ما منے
وا رہیم از کثرتِ ما و منے
شاید اے موسیٰؑ ملے مجھ کو پناہ
ہیں خودی سے چھوٹ جاؤں پُر گناہ

ہیں بگو با من کہ ہست آں چہار
کہ عوض خواہیم دادن بر شمار
ہاں بیاں کر جلد کیا چیزیں ہیں چار
جو عوض میں پاؤنگا کر لے شمار

حضرت موسیٰؑ کا وہ چاروں فضیلتیں بیان کرنا

گفت موسیٰؑ کاولین آں چہار
صحتے باشد تنت را پائدار
بولے موسیٰؑ اولین ہر چہار
تندرستی جسم کی ہے پائدار

آں علل ہائیکہ در طب گفتہ اند
دور باشد از تنت اے ارجمند
طب میں جن بیماریوں کا ہے بیاں
دور تیرے جسم سے ہوں بیگماں

۱؎ دوزخ میں عذاب کی دو قسمیں ہیں سرد و گرم +
۲؎ بھڑکی ہوئی آگ +

ثانیاً باشد ترا عمر دراز | کہ اجل دارد ز عمرت احتراز
دوسرے ہو عمر بھی تیری دراز | موت کو تجھ سے رہے اک احتراز

وین نباشد بعد عمر مستوی | کہ بناکام از جہاں بیروں روی
عمر طبعی کے بھی بعد اے تند خو | جائے دنیا سے نہ پھر ناکام تو

بلکہ خواہان اجل چوں طفل شیر | نے ز رنجے کاں ترا دارد اسیر
خواستگار موت ہو جوں طفل شیر | ہو نہ مرتے دم کسی غم میں اسیر

مرگ جو باشی ولے نز عجز و رنج | بلکہ بینی در خراب خانہ گنج
موت کا جو یا ہو خود بے عجز و رنج | بلکہ ویرانے میں تو دیکھیگا گنج

پس بدست خویش گیری تیشۂ | میزنی بر خانہ بے اندیشۂ
ہاتھ میں لیکر بسولا بے گماں | اپنے گھر کو ڈھائیگا تو خود یہاں

کہ حجاب گنج بینی خانہ را | مانع صد خرمن ایں یکدانہ را
گھر کو تو دیکھیگا پردہ گنج کا | دانہ اک سو ڈھیر کا مانع ہوا

پس در آتش افگنی ایں دانہ را | پیش گیری پیشۂ مردانہ را
آگ میں اس دانہ کو تو ڈالدے | پیشۂ مردانہ خود حاصل کرے

برکنی ایں خانۂ تن بیدریغ | تا مہت آید بروں از زیر میغ
خانۂ تن کو تو ڈھا دے بیگماں | چاند تیرا ابر سے تا ہو عیاں

اے بسا برگے ز باغے ماندۂ | ہمچو کرمے برگش از رز راندۂ
باغ میں قانع ہے تو اک برگ پر | مثل کرم انگوروں سے ہے بیخبر

چوں کرم ایں کرم را بیدار کرد | اژدہائے جہل را ایں کرم خورد
فضل سے بیدار جب کیڑا ہوا | اژدہائے جہل کو بس کھا گیا

کرم گشتہ پُر ز میوہ درخت | اینچنیں تبدیل گردد نیکبخت
کرم انگوروں کا پر میوہ درخت | بن گیا بدلے یونہی ہر نیکبخت

کنت کنزاً مخفیا ... کی تفسیر

خانہ برکن کز عقیقش ایں یمن[1]	صد ہزاراں خانہ شاید ساختن
گھر گرا جا اور اس عقیق پاک سے	لاکھوں گھر بن سکتے ہیں تیرے لئے
گنج زیر خانہ است و چارہ نیست	پس نہ ہم خانہ منشایش مایست
گھر کے نیچے گنج ہے پھر چارہ کیا	ڈھانے گھر کو سوچتا کیا ہے کھڑا
کہ ہزاراں خانہ از یک نقد گنج	بتواں کردن عمارت بے زرنج
جب خزانہ مل گیا گھر سینکڑوں	بے کسی تکلیف کے تیار ہوں
عاقبت آں خانہ خود ویراں شود	گنج از زیرش یقیں عریاں شود
آخر اک دن گھر یہ ڈھایا جائیگا	نکلیگا نیچے خزانہ برملا
لیک آں تو نباشد زانکہ روح	مزد ویراں کردنستش آں فتوح
روح مالک اس کی ہوگی تو نہیں	لے گی ڈھانے کا عوض وہ بالیقیں
چوں نکرد آں کار مزدش ہست لا	لیس للانسان الا ما سعیٰ[2]
ہوگئی بے کام مزدوری فنا	کیا ملے ہے کوشش کے سوا انسان کا
دست خائی بعد ازاں تو کائے دریغ	ایں چنیں ماہے بد اندر زیر میغ
ہاتھ چابیگا پھر اپنے بیگماں	آہ تھا کیا چاند بادل میں نہاں
من نکردم آنچہ گفتند از بہی	گنج رفت و خانہ و دستم تہی
جو ہدایت تھی نہ کیوں ویسا کیا	گنج سے گھر کا تھا خالی رہ گیا
حائل گنج و حجاب ایں خانہ بود	مانع ایں خرمن ایں یکدانہ بود
وہ حجاب گنج میرا گھر ہی تھا	مانع خرمن یہ اک دانہ رہا

۱؎ گھر سے مراد یہاں جسم اور عقیق سے مراد روح ہے۔

۲؎ قولہ تعالیٰ جل جلالہ وعم نوالہ: لیس للانسان الا ما سعیٰ

خانۂ اُجرت گرفتی و کرے | نیست ملک تو بہ بیعے یا شرے
گھر ہے اُجرت پر کرایہ دار تو | گھر نہیں ذاتی تو ہے ناچار تو

ایں کری را مدتے داد و اجل | تا در ایں مدت کنی در وے عمل
اِس کرائے کی ہے مدت بے خلل | تا لے ہے اس وقت تک تیرا عمل

پارہ دوزی میکنی اندر دُکاں | زیر ایں دُکاں تو پنہاں دو کاں
تو دُکاں پر سی رہا ہے دھجیاں | ہیں دُکاں کے نیچے دو کانیں نہاں

ہست ایں دکّاں کرائی زود باش | تیشہ بستان و تگش را میخراش
ہے کرائے پر یہ دُکاں جلد کر | لے لبسولہ کھود جڑ لے بے خبر

تا کہ تیشہ ناگہاں بر کاں نہی | از دُکان پارہ دوزی وا رہی
تیشہ شاید کان ہی پر جا لگے | ہو رہا سینے سے اور دُکاں سے

پارہ دوزی چیست خورد آب و ناں | میزنی ایں پارہ بر دلق گراں
دھجی سینا کیا ہے کھانا آب و ناں | گدڑی پر یہ ہے لگانا دھجیاں

ہر زماں میدرد ایں دلق تنت | پارہ بر وے میزنی زینخوردنت
تن کی گدڑی لحظہ میں پھٹے | اس پہ پھر پیوند کھانے کا لگے

اے ز نسل پادشاہِ کامگار | با خود آ زیں پارہ دوزی ننگ دار
بادشاہوں کی ہے جب تو نسل سے | پارہ دوزی عار ہونی چاہئے

پارہ برکن از یں قعر دُکاں | تا برآرد سر بہ پیشِ تو دو کاں
اُس دُکاں کی تہ سے کچھ کپڑے اُڑا | تا کہ دو کانیں ہوں ظاہر برملا

پیش ازاں کایں مہلتِ خانہ کری | آخر آید بر نخوردہ زو بری
ختم اگر مدت کرائے کی ہوئی | جائیگا دُکاں سے پھر ناکام ہی

پس ترا بیروں کند صاحب دکاں | ویں دُکاں را برکند از روئے کاں
مالکِ دُکاں نکالے گا سمجھ | اور نکالے کان دُکاں کھود کے

تو ز حسرت دست بر سر میزنی — گاہ ریش خام خود بر میکنی

اپنا پھر پیٹے گا تو حسرت سے سر — ڈاڑھی بھی نوچیگا اپنی سربسر

کاے دریغا آن من بود این دکاں — کور بودم برنخوردم زاین مکاں

اور کہیگا تھی یہ پہلے میں دکاں — پھل نہ پایا اس دکاں سے بیگماں

اے دریغا گنج را بگذاشتم — آب حیواں را بخاک انباشتم

ہائے میں نے خود ہی چھوڑا گنج زر — آب حیواں کو دبا مٹی سے پھر

اے دریغا بود ما را برد باد — تا ابد یا حسرتا شد للعباد

ہو گئی برباد سب ہستی مری — ہے ابد تک حسرت اور افسوس بھی

اے دریغا اے دریغا اے دریغ — ماہ من پنہاں بماند زیر میغ

ہائے صد افسوس اف وا حسرتا — چاند بادل ہی میں پنہاں رہ گیا

انسان کا ذہن اور تصورات طبیعت پر مغرور ہونا

دیدم اندر خانہ من نقش و نگار — بودم اندر عشق خانہ بیقرار

دیکھے ہیں نے گھر میں کچھ نقش و نگار — اور رہا گھر کے لئے میں بیقرار

ماندم اندر خانہ حیران نزار — لاجرم از معنی شدم من عور زار

گھر میں جاکر رہ گیا حیراں مگر — ہو گیا معنی سے میں بیکار تر

عشق خانہ وہل من کار کرد — لاجرم از گنج ماندم دور و فرد

عشق نے گھر کے کیا ہم کو ہلاک — دور دولت سے ہوں میں اندوہناک

بودم از گنج نہانی بیخبر — ورنہ دستنبوئے من بودے تبر

تھا میں اس گنج نہاں سے بے خبر — ورنہ گلدستہ مرا بنتا تبر

آہ گر داد تبر را دادمے — این زماں غم را تبرا دادمے

آہ میں دیتا تبر کی داد اگر — بھیجتا اس دم تبرا رنج پر

چشم را بر نقش می انداختم ہمچو طفلاں عشقہا میباختم

آنکھ میری نقش ہی پر تھی لگی مثل بچوں کے تھی میری عاشقی

پس بگو گفت آں حکیم کامیار کہ تو طفلی خانہ پُر نقش و نگار

سچ تو کہتے ہیں حکیم ذی وقار تو ہے بچہ گھر ہے پُر نقش و نگار

در الٰہی نامہ بس اندرز کرد کہ برآر از دُود مانِ خویش گرد

ہے الٰہی نامہ میں یوں پند دی کہ اُڑا دے دھوں اپنے جسم کی

حضرت موسیٰؑ کا تیسرا وعدہ بیان کرنا

بس کن اے موسیٰؑ بگو وعدہ سوم کہ دل من ز اضطرابش گشت گم

کہدے اے موسیٰؑ تو وعدہ تیسرا اضطراب دل سے ہوں کھویا ہُوا

گفت موسیٰؑ آں سوم ملکِ دو تو دو جہانے خالص از خصم و عدو

بولے موسیٰؑ تیسرے دو ملک لے دو جہاں جن میں نہ دشمن مل سکے

بیشتر زاں ملک کانوں داشتی کاں بُد اندر جنگ و ایں در آشتی

کچھ زیادہ اس سے جو رکھتا ہے تو جنگجو یہ ہے وہ ہوگا صلح جو

آنکہ در جنگت چناں ملکے دہد بنگر اندر صلح چوں خوانت نہد

جنگ میں جو تجھ کو ایسے ملک دے صلح میں کیا کیا تری خاطر کرے

آں کرم کاندر جفا انہمات داد در وفا بنگر چہ باشد افتقاد

سب جفا میں اُس کے ہیں اتنے کرم پھر وفا میں وہ کرے کتنے کرم

گفت اے موسیٰؑ چہارم چیست زود باز گو صبرم شد و حرصم فزود

بولا اے موسیٰؑ ہے جو تھا وعدہ کیا جلد کہ بے صبر ہوں ۔ لالچ بڑھا

سلہ یعنی حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ

گفت چارم آنکہ مانی تو جواں — موئے ہمچوں قیر و رخ چوں ارغواں

بولے چوتھے یہ رہیگا تو جواں — بال کالے اور رخ جوں ارغواں

رنگ و بو در پیش ما بس کاسد است — لیک تو پستی سخن کردیم پست

رنگ و بو ناقص ہے اپنے سامنے — پست ہے تو پست ہی وعدے کئے

افتخار از رنگ و بو و از مکاں — ہست شادی و فریب کودکاں

افتخارِ رنگ و بو حسنِ مکاں — ہے خوشی بچوں کی دھوکا بیگماں

کلموا الناس علیٰ قدر عقولہم[1] کی تفسیر

چونکہ با کودک سر و کارم فتاد — ہم زبان کودکاں باید کشاد

چونکہ بچے سے پالا ہے پڑا — باتیں بچوں کی سی کرنی ہیں روا

کہ برو کتاب تا مرغت خرم — یا مویز و جوز و پستق آورم

مدرسے تو جا ہیں چڑیا دوں منگا — جوز انگور اور پستا دوں منگا

جز شباب تن نمیدانی بگیر — ایں جوانی را بگیر اے خرشعیر

تو جو جوانی چاہتا ہے لے شریر — لے جوانی مل رہی ہے دلپذیر

ہیچ آژنگے نیفتد بر رخت — تازہ ماند ایں شباب فرخت

ایک بھی جھری نہ چہرے پر پڑے — تازہ تر گلشن جوانی کا رہے

نے نشان پیریت آرد برو — نے قد چوں سرو تو گردد دوتو

ہو بڑھاپے کا نہ کچھ ظاہر نشاں — سرو سا قد خم نہ ہو یہ جاوداں

نے شود زور جوانی از تو کم — نے بدنداں ہا خللہا یا الم

ہو کبھی قوت جوانی کی نہ کم — ہو نہ دانتوں کو کوئی دکھ یا الم

[1] یعنی لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق گفتگو کرو +

نہ کمی در شہوت و طمث و لعال | کہ زناں را آید از ضعف ملال
ہو نہ شہوت اور حرارت میں کمی | ہو نہ عورت کو شکایت ضعف کی
نہ شود موئے سفید و پشت خم | لیک خوشتر لحظہ لحظہ دم بدم
ہو سفیدی بالوں پر نے پشت خم | لحظہ لحظہ شاد ہو تو دم بہ دم
آنچناں بکشاید از فر شباب | کہ گشود آں مژدہ بر عکاشہ رضی اللہ عنہ باب
یوں جوانی تیرے اوپر کھٹ پڑے | جیسے عکاشہ رض تھے خوش اک مژدہ[1] سے

من بشرنی بخروج الصفر بشرتہ بالجنۃ[2] کی تفسیر

احمد آخر زماں را انتقال | در ربیع اول آمد بے جدال
جب حبیب حق نے فرمایا وصال | تھا ربیع الاول اے عالی خصال
چونکہ واقف شد دلش از وقت نقل | عاشق آں وقت گردید او بعقل
دل ہوا واقف جو وقت مرگ سے | آپ عاشق ہو گئے اس وقت کے
چوں صفر آمد بشد شاد از صفر | کہ پس ایں ماہ می سازم سفر
خوش ہوئے جب آ گیا ماہِ صفر | میں کروں بعد اس مہینے کے سفر
ہر شبے تا روز زیں شوق ہدے | او رفیق راہِ اعلیٰ میزدے
رات دن یہ ذکر تھا لب آشنا | تھی رفیق[3] راہِ اعلیٰ کی صدا
گفت ہر کس کہ مرا مژدہ دہد | چوں صفر پا از جہاں بیروں نہد
کہتے تھے مژدہ کوئی دیگا اگر | جب صفر کر جائے دنیا سے سفر

[1] اس کی تفصیل آ گئی ہے۔
[2] جو شخص مجھے ماہ صفر گذرنے کی بشارت دے۔ میں اسے جنت کی بشارت دیتا ہوں۔
[3] یعنی آپ فرمایا کرتے تھے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّفِیْقُ الْاَعْلٰی۔

کہ صفر بگذشت و شد ماہ ربیع — مژدہ ور باشم مر او را و شفیع

اب صفر گذرا، ہوا ماہ ربیع — اُس کو مژدہ دونگا اور ہونگا شفیع

چون صفر بر بست بار و ماہ نو — گشت پیدا بر فلک با تاب و ضو

جب صفر گذرا، تو نکلا ماہ نو — اور پھیلی آسماں پر اس کی ضو

گفت عکاشہ صفر بگذشت و رفت — گفت کہ جنت ترا اے شیر زفت

دی خبر عکاشہ رضؓ نے گذرا صفر — بولے حضرت۔ ہے ترا جنت میں گھر

دیگرے آمد کہ بگذشت این صفر — گفت عکاشہ رضؓ ببرد از مژدہ بر

دوسرا آیا۔ کہا۔ گذرا صفر — بولے عکاشہ رضؓ ہوئے ہیں مژدہ بر

پس رجال از نقل عالم شادمان — وز بقایش شادمان این کودکان

موت سے ہیں شاد مردانِ خدا — اور جینے میں ہے بچوں کو مزا

چونکہ آب خوش ندید آن مرغ کور — پیش او کوثر نماید آب شور

آب خوش دیکھے نہیں جو مرغ کور — سامنے اُس کے ہو کوثر آب شور

ہمچنین موسیٰ کرامت می شمرد — ہم بدینسان بقدم رہ می سپرد

کرتے تھے موسیٰ کرامت یوں عیاں — بیقدم تھے اپنے رستے میں رواں

کہ نگردد صاف اقبال تو درد — ہم نگردد اطلس بخت تو برد

ہاں نہ ہو دُھندلا ترا اقبالِ صاف — بخت کبھی تیرا نہ ہو تجھ سے خلاف

ہرچہ خواہی یابی از بخت جوان — شادمان مانی نگردی ناتوان

تو جو چاہے تجھ کو قسمت سے ملے — خوش رہے آئے نہ کمزوری تجھے

گفت حسنت نگو گفتی ولیک — تا کنم من مشورت با یار نیک

بولا ہے صد آفرین! بہتر بجا — دوست سے لیکن میں کرلوں مشورا

فرعون کا اپنی بیوی سے مشورہ کرنا۔

باز گفت او این سخن با آسیہ ۔۔۔ گفت جاں افشاں برین اے دل سیہ

آسیہ سے ذکر جب اُس نے کیا ۔۔۔ بولیں اپنی جان کر اُس پر فدا

بس عنایتہاست متن این مقال ۔۔۔ زود دریاب اے شہ نیکو خصال

اس میں لاکھوں ہیں عنایات نہاں ۔۔۔ جلد حاصل کر انہیں اے مہرباں

وقت کشت آمد زہے پرسود کشت ۔۔۔ این بگفت و گریہ کرد و گرم گشت

بونے کا وقت آ گیا کھیتی ملی ۔۔۔ یہ کہا رونے لگیں گرمی بڑھی

بر جہید از جا و گفتا بخ لک ۔۔۔ آفتابے تاج گشتت اے کلک

اور کہا اے شوہر تو ہے کامیاب ۔۔۔ تاج سر بنتا ہے تیرا آفتاب

عیب کل[1] را خود بپوشاند کلاہ ۔۔۔ خاصہ چوں باشد کلہ خورشید و ماہ

عیب گنجے کا چھپاتی ہے کلاہ ۔۔۔ خاص کر جب ہوں کلہ خورشید و ماہ

ہم در آں مجلس کہ بشنیدی تو این ۔۔۔ چوں نگفتی آرے و صد آفرین

تو نے جس مجلس میں ایسا کہا سنا ۔۔۔ کیوں نہ "ہاں" "صد آفریں" جھٹ کہہ دیا

این سخن در گوش خورشید ار شدے ۔۔۔ سرنگوں بر بوئے این زیر آمدے

یہ سخن سنتا جو گوش آفتاب ۔۔۔ سر جھکا کر نیچے آ جاتا شتاب

ہیچ میدانی چہ وعدہ است و چہ داد ۔۔۔ میکند ابلیس را حق افتقاد

جانتا ہے کیا ہے وعدہ اور عطا ۔۔۔ گویا ہے شیطان پر فضل خدا

چوں بدیں لطف آں کریمت باز خواند ۔۔۔ العجب چوں زہرہ ات بر جائے ماند

لطف جب تجھ پر خدا نے پھر کیا ۔۔۔ اے عجب پتّہ نہ تیرا پھٹ گیا

زہرہ ات ندرید تا زاں زہرہ ات ۔۔۔ می رسیدے در دو عالم بہرہ ات

پتّہ تیرا سخت رہ گیا پھٹتا اگر ۔۔۔ دونوں عالم سے تو ہوتا بہرہ ور

[1] گنجے کے سر کے زخم کو فارسی میں کل کہتے ہیں۔

زہرہ گز بہرِ حق او بر درد — چوں شہیداں از دو عالم برخورد

جو خدا کے واسطے پتّہ پھٹے — وہ شہیدوں کی طرح لے فائدے

غافلی ہم حکمت است و نعمت است — تا نپرد زود سرمایہ ز دست

حکمت و نعمت ہے بس یہ غافلی — کم نہ ہوتا جس سے نقدِ زندگی

غافلی ہم حکمت است و ایں عمے — تا بماند لیک تا ایں حد چرا

اندھا پن اور غافلی حکمت سہی — حد سے بڑھنا بھی نہیں ہے لازمی

لیک نے چنداں کہ ناسورے شود — زہرہ جان و عقل رنجورے شود

کیوں بڑھے اتنی کہ اک ناسور ہو — زہرہ جاں ہو، عقل بھی رنجور ہو

خود کہ یابد ایں چنیں بازار را — کہ بیک گل می خری گلزار را

کون پا سکتا ہے اس بازار کو — ایک گل میں مول لے گلزار کو

دانہ را صد درختستان عوض — حبہ را آمد صد کاں عوض

ایک دانے میں درختستان دیں — ایک حبّے میں سجّے کانیں ملیں

کان للہ دادن آں حبہ است[1] — تا کہ کان اللہ لہ آید بدست

کان للہ ہے وہ حبہ بر ملا — تا کہ کان اللہ لہ پائے صلا

زانکہ ایں ہوئے ضعیف بیقرار — ہست شد زاں ہوئے ربّ پایدار

کیونکہ یہ ہستی تری اے بیقرار — ہستی رب سے فقط ہے پائدار

ہوئے فانی چونکہ خود با او سپرد — گشت باقی دائم و ہرگز نمرد

ہستی فانی جب اس کو سونپ دی — وہ ہمیشہ کے لئے باقی رہی

ہمچو قطرہ خائف از باد و ز خاک — کہ فنا گردد بدیں ہر دو ہلاک

جیسے قطرہ خائف خاک و ہوا — ہے انہی دونوں سے قطرے کی فنا

[1] حدیث شریف ہے من کان للہ کان اللہ لہ یعنی جو اللہ کا ہوا، اللہ اس کا ہو گیا +

چوں باصلِ خود کہ دریا بود جست   از تلفِ خورشید باد و خاک رست
جب وہ اپنی اصل دریا میں گرا   سورج اور خاک و ہوا سے بچ گیا

ظاہرش گم گشت در دریا و لیک   ذاتِ او معصوم پا بر جاست نیک
گو بظاہر گم وہ دریا میں ہوا   ذات ہے محفوظ اُس کی بر ملا

ہیں بدہ اے قطرہ خود را بے ندم   تا بیابی در بہائے قطرہ یم
بے دھڑک اے قطرے! خود کو سونپ دے   تا عوض میں اُس کے اک دریا ملے

ہیں بدہ اے قطرہ خود را ایں شرف   در کفِ دریا شو ایمن از تلف
یہ شرف دے خود کو اے قطرے! ذرا   یعنی دریا میں ہو محفوظ فنا

خود کرا آمد چنیں دولت بدست   قطرہ را بحرے تقاضا گر شدہ است
خود بخود کس کو یہ دولت ہے ملی   بحر کو خود ہی طلب ہے قطرے کی

چوں تقاضا میکند دریا ترا   پس چہ استادی و در ماندی بلا
جب تقاضا خود ہے دریا کر رہا   پھر بتا کیوں ہے تو درماندہ ہوا

اللہ اللہ زود بفروش و بخر   قطرۂ وہ بحرِ پُر گوہر بہ بر
اللہ اللہ جلد لے اور بیچ دے   قطرہ دے کر بحرِ پُر گوہر کو لے

اللہ اللہ ہیچ تاخیرے مکن   کز بحر لطف آمد ایں سخن
اللہ اللہ دیر اب ہرگز نہ کر   لطف کا دریا ہے اس دم جوش پر

اللہ اللہ زود و بشتاب و بجو   چونکہ بحرِ رحمت است ایں نیست جو
اللہ اللہ ڈھونڈ اس کو جلد جا   کب ہے ندی یہ ہے دریا رحم کا

اللہ اللہ گوئے شو بیدست و پا   تا شود چوگانِ موسیٰؑ پا ترا
اللہ اللہ گیند بن بے دست و پا   پاؤں "تا موسیٰؑ" کا بلا ہو ترا

اللہ اللہ تو گمانِ بد مبر   بر چنیں انعامِ عام اے بیخبر
اللہ اللہ تو گمانِ بد نہ کر   عام اس انعام پر اے بے خبر!

الله الله زود دریاب اے فتیٰ	تا نگردی در غلط بینی فنا
الله الله جلد حاصل کر فنا	تا غلط بینی نہ کر ڈالے فنا
الله الله ترک کن ہستئ خود	چونکہ خواند سنت برواے معتمد
الله الله اپنی ہستی ترک کر	جب بلایا ہے تجھے جا زود تر
الله الله زود تر تعجیل کن	بر فروز از ایں اشارت بے سخن
الله الله جلدی اور تعجیل کر	اس اشارے سے چمک۔ تعمیل کر
الله الله تاکنوں کژ باختی	گردن اندر معصیت افراختی
الله الله ٹیڑھا اب تک تو چلا	اور ہمیشہ تو گناہوں میں رہا
الله الله چوں عنایت در رسید	بے توقف در دوے آمیز اے عنید
الله الله اب عنایت ہے قریب	بے توقف اس سے رل اے بدنصیب
الله الله چونکہ عصیانہاے تو	در نمی مالد بروت شکر گو
الله الله گو کئے عصیاں سخت تر	وہ ترے منہ پر نہ رکھے شکر کر
الله الله چوں ز فضلت راہ داد	سر بخاک پائے او باید نہاد
الله الله فضل حق تجھ پر ہوا	اس کی خاک پا پر اپنا سر جھکا
الله الله با چنیں کفر دو تو	چوں قبولت میکند اکرام او
الله الله کفر ایسا یہ جہول	پھر بھی رحمت اس کی کرتی ہے قبول
لطف اندر لطف او گم می شود	کاسفلے بر چرخ ہفتم می رود
لطف اس کے لطف میں گم ہو گیا	ایک ادنیٰ چرخ ہفتم پر چڑھا
ہیں کہ یکبازی فتادت بوالعجب	ہیچ طالب ایں نیابد در طلب
ایک بازی مل گئی تجھ کو عجب	یوں کسی طالب کو ملتی ہے طلب؟
در پذیر ایں چار خلعت زود زود	تا ببینی در عوض صد عز شود
چاروں خلعت جلد تر کر لے قبول	تاکہ تجھ کو عزتیں ہوں سو حصول

گفت باہاماں بگویم اے ستیر ۔۔ شاہ را لازم بود رائے وزیر
بولا۔ ہیں ہاماں کا بھی لے لوں ضمیر ۔۔ شاہ کو ہے لازمی رائے وزیر

باز۔ بادشاہ اور بڑھیا کی مثال

گفت باہاماں مگو ایں راز را ۔۔ کوز کمپیرے نداند باز را
بولیں۔ ہاماں سے نہ کہہ اس راز کو ۔۔ زال[1] کیا سمجھے گی قدر باز کو

باز اسپیدے بکمپیرے دہی ۔۔ او ببرد ناخنش بہر بہی
باز اک اچھا کسی بڑھیا کو دے ۔۔ تو وہ فوراً اس کے ناخن کاٹ لے

ناخنے کہ اصل کار است و شکار ۔۔ کوز کمپیرے ببرد کور وار
ہاں وہ ناخن جو ہیں آلات شکار ۔۔ کاٹ دے بڑھیا[2] نہیں دیوانہ وار

کہ کجا بودست مادر کہ ترا ۔۔ ناخناں زینساں دراز است اے کیا
اور کہے تیری کہاں تھی ماں کہاں ۔۔ ناخن اتنے بڑھ گئے ہیں الاماں

ناخن و منقار و پرش را برید ۔۔ وقت مہر ایں میکند زال پلید
چونچ ناخن اور پر سب کاٹ دے ۔۔ بس محبت میں وہ بڑھیا یہ کرے

چونکہ تتماجش دہد او کم خورد ۔۔ خشم گیرد مہرہا را بر درد
دے جو آش اس کو نہ ہرگز کھائے وہ ۔۔ مہر چھوڑے غصّے میں بھر جائے وہ

کہ چنیں تتماج پختم بہر تو ۔۔ تو تکبّر می نمائی و عتو
یہ پکائی آش تھی تیرے لئے ۔۔ اور تکبّر سے نہیں بھاتی تجھے

تو سزائے ہمچناں ادبار را ۔۔ نعمت و اقبال کے سازد ترا
ہاں تو لائق ہے اسی ادبار کے ۔۔ کس طرح اقبال خوش آئے تجھے

[1] یعنی بڑھیا ۔ [2] بڑھیا ۔

آب تنہا جسش و ہر کا بہ را بگیر ۔ گر نمیخواہی کہ نوشی این فطیر
آتش کا پانی جیسے لے یہ پی ۔ آتش سے نفرت ہے تو یہ ہی سہی

آب تنہا جسش بگیر و طبع باز ۔ زاں تبر بجّد شود خشمش دراز
آتش کا پانی بھی تب ہو ناگوار ۔ غصہ اس بڑھیا کو آئے بیشمار

از غضب آں آتش سوزاں بسرش ۔ زاں فرو ریزد شود کل مغفرش
آتش جلتی اس کے سر پر ڈالدے ۔ سر ہو گنجا لوٹی نیچے گر پڑے

اشکہا زاں چشمش فرو ریزد بسوز ۔ یاد آرد لطف شاہ با فروز
سوز غم سے باز پھر رونے لگے ۔ یاد آئیں لطف اس کو شاہ کے

زاں دو چشم نازنین پر دلال ۔ کز چہرہ شاہ دارد صد کمال
اس کی دو آنکھیں کرشمہ امتثال ۔ جن کو رخ شاہ سے حاصل کمال

چشم مازاغش شدہ پر زخم زاغ ۔ چشم نیاسا ز چشم یار با درد و داغ
اس کی وہ مازاغ کی آنکھیں مگر ۔ داغ چشم یار کے اُن پر بیشتر

چشم دریا بسطتے کز بسط او ۔ ہر دو عالم مینماید تا بمو
ہو گیا وہ مثل دریا کے کمال ۔ دونوں عالم جن کی نظروں میں ہیں بال

گر ہزاراں چرخ در چشمش رود ۔ ہمچو چشمہ پیش قلزم گم شود
گر ہزاروں چرخ ان آنکھوں میں سمائیں ۔ مثل چشمہ پیش قلزم گم ہو جائیں

چشم بگذشتہ ازیں محسوسہا ۔ یافتہ از غیب بینی بوسہا
ظاہری احساس سے گزری ہوئی ۔ غیب بینی جن کے باعث لے رہی

خود نمی یابم یکے گوشے کہ من ۔ نکتۂ گویم ازاں چشم حسن
کیا کروں کیونکر کروں ہیں ناتواں ۔ ایک نکتہ بھی اُن آنکھوں کا بیاں

میچکید آں آب محجوبہ [illegible] ۔ [illegible] آتش را [illegible]
[illegible] ان سے وہ آب جلیل ۔ جس کا قطرہ [illegible]

تا بمالد در پر و منقار خویش | گر دہد دستورشاں اے خوب کیش
پائیں تو سر اور پروں پر وہ ملیں | گر اجازت قطرہ ہائے چشم دیں

باز گوید خشمِ کمپیر افروخت | فرِّ نورِ صبر و حلمم را بسوخت
باز بولے گو جلایا ہے سب سمجھے | نور و صبر و حلم میرے کب جلے

باز جانم باز صد صورت تند | زخم بر ناقہ نہ بر صالحؑ زند
باز جاں پھر صورتیں سو پائے گا | اونٹنی کے زخم سے صالحؑ کو کیا

صالحؑ از یکدم کہ آرد با شکوہ | صد چناں ناقہ بزاید متن کوہ
گر دکھائیں اک ذرا صالحؑ شکوہ | ایسے ناقے سو نکالے پشت کوہ

دل ہمی گوید خموش ہوشدار | ورنہ دراند ز غیرت پود و تار
دل یہ کہتا ہے کہ چپ رہ ہوشیار | غیرتِ حق سے نہ بکھریں تیرے تار

غیرتش را ہست صد حلمِ نہاں | ورنہ سوزیدے بیکدم صد جہاں
حلم سو ہیں اس کی غیرت میں نہاں | ورنہ اک دم میں جلا دے سو جہاں

نخوتِ شاہی گرفتش جائے پند | تا دلِ خود را ز پند او کرد بند
نخوتِ شاہی تھی غالب جائے پند | پند سے اسؑ نے کیا تھا دل کو بند

کہ کنم با رائے ہاماں مشورت | کوست پشتِ ملک و قطبِ مقدرت
ہاں کروں گا مشورہ ہامان سے | قطب ہے وہ اس حکومت کے لئے

مصطفیٰ را رائے زن صدیقِ رب | رائے زن بوجہل را شد بولہب
مصطفیٰ کے رائے زن صدیقؓ تھے | بولہب سے مشورے بوجہل کے

عرقِ جنسیت چنانش جذب کرد | کاں نصیحتہا بہ پیشش گشتہ شد
رگ نے ہم جنسی کی جذب اس کو کیا | ہر نصیحت ختم سے بے فائدہ

جنس سوئے جنس صد پرّہ پرد | بر خیالش پندہا را بر درد
جنس سوئے جنس اڑتی ہے تمام | پھاڑ دیتی ہے وہ نصائح تمام

لہ یعنی فرعون نے۔

ایک عورت کا حضرت علیؓ کے پاس آنا

یک زنے آمد بہ پیش مرتضیٰؓ ۔۔۔ گفت شد بر ناوداں طفلے مرا
ایک عورت نے علیؓ سے جا کہا ۔۔۔ جاتا ہے پرنالے پر بچہ مرا

گرش می‌خوانم نمی‌آید بدست ۔۔۔ ور ہلم ترسم کہ او افتد بہ پست
جب بلاتی ہوں تو وہ آتا نہیں ۔۔۔ چھوڑ دوں تو ڈر ہے گر جائے کہیں

نیست عاقل تا کہ دریابد چو ما ۔۔۔ گر بگویم کز خطر سوئے من آ
وہ نہیں عاقل کہ مانے یہ کہا ۔۔۔ گر کہوں خطرہ ہے میرے پاس آ

ہم اشارت را نمی‌داند بدست ۔۔۔ ور بداند نشنود ایں ہم بد است
وہ اشارے بھی نہیں پہچانتا ۔۔۔ جانتا بھی ہے تو کب سننے لگا

پس نمودم شیر و پستاں را باو ۔۔۔ او ہمی گرداند از من چشم و رو
دودھ اور پستاں دکھاتی ہوں اسے ۔۔۔ بیٹھ جاتا ہے مگر منہ موڑ کے

از برائے حق شمائید اے مہاں ۔۔۔ دستگیر ایں جہان و آنجہاں
بہر خالق اے بزرگ خانداں ۔۔۔ رہنما و دستگیر دو جہاں

زود درماں کن کہ میلرزد دلم ۔۔۔ کہ بدرد از میوۂ دل بگسلم
دل لرزتا ہے مدد کیجے ذرا ۔۔۔ دل کے میوے سے نہ ہو جاؤں جدا

گفت طفلے را برآور ہم بہ بام ۔۔۔ تا ببیند جنس خود را آں غلام
بولے اک بچے کو لے جا بام پر ۔۔۔ تا وہ اپنی جنس پر ڈالے نظر

سوئے جنس آید سبک زاں ناوداں ۔۔۔ جنس بر جنس است عاشق جاوداں
آئے پرنالے سے سوئے جنس ہاں ۔۔۔ جنس پر ہے جنس عاشق بیگماں

زن چناں کرد و چو دید آں طفل او ۔۔۔ جنس خود خوش خوش بدو آورد رو
اُس نے ایسا ہی کیا بچے نے بھی ۔۔۔ دیکھا جب ہم جنس کو با صد خوشی

سوئے بام آمد ز متن ناوداں | جاذب ہر جنس را ہمجنس داں
ہٹ کے پرنالے سے چھت پر آگیا | جنس کو ہمجنس ہی ہے کھینچتا

غژ غژاں آمد بسوئے طفل طفل | وا رہید او از فتادن سوئے سفل
سوئے بچہ ذرہ گھٹتا آگیا | ہوگیا پستی میں گرنے سے رہا

زاں شدند از بشر پیغمبراں | تا بجنسیت رہند از ناوداں
انبیاء بھی تھے اسی باعث بشر | ہر بشر کو تاکہ لائیں راہ پر

پس بشر فرمود خود را مثلکم | تا بجنس آیند و کم گردند گم
پس بشر بولا کہ میں ہوں مثلکم[1] | تا ملیں ہم جنس سے اور ہوں نہ گم

زانکہ جنسیت عجائب جاذبیست | جاذبش جنس است ہر جا طالبیست
کیونکہ جنسیت میں ہے جذب عجیب | جنس کی ہے ہر جگہ اس کو طلب

عیسیٰ و ادریس بر گردوں شدند | با ملائک چونکہ ہمجنس آمدند
عیسیٰ و ادریس گردوں پر گئے | وہ فرشتوں کے شریک جنس تھے

باز آں ہاروت و ماروت از بلند | جنس تن بودند زاں زیر آمدند
جنس تن ہاروت اور ماروت تھے | اس سبب سے وہ زمیں پر آگئے

کافراں ہمجنس شیطاں آمدہ | جانشاں شاگرد شیطاناں شدہ
چونکہ کافر جنس سے شیطاں کی تھے | شوق سے شاگرد شیطاں ہوگئے

صد ہزاراں خوئے بد آموختہ | دیدہائے عقل و دل بر دوختہ
سیکھ لیں لاکھوں بری عادتیں | سوئی گھونپی عقل و دل کی آنکھ میں

کمترین خوشاں بزشتی آں حسد | آں حسد کہ گردن ابلیس زد
تھا حسد ادنیٰ سی اک عادت بری | جس نے گردن ماری شیطان کی

[1] یعنی [illegible] فرشتوں +
[2] [illegible] +

زاں سگاں آموختہ حقد و حسد　　کہ نخواہد خلق را ملک ابد

اُس سے ان کتوں نے بھی سیکھا حسد　　تا نہ خلقت کو ملے ملک ابد

ہر کرا دید او کمال از چپ و راست　　از حسد قولنجش آمد درد خاست

جب اُسے کوئی ملا صاحب کمال　　بس وہ قولنج حسد سے تھا نڈھال

زانکہ ہر بدبخت خرمن سوختہ　　می نخواہد شمع کس افروختہ

کیونکہ جو بدبخت ہے اور بے فروغ　　کیا کسی کی شمع کا دیکھے فروغ

ہیں کمالے دست آور تا تو ہم　　از کمال دیگراں نفتی بغم

ہاں تو کر حاصل کمال اپنے لئے　　تا نہ غمگیں ہو کمال غیر سے

از خدا می خواہ دفع ایں حسد　　تا خدایت وارہاند از جسد

حق سے تو دفع حسد کی کر دعا　　تا خدا کر دے تجھے اس سے رہا

مر ترا مشغولیے باشد درون　　کہ نپردازی از آں سوئے برون

ہو ترا اک خاص شغل باطنی　　تا نہ ہو مصروف ظاہر میں کبھی

جرعۂ مے را خدا آں می دہد　　کہ بداں مست از دو عالم می رہد

مے کا گھونٹ اس واسطے بخشے خدا　　مست اس کا ہو دو عالم سے جدا

خاصیت بنہادہ در کف حشیش[1]　　کو زمانے می رہاند از خودیش

بھنگ میں رکھدی ہے ایسی خاصیت　　جس سے آجاتی ہے دم بھر بیخودیت

خواب را یزداں بداں ساں میکند　　کز دو عالم فکر را بر میکند

خواب کو کرتا ہے یوں طاری خدا　　فکر کو کرتا ہے جھگڑوں سے جدا

کرد مجنوں را ز عشق پوستے　　کو بنشناسد عدو از دوستے

عشق مجنوں کو بصورت کیا دیا　　دوست دشمن سے ہوا نا آشنا

صد ہزاراں ایں چنیں مے دارد او　　کہ بر ادراکات تو بگمارد او

ہیں شرابیں اس کی لاکھوں بیگماں　　جو ہیں ادراکات پر حاوی یہاں

[1] بھنگ کا بوٹا۔

هست مستیہائے شقاوت نفس را — که ز ره بیروں برد آں نحس را

نفس کو دیدی شقاوت کی شراب — ہوگیا گمراہ جس سے وہ خراب

هست مستیہائے سعادت عقل را — که بیابد منزلِ بے نقل را

عقل کو مستِ سعادت کر دیا — منزلِ دائم کا تا پائے پتا

خیمهٔ گردوں ز سرمستی خویش — بر کند زاں سو بگیرد راه پیش

خیمۂ گردوں کو اپنے کیف سے — وہ اکھاڑے اور پھر آگے بڑھے

تو بہر مستی دلا غرّه مشو — هست عیسیٰؑ مستِ حق خر مستِ جو

بس نہ ہر مستی پہ ہو نازاں دلا — مستِ عیسیٰؑ حق سے ہے جَو سے گدھا

اینچنیں مے را بجو زیں خنبہا — مستیش نبود ز کوته دنبہا

ایسے خم سے ہی شراب عنبریں — جس کی مستی تنگ ظرفوں سے نہیں

زانکه هر معشوق چوں خنبیست پُر — آں یکے دُرد و دگر صافی چو دُر

ہے ہر اک معشوق مثلِ خم بھرا — ایک تلچھٹ ایک موتی سا صفا

مے شناسا ہیں بچش با احتیاط — تا مئے یابی منزّه ز اختلاط

ہوش سے چکھ تو اسے اے مے شناس — تاکہ بے میل آئے بادہ تیرے پاس

مے شناسا ہیں بچش اے رو ترش — آں مے صافی کز آں گردی خمش

ہاں ذرا چکھ ہوش سے لے بادہ نوش — وہ شراب صاف جو کر دے خموش

هر دو مستی میدہند لیک ایں — مستیت آرد کشاں تا ربِّ دیں

دونوں میں مستی ہے لیکن یہ فقط — کھینچ کر لے جائے تا ربّ العُلا

تا رہی از فکر و وسواس و حیل — بے عقال عقل در رقص الجمل

تا رہا ہو فکر اور وسواس سے — مست در رقصاں ہو مانندِ اونٹ کے

انبیا چوں جنس روح اند و ملک — مر ملک را جذب کردند از فلک

جنس ہیں روح و ملک کی انبیا — کھینچا ہیں گردوں سے فرشتوں کو سدا

باد جنس آتش است و یار او | که بود آهنگ هر دو بر علو
سچ ہے ہوا جنس آگ کی اسے دلپذیر | عزم ہے دونوں کا اوپر کی طرف

چون ببندی تو سر کوزهٔ تهی | درمیان حوض یا جوئے نهی
خالی کوزے کا جو تو منہ باندھ دے | حوض میں یا اس کو ندی میں رکھے

تا قیامت او فرو ناید به پست | که دلش خالیست و در وی باد هست
تا قیامت وہ نہ نیچے جائے گا | اس کا خالی دل ہوا سے ہے بھرا

میل بادش چون سوئے بالا بود | ظرف خود را هم سوئے بالا کشد
ہے سوئے بالا جو میلان ہوا | کھینچے اوپر ظرف کو بھی بر ملا

باز آن جانها که جنس انبیاست | سوئے ایشان کش کشان چون سایه‌هاست
پھر وہ جانیں جو ہیں جنس انبیا | مثل سایہ ان کے کھنچتے ہیں سدا

زانکه عقلش غالبست و بی ز شک | عقل جنس آمد بخلقت با ملک
غالب ان کی عقل ہے بے ریب و شک | عقل ہے خلقت میں ہم جنس ملک

وان هوائے نفس غالب بر عدو | نفس جنس اسفل آمد شد بدو
غالب دشمن ہوا ہے نفس کی | نفس پر لعنت کہ وہ تو ہے دنی

بود قبطی جنس فرعون ذمیم | بود سبطی جنس موسیٰ کلیم
قوم قبطی جنس تھی فرعون کی | قوم سبطی جنس موسیٰ کی ہوئی

بود هامان جنس‌تر فرعون را | برگزیدش برد تا صدر سرا
جنس تھا ہامان ہی فرعون کا | منتخب کر کے اسے محرم کیا

لاجرم از صدر تا قعرش کشید | که ز جنس دوزخ اند آن دو پلید
تخت سے ڈالا گڑھے میں کھینچ کر | جنس ہیں دوزخ کی دونوں پلید

هر دو سوزنده چو دوزخ ضد نور | هر دو چون دوزخ ز نور دل نفور
دونوں سوزاں مثل دوزخ ضد نور | نور دل سے مثل دوزخ کے نفور

زانکہ دوزخ گوید اے مومن تو زود | برگذر کہ نورت آتش را ربود
کہتی ہے دوزخ کہ اے مومن گذر | نور سے تیرے ہے میری آگ تر

جز یا مومن فان نورک اطفأ ناری کی تفسیر [۱]

بگذر اے مومن کہ نورت میکشد | آتشم را چونکہ دامن میکشد
اے جلد مومن کہ تیرا نور پاک | کر رہا ہے آگ کو میری ہلاک

میرمد آں دوزخی از نور ہم | زانکہ طبع دوزخستش اے صنم
نور سے ہے دوزخی بھی بھاگتا | ہے طبیعت اس میں دوزخ کی فنا

دوزخ از مومن گریزد آنچناں | کہ گریزد مومن از دوزخ بجاں
بھاگے ہیں مومن سے دوزخ اس طرح | بھاگے ہاں دوزخ سے مومن جس طرح

زانکہ جنس نار نبود نور او | ضد نار آمد حقیقت نور جو
کیونکہ اس کا نور کب ہے جنس نار | نور ضد نار ہے کر اعتبار

در حدیث آمد کہ مومن در دعا | چوں اماں خواہد ز دوزخ از خدا
ہے حدیثوں میں کہ جب مومن دعا | کرتا ہے یا رب تو دوزخ سے بچا

دوزخ از وے ہم اماں جوید بجاں | کہ خدایا دور دارم از فلاں
مانگتی ہے اس سے دوزخ بھی پناہ | بس الٰہی وہ نہ پائے مجھ میں راہ

جاذبہ جنسیت است اکنوں ببیں | کہ تو جنس کیستی از کفر و دیں
اب جب جاذبہ ہے تو پھر دیکھ لے | کفر و دیں میں تو ہے کس کے جذب سے

گر بہاماں مائلی ہامانیی | ور بموسیٰ مائلی سبحانیی
ہے جو ہاماں سے تو ہامانی ہے تو | اور ہے موسیٰ سے تو یزدانی ہے تو

[۱] یعنی اے مومن گزر جا۔ کیونکہ تیرے نور نے میری آگ بجھا دی +

ور بہر دو مائلی انگیختہ | نفس و عقلی ہر دو آں آمیختہ
اور اگر مائل ہے دونوں کی طرف | نفس و عقل آمیختہ ہیں بے طرف

ہر دو در جنگند ہاں و ہاں بکوش | تا شود بر نفس غالب عقل و ہوش
جنگ میں دونوں ہیں ہو جا سخت کوش | تا ہوں غالب نفس پر عقل اور ہوش

ساغر صدق از کف موسیٰ بنوش | تا شود غالب معانی بر نقوش
پی کف موسیٰ سے ساغر صدق کا | غالب ظاہر ہو تا باطن ترا

در جہان جنگ شادی ایں بس است | کہ ببینی بر عدو ہر دم شکست
ہے جہان جنگ میں کافی خوشی | اپنے دشمن کو شکست فاش دے

جہد کن تا خصمت اشکستہ شود | گرچہ فرعون دنی ایں نشنود
سعی کر تا زیر ہو دشمن اخی | گو نہیں سنتا یہ فرعون دنی

اینچہ رشتہ آمد دراز اے ناگزیر | باز گو اضلال فرعون شریر
رفتہ رفتہ بات بے حد بڑھ گئی | اب سنا گمراہیاں فرعون کی

فرعون کا ہامان سے مشورہ

آں ستیزہ رو بسختی عاقبت | گفت با ہاماں برائے مشورت
جنگجو فرعون نے آخر کیا | سب کہا ہامان سے یوں مشورہ

وعدہ ہائے آں کلیم اللہ را | گفت و محرم ساخت آں گمراہ را
وعدے جو کچھ تھے کلیم اللہ کے | سب اسے محرم بنا کر کہہ دیے

گفت با ہاماں چو تنہایش بدید | جست ہاماں و گریباں بر درید
جب کہا ہامان سے تنہا دیکھ کر | آ چھلا اور پھاڑا گریباں سر بسر

۱ گڈ مڈ ۔

بانگہا زد گرد ہا کرد آں لعیں — کوفت دستار و کلہ را بر زمیں

رو یا چلایا بہت پھر وہ لعیں — پھینکی دستار و کلہ سوئے زمیں

کہ چگونہ گفت اندر روئے شاہ — اینچنیں گستاخ آں حرفِ تباہ

اور کہا کس طرح ایسے شاہ سے — ایسی باتیں کی ہیں اُس گستاخ نے

جملہ عالم را مسخر کردۂ — کار را با بخت چوں زر کردۂ

تونے دنیا کو مسخر کر لیا — کام سب کا تیری قسمت سے بنا

از مشارق وز مغارب بے لجاج — سوئے تو آرند سلطاناں خراج

مشرق و مغرب سے لے تو بیر تاج — لاتے ہیں سلطاں ترے آگے خراج

پادشاہاں لب ہمی مالند شاد — بر ستانہ خاک تو اے کیقباد

چاٹتے ہیں آ کے سلطاں شاد و شاد — تیری خاکِ آستاں اے کیقباد

اسپ یاغی چوں ببیند اسپ ما — رو بگرداند گریزد بے عصا

گھوڑا اڑیل دیکھے اپنا اسپ اگر — بھاگے بے چابک و دُرّہ کو پھیر کر

تاکنوں معبود و مسجود جہاں — بودہ کردی کمینہ بندگاں

تو ہے اب معبود و مسجود جہاں — اپنا بندہ کر لیا ہے سب کو ہاں

در ہزار آتش شدن زیں خوشتر ست — کہ خداوندے شود بندہ پرست

اس سے بہتر ہے کہ آتش میں چلے — کیوں خدا بن کر کوئی بندہ بنے

نے بکش اوّل مرا اے شاہ ہیں — تا نہ بینم چشم من بر شاہ ایں

مار ڈالیں آپ پہلے ہی ہمیں — تا نہ دیکھیں آپ کو اس حال میں

خسروا اوّل مرا گردن بزن — تا نہ بیند ایں مذلت چشم من

بادشہا پہلے تو مجھ کو قتل کر — تا کہ میں دیکھوں نہ ذلت اس قدر

خود نبودست و مبادا ایں چنیں — گر زمیں گردوں شود گردوں زمیں

اب ہوا یہ اور نہ ہو ایسا کہیں — ہو زمیں گردوں بنے گردوں زمیں

بندگاں مال خواجہ تاش ما شوند	بیدلاں مال دلخراشِ ما شوند
جو ہمارے بندے ہیں بیزار ہوں	اور جو حامی ہیں دل آزار ہوں
چشمِ روشن دشمناں را دوست کور	گشت ما را ہیں گلستاں قعرِ گور
چشمِ دشمن شاد و چشمِ دوست کور	آہ ہو ہم پر گلستاں مثلِ گور

ہامان بے ایمان کی باتوں کی تردید

دوست از دشمن ہمی نشناختہ او	نرد را کورانہ کژ بباختہ او
دوست و دشمن کی نہ کچھ پہچان ہے	اندھوں کا سا کھیل کھیلا دیکھ لے
دشمن تو جز تو نبود اے لعیں	بیگناہاں را مگو دشمن بکیں
اپنا دشمن آپ ہے تو اے لعیں	بیگناہوں کو نہ کہہ رکھتے ہیں کیں
پیش تو ایں حالتِ بد دولت ست	کہ دوادو اول و آخر لت ست
حال بد تیرے لئے دولت رہی	ہے دوادو پہلے آخر لت رہی
اولش دودو در آخر لت بخور	جز دریں ویرانہ نبود مرگِ خر
پہلے پہلے بھاگ آخر مار کھا	ایسے ہی جنگل میں مرتا ہے گدھا
گر ازیں دولت نتازی خرخزاں	ایں بہارت را ہمی آید خزاں
گر نہ بھاگے گا تو اس دولت سے ہاں	آئے گی تیری بہاروں پر خزاں
مشرق و مغرب چو تو بس دیدہ اند	کہ سرِ ایشاں ز تن ببریدہ اند
مشرق و مغرب نے تجھ سے سو ہزار	دیکھے اور پھر سر سے تن کے اتار
مشرق و مغرب کہ نبود برقرار	چوں کنند آخر کسے را پائدار
مشرق و مغرب نہیں خود برقرار	پھر کسی کو کیا کریں گے پائدار
تو بداں فخر آوری کز ترس بند	چاپلوست گشت مردم روزِ چند
اس پہ اتراتا ہے خوفِ قید سے	چاپلوسی لوگ کچھ کرتے رہے

رہزن ہرگز گدائے را نزد | گرگ گرگ مردہ را ہرگز گزد
راہزن کب ہے گدا کو مارتا | گرگ مردہ کو نہ کاٹے بھیڑیا

خضر کشتی را برائے آں شکست | تا تواند کشتی از فجار رست
خضر نے کشتی کو یوں ٹکڑے کیا | ہو گنہگاروں کے ہاتھوں سے رہا

چوں شکستہ می رہد اشکستہ شو | امن در فقر است اندر فقر رو
بن شکستہ جب شکستہ ہے رہا | فقر میں جب امن ہے کر فقر جا

آں کہے کو داشت از کاں نقد چند | گشت پارہ پارہ از زخم کلند
کان زر سے بہرہ ور جو کوہ تھا | پارہ پارہ ضرب تیشہ سے ہوا

تیغ بہر اوست کو را گردنیست | سایہ افگندہ است بر وے زخم نیست
تیغ ہے گردن کشوں کے واسطے | سایہ عاجز زخم اس پر کیوں لگے

مہتری نفط است و آتش اے غوی | اے برادر چوں بر آذر میروی
آگ ہے کہتے ہیں جس کو مہتری | بھائی تو اس آگ سے رہنا بری

ہر چہ آں ہموارہ باشد با زمیں | تیرہا را کے ہدف گردد ببیں
جو زمیں کی سطح سے ہموار ہو | کیوں ہدف ہو اس پہ کیونکر وار ہو

سر بر آرد از زمیں آنگاہ او | چوں ہدفہا زخم یابد بے رفو
ہاں اٹھائے خاک سے جو تو سر | ہو نشانہ زخم کھائے سربسر

نردبان خلق ایں ما و منی است | عاقبت زیں نردباں افتادنیست
خلق کا زینہ ہے یہ ما و منی | آخر اس زینے سے گرنا ہے کبھی

ہر کہ بالاتر رود ابلہ تر است | کاستخوان او بتر خواہد شکست
جو ہے بالاتر وہ ہے نادان تر | ہڈیاں ٹوٹینگی اس کی بیشتر

ایں فروع است و اصولش آں بود | کہ ترفع شرکت یزداں بود
فرع تھی یہ اصل بھی سن لے فتا | ہے بلندی ڈھونڈھنا شرکت خدا

چوں بمردی و نگشتی زنده زو ‏ ‏ ‏ با غیبے باشی بشرکت ملک جو

جب نہ موت آئی نہ تو زندہ رہا ‏ ‏ ‏ ہو سکے باغی شریک کیوں کرنے لگا

چوں بدو زنده شدی آں خود ویست ‏ ‏ ‏ وحدتے محض است آں شرکت کیست

اس سے جو تو زندہ ہوا ہے خود وہی ‏ ‏ ‏ وحدت مطلق ہے یہ، کب ہے دوئی

شرح ایں در آئینہ اعمال جو ‏ ‏ ‏ کہ نیابی فہم ایں از گفت و گو

آئینے میں فعل کے بس ڈھونڈ لے ‏ ‏ ‏ کب تو معنی پا سکے اس قول سے

گر بگویم آنچہ دارم در دروں ‏ ‏ ‏ پس جگرہا گردد اندر حال خوں

دل میں جو کچھ ہے اگر کردوں بیاں ‏ ‏ ‏ خون ہو جائیں کلیجے بے گماں

بس کنم خود زیرکاں را ایں بس است ‏ ‏ ‏ بانگ دو کردم اگر در دہ کس است

بس کروں کافی ہے دانا کے لیے ‏ ‏ ‏ دو صدائیں کافی ہیں گھر کے واسطے

حاصل آں ہاماں بداں گفتارہا ‏ ‏ ‏ ایں چنیں راہے بر آں فرعون زد

القصہ ہاماں کی تھی یہ گفتگو ‏ ‏ ‏ کرتا تھا گمراہ اس کو کینہ خو

لقمۂ دولت رسیدہ تا دہاں ‏ ‏ ‏ از گلوئے او بریدہ ناگہاں

لقمۂ دولت جو منہ تک آ گیا ‏ ‏ ‏ حلق سے اس کے نکالا برملا

خرمن فرعون را داد او بباد ‏ ‏ ‏ ہیچ شہ را ایں چنیں صاحب مباد

خرمن فرعون کو ویراں کیا ‏ ‏ ‏ ہو میسر ایسا نہ کوئی شاہ کا

از چنیں ہمراہ بد دوری گزیں ‏ ‏ ‏ زینہار اللہ اعلم بالیقیں

ایسے ہمراہی سے ہو خلوت گزیں ‏ ‏ ‏ زینہار۔ اللہ اعلم بالیقیں

فرعون سے حضرت موسیٰؑ کی ناامیدی

گفت موسیٰؑ لطف بنمودیم و جود ‏ ‏ ‏ خود خداوندیت را روزی نبود

بولے موسیٰؑ گو عنایت خوب کی ‏ ‏ ‏ مستحق تیری خداوندی نہ تھی

آں خداوندی کہ نبود راستیں | مر ورا نے دست واں نے آستیں
وہ خداوندی کہ جو ہے ناروا | وہ خداوندی جو ہے بے دست و پا
آں خداوندی کہ دزدیدہ بود | بیدل و بیجان و بے دیدہ بود
وہ خداوندی کہ جو دزدیدہ ہے | بیدل اور بیجان ہے بے دیدہ ہے
آں خداوندی کہ دادندت عوام | باز بستانند از تو ہمچو وام
وہ خداوندی جو بندوں نے دی | لینگے واپس جب وہ چاہینگے کبھی
آنخداوندیؐ تو از بندگی | کمتر است ار بازدانی اندکی
بندگی سے یہ خداوندی تری | ہے بہت کم غور کر پھر اے غنی
دہ خداوندیٔ عاریت بحق | تا خداوندیت بخشد متفق
کر خداوندی سپرد کبریا | متفق[1] تا ہو خداوندی عطا

آنحضرتؐ سے سرداران عرب کا جھگڑا

آں امیران عرب گرد آمدند | نزد پیغمبر منازع میشدند
آ گئے مل کر سب امیران عرب | یوں نبی سے کرنے لگے جھگڑا وہ سب
کہ تو میری ہر یک از ما ہم امیر | بخش کن ایں ملک و بخش خود بگیر
ہم بھی سردار عرب ہیں تجھ بھی ہو | اپنا حصہ لو ہمارا ہم کو دو
ہر یکے در بخش خود انصاف جو | تو ز بخش ما دو دست خود بشو
اپنے حصے میں ہر اک منصف رہے | ہاتھ دھو لو تم ہمارے حصے سے
گفت میری مر مرا حق دادہ است | سروری و امر مطلق دادہ است
بولے حضرتؐ کہ یہ امیری حق نے دی | سروری ہے یہ اسی کی دی ہوئی

[1] یعنی جس پر سب اتفاق کر لیں۔

کاین قرآن حضرتؐ ذو را او | ہست تکبیر امر او را اتقوا
یہ تو عہدِ مصطفیٰؐ ہے دوستو | حکم مانو اس کا اور حق سے ڈرو

قوم گفتندش کہ ما ہم در قضا | حاکمیم و داد امیری ماں خدا
قوم بولی ہے یہی ہے حکم خدا | ہے خدا ہی نے ہمیں حاکم کیا

گفت لیکن مر مرا حق ملک داد | مر شما را عاریہ از بہر زاد
بولے حضرتؐ مجھ کو ملک خاص دی | کھانے پینے کو تمہیں دی عارضی

میری من تا قیامت باقیست | میری عاریتے خواہد شکست
میری سرداری قیامت تک رہے | عارضی سرداری دو دن کے لئے

قوم گفتندش کہ افزونی مجو | چیست حجت بر فزوں جوئی بگو
قوم بولی ہم سے بڑھ کر کیوں ہو | بڑھنے کی آخر کوئی حجت بھی ہو

سیلاب کی آمد اور آنحضرتؐ کی فتح

در زماں ابرے بر آمد ز امر مر | سیل آمد گشت آں اطراف پر
حکم حق سے اُن دنوں اک ابر اُٹھا | آیا اک سیلاب جل تھل کو بھرا

رو بشہر آورد سیلِ بس مہیب | اہل شہر افغاں کناں جملہ رہیب
شہر میں سیلاب آیا زور سے | شہر والے خوف سے چلا اُٹھے

گفت پیغمبر کہ وقتِ امتحاں | آمد اکنوں تا نہاں گردد عیاں
بولے پیغمبرؐ کہ وقتِ امتحاں | آ گیا اب ہر نہاں ہوگا عیاں

ہر امیرے نیزۂ خود در فگند | تا شود در امتحاں آں سیل بند
اپنا اپنا نیزہ ہر سردار نے | سیل میں ڈالا کہ بند اُس کو کرے

نیزہ ہا را ہمچو خاشاکے ربود | آب تیز سیل پر جوش عنود
نیزوں کو خس کی طرح وہ لے گیا | تیز تھا پانی بہت سیلاب کا

پس قضیب انداخت در پیشِ مصطفیٰ — آں قضیبِ معجزہ فرماں روا

ڈالی حضرتؐ نے بھی اک شاخ اس گھڑی — معجزوں سے آپ کے جو تھی بھری

نیزہا گم گشت جملہ واں قضیب — بر سرِ آں ایستادہ چوں رقیب

نیزے سب گم ہو گئے اور وہ چھڑی — پانی پر مثلِ محافظ تھی کھڑی

ز اہتمامِ آں قضیب آں سیل نرفت — رو بگردانید سوئے بحر رفت

اس عصا سے ہو گیا سیلاب دور — رُخ کیا دریا کی جانب سیلِ تند رو

چوں بدیدند از وے آں امرِ عظیم — پس مقر گشتند آں میراں ز بیم

دیکھا جب حضرتؐ کا یہ کارِ عظیم — ہو گئے اُن کے مقر وہ اہلِ بیم

جز سہ کس کہ حقدِ ایشاں چیرہ بود — ساحرش گفتند و کاہن از جحود

تین شخصوں کے سوا حاسد جو تھے — کاہن ان کو بغض سے کہنے لگے

بود بوجہلِ لعین و بولہب — واں سوم ہم بود بوسفیانِ حرب

ایک تھا بوجہل اور اک بولہب — تیسرا تھا ان میں بوسفیانِ حرب

ملک بربستہ چناں باشد ضعیف — ملک بر رستہ چناں باشد شریف

ہو مقید ملک ایسا ہی ضعیف — ملک آزاد ایسا ہوتا ہے شریف

نیزہا را گر ندیدی با قضیب — نامِ شاں بیں نامِ او بیں اے نجیب[1]

تو نے گر نیزے نہ دیکھے با عصا — نام پر دونوں کے کر غور اے فتیٰ

نامِ شاں را سیلِ تیزِ مرگ برد — نامِ او و دولتِ تیزش نمرد[2]

نام اُن کے لے گیا سیلِ قضا — نام و اقبال اُنؐ کا باقی رہ گیا

---

[1] یعنی ابوجہل، ابولہب اور ابوسفیان کے نام ۱۲

[2] یعنی آنحضرتؐ کا۔

پنج نوبت می‌زنندش بر دوام ؎ | ہمچنیں ہر روز تا روز قیام
تو بجتے ہیں پانچ ان کی بجتی ہیں مدام | اور بجینگی یوں ہی تا روز قیام

حضرت موسیٰؑ کا فرعون کو ڈرانا اور جھڑکنا

گر ترا ؎ عقلیست کردم لطفہا | ور خری آوردہ‌ام خر را عصا
عقل ہے تجھ میں تو کرتا ہوں عطا | ہے گدھا تو ساتھ لایا ہوں عصا
آنچناں زیں آخرت بیروں کنم | کز عصا گوش و سرت پرخوں کنم
یوں طویلے سے تجھے باہر کروں | اس عصا سے گوش و سر سب توڑ دوں
اندریں آخر خراں و مردماں | می نیابند از جفائے تو اماں
اس طویلے میں تمام انسان و خر | ظلم سے تیرے نہیں پاتے مفر
نک عصا آوردہ‌ام بہر ادب | ہر خرے را کو نباشد منتجب
دیکھ لا یا ہوں عصا بہر ادب | اس کی زد میں آئیں گے خر سب کے سب
اژدہائے میشود در قہر تو | کاژدہائے گشتۂ در فعل و خو
اژدہا بنتا ہے یہ تیرے لئے | تو بنا ہے اژدہا افعال سے
اژدہائے کوہی تو بے اماں | لیک بنگر اژدہائے آسماں
تو پہاڑی اژدہا ہے بے اماں | دیکھ اب یہ اژدہائے آسماں
ایں عصا از دوزخ آمد چاشنی | بہر تو و بر مومن آمد روشنی
یہ عصا ہے تجھ کو دوزخ کا مزا | مومنوں کے واسطے نور و ضیا
ہست ؎ گوید کہ اے گبر دنی | کہ ہلا بگریز اندر روشنی
تجھ سے کہتا ہے کہ اے کافر دنی | بھاگ جا جلدی سے سوئے روشنی

ا؎ یعنی پانچ نمازوں کی اذانیں + ۲؎ حضرت موسیٰؑ کا قول فرعون سے +
۳؎ یعنی دنیا +

ورنہ در مانی تو در زندان من	مخلصت نبود ز در بندان من
تو رہیگا ورنہ زنداں میں مرے	میرے بندھن سے نہ پائے چھوٹنے
باز گرد از کفر سوئے دین حق	ورنہ در نار ابد یابی قلق
لوٹ دین حق کی جانب کفر سے	ورنہ دوزخ میں سزا جلنا پڑے
باز گرد اے گمرہ بدبخت دون	ورنہ در دوزخ درافتی سرنگون
لوٹ اے گمراہ و بدبخت و زبون	ورنہ دوزخ میں گرے گا سرنگوں

عارف بہشت دوزخ کو نہیں پوچھتا

ایں عصائے بود اینک ہم اژدہاست[1]	تا نگوئی دوزخ یزداں کجاست
یہ عصا تھا ہوا اب ہے اژدہا	ہے کہاں دوزخ بتا اب یہ پوچھنا
ظاہر است ایں دوزخ اما بر دلت	ہست پوشیدہ یقیں آب و گلت
ہے عیاں دوزخ مگر دل پر ترے	آب و گل سے ہیں بہت پردے پڑے
ہر کجا خواہد خدا دوزخ کند	اوج را[2] بر مرغ دام و فخ کند
جس جگہ چاہے خدا دوزخ بنائے	دام بنا دے اوج چڑیوں کو پھنسانے
ہم ز دندانت بر آرد درد ہا	تا بگوئی دوزخ است و اژدہا
درد دانتوں میں وہ دے اس قسم کا	تو کہے دوزخ ہے یہ اور اژدہا
یا کند آب دہانت را عسل	تا بگوئی کہ بہشت است و حلل
شہد تیرے تھوک کو پائے بنا	تو کہے جنت ہے حلہ خلد کا
از بن دنداں بروید شکر	تا بدانی قوت حکم قدر
دانت کی جڑ سے کرے پیدا شکر	تا تو سمجھے قوت حکم قدر

[1] یہاں سے حضرت مولانا رح کے اقوال ہیں +
[2] بلندی کا یعنی وہ بلندی جہاں وہ اڑتے پھرتے ہیں ان کے لئے دام بن جائے +

پس بدندان بیگناہان را مگز | فکر کن از ضربتِ نامحترز
بے گناہوں پر نہ کر تو دانت تیز | اور ضرب بے پناہ سے کر گریز

نیل را بر قبطیان حق خوں کند | سبطیان را از بلا محصوں کند
قبطیوں پر نیل کو حق خوں کرے | سبطیوں کو دے نجات آفات سے

آب بر فرعون در دم خوں شود | بر کلیمے قند ناممنوں شود [1]
پانی خوں ہو جائے گر فرعون سے | قند ہو موسیٰ پہ بے احسان کے

تا بدانی پیش حق تمییز ہست | در میان ہوشیار و راہ مست
تا تو سمجھے فرق رکھتا ہے الٰہ | درمیان ہوشیار و مست دول

نیل تمییز از خدا آموختہ ست | کہ کشاد آنرا و این را سخت بست
نیل نے سیکھی تمیز اللہ سے | اس کو کھولا سخت اس کو باندھ کر

لطف او عاقل کند مر نیل را | قہر او ابلہ کند قابیل را [2]
لطف اس کا عقل دیتا ہے نیل کو | قہر حق احمق کرے قابیل کو

در جمادات از کرم عقل آفرید | عقل از عاقل بقہر خود برید
پتھروں میں بھی کرم سے عقل دی | قہر کر کے عقل عاقل چھین لی

در جماد از لطف عقلے شد پدید | در نکال از عاقلان دانش برید
کی عطا تو پتھروں کو عقل دی | دی سزا تو عاقلوں سے عقل لی

عقل چوں باراں بامر آنجا بریخت | عقل ازیشاں خشم حق دید و گریخت
عقل مثل ابر جا برسی وہاں | بھاگ اٹھی جب خشم حق دیکھا یہاں

ابر و خورشید و مہ و نجم بلند | جملہ بر ترتیب آیند و روند
چاند سورج تارے سگے ابر کے | چلتے پھرتے ہیں سب اک ترتیب سے

[1] یعنی سبطیوں کو رستہ دے دیا اور قبطیوں پر سخت بندش کر دی۔
[2] پسر آدم علیہ السلام جس نے اپنے بھائی ہابیل کو مارا تھا۔

سنّی اور فلسفی کی بحث

وی یکے میگفت عالم حادثست ۔ فانیست ایں چرخ و حق وارثست

ایک کہتا تھا کہ حادث ہے جہاں ۔ حق ہے وارث اور فانی آسماں

فلسفی گفت چوں دانی حدوث ۔ حادثی ابر چہ داند غیوث

فلسفی بولا نہیں تو باخبر ۔ ابر حادث ہو تو مینہ کو کیا خبر

ذرۂ خود نیستی از انقلاب ۔ تو چہ میدانی حدوث آفتاب

انقلابوں کا تو ذرّہ بھی نہیں ۔ کیا حدوث مہر جانے بالیقیں

کرمکے کاندر حدث باشد دفیں ۔ کے بداند آخر و بدو زمیں

ہو جو اک کیڑا نجاست میں دبا ۔ وہ زمیں کے حال سے واقف ہو کیا

ایں بتقلید از پدر بشنیدۂ ۔ از حماقت اندر آں پیچیدۂ

تو نے تقلیداً پدر سے جو سنا ۔ ابلہی سے اس میں پیچیدہ ہوا

چیست برہاں بر حدوث ایں بگو ۔ ورنہ خامش کن فزوں گوئی مجو

دے جو حادث ہونے کی ہو کچھ دلیل ۔ ورنہ پھر خاموش ہو بے قال و قیل

گفت دیدم اندریں بحر عمیق ۔ بحث میکردند روزے دو رفیق

بولا وہ اس مسئلے میں اے اخی ۔ ایک دن دو دوستوں میں بحث تھی

در جدال و در شکال و در شکوہ ۔ گشتہ ہنگامہ براں دو کس گروہ

تھا جو اس جھگڑے کا مشکل فیصلہ ۔ ایک مجمع سا اکٹھا ہو گیا

سوئے آں ہنگامہ گشتم من رواں ۔ تا بیابم اطلاع از حال شاں

میں بھی اس ہنگامے کی جانب گیا ۔ تاکہ دیکھوں فیصلہ ہوتا ہے کیا

من یکے از جمع ہنگامہ شدم ۔ اطلاع از حال ایشاں یافتم

میں بھی اک منجملۂ ہنگامہ تھا ۔ سن رہا تھا دیکھتا اُن کے حال کا

آں یکے میگفت گردوں فانیست — بے گمانے ایں بنا را بانیست

ایک بولا چرخ فانی ہے ضرور — بے گماں ایک اس کا بانی ہے ضرور

واں دگر گفت او قدیم و بیکیست — نیستش بانی و یا بانی ویست

ایک کہتا تھا کہ دنیا ہے قدیم — کب ہے بانی اس کا وہ خود ہے قدیم

گفت منکر گشتۂ خلاق را — روز و شب آرندہ و رزاق را

بولا تو منکر ہے کیوں خلاق کا — رب ہے روز و شب کا اور رزاق کا

گفت بے برہاں نخواہم من شنید — آنچہ گولی آں بتقلیدے گزید

بولا میں سنتا نہیں کچھ بے دلیل — صرف اک تقلید پر ہے قال و قیل

ہیں بیاور حجت و برہاں کہ من — نشنوم بے حجت ایں را در زمن

ہو دلیل اس کی اگر کوئی تو لا — بے دلیل ایسا نہیں میں مانتا

گفت حجت در درون جانم است — در درون جاں نہاں برہانم است

بولا میرے دل میں ہے اس کی دلیل — روح میں پنہاں ہے برہان جلیل

تو نمی بینی ہلال از ضعف چشم — من ہمی بینم مکن بر من تو خشم

ضعف سے گر تو نہ دیکھے چاند کو — اور میں دیکھوں خفا مجھ پر نہ ہو

گفت و گو بسیار گشت و خلق گیج — در سر و پایان ایں چرخ نسیج

بڑھ گئی بات اور تھکیں سب الجھنیں — ابتدا و انتہائے چرخ میں

گفت یارا در درونم حجتیست — بر حدوث آسماںم آیتیست

بولا وہ حجت جو دل میں ہے نہاں — جس سے ظاہر ہے حدوث آسماں

من یقیں دارم نشانش آں بود — مر یقیں داں را کہ در آتش رود[1]

ہاں میں تو جانوں یوں پتہ اس کا ملے — ہو یقیں جس کو وہ آتش میں گھسے

[1] یعنی جس کو اپنے قول کا یقین ہو۔ وہ آگ میں گھس جائے اگر سچا ہے تو آگ نہ جلائیگی۔ اور جھوٹا ہے تو جل جائیگا۔ مثل مشہور ہے کہ سانچ کو آنچ نہیں +

در زباں می ناید آں حجت بداں | ہمچو حالِ سرِّ عشق عاشقاں
کر نہیں سکتا ہیں وہ حجت بیاں | ہے وہ سرِّ عشق کی صورت نہاں

نیست پیدا سِرّ گفت و گوئے من | جز کہ زردی و نزاری روئے من
راز میری گفتگو کا کیا کھلے | زردیٔ رخ اور نقاہت دیکھ لے

اشکِ خوں بر رُخ روانہ میرود | حجتِ حسن و جمالش می شود
خون کے آنسو رواں رخسار پر | حسنِ جاناں کی ہیں حجت سربسر

گفت من اینہا ندانم حجتے | کہ بود در پیش عامہ آیتے
فلسفی بولا کہ ہے حجت وہی | مان لیں سب لوگ جس کو واقعی

گر بیاری من کنم آنرا قبول | ورنہ کوتہ کن سخن با عرض و طول
ایسی حجت لا ہیں کر لونگا قبول | ورنہ پھر کیوں بات کو دیتا ہے طول

گفت چوں قلبے و نقدے ہم زنند | کہ تو قلبی من نکویم ارجمند
بولا جب کھوٹے کھرے ہوں جنگجو | اور کہیں باہم کھرا ہیں ہم کہ کھوٹا تو

ہست آتش امتحانِ آخریں | کاندر آتش در فتند آں دو قریں
آگ اُن کا امتحان ہے آخری | آگ میں وہ دونوں جائیں واقعی

عام و خاص از حالِ شاں عالم شوند | از گمان و شک سوئے ایقاں روند
واقف اُن کے حال سے ہو خاص و عام | ہوں یقیں اُن کے گمان و شک تمام

سُنّی اور فلسفی کا آگ میں گُھسنا

آب و آتش آمد اے جاں امتحاں | نقد و قلبے را کہ آں باشد نہاں
آب و آتش ہیں برائے امتحاں | ہر کھرے اور کھوٹے کو جو ہے نہاں

تا من و تو ہر دو در آتش رویم | حجت باقی حیرانان شویم
آگ میں کہ میں اور تو دونوں جلیں | حجت باقی زمانے میں رہیں

ؔمن و تو ہر دو در بحر او فتیم ۔ چوں دریں دعویٰ من و تو کو فتیم

یا کہ ہم دونوں گریں دریا میں چل ۔ ہیں اگر دعوے ہمارے یہ اٹل

ہمچناں کردند در آتش شدند ۔ ہر دو خود را بر تف آتش زدند

الغرض وہ آگ میں دونوں گئے ۔ آگ کے شعلوں میں جا کر گر پڑے

فلسفی را سوخت خاکستر شد او ۔ متقی را ساخت تازہ تر شد او

فلسفی تو جل کے خاکستر ہوا ۔ متقی محفوظ و تازہ تر رہا

آں خدا گوینده مرد مدعی ۔ رست و سوز ید اندر آتش آں دعی

ماننے والا خدا کا مدعی ۔ بچ گیا اور جل گیا آخر شقی

از مؤذن بشنوایں اعلام را ۔ کوری افزون روان خام را

سن مؤذن سے ذرا اعلان کو ۔ دے خدا کوری بزدل کی جان کو

کہ نسوز ید ست ایں نام از اجل ۔ کش مسمیٰ صدر بودہ ست و اجل

نام یہ سوز اجل سے کب جلا ۔ نام والا بھی بزرگ ایسا ہی تھا

صد ہزاراں ز ین چنیں ہا اندر قرآں ۔ بردریدہ پردہائے منکراں

لاکھوں ہی ستہ طبیں ہوئیں قرآن پر ۔ اُس کے قائل ہو گئے منکر مگر

صد ہزاراں روح شد دلدادہ ۔ در رہ او سر بسر افتادہ

لاکھوں ہی روحیں ہوئیں اُس پہ فدا ۔ اُس کے آگے سر ہر اک کا جھک گیا

صد ہزاراں خلق اندر بادیہ ۔ سر چو گوئے عصا و راویہ

ایسے ہی مکہ پہ تھا جھگڑا پڑا ۔ سب مٹے پیاسے بغیر آشنا

چوں گرو بستند غالب شد صواب ۔ در دوام معجزات و در جواب

شرط جب باندھی ہوا غالب صواب ۔ معجزوں سے مل گیا اس کا جواب

لہ یہاں سے اقوال مولانا علیہ الرحمۃ کے ہیں +

فہم کردم کانکہ دم زد از سبق	در حدوث چرخ پیروزست حق
اب میں اب سمجھا یقیناً جس نے کہا	اس حدوث چرخ کا حق پر رہا
حجت منکر ہمارہ زرد رو	یک نشان بر صدق ایں انکار کو
حجت منکر پشیماں ہو گئی	صدق منکر کی گواہی کب ملی
یک منارہ در ثنائے منکراں	کو دریں عالم کہ تا باشد عیاں
اک منارہ منکروں کی یادگار	ہو کہیں دنیا میں تو کر آشکار
سکۂ شاہاں ہمی گردد دگر	سکۂ احمد ببیں تا مستقر
سکۂ شاہی بدلتا ہی رہے	سکۂ احمد ہے باقی دیکھ لے
منبرے کو کہ در آنجا مخبرے	یاد آرد روزگار منکرے
ہے کوئی منبر کہ جس پر بیٹھ کے	یاد منکر کی کوئی تازہ کرے؟
روئے دینار و درم از نامشاں	تا قیامت میدہد از حق نشاں
نام دینار و درم پر جاوداں	دیتا ہے ان کی صداقت کا نشاں
بر رخ نقرہ و یا روئے زرے	وانما بر سکہ نام منکرے
سیم و زر کے سکوں پر اے خستہ کام	تو دکھا دے ایک ہی منکر کا نام
خود مگیر ایں معجزہ چوں آفتاب	صد زبان و نام او ام الکتاب
معجزہ ہے خود مثال آفتاب	اک یہی قرآں جو ہے ام الکتاب
زہرہ نے کس را کہ یک حرفے ازاں	یا بدزدد یا فزاید در بیاں
کس کی یہ طاقت ہے جو اک حرف بھی	سے بڑھا یا دے گھٹا اس سے کبھی
یار غالب شو کہ تا غالب شوی	یار مغلوباں مشو ہیں اے غوی
یار غالب بن کہ تو غالب رہے	یار مغلوباں نہ بن بھٹکے ہوئے!
حجت منکر ہمیں آید کہ من	غیر ایں ظاہر نمی بینم وطن
حجت منکر یہ ہے کہتا ہے سخن	صرف ظاہر کو سمجھتا ہوں وطن

ہیچ نقشے نیست کہ ہر جا ظاہر است ۔ آں ز حکمت ہائے پنہاں مخبر است
یہ نہ وہ جانے کہ ظاہر ہے جہاں ۔ حکمت پنہاں کا دیتا ہے نشاں

فائدہ ہر ظاہرے خود باطن است ۔ ہمچو نفع اندر دواہا مکمن است
ہے ہر اک ظاہر کا باطن فائدہ ۔ جس طرح صحت ہے پنہاں در دوا

ایں تفاوت حق نہاد اندر نہاں ۔ تا بداند اہل عرفاں وجہ جہاں
یہ تفاوت اس لئے حق نے رکھا ۔ اہل عرفاں اس کو تا سمجھیں ذرا

عمر کرکس صد ہزار و پانصد است ۔ مر کبوتر را چہ باشمار زاں پدیست
عمر گدھ کی ایک[۱] لاکھ آدھا ہزار ۔ اس کو کیا سمجھے کبوتر نابکار

می پرد از کبوتر صد ہزار ۔ مرگ کرکس را نہ بیند آشکار
گو مریں لاکھوں کبوتر اے نگار ۔ موت کرکس کی نہ دیکھیں آشکار

جملہ پندارند کرکس باقی است ۔ نی شمارد کرد کرکس باقیست
ہے مسلم سب یہ کرکس کی بقا ۔ یہ غلط ہے بلکہ باقی ہے خدا

چونکہ ظاہر بیں شدند از جہد خویش ۔ می نہ بینند از عمی نہ پس نہ پیش
ہیں یہ ظاہر بیں خود اپنی سعی سے ۔ آگے پیچھے بس نہیں بلکہ دیکھتے

می نماند در جہاں یک تار مو ۔ کل شیء ہالک الا وجہہ
ہے یہاں اک بال کو کبھی کب بقا ۔ سب ہیں فانی ذات باری کے سوا

وما خلقنا السموٰت والارض ... کی تفسیر

ہر چہ پیدا کرد بہر معنی است ۔ باطنش بنگر برائے ظاہر نیست
جو کیا پیدا ہے باطن کے لئے ۔ دیکھ باطن اور ظاہر چھوڑ دے

۱۔ آسمان مراد ہے + ۲۔ یعنی ایک لاکھ پانسو یا ۳ ... قولہ تعالیٰ وما خلقنا السموٰت والارض وما بینہما الا بالحق، ہم نے زمین آسمان کو اور اس کو جو کچھ ان دونوں میں ہے پیدا نہیں کیا مگر ساتھ حق کے یعنی انہیں بلا غرض کے پیدا نہیں کیا جو تمہاری نظر میں ہے، بلکہ اس معنی و حقیقت کے لئے جسے تم نہیں دیکھتے +

ہیچ نقاشے نگارد زین نقش — بے امید نفع بہر عین نقش
نقش بے امید کب کھینچے کوئی — نقش سے مقصود کب ہے نقش ہی

بلکہ بہر میہمانان و کہان — کہ بفرجہ وا رہند از اندہان
بلکہ مہمانوں عزیزوں کے لیے — تاکہ وہ خوش ہوں چھٹیں اندوہ سے

شادیِ بچگان و یادِ دوستاں — دوستانِ رفتہ را از نقش آں
بچے خوش ہوں دوستوں کی یاد آئے — نقش یاد اُن مرنے والوں کی دلائے

ہیچ کوزہ گر کند کوزہ شتاب — بہر عین کوزہ نے از بہر آب
کوزہ گر کوزہ بناتا ہے شتاب — صرف کوزہ جان کر؟ نے بہر آب

ہیچ کاسہ گر کند کاسہ تمام — بہر عین کاسہ نے بہر طعام
کاسہ گر ڈھالیں پیالے لے تمام — بہر عین کاسہ؟ نے بہر طعام

ہیچ خطاطے نویسد خط بفن — بہر عین خط نہ بہر خواندن
لکھنے والا کوئی بھی خط کو لکھے — بہر عین خط؟ نہ پڑھنے کے لیے

نقش ظاہر بہر نقش غائب ست — واں برائے غائبے دیگر ببست
نقش ظاہر نقش باطن کے لیے — اور ہیں باطن سے مقصد دوسرے

تا سوم چارم دہم برمی شمر — ایں فوائد را بمقدار نظر
تین چار اور دس یونہی اندازہ کر — ان فوائد کا بمقدار نظر

ہمچو بازیہائے شطرنج اے پسر — فائدہ ہر لعب در تالی نگر
جس طرح شطرنج بازی سے پسر — فائدہ جو کچھ ہے اس میں غور کر

ایں نہادہ بہر آں لعب نہاں — واں برائے آن و آں بہر فلاں
دو کھلاڑی چالیں چلتے ہیں نہاں — اپنے اپنے فائدے کو لے فلاں

ہمچنیں می بیں جہات اندر جہات — در پئے ہم تا رسی در برد و مات
آگے پیچھے دیکھ اسی صورت جہات[1] — تاکہ آخر پہنچے تو تا برد و مات

[1] طرفین +

اوّل از بہرِ دوم باشد چناں — کہ شدن بر پایہائے نردباں
پہلی صورت دوسری کے واسطے — یوں ہے جیسے سیڑھیوں پر تو چڑھے

آں دوم بہرِ سوم میداں دوام — تا رسی تو پایہ پایہ تا بہ بام
دوسری کے بعد پایہ تیسرا — پایہ پایہ چل کے کوٹھا آ گیا

شہوتِ خوردن ز بہرِ آں منی — آں منی از بہرِ نسل اے روشنی
کھانے کی خواہش تو ہے بہرِ منی — اور منی ہے بہرِ نسل اے روشنی

کُند بینش می نہ بیند غیر ایں — عقلِ او بے سیر چوں نبتِ زمیں
کُند بیں پہنچا نہ تہ کو بات کی — عقل ہے بے سیر اس کی گھاس سی

نبت را چہ خوانده چہ ناخوانده — ہست پائے او بگِل در مانده
گھاس کو کوئی بلائے یا نہیں — پا بگِل ہے اور عاجز بالیقیں

گر سرش جنبد بباد تیز رو — کہ بسر جنبانیش غرّہ مشو
تیز جھونکوں سے جو اس کا سر ہلا — خود ہلایا تھا یقیں اس پر نہ لا

آں سرش گوید سمعنا اے صبا — پائے او گوید عصینا خلّنا
سر تو کہتا ہے سنا ہم نے صبا — پاؤں کہتے ہیں کہ ہم نے کی خطا

چوں ندانند سیر میرانند چو عام — بر توکل می‌نہند چوں کور گام
سیر سے محروم جوں عام اے فتا — ہے توکل ہیں مقلد کور کا

بر توکّل تا چہ آید در نبرد — چوں توکل کردن اصحاب نرد
فائدہ ایسے توکل سے ہے کیا — یہ توکل تو ہے اہلِ نرد کا[1]

واں نظرہائے کہ آں افسرده نیست — جز روندہ جز درندہ پردہ نیست
وہ نگاہیں جو کہ افسردہ نہیں — پردہ در ہیں اور رواں ہیں بالیقیں

[1] یعنی پانسہ سیدھا پڑے یا اُلٹا۔

آنچہ در دہ سال خواہد آمدن ۔ ایں زماں بیند بچشم خویشتن

دس برس کے بعد جو پیش آئیگا ۔ آج اُن کے سامنے ہے برملا

ہمچنیں ہر کس باندازہ نظر ۔ غیبِ مستقبل ببیند خیر و شر

دیکھنے والے بہ اندازِ نظر ۔ دیکھتے ہیں آنے والے خیر و شر

چونکہ سدّے پیش و سدّے پس نماند ۔ شد گذارہ چشم و لوحِ غیب خواند

آگے پیچھے اُن کے دیواریں نہیں ۔ غیب کی پڑھتے ہیں لوحیں بالیقیں

چوں نظر پس کرد تا بدوِ وجود ۔ آخر و آغازِ ہستی رو نمود

جانبِ گذشتہ پر نظر کی اے فتا ۔ آخر و آغازِ ہستی کھل گیا

بحثِ املاک و زمیں با کبریا ۔ در خلیفہ کردنِ بابائے ما

جب فرشتوں نے خدا سے بحث کی ۔ اور خلافت حضرت آدمؑ کو دی

چوں نظر در پیش افگند او بدید ۔ آنچہ خواہد بود تا محشر پدید

سامنے ڈالی نظر تو کھل گیا ۔ ہونے والا حشر تک جو کچھ بھی تھا

پس ز پس می بیند او تا اصلِ اصل ۔ پیش می بیند عیاں تا روزِ فصل

پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں اصلِ اصل ۔ دیکھتے ہیں سامنے تا روزِ فصل[1]

ہر کسے ز اندازۂ روشن دلی ۔ غیب را بیند بقدرِ صیقلی

روشنی دل کی اندازے سے سب ۔ دیکھتے ہیں غیب کے حالات اب

ہر کہ صیقل بیش کرد او بیش دید ۔ بیشتر آمد برو صورت پدید

جس نے صیقل کی سِوا دیکھا سِوا ۔ کچھ زیادہ حال اُس پر کھل گیا

گر تو گوئی کاں صفا فضلِ خداست ۔ نیز ایں توفیقِ صیقل آں عطاست

گر کہے تو ہے صفا فضلِ خدا ۔ وہ کرے توفیقِ صیقل بھی عطا

---

[1] روزِ قیامت ۔

قدر ہمت باشد آں جہد و دعا | لیس للانسان الا ما سعیٰ
ہے بقدر ہمت اب سعی و دعا | لیس للانسان الا ما سعیٰ[1]

واہب ہمت خداوند است و بس | ہمت شاہی ندارد ہیچ خس
دینے والا ہمتوں کا ہے خدا | ہمت شاہی مگر ہو خس کو کیا

نیست تخصیص خدا کس را بکار | مانع طوع مراد و اختیار
کار آمد کب ہے تخصیص خدا | آرزوؤں سے وہ کب مانع ہوا

لیک چوں رنجے دہد بدبخت را | او گریزاند بکفراں رخت را
ہاں مگر جب رنج دے بدبخت کو | جانب کفراں بس اُس کا قصد ہو

نیکبختے را چو حق رنجے دہد | رخت را نزدیکتر وا می نہد
اور نیکوں کو خدا جب رنج دے | اُس کا ساماں قرب ہیں اپنے رکھے

بد دلاں از بیم جاں در کارزار | کردہ اسباب ہزیمت اختیار
خوف جاں سے بد دلان کارزار | بھاگنے کا کر رہے ہیں انتظار

پُردلاں در جنگ ہم از بیم جاں | حملہ کردہ سوئے صف دشمناں
ہے شجاعوں کو بھی خوف جاں مگر | ہیں صفوں پر دشمنوں کی حملہ ور

رستماں را ترس و غم وا پیش برد | ہم ز ترس آں بد دل اندر خویش مرد
رستموں کو خوف آگے لے گیا | اور بد دل خوف ہی ہیں سے فنا

چوں محک آمد بلا و بیم جاں | زاں پدید آمد شجاع از ہر جباں
جب کسوٹی ہے بلا اور خوف جاں | مرد اور نامرد اس سے ہیں عیاں

حاصل آں کز وسوسہ ہر کو گسیخت | از قضا ہم در قضا باید گریخت
مرد وہ جو وسوسوں سے ہے رہا | ہو کے راضی ہے طلبگار قضا

[1] یعنی "انسان کے لئے جو کچھ ہے۔ اس کی کوشش ہی ہے۔"

حق تعالیٰ کا حضرت موسیٰؑ کو وحی بھیجنا

گفت موسیٰ را بوحیِ دل خدا	کای گزیدہ دوست میدارم ترا
وحی میں موسیٰؑ سے یوں حق نے کہا	دوست رکھتا ہوں تجھے اے باصفا
گفت چہ خصلت بود اے ذوالکرم	موجب آں تا من آں افزوں کنم
بولے موسیٰؑ وہ ہے خصلت مجھ میں کیا	جو ہے وجہ لطف لوں میں کو بڑھا
گفت چوں طفلے بہ پیشِ والدہ	وقتِ قہرش دست ہم بروے زدہ
بولا جیسے بچہ ماں کے سامنے	وقت غصے کے بھی لپٹا ہی رہے
خود نداند کہ جز او دیار ہست	ہم ازو مخمور ہم ازوست مست
گھر میں وہ جانے کسے ماں کے سوا	مست اور مخمور اُس سے ہے سدا
مادرش گر سیلیے بروے زند	ہم بمادر آید و بروے تند
ماں اگر کھینچ کبھی اُس کو مارے	پھر بھی اپنی ماں سے وہ لپٹا رہے
از کسے یاری نخواہد غیر او	اوست جملہ خیر او و شر او
کب کسی سے لیتا ہے امداد پر	والدہ سے جو ہے اس کی خیر و شر
خاطرِ تو ہم ز ما در خیر و شر	التفاتش نیست با جائے دگر
خیر و شر میں تیرے دل کو بھی یونہی	کس سے ہے میرے سوا وابستگی
غیر من پیشت چو سنگ است و کلوخ	گر صبی و گر جوان و گر شیوخ
ماسوا ہے تیرے آگے ہیچ ہاں	بچہ ہو بوڑھا ہو یا کوئی جواں
ہمچناں کہ ایاک نعبد در حنین	از بلا از غیر تو لا نستعین
غم[1] میں ہے ایاک نعبد بر یقیں	اور بلا میں ورد تیرا نستعین

[1] یعنی تو غم میں بھی یہی کہتا ہے کہ اے خدا ہم تیری ہی پرستش کرتے ہیں اور بلا میں بھی یہی کہتا ہے کہ ہم تیرے سوا کسی سے مدد نہیں مانگتے

ہست ایں ایاک نعبد حصر را	در لغت آں از پئے رفع ریا
حصر ہے "ایاک نعبد" میں فقط	ہے لغت میں از پئے رفع ریا
ہست ایاک نستعین ہم بہرِ حصر	حصر کردہ استعانت را و قصر
حصر ہی کو ہے ایاک نستعین	استعانت کو ہے گھیرا بالیقین
کہ عبادت مر ترا آریم و بس	طمعِ یاری ہم ز تو داریم و بس
بس عبادت تیری ہی کرتے ہیں ہم	ہیں مدد لیتے تجھی سے ذوالکرم!

ایک بادشاہ کی مصاحب سے خفگی

پادشاہے بر ندیمے خشم کرد	خواست تا از وے برآرد دود و گرد
اک مصاحب پہ ہوا سلطاں خفا	عزم پھر اُس کی ہلاکت کا کیا
کرد شہ شمشیر بیروں از غلاف	تا زند بر وے جزائے آں خلاف
کھینچ لی تلوار باہر میان سے	تا مخالف کو سزا اس کی ملے
ہیچکس را زہرہ نے تا دم زند	یا شفیعے بر شفاعت بر تند
تاب بھی دم مارنے کی تھی کسے	یا کوئی اس کی شفاعت ہی کرے
جز عماد الملک نامی از خواص	در شفاعت مصطفےٰ وار از خلاص
جو عماد الملک خاص اک شخص تھا	مثلِ پیغمبر شفاعت کو اٹھا
برجہید و زود در سجدہ فتاد	در زماں شہ تیغ را از کف نہاد
اُٹھ پڑا اور فوراً ہی سجدے میں گرا	ہاتھ سے تلوار کو شہ نے رکھا

لہ اصطلاحِ اہلِ معانی و بیان میں کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ مخصوص کرنے کو کہتے ہیں۔ صفت کو موصوف کے ساتھ یا موصوف کو صفت کے ساتھ اور "ایاک نعبد و ایاک نستعین" میں چونکہ "ایاک" مفعول ہے اس لئے فعل پر مقدم ہو کر قصر کا فائدہ دیتا ہے۔ یعنی ہماری عبادت تیرے ہی لئے مخصوص ہے اور ہماری مدد طلبی بھی تجھی سے مخصوص ہے +

گفت اگر بوسیت من بخشیدمش | ور بپوشی کرد من پوشیدمش
بولا بخشا گو کہ وہ شایاں سہی | شیطنت اس نے اگرچہ مجھ سے کی

چونکہ آمد پائے تو اندر میاں | راضیم گر کرد مجرم صد زیاں
جبکہ تیرا پاؤں آیا درمیاں | ہوں میں راضی گو کئے اس نے زیاں

صد ہزاراں خشم را تانم شکست | کہ ترا آں فضل و آں مقدار ہست
لاکھ ہوں غصے مرے تجھ پر نثار | تجھ میں ہے وہ فضل اور ایسا اقتدار

لابہ ات را ہیچ نتوانم شکست | زانکہ لابہ تو یقیں لابہ من ست
کیوں کروں میں رد سفارش کو تری | یہ سفارش ہے تری گویا مری

گر زمین و آسماں برہم زدے | ز انتقام ایں مرد بیروں نامدے
کرتا گر برہم زمین و آسماں | یہ نہ پاتا میرے غصے سے اماں

ور شدے ذرہ بذرہ لابہ گر | او نبردے ایں زماں از تیغ سر
کرتا منت ذرہ ذرہ بھی اگر | تیغ سے میری نہ بچتا اس کا سر

بر تو ننہیم منت اے کریم | لیک شرح عزتت گفتم اے کریم
تجھ پہ کچھ احساں نہیں ہوتے اے کریم | ہے تری عزت کی یہ شرح عظیم

ایں نکردی تو کہ من کردم یقیں | اے صفاتت در صفات ما دفیں
کیا کیا تو نے یہ خود میں نے کیا | ہر صفت تیری ہے میری میں ملا

تو دریں مستعمل نے عاملی | زانکہ محمول ای معنی نے حاملی
اس میں مستعمل ہے تو عامل نہیں | ناز کا محمول ہے حامل نہیں

ما رمیت اذ رمیت گشتہ | خویش را در موج چوں کف کشتہ
ما رمیت اذ رمیت تو بنا | موج کا گویا کہ تو کف ہو گیا

لا شدی پہلوے الا خانہ گیر | اے عجب کہ ہم اسیری ہم امیر
ہو کے "لا" "الا" میں ہے تو خانہ گیر | خود امیر ایسا بنا ہے خود اسیر

آنچہ دادی تو ندادی شاہ داد ‖ او سپرد اللہ اعلم بالرشاد

تونے جو کچھ ہے دیا شہ نے دیا ‖ ہے وہی آگے خدا ہے جانتا

معشوق کا خفا ہو کر سفارشی سے دوستی قطع کرنا

واں ندیم رستہ از خوف بلا ‖ زیں شفیع آں دلبر گردید از ولا

جب ندیم اس خوف و غم سے چھٹ گیا ‖ تھا سفارش کرنے والے سے خفا

دوستی ببرید زاں مخلص تمام ‖ رو بتافت کرد انکار و سلام

منقطع کی یار سے یاری تمام ‖ منہ کو موڑا تا نہ وہ کرتے سلام

زاں شفیع خویشتن بیگانہ شد ‖ زیں تعجب خلق در افسانہ شد

اُس سفارش گر سے بیگانہ ہوا ‖ خلق میں یہ امر افسانہ ہوا

گر نہ مجنونست یاری چوں برید ‖ از کسے کہ جان او را وا خرید

گر نہ تھا پاگل تو کیوں کی بد دلی ‖ اُس سے جس نے جان اس کی مول لی

آں خریدش آں دم از گردن زدن ‖ خاک نعلش بایستے شدن

قتل ہونے سے بچایا دانستی ‖ خاک بننا کام تھا اُس کے کفش کی

باز گونہ رفت و بیزاری گرفت ‖ باچنیں دلدار کیں داری گرفت

پھر گیا بیزار اُس سے ہو گیا ‖ کینہ جو بیکار اس سے ہو گیا

پس ملامت کرد او را ناصحے ‖ کایں جفا چوں می کنی با مصلحے

پس ملامت اُس کو اک ناصح نے کی ‖ ایسے مصلح سے نظر کیوں پھیر لی

جان تو بخرید آں دلدار خاص ‖ آں دم از گردن زدن کردت خلاص

جاں خریدی تیری اس دلدار نے ‖ قتل ہونے سے بچایا یار نے

گر جفا کردے نبایستے رمید ‖ خاصہ نیکی کرد آں یار حمید

وہ جفا کرتا تو سہنا تھا مگر ‖ اب تو نیکی کی ہے اُس نے خاص کر

گفت بہر شاہ مبذول ست جاں ۔۔ او چرا آید شفیع اندر میاں

بولا میری جان ہے شہ پر فدا ۔۔ وہ ہمارے درمیاں کیوں آ پڑا

لی مع اللہ وقت بود آندم مرا ۔۔ لا یسع فیہ نبی مجتبیٰ

یعنی[ل] ہیں اس دم خدا کے ساتھ تھا ۔۔ تھی نبی کو بھی نہ گنجائش کی جا

من نخواہم رحمتے جز زخم شاہ ۔۔ من نخواہم غیر آں شہ را پناہ

میں نہیں کچھ چاہتا جز زخم شاہ ۔۔ لوں سوا اس کے کسی کی کیوں پناہ

غیر شہ را بہر آں لا کردہ ام ۔۔ کہ بسوئے شہ تولا کردہ ام

غیر شہ سے اس لئے انکار ہے ۔۔ دوستی شہ کی مری غمخوار ہے

گر ببرد او بقہر خود سرم ۔۔ شاہ بخشد شصت جان دیگرم

قہر سے اپنے جو وہ سر کاٹ لے ۔۔ ساٹھ جانیں مجھ کو گویا اور دے

کار من سر بخشی و بیخودیست ۔۔ کار شاہنشاہ ما سر بخشی است

کام میرا، سر نثاری، بیخودی ۔۔ اور جاں بخشی ہے عادت شاہ کی

فخر آں سر کہ کف شاہش برد ۔۔ ننگ آں سر کہ بغیرے سر برد

فخر اس سر پر جسے شہ کاٹ لے ۔۔ ننگ ہے وہ سر جو غیروں میں جھکے

شب کہ شاہ از قہر در قیرش کشید ۔۔ ننگ دارد از ہزاراں روز عید

رات جس کو شاہ سے ظلمت ملی ۔۔ عید کے دن سے بھی ہے اچھی ہوئی

خود طواف آنکہ او شہ بیں بود ۔۔ فوق قہر و لطف و کفر و دیں بود

ہے طواف اس کا کہ جو ہے شاہ بیں ۔۔ کفر سے اور دیں سے بالا ہے کہیں

ل چنانچہ آنحضرت ؐ فرماتے ہیں کہ لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل۔ یعنی مجھ پر قرب الٰہی میں ایک ایسا وقت آتا ہے کہ نہ اس میں کسی مقرب فرشتے کی گنجائش ہوتی ہے۔ اور نہ کسی نبی مرسل کی۔

زاں نیاید یک عبارت در جہاں ۔ پس نہانست و نہانست و نہاں
ہے جہاں میں کب طواف اُس کا عیاں ۔ وہ نہاں ہے وہ نہاں ہے وہ نہاں

زانکہ ایں اسما و الفاظ حمید ۔ از گلابہ آدمی آمد پدید
ہیں یہ الفاظ اور اسماء جس قدر ۔ آدمی کی آب و گل سے ہیں پسے

علم الاسماء[1] بُد آدم را امام ۔ لیک نے اندر لباس عین[2] و لام
علم الاسماء تھا آدم کا امام ۔ گو نہ تھا اُن پر لباس عین و لام

چوں نہاد آں آب و گل بر سر کلاہ ۔ گشت از اسمائے جانی رو سیاہ
آب و گل نے جب رکھی سر پر کلاہ ۔ ہو گیا اسمائے جاں سے رو سیاہ

کہ نقاب حرف و دم در خود کشید ۔ تا شود بر آب و گل معنی پدید
گر نقاب حرف و دم میں تھی نہاں[3] ۔ تا کہ آب و گل پہ معنی ہوں عیاں

گرچہ از خصم شہ کرد او خلاص ۔ لیک ہم شہ شد مر اخفا مناص
کر دیا گو رستگار قہر شاہ ۔ تھا مگر وہ شاہ بھی میری پناہ

گرچہ از یک وجہ منطق کاشف است ۔ لیک از دہ وجہ پردہ و مکنف است
اک سبب ظاہر ہے میرے نطق سے ۔ دس سبب ہیں اور بھی لیکن چھپے

حضرت جبرئیل اور حضرت خلیل کی گفتگو

من خلیل وقتم و او جبرئیل ۔ من نخواہم در بلا او را دلیل
میں[4] خلیل وقت ہوں وہ[5] جبرئیل ۔ رنج میں اُس کو کروں میں کیوں دلیل

[1] ارشاد باری تعالیٰ "و علّم آدم الاسماء کلّہا" اور اُس نے آدمؑ کو تمام چیزوں کے نام سکھا دیئے۔ [2] یعنی علم + [3] یعنی جان نہاں تھی +
[4] رہا شدہ مجرم کہہ رہا ہے +
[5] یعنی سفارش کرنے والا +

او ادب ناموخت از جبریل راد ۔ کہ بپرسید از خلیل حق مراد

وہ ادب سیکھا نہ کیوں جبریل سے ۔ یوں جو ابراہیم سے پوچھے بلا ضرورت

کہ مراد است حاجتی تا یاری کنم ۔ ورنہ بگریزم سبکباری کنم

کوئی حاجت ہو تو میں یاری کروں ۔ ورنہ پھر جا لوں کا تم سے اذن لوں

گفت ابراہیم نے رو از میاں ۔ واسطہ زحمت بود بعد العیاں[1]

بولے حضرت کیوں پڑو تم درمیاں ۔ واسطہ اک کلفت ہے بعد عیاں

بہر ایں دنیاست مرسل رابطہ ۔ مومناں را زانکہ ہست او واسطہ

ہر نبی ہے اس جہاں میں رابطہ ۔ ہے ہر اک مومن کا اس سے واسطہ

ہر دلی را سامع بدی وحی نہاں ۔ حرف و صوتے کے بدے اندر میاں

سنتا ہر اک دل اگر وحی نہاں ۔ کیوں صدا اور لفظ ہوتے درمیاں

گرچہ او محو حق است و بی سر است ۔ لیک کار من ازاں نازکتر است

گرچہ ہے محو حق سے وہ بھی لاکلام ۔ اُس سے نازک تر ہے لیکن میرا کام

کردہ او کردہ شاہ است لیک ۔ پیش چشمم بد نمایندہ است نیک

فعل اس کا فعل ہے سلطان کا ۔ ہے مری نظروں میں لیکن ناروا

آنچہ عین لطف باشد بر عوام ۔ قہر شد بر نازنینان کرام

عام لوگوں کو جو ہے راحت اے اخی ۔ نازنینوں پر وہی ہے قہر بھی

کایں بلا و رنج بیباید کشید ۔ عامہ را تا فرق را تانند دید

جب اٹھائیں وہ بھی یہ رنج و بلا ۔ فرق ہو معلوم انہیں اس بات کا

اینچنیں حرفست واسطہ اے یار غار ۔ پیش واصل خار باشد خار خار

یہ حروف واسطہ اے یار غار ۔ جو ہے واصل یہ سمجھے اس کے ہیں خار

۱؎ قول مشہور ہے کہ "لا واسطہ بعد العیان"۔

۲؎ یعنی سفارشی۔

پس بلا و رنج بایست و وقوف — تا رہد آں روح صافی از حروف
پس ذرا سرگشتہ کر رنج و بلا — تا ہو روح پاک لفظوں سے رہا

لیک بعضے زیں بلا کرتر شدند — باز بعضے صافی و برتر شدند
بعض گرہ ان بلاؤں سے ہوئے — اور بعضے برتر و بہتر رہے

ہمچو آب نیل آمد ایں بلا — سعد را آب است و خوں بر اشقیا
مثل آب نیل کے ہے یہ بلا — نیک کو آب اور خوں با اشقیا[1]

ہر کہ پایاں بیں تر او مسعود تر — جد تر او کارد کہ افزوں برد بر
تھا جو آخر بیں وہی مسعود تھا — جو سوا بوئے گا کاٹیگا سوا

زانکہ داند کایں جہاں کاشتن — ہست بہر محشر و بر داشتن
جانتا ہے اس جہاں کی کاشت کا — حشر کے دن کچھ اُٹھے گا فائدا

ہیچ عقدے بہر عین خود نبود — بلکہ از بہر مقام ربح و سود
کب گرہ بے فائدہ کوئی لگے — بلکہ سود اور فائدے کے واسطے

ہیچ نبود منکرے گر بنگری — منکرش بہر عین منکری
اور منکر کا کوئی انکار بھی — منکری محض کب ہے اعراضی

بل برائے قہر خصم اندر حسد — یا فزونی جستن و اظہار خود
ہاں حسد سے قہر دشمن کے لئے — یا نمود ظاہری کے واسطے

واں فزونی ہم پئے طمعے دگر — بے معانی چاشنی ندہد صور
ہے نمودوں میں بھی لالچ دوسرا — یعنی ہے باطن سے ظاہر بے مزا

زاں ہمی پرسی چرا ایں میکنی — کہ صور زیت[2] است و معنی روغنی
پوچھتا ہے وجہ تو ہر کام کی — صورتیں روغن[2] ہیں معنی روشنی

[1] شقی کی جمع ۔ بُرے +
[2] یعنی روغن زیتون +

ورنہ ایں گفتن چرا از بہر چیست ‏ ‏ چونکہ صورت بہر عین صورتیست

فائدہ ہے پوچھنے میں کیا سمجھے ‏ ‏ جب ہے ظاہر صرف ظاہر کے لئے

ایں چرا گفتن سوال از فائدہ است ‏ ‏ جز برائے ایں چرا گفتن بد است

پوچھنے سے ہے یہی اک فائدا ‏ ‏ ورنہ پھر بیکار ہوتا پوچھنا

از چہ روئے فائدہ جوئی ایں ‏ ‏ چونکہ باشد فائدہ ایں خود ہمیں

اور اس سے کون سا ہے فائدا ‏ ‏ گر وہ خود ہو فائدہ پھر پوچھ کیا

پس نقوش آسمان و اہل زمیں ‏ ‏ نیست حکمت کو بود بہر ہمیں

پس یہ ہر نقش زمین و آسماں ‏ ‏ نقش ہی کے واسطے کب ہے عیاں

گر حکیمے نیست ایں ترتیب چیست ‏ ‏ ور حکیمے ہست چوں فعلش تہی ست

گر نہیں حکمت تو پھر ترتیب کیا ‏ ‏ ہے جو حکمت فعل خالی کب رہا

کس نسازد نقش گرمابہ و خضاب ‏ ‏ جز پئے قصد صواب و ناصواب

کون ہو حمام میں آراستا ‏ ‏ غرض اگر اس کا نہ ہو اچھا برا

ہر چہ بینی در جہاں از آیتے ‏ ‏ ہست بہر منفعتے و حکمتے

اس جہاں میں جو نشاں ہے دیکھ لے ‏ ‏ ہے وہ معنی اور حکمت کے لئے

حضرت موسیٰؑ اور اللہ تعالیٰ میں سوال و جواب

گفت موسیٰؑ اے خداوند حساب ‏ ‏ نقش کردی باز چوں کردی خراب

بولے موسیٰؑ اے خداوند حساب ‏ ‏ نقش[1] کر کے کیوں کیا اس کو خراب

نر و مادہ نقش کردی جانفزا ‏ ‏ وانگہے ویراں کنی آں را چرا

مرد و عورت کو بنایا خوشنما ‏ ‏ پھر انہیں برباد تو نے کیوں کیا

١ یعنی صورت بنا کر۔

گفت حق دانم کہ ایں پرسش ترا — نیست از انکار و غفلت وز ہوا
حق نے فرمایا کہ یہ پرسش تری — حرص سے اور کاہلی سے ہے تہی

ورنہ تادیب و عتابت کردمے — بہر ایں پرسش ترا آزردمے
ورنہ تجھ پہ ہوتا تادیبًا عذاب — ہوتا اس پرسش سے تجھ کو اضطراب

لیک میخواہی کہ در افعال ما — باز جوئی حکمت و سرِّ قضا
تو ہمارے فعل میں ہے چاہتا — درک اکثر حکمت و اسرار کا

تا ازاں واقف کنی مر عام را — پختہ گردانی بدیں ہر خام را
تاکہ اُن سے لوگوں کو واقف کرے — پختگی ہر خام کو اس سے ملے

قاصدا سائل شدی در کاشفی — بر عوام ارچہ کہ تو زاں واقفی
تو نے قصدًا یہ سوال اب ہے کیا — تاکہ سب جانیں جو تو ہے جانتا

زانکہ ہم علم آمد ایں سوال — ہر برونے را نباشد ایں مجال
نصف آگاہی ہے خود تیرا سوال — ہر کس و ناکس کی کب ہے یہ مجال

ہم سوال از علم خیزد ہم جواب — ہمچنانکہ خار و گل از خاک و آب
علم ہی سے ہیں سوالات اور جواب — خار و گل کو جیسے لازم خاک و آب

ہم ضلال از علم خیزد ہم ہدیٰ — ہمچنانکہ تلخ و شیریں از ندا
علم ہی سے گمرہی ہے اور ہدیٰ[1] — تلخی و شیرینی کی مظہر ہے ندا

ز آشنائی خیزد ایں بغض و ولا — وز غذائے خوش بود سقم و شفا
دوستی سے بغض پیدا اور وِلا[2] — ہے غذا وجہ مرض، وجہ شفا

مستفید اعجمی شد آں کلیم — تا عجمیاں را کند زاں سر علیم
فائدے کو بن گئے نادان کلیم — تاکہ ہوں نادان واقف اے ندیم

۱؎ ہدایت +
۲؎ محبت +

ما ہم از قومے اعجمی سازیم خویش — پاسخش آریم چوں بیگانہ خویش
ہم بھی ناداں بن کے کام اپنا کریں — پس جواب اُس سے جو بیگانہ بنیں

خرفروشاں خصم ہمدیگر شدند — تا کلید قفل آں در آمدند
خرفروش[1] آپس میں دشمن ہوگئے — آخر اُس دروازے کی کنجی بنے

پس بفرمودش خدا اے ذو لباب — چوں بپرسیدی بیا بشنو جواب
پس ہوا ارشادِ حق اے خوش خطاب — تو نے پوچھا ہے تو اُس لے جواب

موسیا تخمے بکار اندر زمیں — تا تو خود ہم وادہی انصاف ایں
بیج کچھ موسیٰ زمیں میں ڈال دے — تا کہ خود انصاف تو اس کا کرے

چونکہ موسیٰ کشت شد کشتش تمام — خوشہ ہایش یافت خوبی و نظام
بیج جب موسیٰ نے بوئے خوب اُگ گئے — خوشے اُن کے اک نظامِ خاص سے

داس بگرفت و مر آنہا را برید — پس ندا از غیب در گوشش رسید
لیکے ہنسیہ اُن کو کاٹا شوق سے — غیب سے پس آئی یہ آواز اُسے

کہ چرا کشتی کنی و پروری — چوں کمالے یافت آں را میبری
بویا کیوں کھیتی کو اور پالا اُسے — جب مکمل ہوگئی کاٹا اُسے

گفت یارب زاں کنم ویران و پست — کہ درینجا دانہ ہست و کاہ ہست
بولے یارب اس لئے کاٹا اُسے — تھی یہاں گھاس اور کچھ دانے ہی تھے

دانہ لائق نیست در انبار کاہ — کاہ در انبار گندم ہم تباہ
دانہ کب ہے لائقِ انبارِ کاہ — گھاس بھی گیہوں میں مل کر ہو تباہ

نیست حکمت ایں دو را آمیختن — فرق واجب میکند در بیختن
دونوں کی آمیزش اچھی نہیں — ہے الگ کرنا ہی ان کا بہتریں

[1] گدھے (نفس) کو بیچنے والے۔ فلسفی اور گمراہ لوگ +

گفت این دانش ز کی آموختی ‏ — ‏ نور این شمع از کجا افروختی

پوچھا حق نے کس سے یہ حکمت ملی ‏ — ‏ نور سے کس کے یہ روشن شمع کی؟

گفت تمییزم تو دادی اے خدا ‏ — ‏ گفت پس تمییز چون نبود مرا

بولے دی تمییز تو نے اے خدا ‏ — ‏ بولا، پھر مجھ میں نہیں تمییز کیا؟

در خلائق روحہائے پاک ہست ‏ — ‏ روحہائے تیرہ گلناک ہست

اس جہاں میں ہیں بہت ارواح پاک ‏ — ‏ ہیں بہت تاریک آلودہ بخاک

این صدفہا نیست در یک مرتبہ ‏ — ‏ در یکے در است و در دیگر شبہ

سیپیاں رتبے میں کب یکساں ہیں ‏ — ‏ ایک میں ہے پوست، موتی ایک میں

واجب است اظہار این نیک و تباہ ‏ — ‏ ہمچنانکہ اظہار گندمہا ز کاہ

فرق واجب نیک و بد کا تھا سمجھ ‏ — ‏ جس طرح گیہوں نکالیں گھاس سے

بہر اظہار است این خلق جہاں ‏ — ‏ تا نماند گنج حکمتہا نہاں

ہے پئے اظہار یہ خلق جہاں ‏ — ‏ گنج حکمت تا نہ رہ جائے نہاں

کنت کنزاً گفت مخفیاً شنو ‏ — ‏ جوہر خود گم مکن اظہار شو

کنت کنزاً مخفیاً سن اے نگار ‏ — ‏ اپنا جوہر گم نہ کر ہو آشکار

روح حیوانی چھاچھ اور روح وحی روغن ہے

جوہر صدقت خفی شد در دروغ ‏ — ‏ ہمچو طعم روغن اندر طعم دوغ

صدق تیرا جھوٹ میں یوں ہے فنا ‏ — ‏ چھاچھ میں جس طرح روغن ہو چھپا

آن دروغت این تن فانی بود ‏ — ‏ راستت آن جان ربانی بود

جھوٹ اپنا اس تن فانی کو جان ‏ — ‏ صدق جان روح ربانی کو جان

سالہا این دوغ تن پیدا و فاش ‏ — ‏ روغن جان اندرو فانی و لاش

مدتوں سے چھاچھ تن کی ہے عیاں ‏ — ‏ روغن جاں اس میں ہے لاشے اور نہاں

تا فرستد حق رسولے بندۂ | دوغ را در خمرہ جنبانندۂ

تا نبی[2] نازل کرے کوئی خدا | اپنے ہاتھوں سے بلوٹے وہ مٹکا

تا بجنباند بہنجار و بفن | تا بدانم من کہ پنہاں بود من

جنبشیں اس طرح دے وہ برملا | تا میں سمجھوں اس میں مسکہ تھا چھپا

یا کلام بندۂ کاں جزو اوست | در رود در گوش آنکہ وحی جوست

یا کلام اس کا۔ جو ہے جزو نکو | جائے اُن کانوں میں جو ہیں وحی

اذنِ مومن وحی ما را واعی است | آنچناں گوشے قرین داعی است

گوشِ مومن وحی کا ہے یاد دار | جس طرح ہے کان پیغمبر کا یا

آنچنانکہ گوشِ طفل از گفتِ مام | پر شود ناطق شود او در کلام

کان میں بچے کے ہوں ماں کی صدا | جاتی ہے اور اس سے ہے وہ بولتا

ور نباشد طفل را گوشِ رشد | گفتِ مادر نشنود گنگے شود

کان بچے کے اگر شنوا نہ ہوں | پھر سنے وہ گفتگو مادر کی کیوں

دائما ہر کر[3] اصلی گنگ بود | ناطق آنکس شد کہ از مادر شنود

ہے جنم کا بہرا گونگا دیکھ لے | بولے وہ جو ماں کی باتوں کو سنے

وانکہ گوشش کر و گنگ از آفتست | زانکہ در گوشش رسیدہ علتیست

ہاں جو گونگا بہرا ہو امراض سے | کان جس کے سقم سے بہرے ہوئے

او پذیرائے دمِ تعلیم نیست | لاجرم مر نطق را تسلیم نیست

ہو سکے وہ لائقِ تعلیم کیا | نطق کو پھر کر سکے تسلیم کیا

آنکہ بے تعلیم بد ناطق خداست | کہ صفات او ز علتہا جداست

جو ہے بے تعلیم ناطق ہے خدا | علتوں سے ہے مبرا صفات اس کی جدا

۱ یعنی وہ سن سکتا ہے مگر بعدِ شفا۔

یا چو آدم کرده تعلیمش خدا | بے حجاب مادر و دایہ ورا
یا جو تھی آدم کو تعلیم خدا | دایہ اور ماں کا نہ تھا پردہ پڑا
یا مسیحا کہ بہ تعلیم ودود | در ولادت ناطق آمد در وجود
یا مسیحا حق کی جو تعلیم سے | یا نہیں پیدا ہوتے ہی کرنے لگے
از برائے دفع تہمت در ولاد | کہ نزاد است از زنا و از فساد
تہمت تولید کو زائل کیا | ہیں زنا سے تو نہیں پیدا ہوا
جنبشے بایست اندر اجتہاد | تا کہ دوغ آں روغن از دل باز داد
اس طرح اس کو ہلانا چاہیئے | چھاچھ تا کہ اپنا مکھن چھوڑ دے
روغن اندر دوغ باشد چوں عدم | دوغ در ہستی برآورده علم
چھاچھ میں مکھن ہے یوں جیسے عدم | چھاچھ نے ہستی میں رکھا ہے قدم
آنکہ ہستت می نماید ہست پوست | وانکہ فانی می نماید اصل اوست
پوست ہے جو ہست آتا ہے نظر | اصل وہ ہے جو عدم ہے اے پسر
دوغ روغن ناگرفتست و کہن | تا نہ بگزینی بنہ خرجش مکن
گر نہ مکھن چھاچھ سے تو لے سکے | گو کہن ہو اس کو یونہی چھوڑ دے
ہیں بگردانش بدانش دست دست | تا نماید آنچہ پنہاں کرده است
رفتہ رفتہ عقلمندی سے ہلا | تا کہ ظاہر ہو جو اس میں ہے چھپا
آنکہ ایں فانی دلیل باقی است | لابہ مستاں دلیل ساقی است
چونکہ یہ فانی ہے باقی کی دلیل | عجز مستوں کا ہے ساقی کی دلیل
روغن اندر دوغ پنہاں می شود | ہر چہ بہ سازی تو آشکارا می شود
چھاچھ میں از بسکہ مکھن ہے چھپا | جو کرے گا تو وہی ہو جائے گا

اسی مطلب کی دوسری مثال

هست بازیهائے آں شیرِ علم ‌ ‌ مخبرے از بادہائے مکتتم
جنبشیں شیرِ علم کی اے پسر ‌ ‌ دیتی ہیں مخفی ہواؤں کی خبر

گر نبودے جنبشِ آں بادہا ‌ ‌ شیرِ مردہ کے بجستے در ہوا
گر نہ دیتی جنبشیں اس کو ہوا ‌ ‌ شیر وہ کیونکر اچھلتا کودتا

زاں شناسی باد را گر آں صباست ‌ ‌ یا دبورست ایں بیانِ آں خفاست
اس سے جانے تو یہ ہے بادِ صبا ‌ ‌ اور وہ لو ہے بیاں اس کا خطا

ایں بدن مانندِ آں شیرِ علم ‌ ‌ فکر میجنباند اورا دمبدم
یہ بدن ہے صورتِ شیرِ علم[1] ‌ ‌ فکر سے جنبش ہے اس کو دمبدم

باد کاں از مشرق آید آں صباست ‌ ‌ وانکہ از مغرب دبور و با وباست
جو ہوا مشرق سے آئے ہے صبا ‌ ‌ جو چلے مغرب سے لو ہے برملا

مشرقِ ایں بادِ فکرت دیگرست ‌ ‌ مغربِ ایں بادِ فکرت زانسرست
دوسرا مشرق ہے بادِ فکر کا ‌ ‌ اس کا مغرب بھی ہے بیشک دوسرا

مہ جمادست و بود شرقش جماد ‌ ‌ جانِ جان جاں بود شرقش فؤاد
چاند کا مشرق جمادِ آسماں ‌ ‌ دل ہے مشرق جہاں کا جو ہے جانِ جاں

شرقِ خورشیدے کہ شد باطن فروز ‌ ‌ قشر و عکسِ آں بود خورشیدِ روز
پھر وہ سورج جو ہے باطن کی ضیا ‌ ‌ عکس اس کا ہے یہ سورج روز کا

زانکہ چوں مردہ بود تن بے لہب ‌ ‌ پیش او نے روز بنماید نہ شب
بے ضیا تن مردہ ہوتا ہے پسر ‌ ‌ رات دن کب اس کو آتے ہیں نظر

[1] وہ شیر جو علم کے پھریرے پر بنا ہوتا ہے۔

ورنہ باشد آں چو ایں باشد تمام ‌‌ بے شب و بے روز وار و انتظام

وجہ نہ ہو اور یہ اگر باقی رہے ‌‌ نظم ہو عالم کا بے دن رات کے

ہمچنانکہ چشم می بیند بخواب ‌‌ بے مہ و خورشید ماہ[1] و آفتاب[2]

خواب میں جوں آنکھ دیکھے مہر و ماہ ‌‌ بے مہ و خورشید کے بے اشتباہ

نوم ما چوں شد اخ الموت اے فلاں ‌‌ زیں برادر آں برادر را بداں

موت کا بھائی جو ہے خواب اے فلاں ‌‌ جان اس بھائی سے اس کو بے گماں

ور بگویندت کہ ہست آں فرع ایں ‌‌ مشنو آں را اے مقلد بے یقیں

گر کہیں وہ شاخ[3] ہے اس دہر کی ‌‌ اے مقلد تو نہ مان اس کو کبھی

می بہ بیند خواب جانت وصف حال ‌‌ کہ بہ بیداری نہ بینی بست سال

جان تیری خواب میں دیکھے وہ حال ‌‌ تو نہ بیداری میں دیکھے بیس سال

در پئے تعبیر آں تو عمرہا ‌‌ می دوی سوئے شہان با دہا

اور تو تعبیر لینے کے لئے ‌‌ عاقلوں کو تو ٹٹول گھیرے پھرے

کہ بگو ایں خواب را تعبیر چیست ‌‌ فرع گفتن ایں چنیں سر را شکیست

ہاں کہو تعبیر کیا اس خواب کی ‌‌ فرع کہنا تو ہے اک شاخ جلی

خواب عامہ است ایں خود خواب خاص ‌‌ باشد اصل اجتبا و اختصاص

یہ تو خواب عامہ کے ہیں خواص ‌‌ خواب ہیں مخصوص اُن کے جو ہیں خاص

پیل باید تا چو خسپد او ستاں ‌‌ خواب بیند خطۂ ہندوستاں

فیل ہو تا چت جو لیٹے بے گماں ‌‌ خواب میں آئے نظر ہندوستاں

خر نہ بیند ہیچ ہندستاں بخواب ‌‌ خر ز ہندستاں نکردہ است اغتراب

خواب میں ہندوستاں دیکھے نہ خر ‌‌ کب کیا ہے ہند سے اُس نے سفر

---

[1] آفتاب ظاہری ۔ [2] آفتاب باطنی ۔

[3] یعنی اسی دنیا کے خیال خواب میں نظر آتے ہیں ۔

جان ہمچوں پیل باید نیک زفت ‏ ‏ ‏ ‏ تا بخواب او ہند تاند رفت تفت

فیل کی مانند کر جاں کو قوی ‏ ‏ ‏ ‏ خواب میں تا ہند تک جائے کبھی

ذکر ہندستاں کند پیل از طلب ‏ ‏ ‏ ‏ پس مصور گردد آں ذکرش بشب

ہند کا ذکر اور طلب فیلوں کو ہو ‏ ‏ ‏ ‏ ذکر بن جائے مصور رات کو

اذکروا اللہ کار ہر اوباش نیست ‏ ‏ ‏ ‏ ارجعی بر پائے ہر قلاش نیست

ذکر[1] ہے کب کام ہر اوباش کا ‏ ‏ ‏ ‏ لوٹنا[2] کب کام ہے قلاش کا

لیک تو آیس مشو ہم پیل باش ‏ ‏ ‏ ‏ ورنہ پیلی در پئے تبدیل باش

تو نہ ہو مایوس اچھا پیل ہو ‏ ‏ ‏ ‏ گر نہیں ہے پیل تو تبدیل ہو

کیمیا سازان گردوں را ببیں ‏ ‏ ‏ ‏ بشنو از میناگراں ہر دم طنیں

دیکھ جو ہیں کیمیا گر چرخ پر ‏ ‏ ‏ ‏ ذکر سن میناگروں[3] کا بے خبر

نقش بندانند در جو افلاک ‏ ‏ ‏ ‏ کارسازانند بہر لی و لک

ہیں خلائے چرخ میں وہ خوش طراز ‏ ‏ ‏ ‏ جو ہیں میرے اور تیرے کارساز

گر نہ بینی خلق مشکیں جیب را ‏ ‏ ‏ ‏ بنگر اے شبکور آں آسیب[4] را

گر نہ دیکھے ان معنبر جیب کو ‏ ‏ ‏ ‏ اے رتوندی دیکھ اس آسیب کو

ہر دم آسیبیست بر ادراک تو ‏ ‏ ‏ ‏ نبت نو نو رستہ بیں از خاک تو

جو ترے ادراک پر ہے ہر گھڑی ‏ ‏ ‏ ‏ جسم پر تیرے اُگیں گھاسیں نئی

۱ بفحوائے۔ اذکروا اللہ ذکراً کثیراً۔ یعنی اللہ کا ذکر بہت زیادہ کیا کرو +

۲ بفحوائے "ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ" یعنی اپنے رب کی طرف ہنسی خوشی لوٹو +

۳ آسمان بنانے والے یعنی فرشتے +

۴ خیالات فاسدہ سے مراد ہے +

زیں بدا براہیم ادہم دید خواب ‌ ‌ بسط ہندستان و ذکر ایں حجاب
دیکھا ابراہیم ادہم نے جو خواب ‌ ‌ بسط ہندستان کا ذکر حجاب

لاجرم زنجیرہا را بردرید ‌ ‌ مملکت برہم زد و شد ناپدید
بھاگے زنجیریں تڑا کر ایک بار ‌ ‌ سلطنت سے ہو گئے اپنی فرار

ایں نشان دید ہندستاں بود ‌ ‌ کہ جہد از خواب و دیوانہ شود
یہ نشاں ہندوستاں کی دید کا ‌ ‌ خواب سے چونکے تو وحشت تھی سوا

میفشانند خاک بر تدبیرہا ‌ ‌ میدرانند حلقۂ زنجیرہا
ڈال دیتی خاک ہے تدبیر پر ‌ ‌ بھاگ نکلے توڑ کر زنجیر در

ترک گیرد مایۂ دنیا سربسر ‌ ‌ جملگی برہم زند آید بدر
مایۂ دنیا ترک کرکے سربسر ‌ ‌ کر لیا سب سے کنارہ لے بسرا

آنچنانکہ گفت پیغمبرؐ ز نور ‌ ‌ کہ نشانش آں بود اندر صدور
کی ہے پیغمبرؐ نے یوں تشریح نور ‌ ‌ سینوں میں ہوتا ہے یوں اس کا ظہور

کہ تجافی دارد از دار الغرور ‌ ‌ ہم انابت دارد از دار السرور
بس وہ اس دنیا سے اک نفرت کرے ‌ ‌ اور عقبیٰ کی طرف رغبت کرے

بہر شرح ایں حدیث مصطفیٰ ‌ ‌ داستانے بشنو اے یار صفا
اب کروں شرح حدیث مصطفیٰ ‌ ‌ مجھ سے سن اک داستاں اے باصفا

لہ مشہور ہے۔ کہ حضرت ابراہیم ادہم رح نے خواب میں ایک شخص کو اپنی چھت پر کچھ ڈھونڈتے دیکھا۔ پوچھا۔ کیا ڈھونڈتا ہے۔ کہا۔ اونٹ ڈھونڈتا ہوں۔ بولے۔ کیسا بے وقوف ہے۔ چھت پر اونٹ کہاں سے آیا۔ اس نے کہا۔ تو بیوقوف نہیں۔ جو سلطنت میں خدا کو ڈھونڈتا ہے؟ یعنی یہ سلطنت تھوڑی اور تنگ ہے اور ہندوستان جو اصل مبدا ہے۔ سراسر بسیط اور فراخ۔ جس کی یہ سلطنت ہی حجاب ہے +

ایک شہزادے کا بادشاہ حقیقی کی صورت دیکھنا

پادشاہے داشت یک برنا پسر	باطن و ظاہر مزیّن از ہنر
اک پسر اک بادشہ کا تھا جواں	تھا ہنرور باطن و ظاہر میں ہاں
خواب دید او کاں پسر ناگہ بمرد	صافیِ عالم بر آں شہ گشت دُرد
خواب دیکھا شاہ نے وہ مر گیا	اک جہاں اندھیر نظروں میں ہوا
خشک شد از تابِ آتش مشکِ او	کہ نماند از تفِ آتش اشکِ او
سوزِ غم سے دل جو اُس کا خشک تھا	ایک آنسو بھی نہ گرمی سے رہا
آنچناں پُر شد ز دود و درد شاہ	کہ نمی یابید در وے راہ آہ
اس قدر غم سے بھرا وہ بادشاہ	بس سمائی پھر نہ اُس کے دل میں آہ
خواست مُردن قالبش بیکار شد	عمر ماندہ بود شہ بیدار شد
دل ہوا بیکار، مشکل زندگی	جاگ اُٹھا عمر باقی تھی ابھی
شادیے آمد ز بیداریش پیش	کو ندیدہ بود اندر عمر خویش
جاگنے سے وہ خوشی حاصل ہوئی	عمر بھر میں جو کبھی دیکھی نہ تھی
کہ ز شادی خواست ہم فانی شدن	پس مطوّق آمد ایں جاں با بدن
تھی خوشی ایسی کہ شادی مرگ تھا	روح میں لیکن بدن اُلجھا رہا
از دمِ غم می بمیرد ایں چراغ	وز دمِ شادی بمیرد اینت لاغ
بجھتی ہے یہ شمع غم کی پھونک سے	پھونک سے شادی کی بھی بے شک بجھے
درمیانِ ایں دو مرگ او زندہ است	ایں مطوّق شکل جائے خندہ است
وہ ہے زندہ درمیانِ دو قضا	ہنسنے کے لائق ہے انساں اے فتا
شاہ با خود گفت شادی را سبب	آنچناں غم بود از تبدیبِ رب
وجہ شادی شاہ نے دل میں کہا	ہے وہی غم جو خدا نے تھا دیا

این عجب یک چیز از یک روے مرگ — وز یکے رو زندگی درخت و برگ

ایک رخ اک چیز کا مرگ و قضا — اور وجہ زندگی رخ دوسرا

آں یکے نسبت بدآنحالت ہلاک — باز ہم از سوئے دیگر امتساک

اک طرح اک شے قضا ہو بے گماں — دوسری صورت میں وہ ہو پاسباں

شادیٔ تن سوئے دنیاوی کمال — سوئے روز عاقبت نقص و زوال

ہے خوشی تن کی پئے دنیا کمال — اور بہر عاقبت نقص و زوال

خندہ را در خواب ہم تعبیر داں — گریہ گوید با دریغ و اندہاں

خواب میں ہنسنے کی گر تعبیر لے — دردرونیگا ہر کہنے والا یوں کہے

گریہ را در خواب شادی و فرح — ہست در تعبیر اے صاحب مرح

اور جو روئے خواب میں ہو شادماں — ہے یہی تعبیر اس کی بے گماں

شاہ اندیشید کایں غم خود گذشت — لیک جاں از جنس این بدظن بگشت

شاہ نے سوچا کہ وہ غم تو گیا — وہم لیکن مجھ کو اس سے ہو گیا

گر رسد خارے چنیں اندر قدم — گر رود گل یادگارے بایدم

پاؤں میں کانٹا اگر میرے چبھے — جائے گل تو کچھ نشاں اس کا رہے

چشم زخمے زیں مبادا کہ شود — یادگارم بایدم گر او رود

ہو مبادا اس سے گر صدمہ کبھی — یادگار اس کی رہے باقی کوئی

چوں فنا را شد سبب بے منتہا — پس کدامیں راہ را بندیم ما

جب فنا کے ہیں سبب بے انتہا — کونسا پھر بند کیجیے راستا

صد دریچہ و در سوئے مرگ لدیغ — می‌کند اندر گشادن ژیغ ژیغ

کھڑکیاں اور در ہیں لاکھوں موت کے — کھلنے میں ہر وقت جو ہیں بولتے

ز الغ ثر الغ تلخ آں در ہائے مرگ — نشنود گوش حریص از حرص برگ

موت کے دروازوں کی وہ چل پکار — حرص کے کانوں میں کب آتی ہے یار

از سوئے تن دردہا بانگ دہ است — وز سوئے خصماں جفا بانگ دہ است

درد تن کی ہر صدا ہے بانگ در — دشمنوں کی ہر جفا ہے بانگ در

جان من برخواں تو مے فہرست طب — نار علتہا نظر کن ملتہب

پڑھ ذرا فہرست طب اے جان من — دیکھ کتنی علتیں ہیں جان شکن

در کتاب طب چو بینی اے فتے — بر شمار ریگ بینی رنجہا

دیکھئے گر طب کی کتابوں میں ذرا — ریت[1] کی مانند دکھ ہیں برملا

زانہمہ غرشہا درینخانہ رہست — ہر دو گامے پر ز کژدمہا چہ است

طے کھسک کر ہوتی ہے اس گھر کی راہ — بچھوؤں سے پر ہیں دو قدموں پہ چاہ

باد تند است و چراغ ابترے — زو بگیرانم چراغ دیگرے

ہے ہوا تیز اور ابتر ہے چراغ — اور جل جائے تو بہتر ہے چراغ

تا بود کز ہر دو یک وافی شود — گر بباد آں چراغ از جا رود

تا کہ دونوں میں سے اک جلتا رہے — ایک بجھ جائے جو باد تند سے

ہمچو عارف کز تن ناقص چراغ — شمع دل افروخت از بہر فراغ

جیسے شمع تن جو دیکھی مضمحل — جلد عارف نے جلا لی شمع دل

تا کہ روزے کایں بمیرد ناگہاں — پیش چشم خود نہد او شمع جاں

تا بجھے گر شمع پہلی ناگہاں — سامنے آنکھوں کے رکھے شمع جاں

او نکرد ایں فہم پس داد از غرر — شمع فانی را بفانی دگر

وہ نہ سمجھا یہ سونپا از رہ خطر — شمع فانی کو بہ فانی دگر

[1] یعنی اتنے دکھ ہیں جتنے ریت کے ذرے +

چارہ اندیشید لیکن چارہ نے ۔۔۔ گفت با خود نیست بہرِ رفتنے
سوچی تدبیر اور کچھ چارہ نہ تھا ۔۔۔ باہر اب جاؤں نہ ہیں دل میں کہا

شہزادے کی شادی کی تدبیر کرنا

پس عروسی خواست باید بہرِ او ۔۔۔ تا بگردد زیں تزوّج نسل جو
سوچا شہ نے لڑکے کی شادی کرے ۔۔۔ تاکہ نسل اس وجہ سے باقی رہے

گر رود سوئے فنا ایں باز باز ۔۔۔ فرخ او گردد ز بعدِ باز باز
لوٹ کر جائے عدم کو گر یہ باز ۔۔۔ اس کا بچّہ زندہ رکھے بے نیاز

صورت ایں باز گر زینجا رود ۔۔۔ معنی او در ولد باقی بود
باز کی صورت جو ہو جائے نہاں ۔۔۔ بچّے سے پھر اس کے معنی ہوں عیاں

بہر ایں فرمود آں شاہِ نبیہ ۔۔۔ مصطفٰے[1] کہ الولد سرّ ابیہ
اس لئے وہ مجتبیٰ و مصطفیٰ ۔۔۔ کہتے ہیں "ہے بھید بچّہ باپ کا"

بہر ایں معنی ہمہ خلق از شغف ۔۔۔ می بیاموزند طفلاں را حرف
اس لئے دنیا میں اہلِ علم و فن ۔۔۔ ہیں سکھاتے بچوں کو اپنا چلن

تا بماند آں معانی در جہاں ۔۔۔ چوں شود آں قالبِ ایشاں نہاں
تا رہیں معنی جہاں میں بے گماں ۔۔۔ اُن کا قالب جب ہو دنیا سے نہاں

حق بحکمت حرص شاں را داد جد ۔۔۔ بہرِ رشدِ ہر صغیرِ مستعد
حکمتِ حق نے دیئے ہیں حوصلے ۔۔۔ تا ہدایت بچّہ حاصل کر سکے

من ہم از بہرِ دوامِ نسلِ خویش ۔۔۔ جفت خواہم پورِ خود را خوب کیش
واسطے اپنی بقائے نسل کے ۔۔۔ لاؤں بیوی خوب بچّے کے لئے

[1] حدیث شریف ہے کہ "اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ" +

دخترے خواہم ز نسلِ صالحے ‎ ‎ نے ز نسلِ پادشاہے طالحے
نسلِ صالح سے لے دختر کوئی ‎ ‎ نسلِ شاہی سے نہ لاؤنگا کبھی

شاہ خود آں صالح است آزادہ اوست ‎ ‎ نے اسیرِ حرص فرج است و گلوست
جو ہے صالح اصل سلطاں ہے وہی ‎ ‎ ہو نہ جس میں شہوت و تن پروری

مر اسیراں را لقب کردند شاہ ‎ ‎ عکس چوں کافور نامِ آں سیاہ
ہے اسیروں کا لقب دنیا میں شاہ ‎ ‎ نام کافور اس کا ہے جو ہو سیاہ

شد مفازہ بادیہ خونخوارہ نام ‎ ‎ نیکبخت آں پیس را گویند عام
سہل اسے کہتے ہیں جو ہو راہ سخت ‎ ‎ کہتی ہے کوڑھی کو دنیا نیک بخت

بر اسیرِ شہوت و حرص و امل ‎ ‎ بر نوشتہ میر یا صدرِ اجل
ہر اسیرِ شہوت و حرص و ہوا ‎ ‎ ہے بزرگ اور صدرِ محفل جابجا

آں اسیرانِ اجل را عام داد ‎ ‎ نام امیرانِ اجل اندر بلاد
ان اسیرانِ اجل کو بے گماں ‎ ‎ سب امیرانِ اجل کہتے ہیں یاں

صدر خوانندش کہ در صفِ نعال ‎ ‎ جانِ او بستہ است یعنی جاہ و مال
صدر وہ ہیں جو ہیں پستی میں نہاں ‎ ‎ یعنی جاہ و مال پر دیتے ہیں جاں

ایک زاہد کی لڑکی سے شہزادے کی شادی

شاہ چوں با زاہدے خویشی گزید ‎ ‎ ایں خبر در گوشِ خاتوناں رسید
خویشی زاہد کو کیا شہ نے اجی! ‎ ‎ یہ خبر پہنچی حرم خانے میں بھی

مادرِ شہزادہ گفت از نقصِ عقل ‎ ‎ شرطِ کفویت بود در عقل و نقل
بولی کم عقلی سے شہزادے کی ماں ‎ ‎ عقلاً و نقلاً ہے لازم کفو ہاں

۱ بزرگ +

تو ز شیخ و بخل خواہی وزد ہا — تا بہ بندی پوید ما را بر گدا

بخل ہے شاید شریفوں سے بچے — جو گدا سے نیچے کا رشتہ کرے

گفت صالح را گدا گفتن خطاست — کو غنی القلب از داد خداست

بولا صالح ہے گدا ، اچھی کہی — ہے خدا کی دین سے دل کا غنی

در قناعت مبگرزد از تقٰے — نز لئیمی و کسل ہمچوں گدا

وہ قناعت کی طرف ہے . دھا گنا — تکبہ ہے بخل و کاہلی سے جوں گدا

قلتے کاں از قناعت و ز تقاست — آں ز فقر و قلت و دونان جداست

جس کمی میں صبر ہو اور اتقا — ہے کمی فقر سے بالکل جدا

حبہ آں گر بیابد سر نہد — ویں ز گنج زر بہمت می جہد

پائے اک حبہ تو وہ سر پر رکھے — یہ خزانہ پائے بھی ٹھوکر دیئے

شہ کہ او از حرص قصد ہر حرام — میکند او را گدا گوید ہمام

شہ کرے جب حرص سے قصد حرام — اس کو کہتے ہیں گدا ہے خستہ کام

گفت کو شہر و قلاع او را جہیز — یا نثار گوھر و دینار نیز

بولی ہاں ہیں شہر اور قلعے کہاں — یا زر و گوہر کہ وہ دے بیگماں

گفت رو ہر کو غم دیں برگزید — باقی غمہا خدا از وے برید

بولا جا جس نے غم دیں لے لیا — اس کے سب غم کاٹ دیتا ہے خدا

غالب آمد شاہ و داد دختر ے — از نژاد صالحے خوش جوہرے

غالب آیا شاہ ۔ دختر لی کھٹی — نسل سے صالح کی جو تھی متقی

در ملاحت خود نظیر خود نداشت — چہرہ اش تاباں تر از خورشید چاشت

تھی ملاحت میں وہ اپنی بے نظیر — رخ کے آگے ماند تھا مہر منیر

حسن دختر ایں خصالش آنچناں — کز نکوئی می نگنجد در بیاں

حسن یہ اور سیرت ایسی نیک تھی — بس بیاں کرنا نہیں ممکن

صیدِ دیں کُن تا رسد اندر تبع ۔ حسن و مال و جاہ و بخت منتفع

کر شکارِ دیں کہ جب ہو پیروی ۔ حُسن و مال و جاہ ملجائیں سبھی

آخرت قطّار اشتر داں عمو ۔ در تبع دنیاش ہمچوں پشک و مو

عاقبت کو جان اونٹوں کی قطار ۔ پیچھے پیچھے ہے یہ دنیا پشم دار

پشم بگزینی شتر نبود ترا ۔ ور بود اشتر چہ قیمت پشم را

پشم وہ لے جو ہو محتاجِ شتر ۔ ہو شتر تو پشم کیا ہے بے خبر

شہزادے پر ایک بُڑھیا کا جادو کرنا

چوں بر آمد ایں نکاح آں شاہ را ۔ با نژادِ صالحانِ بے چرا

شاہزادے کی جو شادی ہوگئی ۔ صالحوں کی نسل میں اے متقی

از قضا کمپیرکے جادو کہ بود ۔ عاشقِ شہزادۂ با حُسن و جود

اتفاقاً ایک بُڑھیا ساحرہ ۔ شاہزادے پر ہوئی بس شیفتہ

جادوے کردش عجوزِ کابلی ۔ کہ بُرد زاں رشکِ سحرِ بابلی

قحبہ بڑھیا نے وہ جادو کردیا ۔ رشک جس پر سحرِ بابل کو ہوا

شہ بچہ شد عاشقِ کمپیرِ زشت ۔ تا عروس و آں عروسی را بہشت

ہوگیا شہزادہ بڑھیا پر نثار ۔ چھوڑی بیوی اور عروسی ایکبار

یک سیہ رو دیو کابلی زنے ۔ گشت بر شہزادہ ناگہ رہزنے

وہ سیہ رخسار قحبہ پیرہ زن ۔ شاہزادے کی ہوئی تھی راہزن

زاں سیہ روئے خبیثے نابکار ۔ گشت آں شہزادہ مدہوش و نزار

تھی سیہ رُو وہ خبیث و نابکار ۔ اُس پہ تھا شہزادہ مدہوش و نثار

ایں نود سالہ عجوزِ گندہ پیر ۔ نہ خرد ہشتش آں ملک را نہ ضمیر

فاحشہ سے جو تھی نوّے سال کی ۔ دل لیا شہزادے کا اور عقل بھی

تا بسالے بود شہزادہ اسیر ‌ ‌ ‌ بوسہ جایش نعلہا کفش گندہ پیر

مبتلا اک سال شہزادہ رہا ‌ ‌ ‌ جوتیاں قحبہ کی وہ تھا چومتا

صحبت کمپیر او را می ربود ‌ ‌ ‌ تا ز کاہش نیم جانے ماندہ بود

صحبت قحبہ نے کر ڈالا فنا ‌ ‌ ‌ گھٹتے گھٹتے نیم جاں وہ رہ گیا

دیگراں از ضعف وے با درد سر ‌ ‌ ‌ او ز سکر سحر از خود بے خبر

دوسروں کو اس سے تھا اک درد سر ‌ ‌ ‌ نشۂ جادو سے تھا وہ بے خبر

ایں جہاں بر شاہ چوں زنداں شدہ ‌ ‌ ‌ ویں پسر بر گریہ شاں خنداں شدہ

مثل زنداں تھی یہ دنیا شاہ پر ‌ ‌ ‌ ہنستا تھا رونے پر اس کے یہ پسر

شاہ بس بیچارہ شد در بردو مات ‌ ‌ ‌ روز و شب میکرد قربان و زکات

شاہ بردو مات میں عاجز ہوا ‌ ‌ ‌ رات دن خیرات و صدقہ دیتا تھا

زانکہ ہر چارہ کہ میکرد آں پدر ‌ ‌ ‌ عشق کمپیرک ہمی شد بیشتر

کرتا تھا لیکن جو کچھ وہ داد گر ‌ ‌ ‌ بڑھتی تھی بڑھیا کی الفت بیشتر

پس یقیں گشتش کہ مطلق آں سریست ‌ ‌ ‌ چارہ او را بعد ازیں لابہ گریست

پس وہ سمجھا یہ ہے سب اُس[١] سمت سے ‌ ‌ ‌ کام اب تو عجز و زاری سے چلے

سجدہ میکرد او کہ ہم فرماں تراست ‌ ‌ ‌ غیر حق بر ملک حق فرماں کراست

سجدے کرتا تھا کہ اے قادر خدا ‌ ‌ ‌ حکم تیرا ملک تیرا جا بجا

لیک ایں مسکیں ہمی سوزد چو عود ‌ ‌ ‌ دست گیرش اے رحیم و اے ودود

اب جو یہ مسکیں ہے جلتا مثل عود ‌ ‌ ‌ تو مدد کر اے رحیم اور اے ودود

بادشاہ کی دعا کا قبول ہونا

تا ز یارب یارب و افغان شاہ ‌ ‌ ‌ ساحرے استاد پیش آمد ز راہ

شاہ نے جب کی خدا سے یوں بکا ‌ ‌ ‌ ساحر استاد اک ظاہر ہوا

[١] یعنی خدا کی طرف سے۔

گوشنیده بود از دور ایں خبر — که اسیر پیره زن گشت آں پسر
دُور سے جس نے سُنی تھی یہ خبر — ہے اسیر پیر زن شہ کا پسر

کاں عجوزه بود اندر جادوئی — بے نظیر و ایمن از مثل و دوئی
تھا جو اُس بڑھیا کو جادو میں کمال — وہ کہیں رکھتی نہ تھی اپنی مثال

دست بر بالائے دست است اے فتیٰ — در فن و در زور تا دست خدا
ہاتھ اک ہر ہاتھ پر ہے اے فتیٰ — مکر میں اور فن میں تا دستِ خدا

منتہائے دستہا دست خدا — بحر بیشک منتہائے جوہاست
منتہا ہاتھوں کا ہے دستِ خدا — ندّیوں کا بحر جیسے منتہا

ہم ازو گیرند مایہ ابرہا — ہم بدو باشد نہایت سیل را
سب یہ بادل اُس سے ہیں سرمایہ گیر — اور ہر سیلاب اُس سے سایہ گیر

گفت شاہش کایں پسر از دست رفت — گفت اینک آمدم درمان زفت
شاہ بولا ہاتھ سے لڑکا چلا — بولا ساحر لیجئے میں آگیا

نیست ہمتا زاں زال ایں ساحراں — جز من واہی رسیده زاں کراں
ساحروں میں ہوں برابر زال[1] کے — ہوں میں دانا آیا ہوں اُس سمت سے

چوں کف موسیٰ بامر کردگار — نک برآرم من ز سحر او دمار
مثلِ موسیٰ میں بحکم کردگار — اُس کے جادو کو کروں آشفتہ کار

کہ مرا ایں علم آمد زاں طرف — نے ز شاگردیِ سحرِ مستخف
علم یہ مجھ کو خدا نے ہے دیا — کب ہوں میں شاگرد اہلِ سحر کا

آمدم تا بر گشایم سحر او — تا نماند شاہزاده زرد رُو
آیا ہوں میں اُس کا جادو کھولنے — شاہزاده تا کہ آفت سے بچے

۱؎ یعنی بڑھیا ساحرہ کے برابر۔

سوئے گورستاں برو وقت سحور | پہلوئے دیوار ہست اسپید گور
جا تو قبرستاں کی جانب صبح سے | قبر ہے پہلو میں اک دیوار کے

سوئے قبلہ باز کاو آں گور را | تا بہ بینی قدرت و صنع خدا
قبلہ رُخ ہو کر تو کھود اُس قبر کو | دیکھ پھر ظاہر جو کچھ قدرت سے ہو

بس دراز است ایں حکایت ملول | زبدہ را گویم رہا کردم فضول
یہ حکایت ہے بڑی اور تو ملول | جو خلاصہ ہو کہوں چھوڑوں فضول

سوئے گورستان برفت آں شاہ زود | گور را آں شاہ آمد ہم بر کشود
الغرض وہ شاہ گورستاں گیا | قبر تھی سو جو وہ کھولی بر ملا

جادوئی بنہادہ بد پنہاں اندرو | صد گرہ بربستہ بر یکتائے مو
اُس میں پوشیدہ تھا سحر کارگر | سو لگائی تھیں گرہ اک بال پر

آں گرہ ہائے گراں را برکشاد | پس ز محنت پور شہ را راہ داد
آخر اُن گانٹھوں کو کھولا شاہ نے | شاہزادہ چھٹ گیا اندوہ سے

آں پسر با خویش آمد شد رواں | سوئے تخت شاہ با صد امتحاں
ہوش میں آ کر وہ شہزادہ چلا | جانب تخت شہی با صد ادا

سجدہ کرد و بر زمیں میزد ذقن | در بغل کردہ پسر تیغ و کفن
ٹھوڑی بھی رگڑی خاک [illegible] | تھے جو تسلیم و رضا کے ولولے

شاہ آئین بست و اہل شہر شاد | واں عروس ناامید بے مراد
شہر والے خوش تھے شہر آراستہ | اور نہ خوش تھی وہ عروس غمزدہ

عالم از سر زندہ گشت و پُر فروز | الْعجب کاں روز بود امروز روز
از سر نو تھا جہاں فرخندہ پے | ایک دن وہ بھی تھا اک دن یہ بھی ہے

یک عروسی کرد شاہ او را چناں | کہ گلاب و قند بد پیش سگاں
شاہ نے کی عام دعوت بر ملا | اور گلاب و قند کتوں کو ملا

جادوئے گمپیر از غصہ بمرد — زو و خوئے زشت با مالک سپرد

مرگئی وہ ساحرہ غصے سے — کی سپرد مالک[1] اپنی خوئے بد

شاہزادہ در تعجب ماندہ بود — کز من او عقل و بصر چوں در ربود

شاہزادے کو بڑی حیرت ہوئی — عقل اُس نے چھین لی کیونکر مری

نو عروسے دید ہمچوں شاہِ حسن — کہ ہمی زد بر ملیحاں راہِ حسن

دیکھا بیوی کو تو پایا شاہِ حسن — بند کی تھی جس نے سب پر راہِ حسن

گشت بیہوش و برو اندر فتاد — تا سہ روز از جسم او گم شد فواد

ہوگیا بیہوش منہ کے بل گرا — تین دن تک بیدل و بیخود رہا

سہ شبانروز او ز خود بیہوش گشت — تاکہ خلق از غشی او پرجوش گشت

تین دن رات اُس کو تھی اک بیخودی — پھیلی لوگوں میں وہاں کے سنسنی

از گلاب و از علاج آمد بخود — اندک اندک فہم گشتش نیک و بد

جب گلاب و عطر سے درماں کیا — تھوڑا تھوڑا ہوش اُس کو آگیا

بعد سالے گفت شاہش در سخن — وز صنم یاد آر آں یارِ کہن

سال بھر بعد اُس سے سلطاں نے کہا — ہمنشیں، کیوں ہے یاد پہلی مہ لقا؟

یاد آور زاں ضجیع و زاں فراش — تا بدینجد بیوفا و مُر مباش

بستر و ہمخوابہ کو بھی یاد کر — ہو نہ اتنا بے وفا اے بے خبر

گفت رو من یافتم دار السرور — وا رہیدم از چہِ دار الغرور

بولا مجھ کو مل گیا دار السرور — میرا زنداں اب نہیں دار الغرور

ہمچناں باشد چو مومن راہ یافت — سوئے نورِ حق ز ظلمت روئے تافت

ایسے ہی ملتی ہے جب مومن کو راہ — نورِ حق میں اُس کو ملتی ہے پناہ

[1] داروغۂ دوزخ ۔

مخلص این قصه بگفتم تمام | تا بیابی مقصد خود والسلام
ہے خلاصہ داستاں کا یہ تمام | کر حصول مقصد اس سے والسلام

شہزادہ۔ بادشاہ اور بڑھیا ساحرہ کون ہیں

ای برادر دانکہ شہزادہ توئی | در جہان کہنہ زادہ از نوی
اے برادر ہے وہ شہزادہ تو ہی | اس جہاں میں تیری آمد ہے نئی

کاولی ساحرہ دنیاست گو | کردہ مرداں را اسیر رنگ و بو
اور دنیا ہے وہ بڑھیا ساحرہ | ہے اسیر رنگ و بو جس نے کیا

چوں درافگندت دریں آلودہ رود | دم بدم میخوان و میدم قل اعوذ
سحر میں اس نے ہے آلودہ کیا | قل اعوذ پھونک پڑھ کر بر ملا

تا رہی زین جادوئی و این قلق | استعاذت خواہ از رب الفلق
سحر و غم سے ہے اگر تو امن خواہ | مانگ خلاق سحر سے تو پناہ

زاں نبیؐ دنیات را سحارہ خواند | کو بافسوں خلق را در چہ نشاند
ساحرہ[۱] دنیا کو حضرتؐ نے کہا | خلق کو جادو سے جس نے دق کیا

ہیں فسون گرم دارد گندہ پیر | کردہ شاہاں را دم گرمش اسیر
اس کے گرما گرم جادو ہیں کثیر | بادشاہوں کو کیا جس نے اسیر

در درون سینہ نفاثات اوست | عقدہاے سحر را اثبات اوست
سینوں کے اندر یہ بھر دیتی ہے پھونک | سحر کی گانٹھیں ہیں خود اس کا ثبوت

ساحرہ دنیا قوی دانا زنیست | حل سحر او بپاے عامہ نیست
ساحرہ دنیا کی ہے از بس قوی | توڑنا سحر اس کا آساں ہے کوئی

۱؎ حدیث شریف میں ہے کہ الدنیا سحارة مكارة غدارة۔ یعنی دنیا جادوگر مکار اور غدار ہے۔

ورکشادے عقدہا او را عقلہا ۔۔۔ انبیا را کے فرستادے خدا

عقل سے ہوتے جو عقدے اسکے وا ۔۔۔ بھیجتا پھر انبیا اسکو کیوں خدا

ہیں طلب کن خوش دمے عقدہ کشا ۔۔۔ رازدان یفعل اللہ ما یشاء[1]

ڈھونڈ کوئی خوش نفس عقدہ کشا ۔۔۔ راز دان یفعل اللہ ما یشاء

ہمچو ماہی بستۂ اُست او بہ شست ۔۔۔ شاہزادہ[2] ماندہ سالے و تو شصت

مثل ماہی شست میں تو ہے بندھا ۔۔۔ وہ رہا اک سال تو برسوں رہا

شصت سال از شست او در محنتی ۔۔۔ نے خوشی نے بر طریق سنتی

ساٹھ سال اس شست میں تجھ کو ہوئے ۔۔۔ تو نہ خوش ہوا ورنہ سنت پر چلے

فاسقی بدبخت نے دینات خوب ۔۔۔ نے رہیدہ از وبال و از ذنوب

تو ہے فاسق تیری دنیا ہے خراب ۔۔۔ ہے گناہوں سے تری جاں پر عذاب

نفخ او ایں عقدہا را سخت کرد ۔۔۔ پس طلب کن نفخۂ خلاق فرد

سخت اس کے دم نے پھندوں کو کیا ۔۔۔ دم طلب کر خالق فرد کا

تا نفخت فیہ من روحی ترا ۔۔۔ وارہاند زیں و گوید برتر آ

"نفخت فیہ من روحی"[3] سمجھے ۔۔۔ دے رہائی پاس اپنے کھینچ لے

جز بنفخ حق نسوزد نفخ سحر ۔۔۔ نفخ قہر ست ایں و آں دم نفخ مہر

پھونک حق کی چارہ ساز سحر ہے ۔۔۔ اس میں ہے قہر اور اس میں مہر ہے

رحمت او سابق است از قہر او ۔۔۔ سابقی خواہی برو سابق بجو

رحمت اس کی قہر پر سابق ہے اب ۔۔۔ ڈھونڈ سابق کو جو ہے سبقت طلب

تا رسی اندر نفوس زوجت[4] ۔۔۔ کاے سحر اینک مخرجت

ہو رسائی "تا نفوس زوجت" ۔۔۔ یہ ہے پنچنے کی جگہ اے شہ صفت

[1] اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ [2] یعنی وہ شاہزادہ۔ [3] ہم نے اس میں اپنی روح پھونکی۔ [4] بمصداق "اذا النفوس زوجت" یعنی جس وقت نفس زوج کیے جائیں گے۔

باوجود زال ناید انحلال ‏— در شبیکہ و در بریدت آں زو ولال

دام سے چھوٹا لے ہوئے جب تک ہے زال ‏— آئے کب آغوش میں اک خوش جمال

نے بگفتست آں سراج امتاں ‏— اینجہان و آں جہاں را ضرتاں

کیا نہ کہتے تھے وہ شاہ انس و جاں ‏— سو نہیں ہیں دو یہ جہاں اور وہ جہاں

پس وصال ایں فراق آں بود ‏— صحت ایں تن سقام جاں بود

وصل اس کا ہجر اس کا ہے سجا ‏— جسم کی صحت مرض ہے روح کا

سخت چوں آید فراق ایں مقر ‏— پس فراق آں مقر داں سخت تر

جب فراق اس کا گراں ہے اسقدر ‏— بالیقیں ہے ہجر اس کا سخت تر

چوں فراق نقش سخت آید ترا ‏— تا چہ سخت آید ز نقاشش جدا

تجھ کو ہجر نقش جب ہے ناگوار ‏— فرقت نقاش سے کیا ہو قرار

اے کہ صبرت نیست از دنیائے دوں ‏— چونت صبرست از خدا اے دوست چوں

صبر جب دنیائے دوں ہی سے نہیں ‏— ہے خدا سے صبر کیونکر بد یقیں!

چونکہ صبرت نیست زاں آب سیاہ ‏— چوں صبوری داری از چشمہ الٰہ

جب ہے تو بے صبر آب گندہ پر ‏— چشمۂ حق سے ہے کیوں صبر اس قدر

چونکہ بے ایں شرب کم داری سکوں ‏— چوں ز ابراری جدا وز یشربوں

بے پیئے اس کے جو تو پاتا ہے سکوں ‏— کیوں گوارا ہے فراق یشربون[1]

گر ببینی یک نفس حسن ودود ‏— اندر آتش افگنی جان و وجود

دیکھے گر اک بار تو حسن ودود ‏— آگ میں ڈالے تو سب جان و وجود

جیفہ بینی بعد ازاں ایں شرب را ‏— چوں ببینی کر و فر قرب را

سمجھے پھر مردار تو اس شرب کو ‏— دیکھے جب عز و وقار قرب کو

[1] اس آیۂ شریفہ کی طرف اشارہ ہے کہ ان الابرار یشربون من کاس کان مزاجہا کافوراً یعنی بیشک ابرار (نیک لوگ) اُن پیالوں سے شراب پیئیں گے جو کافور سے بنے ہوئے ہیں۔

ہمچو شہزادہ رسی در یار خویش | پس برون آری ز پا تو خار خویش

مثل شہزادے کے پائے اپنا یار | پاؤں سے تیرے نکل آئے یہ خار

جہد کن در بیخودی خود را بیاب | زود تر واللہ اعلم بالصواب

بیخودی میں سعی کر اے خوش خطاب | جلد تر واللہ اعلم بالصواب

ہر زمانے ہیں مشو با خویش جفت | ہر زماں چوں خر در آب و گل مخفت

ہر گھڑی اچھی نہیں ہے بیخودی | مثل خر کیچڑ میں کب تک لے اجی

از قصور چشم باشد آں عثور | کہ نہ بیند شیب و بالا راز دور

وجہ لغزش آنکھ ہی کا ہے قصور | اونچا نیچا کچھ نہ دیکھے ہو جو دور

بوئے پیراہان یوسفؑ کن سند | زانکہ بویش چشم روشن میکند

لے سند پیراہن یوسفؑ سے بھی | اس کی خوشبو آنکھ کی ہے روشنی

صورت پنہان و آں نور جبیں | کردہ چشم انبیاؑ را دور بیں[1]

گو رہی اس نور کی پنہاں ضیا | آنکھ کو نبیوں کی روشن کر دیا

نور آں رخسار برہاند ز نار | ہیں مشو قانع بنور مستعار

نور رخ کر دیگا دوزخ سے رہا | عارضی اک نور پر بھولا ہے کیا

چشم را ایں نور حالے بیں کند | چشم عقل و روح را گرگیں کند

آنکھ کو یہ نور کرے حالی بیں[1] | درد عقل و روح کا ہے بالیقیں

صورتش نور است و در تحقیق نار | گر ضیا خواہی دو دست از وے بدار

ہے بظاہر نور باطن میں ہے نار | گر ضیا چاہے ہو اس سے رستگار

دم بدم بر رو فتد ہر جا رود | دیدہ و جاں ہے کہ حالے بیں بود

منہ کے بل ہر دم گرے جائے جہاں | حال بیں ہو جائیں جس کی چشم و جاں

[1] دور بیں کی ضد۔

دور بیند دوربین بے ہنر
ہمچنانکہ دور دیدن خواب در

دور بینی گر جتاوے بے ہنر
دور بینی خواب کی سی ہے بسر

خفتہ باشی بر لب جو خشک لب
میدوی سوئے سراب اندر طلب

خشک ندی کے کنارے محو خواب
دوڑتا پھرتا ہے جو پائے سراب

دور می بینی سراب و میدوی
عاشق آں بینش خود میشوی

تو ہے یوں سوئے سراب اب دوڑتا
اور ہے اپنی نظر پر مبتلا

میزنی در خواب با یاراں تو لاف
کہ منم بینادل و پردہ شگاف

خواب میں ہیں دوستوں سے شیخیاں
ہیں ہوں بینا اور پردہ در یہاں

نک بداں سو آب دیدم ہیں شتاب
تا رویم آنجا و آں باشد سراب

میں نے دیکھا ہے اُدھر پانی شتاب
جب اُدھر جائیں تو نہ ہو ظاہر سراب

ہر قدم زیں آب تازی دور تر
دو دواں سوئے سراب با غرر

جتنا چلتا ہے اُتنا دور تر
دوڑے ہے تو سوئے سراب پُر خطر

عین آں عزمت حجاب ایں شدہ
کہ بتو پیوستہ است و آمدہ

عزم ہی تیرا حجاب اُس کا بنا
وہ ملا ہے تجھ سے اور پیدا ہوا

بس کسا عزمے بجائے میکند
از مقامے کاں غرض در وے بود

دوسری جا لوگ ہوتے ہیں رواں
اُس جگہ سے ہے غرض مخفی جہاں

دید و لاف خفتہ می ناید بکار
جز خیالے نیست دست از وے بدار

سونے والے کا غرور اور دید کیا
ہے خیالی بات اس سے باز آ

خوابناکی لیک ہم بر راہ خسپ
اللہ اللہ بر رہ اللہ خسپ

نیند کا ماتا ہے تو سو راہ پر
اللہ اللہ سو رہ اللہ پر

تا بود کہ سالکے بر تو زند
از خیالاتِ نعاست بر کند

شاید آ نکلے کوئی سالک ادھر
کردے اس خفتہ خیالی سے بدر

خفتہ را گر فکر گردد ہمچو موے ۔ او ازاں دقت نیابد راہ کوے

عقل غافل کی جو ہو باریک تر ۔ آ نہیں سکتا کبھی وہ راہ پر

فکر خفتہ گر دوتا و گر سہ تاست ۔ ہم خطا اندر خطا اندر خطاست

فکر غافل کی ہو کتنی ہی رسا ۔ ہاں خطا ہے ہاں خطا ہے ہاں خطا

ور چہ چشمش تیز بین باضیاست ۔ ہم ہبا اندر ہبا اندر ہباست

آنکھ گو کتنی ہی پُر انوار ہے ۔ خوار ہے وہ خوار ہے وہ خوار ہے

موج بر وے می زند بے احتراز ۔ خفتہ پویاں در بیابان دراز

اس پہ موجوں کا گزر ہے برملا ۔ خواب کے جنگل میں وہ ہے دوڑتا

خفتہ می بیند عطشہائے شدید ۔ آب اقرب منہ من حبل الورید

سونے والے پر ہے طاری تشنگی ۔ پانی شہ رگ سے بھی ہے گو پاس ہی

قحط میں خوش رہنے والا زاہد

ہمچناں کاں زاہد اندر سال قحط ۔ بود او خنداں و گریاں جملہ رہط

جیسے وہ زاہد جو وقت قحط بھی ۔ شاد تھا خلقت تھی ساری رو رہی

پس بگفتندش چہ جائے خندہ است ۔ قحط بیخ مومناں برکندہ است

وقت ہنسنے کا نہیں اس سے کہا ۔ قحط نے برباد سب کو کر دیا

رحمت از ما چشم خود بردوختہ است ۔ ز آفتاب تیز صحرا سوختہ است

ہم سے رحمت نے ہیں آنکھیں پھیر لیں ۔ کھیتیاں ہیں سخت گرمی سے جلیں

کشت و باغ و رز سیہ استادہ است ۔ در زمیں نم نیست نے بالا نہ پست

پڑ گئے کالے چمن انگور بھی ۔ ہے زمیں پر اب کہاں پانی نمی

خلق میمیرند زیں قحط و عذاب ۔ دہ دہ و صد صد چو ماہی دور از آب

مر رہے ہیں لوگ اس عذاب و قحط سے ۔ سینکڑوں جوں مچھلیاں بے آب ہے

بر مسلمانان نمی آری تو رحم — مومنان خویش‌اند یکتن شحم و لحم

مومنوں پر رحم کیوں آتا نہیں — خویش ہیں آپس میں سب یہ بالیقیں

رنج یکجزوے ز تن رنج ہمہ است — گر دم صلحست یا خود ملحمہ ست

ایک کا دُکھ درد ہے سب کے لئے — صلح ہو یا جنگ سب ہیں ایک سے

گفت در چشم شما مخلوطست ایں — پیش چشم چوں بہشتست ایں ہیں

بولا نظروں میں تمہاری ہے یہ کال — مری نظروں میں ہے جنت بے مثال

من ہمی بینم بہر دشت و مکاں — خوشہا انبہ رسیدہ تا میاں

خوشے ہر صحرا میں ہوں میں دیکھتا — پختہ پختہ، تا کمر، حد سے سوا

خوشہا در موج از باد صبا — بر بیاباں سبز تر از گندنا

جھونکے دیتی ہے اُنہیں باد صبا — سبز ہیں جنگل میں جیسے گندنا

ز آزموں من دست بر وے می‌زنم — دست و چشم خویش را چوں بر کنم

امتحاناً ہاتھ ہوں میں پھیرتا — ہاتھ اور آنکھ اُن سے کیونکر لوں ہٹا

یار فرعون تنید اے قوم دوں — زاں نماید مر شما را نیل خوں

دوست ہے فرعون تن کی قوم دوں[1] — اس لئے ہے نیل تجھ کو لوہو خوں

یار موسیٰ خرد گردید زود — تا نماند خون و بینید آب زود

کرلو موسیٰ خرد سے دوستی — تاکہ جو ہے خوں، پانی ہو وہی

از پدر با تو جفائے چوں رود — آں پدر در چشم تو سگ می‌شود

باپ کرتا ہے جفا تجھ پر اگر — باپ آتا ہے تجھے کتا نظر

آں پدر سگ نیست تاثیر جفاست — کہ چناں رحمت نظر را سگ نماست

سگ نہیں وہ یہ ہے تاثیر جفا — باپ سا بے مہر کتا بن گیا

[1] کمینہ +

گرگ میدیدند یوسف را بچشم | چونکہ اخوان را حسودی بود و خشم
بھیڑیے یوسف[1] کو آتے تھے نظر | بھائی بھی جو تھے حسد سے کینہ ور

با پدر چوں صلح کردی خشم رفت | آں سگی شد گشت بابا یار رفت
باپ سے جب صلح کی، غصہ مٹا | تھا جو کتا باپ پھر وہ بن گیا

تمام عالم عقل کل کی صورت ہے

کل عالم صورت عقل کل ست | کوست بابائے ہر آں کاہل قل ست
سارا عالم عقل کل ہے اے پسر | جتنے ناطق ہیں یہ سب کا ہے پدر

چوں کسے با عقل کل کفراں فزود | صورت کل پیش او ہم سگ نمود
عقل سے کفران[1] جس کا بڑھ گیا | صورت کل ہو گئی بس سگ نما

صلح کن با ایں پدر عاقی بہل | تا کہ فرش زر نماید آب و گل
باپ سے کر صلح اور عاقی[2] نہ ہو | فرش زر دیکھے پھر آب و خاک کو

پس قیامت نقد حال تو بود | پیش تو چرخ و زمیں مبدل شود
ہو قیامت نقد تیرے حال کا | اور بدل جائیں یہ سب ارض و سما

منکہ صلحم دائما با ایں پدر | ایں جہاں چوں جنتستم در نظر
باپ[3] سے ہے صلح میری ہر زماں | میری نظروں میں تو جنت ہے جہاں

ہر زماں نو صورتے و نو جمال | تا ز نو دیدن فرو میرد ملال
ہر گھڑی اک شکل، انوکھا اک جمال | دیکھنے سے اس کے مٹتا ہے ملال

من ہمی بینم جہاں را پر نعیم | آبہا از چشمہا جوشاں مقیم
نعمتوں سے ہے جہاں سارا چمن | اور چشموں سے ہے پانی جوش زن

[1] ناشکری ، [2] وہ لڑکا جس کو باپ عاق کر دے +
[3] یہ قول زاہد ہے +

بانگِ آبش میرسد در گوش من — مست میگردد ضمیر و ہوش من

پانی کی آواز آتی ہے مجھے — مست ہو جاتے ہیں ہوش و دل مرے

شاخہا رقصاں شدہ چوں تائباں — برگہا کف زن مثالِ مطرباں

رقص میں شاخیں ہیں جیسے مچھلیاں — مطربوں کی طرح پتے نغمہ خواں

برق آئینہ است لامع از نمد — گر نماید آئینہ تا چوں بود

تجلی اک آئینہ ہے جلوہ فشاں — جیسی ہے جو شئے ہے ویسی ہی عیاں

از ہزاراں من نمیگویم یکے — زانکہ آگندہ است ہر گوش از شکے

اک بھی کہتا میں ہزاروں سے نہیں — شک بھرا ہر کان ہے اے ہمنشیں

پیشِ وہم ایں گفت مژدہ دادنست — عقل گوید مژدہ چہ نقدِ من ست

مژدہ بہرِ وہم ہے یہ ماجرا — عقل کہتی ہے میں[1] خود ہوں، مژدہ کیا

حضرت عزیرؑ کے لڑکوں کا قصہ

ہمچو پوران عزیرؑ اندر گذر — آمدہ پرساں ز احوالِ پدر

جس طرح لڑکے عزیرؑ پاک کے — راہ میں حالِ پدر تھے پوچھتے

گشتہ ایشاں پیر و باباشاں جواں — پس پدرشاں پیش آمد ناگہاں

وہ تھے بوڑھے باپ تھا اُن کا جواں — باپ اُن کے آگے آیا ناگہاں

پس بپرسیدند ازو کاے رہگذر — از عزیرؑ ما عجب داری خبر

پوچھا اسے رہ گیر ہم کو دے بتا — کچھ ہمارے باپ کا بھی ہے پتا

کہ کسے ماں گفت کامروز آں سند — بعدِ نومیدی ز بیروں میرسد

ہے کسی نے آج یہ ہم سے کہا — بعدِ نومیدی وہ شاداں آئیگا

[1] یعنی عقل کے لئے یہ باتیں مژدہ نہیں ہو سکتیں۔ کیونکہ یہ گفتگو عینِ ذاتِ عقل ہے۔

گفت آری بعدِ من خواہد رسید | آں یکے خوش شد چو ایں مژدہ شنید
بولے ہاں وہ پیچھے آتا ہے مرے | ایک تو خوش ہو گیا اس مژدے سے

بانگ میزد کاے بشیر باش شاد | واں دگر بشناخت بیہوش اوفتاد
اور کہا تو اے مبشر[۱] خوش رہے | دوسرا پہچانا ہوش اُس کے اُڑے

گرچہ جائے مژدہ است اے بیخبر | کہ درافتادیم در کانِ شکر
یہ ہے کیا مژدہ کی جا اے بیخبر | ہے ہمارے درمیاں کانِ شکر

وہم را مژدہ است پیشِ عقل نقد | زانکہ چشمِ وہم شد محجوبِ فقد
وہم کو مژدہ ہے دانش کو نہیں | وہم کی آنکھیں ہیں پنہاں بالیقیں

کافراں را درد و مومن را بشیر | لیک نقدِ حال در چشمِ بصیر
کافروں کو درد مومن کو بشیر | اور عینِ ذات بہرِ ہر بصیر

زانکہ عاشق در دمِ نقد است مست | لاجرم از کفر و ایماں برتر است
کیونکہ عاشق کو ہے مستی ذات سے | کفر و ایماں سے وہ بالاتر ہے

کفر و ایماں ہر دو خود دربانِ اوست | کوست مغز و کفر و دیں اورا دو پوست
کفر و ایماں دونوں ہیں دربانِ دوست | مغز وہ ہے کفر و دیں اسکے ہیں پوست

کفر قشرِ خشک رو برتافتہ | باز ایماں قشرِ لذت یافتہ
کفر سوکھا چھلکا ہے برگشتہ ہوا | اور ایماں پوست لذت سے بھرا

قشرہائے خشک را جا آتش ست | قشرِ پیوستہ بمغزِ جاں خوش است
آگ ہے سوکھے ہوئے چھلکوں کی جا | جو ہیں چھلکے جان سے ہیں خوشنما

مغز خود از مرتبہ خوش برتر است | برتر است از خوش کہ لذت گستر است
مغز کو پہنچے ہے خود برتری | کیونکہ ہے لبریز لذت گستری

۱ بشارت دینے والا۔

ایں سخن پایاں ندارد باز گرد — تا بر آرد موسیم از بحر گرد

یہ سخن بے حد ہے چل اب لوٹ کے — گرد[1] تا موسیٰ نکالے بحر سے

در خورِ عقلِ عوام ایں گفتہ شد — از سخن باقی آں بنہفتہ شد

عام عقلوں کے مطابق کہہ دیا — وہ چھپایا میں نے جو باقی رہا

زرِ عقلت ریزہ است اے متہم — بر قراضہ مہرِ سکہ چوں نہم

ریزہ ریزہ زر ہے تیری عقل کا — مہر سکے کی لگے ریزوں پہ کیا

عقلِ تو قسمت شدہ بر صد مہم — بر ہزاراں آرزوئے طم و رم

عقل تیری سو جگہ ہے بٹ چکی — مال و زر کی خواہشوں میں ہے پڑی

جمع باید کرد اجزا را بعشق — تا شوی خوش چوں سمرقند و دمشق

عشق سے پھر ریزہ ریزہ جمع کر — تا خوشی حاصل ہو تجھ کو سر بسر

جو جوے چوں جمع گردد ز اشتباہ — پس تواں زد بر تو سکۂ پادشاہ

جمع جو جو کر کے جب ہو جائیگا — سکہ لگ جائیگا تجھ پر شاہ کا

ور ز مثقالے شوی افزوں تو خام — از تو سازد شہ یکی زریں جام

ہو اگر مثقال سے افزوں تو خام — تو بنا لے شاہ اک سونے کا جام

پس برو ہم نام و ہم القاب شاہ — باشد و ہم صورتش اے وصل خواہ

اس پہ بھی ہو نام اور القاب شاہ — شہ کی صورت بھی بنے اے وصل خواہ

تا کہ معشوقت بود ہم نان و آب — ہم چراغ و شاہد و نقل و شراب

کب تلک آخر عشق قوت نان و آب — یہ چراغ اور شاہد و نقل و شراب

جمع کن خود را جماعت رحمت است — تا توانم با تو گفتن آنچہ ہست

ہے جماعت رحمت اب تو جمع ہو — تاکہ میں کہوں [illegible] تجھ سے پھر ہر بات کو

[1] یعنی میدان دوسری راہیں پیدا کرے۔ جس طرح حضرت موسیٰ نے دریائے نیل میں عصا مارکر بارہ راہیں ایسی پیدا کر دیں کہ [illegible] سوکھی ریت معلوم ہوتا تھا ۔

زانکہ گفتن از برائے باوریست ۔۔۔ جان شرک از باوری حق بریست

کیونکہ کہنا ہے برائے باوری ۔۔۔ جان شرک اللہ کی باری سے بری

جان قسمت گشتہ در حد فلک ۔۔۔ درمیان شصت سودا مشترک

تیری جاں تقسیم ہے زیر فلک ۔۔۔ سینکڑوں سودا ہیں وہ ہے مشترک

پس خموشی بہ دہد اورا ثبوت ۔۔۔ پس جواب احمقاں آمد سکوت

پس خموشی اس کا بہتر ہے ثبوت ۔۔۔ ہے جواب احمقاں بس اک سکوت

ایں ہمی دانم ولے مستی تن ۔۔۔ می گشاید بے مراد من دہن

جانتا ہوں سب مگر مستی مری ۔۔۔ کھول دیتی ہے دہن بے قصد بھی

آنچناں کز عطسہ و از خامیاز ۔۔۔ ایں دہاں گردد بنا خواہ تو باز

جس طرح اکثر جمائی چھینک سے ۔۔۔ تو نہ چاہے اور منہ تیرا کھلے

انی لاستغفر اللہ ربی فی کل یوم ..... کی تفسیر

ہمچو پیغمبر ز گفتن و از نثار ۔۔۔ توبہ آرم روز من ہفتاد بار

مثل پیغمبر سخن سے پا کے سوز ۔۔۔ توبہ کر لیتا ہوں ستر بار روز

لیک آں مستی بود توبہ شکن ۔۔۔ منسی است ایں مستی تن جامہ کن

ہے مگر توبہ شکن مستی مری ۔۔۔ یہ بھلا کر تی ہے جامہ دری

حکمت اظہار تاریخ دراز[1] ۔۔۔ مستی انداخت بر دانائے راز

حکمت ہے اظہار تاریخ دراز ۔۔۔ مست جس سے ہو گئے دانائے راز

راز پنہاں با چنیں طبل و علم ۔۔۔ آب جوشاں گشتہ از جف القلم[2]

راز پنہاں کو ملیں کیسے شہ نشیں ۔۔۔ پانی کہتا جف القلم سے جوش لیں

[1] یعنی یہ تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کے صور علمیہ میں موجود تھی مگر حکمت الٰہی نے ایک مدت دراز کے بعد اس کا اظہار کیا یہ اسی حکمت الٰہیہ کی طرف اشارہ ہے [2] جف القلم بما ہو کائن یعنی کائنات کی کیفیت لکھنے کے بعد قلم خشک ہو گیا

رحمت بیحد روانہ ہر زماں ۔۔۔ خفتہ اید از درکِ آں اے مردماں
ہیں رواں ہر وقت دریا رحم کے ۔۔۔ اور تم غافل ہو ان کے درک سے

من ندیدم تشنگی خواب آورد ۔۔۔ خواب آرد تشنگیٔ بے خرد
پیاسے کو نیند آئے یہ اچھی کہی ۔۔۔ نیند لائے تشنگی بے عقل کی

خود خرد آنست کو از حق چرید ۔۔۔ نے خرد کاں زا عطارد آورید
عقل وہ ہے جس کا خالق ہے خدا ۔۔۔ جو عطارد[1] سے ملے ہے عقل کیا!

عقلِ جزوی قبر سے آگے نہیں دیکھ سکتی

پیش بینیٔ خرد تا گور بود ۔۔۔ و آں صاحبدل بہ نفخ صور بود
قبر تک ہے صرف بینش عقل کی ۔۔۔ اہل دل کی حشر تک ہے منتہی

ایں خرد از خاکِ گورے نگذرد ۔۔۔ ویں قدم عرصہ عجائب نسپرد
یہ نہ جائے آگے خاکِ گور سے ۔۔۔ پھر قدم کیونکر عجائب میں رکھے

زیں قدم ویں عقل رو بیزار شو ۔۔۔ چشم غیبی جو و برخوردار شو
اس قدم اور عقل سے بیزار ہو ۔۔۔ غیب کی آنکھوں سے برخوردار ہو

ہمچو موسیٰؑ نور کے یابد ز جیب ۔۔۔ سخرۂ استاد و شاگردِ کتیب
مثلِ موسیٰ نور کی کیا پائے تاب ۔۔۔ خادمِ استاد و شاگردِ کتاب

زیں نظر ویں عقل ناید جز دوار ۔۔۔ پس نظر بگذار و بگزیں انتظار
گردشِ سر ہے نظر اور عقل نار ۔۔۔ اس نظر کو چھوڑ اور کر انتظار

از سخن گوئی مجوئید ارتفاع ۔۔۔ منتظر را بہ ز گفتن استماع
کب ہو لسّانی سے اونچا مرتبا ۔۔۔ منتظر کو کہنے سے سننا بھلا

[1] حکماء کا قول ہے۔ کہ دنیا میں عقل عطارد کی تاثیر سے ہے +

گر ہمی جوئی دُرّ بے بہا | ادخلوا الابیات من ابوابہا
گر ہو دُرّ بے بہا کو ڈھونڈنے | تو گھروں میں جاؤ تم دروازوں سے

مہبطش آں حلقۂ در و بر باب ہست | سر زسوئے بام فلک تاں راہ نیست
دیکھیے دستک پھر کرو تم انتظار | کب تمہیں سمت فلک ملتا ہے بار

نیست حاجت تا بدیں راہ دراز | خاک پے را داد ایم اسرار راز
پھر ضرورت کیا ہے یہ راہ دراز | دید سے انساں کو ہم نے اپنے راز

پیش او آید اگر خائن نہ اید | نیشکر گردید از و گر چہ نلبید
گر نہیں خائن تو آؤ سامنے | نیشکر بن جاؤ ابتک سے نہ رہے

سبزہ رویاند ز خاکت آں دلیل | نیست کم از سُمِ اسپ جبرئیل[۲]
خاک سے سبزہ اُگا دیں یہ دلیل[۱] | آں کا گھوڑا بھی ہے اسپ جبرئیل

سبز گردی تازہ گردی از نوی | گر تو خاکِ اسپ جبریلے شوی
سبزہ ہو کر تازگی پائے نئی | تو ہو خاک اسپ اک جبرئیل کی

سبزۂ جاں بخش کاز سامری | گرد در گوسالہ تا شد گوہری
سبزۂ جاں بخش جس کو سامری[۳] | بھر دے گوسالے میں جو ہو گوہری

جاں گرفت و بانگ زد زاں سبزہ او | آنچناں بانگے کہ شد فتنۂ عدو
جان پا کے بانگ اس سبزے سے دے | وہ صدا کافر کو جو مفتوں کرے

گر ابلیں آید سوئے اہل راز | وا رہید از سر کلہ مانند باز
ہو ابلیں تو جاؤ سوئے اہل راز | پھینکو اس ٹوپی کو جو ہے مثل باز

۱؎ رہنما ۲؎ ۳؎ سامری، سامرہ کا رہنے والا ایک شخص تھا جس نے عہد موسیٰؑ میں ایک بچھڑا سونے کا بنایا، اور جبرئیلؑ کے پاؤں کی خاک سے جو سبزہ پیدا ہو گیا تھا۔ اس بچھڑے کے منہ میں ڈال دیا، وہ بچھڑا اس سبزہ کی برکت سے بولنے لگا، اور اکثر لوگ اس کی پرستش کرنے لگے جبرئیلؑ غرق فرعون کے وقت گھوڑے پر سوار ہو کر آئے تھے اور سامری جادوگر نے انکو پہچان لیا تھا

سر کلاہِ چشم بند و گوش بند | کہ ازو باز است مسکین و نژند

آنکھیں اس سے بند ہیں اور کان بھی | باز مسکیں ہے پریشاں واقعی

زاں کلہ بر چشم باز اوّل شد است | کہ ہمہ میلش سوئے جنسِ خود است

باز کے سر پر ازل سے ہے کُلاہ | کیونکہ اپنی جنس کی تھی اُس کو چاہ

چوں بُرید از جنس و با شہ گشت یار | برگشاید چشم او را باز دار

جنس کو چھوڑا ہوا جب شہ کا یار | کھولدیں آنکھیں پھر اس کی ایک بار

راندہ دیواں را حق از مرصادِ خویش | عقلِ جزوی را ز استبدادِ خویش

یہ ہیں شیطاں راندۂ راہِ خدا | عقلِ جزوی بھی جو تھی خود آشنا

کہ سری کم کن نہٖ تو مستبد | بلکہ شاگردِ دلی و مستعد

تو نہیں قابل نہ کر یوں خودسری | خود پسندی چھوڑ شاگردِ دلی

رَو برِ دل زانکہ تو جزوِ دلی | ہیں کہ بندہ پادشاہِ عادلی

دل کے آگے جا کہ جزوِ دل ہے تو | حکم بردارِ شہِ عادل ہے تو

بندگیّ بہ ازیں سلطانی است | کہ انا خیرٌ دمِ شیطانی است

بندگی اُس کی ہے شاہی سے سوا | ہے انا خیرٌ[1] سبق شیطان کا

فرق بیں و برگزیں تو اے حبیس | بندگیِ آدمؑ از کبرِ بلیس

فرق دیکھ اور بندگی میں سر جھکا | بندگی آدمؑ کی کبرِ ابلیس کا

گفت آنکہ ہست خورشیدِ رہ او | حرفِ طوبیٰ ہر کہ ذلّت نفسہٗ

آفتاب راہ فرماتے ہیں یوں | لے خوشا[2] وہ نفس جس کا ہے زبوں

سایۂ طوبیٰ ببیں و خوش بخسپ | سر بنہ در سایۂ سرکش مخسپ

سایۂ طوبیٰ میں سو خواب ہو | نفسِ سرکش کے تو سائے میں نہ سو

١ یعنی میں بہتر ہوں +

٢ حدیث شریف ہے کہ طوبیٰ لمن ذلّت نفسہٗ +

ظل ذلت نفس خوش مضجعیست ۔۔ مستعدان صفا را مہجعیست
نفس کی ذلت ہے اچھی خوابگاہ ۔۔ اہل استعداد ہیں آرام خواہ

گر ازیں سایہ روی سوئے منی ۔۔ زود طاغی گردی و رہ گم کنی
گر تو اس سائے سے نخوت میں گیا ۔۔ ہوگا باغی گم کرے گا راست

یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا ....[1] کی تفسیر

چوں نبی نیستی ز امت باش ۔۔ چونکہ سلطاں نہ رعیت باش
گر نبی تو نہیں تو امت بن ۔۔ تو جو سلطاں نہیں رعیت بن

پس رو خامشاں خامش باش ۔۔ وز خودی روئے زحمتے متراش
پیروی کر خموش لوگوں کی ۔۔ کیوں ہے زحمت طلب خودی تیری

پس برو خاموش باش از انقیاد ۔۔ زیر سایہ شیخ و امر اوستاد
پس تو رہ خاموش اور رکھ اعتقاد ۔۔ زیر سایہ شیخ و حکم اوستاد

پس رو و صامت شو و خاموش باش ۔۔ از وجود خود خیالے کم تراش
بس تو جا اور بند کر اپنی زباں ۔۔ کر نہ پیدا ذات میں اپنی گماں

ورنہ گرچہ مستعد و قابلی ۔۔ مسخ گردی تو ز لاف کاملی
چاہیے جتنا لائق و قابل بنے ۔۔ مسخ ہو تو کاملی کی لاف سے

ہم ز استعداد وا مانی اگر ۔۔ سرکشی ز استاد راز باخبر
ہو تو کورا اپنی دانائی سے بھی ۔۔ گر کرے استاد سے تو سرکشی

صبر کن در موزہ دوزی و بسوز ۔۔ ور شوی بے صبر مانی پارہ دوز
موزہ سینے میں تو کر صبر اے فتا ۔۔ ورنہ بے صبری سے جوتے گانٹھے گا

کہنہ دوزاں گر بدے شاں صبر و حلم ۔۔ جملہ نو دوزاں شدندے ہم بعلم
صبر کرتے گر پرانے کفش دوز ۔۔ علم اور تجدید ہوتی دلفروز

[1] قولہ تعالیٰ۔ یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی اللہ ورسولہ یعنی اے ایمان والو اپنے قول و فعل میں خدا اور اسکے رسول سے آگے نہ بڑھو۔

پس بکوشی و بآخر از کلال — خود بخود گوئی کہ العقل عقال

بعدِ کوشش ہو کے غم میں مبتلا — خود کہے تو عقل ہے زنجیرِ پا

ہمچو آں مردِ مفلسف روزِ مرگ — عقل را میدید بس بے بال و برگ

جیسے مرتے وقت مردِ فلسفی — دیکھتا تھا عقل کی بس عاجزی

بے غرض میکرد آں دم اعتراف — کز ذکاوت راندہ ایم اسپ از گزاف

خالصانہ اقرار پھر اُس دم کیا — تھا تکبّر جس کو اپنے ذہن کا

از غرورے سرکشیدیم از رجال — آشنا کردیم در بحرِ خیال

ہم نے اہل اللہ سے کی سرکشی — تیرا دریائے تخیّل میں کبھی

آشنا ہیچ است اندر بحرِ روح — نیست آنجا چارہ جز کشتیِ نوحؑ

تیرنا ہے ہیچ بحرِ روح — کام دیتی ہے یہاں کشتیِ نوحؑ

ایں چنیں فرمود آں شاہِ رسلؐ — کہ منم کشتی دریں دریائے کل

ہے یہی ارشادِ سلطانِ رسلؐ — میں ہوں کشتی یہ جہاں دریائے کل

یا کسے کو در بصیرتہائے من — شد خلیفہ راستیں برجائے من

یا وہ ہے جس میں بصیرت ہے مری — جانشینی ہے جسے میری ملی

کشتیِ نوحیم در دریا کہ تا — رو نگردانی ز کشتی اے فتیٰ

میں ہوں اس دریا میں کشتی نوحؑ کی — تاکہ اس سے منہ نہ پھیرے تو اخی

ہمچو کنعاں[1] سوئے ہر کوہے مرو — از نبی لاعاصم الیوم[2] شنو

مثلِ کنعاں رخ نہ کر ہر کوہ کا — اور سن "لاعاصم الیوم" ذرا

می نماید پستِ ایں کشتی ز بند — می نماید کوہِ فکرت بس بلند

پست ہے نظروں میں کشتی تو ہے بند — فکر آتی ہے نظر کوہ بلند

۱ـ پسرِ نوحؑ۔

۲ـ آج کوئی پناہ دینے والا نہیں ہے۔

پست منگر هان و هان این پست را | بنگر آن فضل خدا پیوسته را
جانب پستی نہ کر اپنی نظر | مطلقاً فضل خدا پر غور کر

در بلندی کوه فکرت کم نگر | که یکے موجش کند زیر و زبر
دیکھ اونچائی نہ کر وہ فکر کی | منہدم اک موج میں ہو جائیگی

گر تو کنعانی نداری باورم | گر دو صد چندان نصیحت آورم
تو جو کنعاں ہے یقیں کیونکر کرے | پند ہیں ایسی جو دوں دو سو چند

گوش کنعان کے پذیرد این کلام | که برو مهر خدا است و ختام
کان کنعاں کے سنیں کب یہ کلام | مہر حق اُس پر لگی ہے تا دوام

کے گذارد موعظه بر مهر حق | کے بگرداند حدیث حکم سبق
پند کیا ہے مہر حق کے رو برو | کب ہے لوٹا تا حدیث حکم و سبق

لیک میگویم حدیث خوش پئی | بر امید آنکه تو کنعان نئی
اچھی باتیں کہہ رہا ہوں بالیقیں | اس توقع پر کہ تو کنعاں نہیں

آخر این اقرار خواهی کرد هین | هم ز اوّل روز آخر را ببین
ماننا آخر پڑے گا بے خبر | کر لے اوّل ہی میں آخر پر نظر

میتوانی دید آخر را مکن | چشم آخر بینت را کور و کهن
جب پہنچ سکتی ہے آخر پر نظر | چشم آخر بیں کو تو اندھا نہ کر

هر که آخر بین بود مسعود وار | نبودش هر دم بره رفتن عثار
نیک دل ہے وہ جو ہے انجام بیں | ہر دم اُس کو راہ میں لغزش نہیں

گر نخواهی هر دمے این خفت خیز | کن ز خاک پائے مردے چشم تیز
ہے اگر لغزش سے بچنا اے فتا | خاک صاحبدل کی آنکھوں میں لگا

کحل دیده ساز خاک پاش را | تا بیندازی سر اوباش را
اس کی خاک پا کا تو سرمہ لگا | سر نہ جب تک ہو نگوں اس نفس کا

؎ بے وضو ہونا

گر ازیں شاگردی وزیں افتقار | سوزنے باشی شوی تو ذوالفقار
گر کریگا عجز ایسا اختیار | سوئی ہوگا بھی، تو ہوگا ذوالفقار

سرمہ کن تو خاک ایں بگزیدہ را | ہم بسوزد ہم بسازد دیدہ را
اس ولی کی خاک کو سرمہ بنا | سوز و ساز چشم اس سے پائیگا

چشم روشن کن ز خاک اولیا | تا بہ بینی ز ابتدا تا انتہا
لے بصیرت اولیا کی خاک سے | ابتدا سے انتہا تک دیکھ لے

چشم اشتر زاں بود بس نوربار | کہ خورد از بہر نور چشم خار
اونٹ کی آنکھ اس لیئے ہے نوربار | بہر نور چشم کھاتا ہے وہ خار

خار خور تا گل بروباند ترا | چشم تو روشن شود جان باصفا
خار کھاتا پھول اُگیں بے ریب لاف | آنکھ ہو روشن تری اور روح صاف

خار را از چشم دل گر بر کنی | چشم جاں را حق ببخشد روشنی
گر نکالے خار دل کی آنکھ سے | چشم جاں کو روشنی اللہ دے

اونٹ اور خچر کا قصہ

اشترے را دید روزے استرے | چونکہ با او جمع شد در آخورے
اونٹ سے اک دن یہ خچر نے کہا | دونوں چارہ کھاتے تھے ایک جا

گفت من بسیار می افتم برو | در گریوہ و راہ و در بازار کو
منہ کے بل گرتے ہیں ہیں سو آفتیں | ٹیلے پہ یا راہ اور بازار میں

گرچہ در رو می فتم بسیار من | در رہ ہموار و ناہموار من
منہ کے بل یوں گرتا ہوں میں دیکھ تو | راہ ناہموار یا ہموار ہو

خاصہ از بالائے کوہ تا زیر کوہ | در سر آیم ہر زمانے از شکوہ
بالخصوص آتا ہوں گر کر کوہ سے | کوہ کے دامن میں یہ غم ہے مجھے

کم همی افتی تو در رو بهر چیست　　　پا مگر خود جان پاکت دولتیست
تو نہیں گرتا ہے منہ کے بل کبھی　　　برگزیدہ کیا ہے تیری جان ہی!

در سر آیم هر دمے زانو زنم　　　پوز و زانو زاں خطا پرخوں کنم
سر کے بل گرتا ہوں زانو ٹیک کر　　　خون میں بھرتے ہیں زانو اور پھر

گر شود پالان و رختم بر سرم　　　از مکاری هر زماں زخمے خورم
پیٹھ پر سامان اگر کچھ ہو لدا　　　ہے گرانے والا مجھ کو پیٹھ کا

همچو کم عقلے که از عقل تباه　　　بشکند توبه هر دم از گناه
عقل ہو کم عقل کی جیسے تباہ　　　توبہ توڑے ہر گھڑی کرکے گناہ

سخرهٔ ابلیس گردد در زمن　　　از ضعیفی رائے آں توبه شکن
ہو تماشا دہر میں ابلیس کا　　　توڑ کر توبہ وہ کم فہم و خرد کا

در سر آید هر زماں چوں اسپ لنگ　　　که بود بارش گران و راه سنگ
سر کے بل گرتا ہے مثل اسپ لنگ　　　جس کا بوجھا ہو گراں اور راہ تنگ

میخورد از غیب بر سر زخم او　　　از شکست توبه آں ادبیر جو
زخم کھاتا ہے وہ سر پر غیب سے　　　یہ کرشمے ہیں شکست توبہ کے

باز توبه میکند با رائے سست　　　دیو در دم باز توبه را شکست
سست رائی سے وہ پھر توبہ کرے　　　توبہ پھر شیطان اس کی توڑ دے

ضعف اندر ضعف و کبرش آنچناں　　　که بخواری بنگرد در واصلاں
ضعف پر ہو ضعف اور مغرور وہ　　　واصلان حق کو سمجھے خوار و زار

اے شتر که تو مثال مومنی　　　کم فتی در رو و کم بینی زنی
اے شتر تو مثل مومن کے ہے پاک　　　تو نہ گرتا ہے. رگڑتا ہے نہ ناک

تو چه داری که چنیں بے آفتی　　　بے عثاری و کم اندر رو فتی
کس لئے آفت نہیں تجھ پر کوئی　　　ہے نہ لغزش اور نہ گرتا ہے کبھی

گفت گرچہ ہست سعادت از خدا — در میان ما و تو بس فرقہاست

اونٹ بولا یہ ہے گو لطفِ کبریا — فرق لیکن مجھ میں تجھ میں ہے بڑا

سر بلندم من دو چشمم من بلند — بینشِ عالی امانست از گزند

سر مرا اونچا ہے آنکھیں ہیں بلند — ہیں نظر ہی سے ہوں محفوظ گزند

از سرِ کُہ من بہ بینم پائے او — ہر گو و ہموار را من تو بتو

کوہ کی چوٹی سے ہیں ہوں دیکھتا — ہر گڑھا، ہموار، ہر اک راستا

ہمچنانکہ دید او صدرِ اجل — پیشِ کارِ خویش تا روزِ اجل

جیسے ہے اک برگزیدہ دیکھتا — اپنے ہر اک کام کو تا انتہا

آنچہ خواہد بود بعدِ شصت سال — داند اندر حال آں نیکو خصال

ہونی ہے جو بات بعدِ شصت سال — جانتا ہے وہ ابھی سے اس کا حال

حالِ خود تنہا ندید آں متقی — بلکہ حالِ مغربی و مشرقی

اس نے دیکھا حال اپنا ہی نہیں — مغرب و مشرق کا ہے وہ حال بیں

نور در چشم و دلش سازد سکن — بہر چہ سازد پئے حب الوطن

نور اس کی چشم دل میں ضو فگن — تاکہ وہ دیکھا کرے حب وطن

ہمچو یوسف کو بدید اوّل بخواب — کہ سجودش کرد ماہ و آفتاب

جس طرح یوسف نے دیکھا تھا وہ خواب — کرتے ہیں سجدہ انہیں مہ آفتاب

از پسِ دہ سال بلکہ بیشتر — آنچہ یوسف دیدہ بد بر کرد سر

دس برس میں بلکہ اس سے بیشتر — تھا جو کچھ دیکھا ہوا وہ جلوہ گر

نیست آں ینظر بنور اللہ گزاف — نورِ ربانی بود گردوں شگاف

کب غلط "ینظر بنور اللہ" ہے — یہ شگافِ چرخ والا جاہ ہے

نیست اندر چشمِ تو آں نور رو — ہستی اندر حسِ حیوانی گرو

تیری آنکھوں میں نہیں وہ نور جا — حسِ حیوانی میں تو ہے مبتلا

نورِ ضعفِ چشم بینی پشتِ پا	تو ضعیفی و دو چشمِ ضعیفت پیشوا
دیکھتا ہے صرف اپنی پشتِ پا	تو ہے کمزور اور تیرا پیشوا

پیشوا چشم است دست و پای را	گو ببیند جای را ناجای را
آنکھ ہاتھ اور پاؤں کی ہے پیشوا	دیکھتی ہے جا و بے جا بر ملا

دیگر آنکہ چشمِ من روشن‌تر ست	دیگر آنکہ خلقتِ من اطہر ست
دوسرے ہے آنکھ روشن تر مری	پاک ہے پیدائش اطہر مری

زانکہ من ہستم ز اولادِ حلال	نے ز اولادِ زنا و اہلِ ضلال
سب مجھے کہتے ہیں اولادِ حلال	ہے زنا کب میری خلقت کا زوال

تو ز اولادِ زنائی بے گماں	تیر کژ پرّد چو کژ باشد کماں
تو ہے اولادِ زنا بے گماں	تیر کج نکلے جو ٹیڑھی ہو کماں

خچر کا اونٹ کے جواب کی تصدیق کرنا

گفت استر راست گفتی اے شتر	ایں بگفت و چشم کرد از اشک پُر
بولا خچر سچ کہا ہے اے شتر	یہ کہا اور آنکھ کی اشکوں سے پُر

ساعتے بگریست و در پایش فتاد	گفت اے بگزیدۂ ربّ العباد
رویا اور قدموں پہ اُس کے گر پڑا	اور کہا مقبولِ درگاہِ خدا

چہ زیاں دارد گر از فرخندگی	در پذیری تو مرا در بندگی
تیرا کیا نقصان ہو جائے اگر	اپنی خدمت سے بنالے مفتخر

فضلِ تو بر من فزونست از شمار	ہم بفضلِ خود مرا معذور دار
تیرا رُتبہ مجھ سے بے حد ہے بڑا	اب معافی دے اُسی کا واسطا

گفت چوں اقرار کردی پیشِ من	رو کہ رستی تو ز آفاتِ زمن
اونٹ بولا اب مُقِر تو ہو گیا	ہو گیا کل آفتوں سے جا رہا

دادی انصاف رہیدی از بلا — تو عدو بودی شدی اہل ولا

ہر بلا سے چھٹ گیا اے نیک خو — اب ہوا تو دوست پہلے تھا عدو

خوئے بد در ذاتِ تو اصلی نبود — کز بد اصلی نیاید جز جحود

خوئے بد اصلی تری ہرگز نہ تھی — جو ہو ذاتی بد کرے انکار ہی

آں بد عاریتی باشد کہ او — آرد اقرار و شود او توبہ جو

وہ یقیناً ہوتا ہے بد عارضی — جو کرے اقرار بھی اور توبہ بھی

ہمچو آدم زلتش عاریہ بود — لاجرم اندر زماں توبہ نمود

مثلِ آدم علیہ السلام اس کی لغزش عارضی — وقت پر کرتا ہے توبہ واقعی

چونکہ اصلی بود جرم آں بلیس — رہ نبودش جانبِ توبہ نفیس

چونکہ اصلی جرم تھا شیطان کا — پھر رہِ توبہ نہ ہرگز پا سکا

رَو کہ رستی از خود و از خوئے بد — وز زبانہ نار و از دندانِ دد

جا چھٹ گیا خودی اور خوئے بد سے چھٹ گیا — آگ سے تو اور درندوں سے بچا

رَو کہ اکنوں دست در دولت زدی — در فگندی خود بہ بخت سرمدی

جا کہ دولت مل گئی تجھ کو بڑی — مل گیا اب تجھ کو بختِ سرمدی

اُدخلی تو در عبادی یا فتی [1] — اُدخلی فی جنتی در یافتی

داخل بندوں میں تجھے اس کے بلا — گویا تو فردوس میں داخل ہوا

در عبادش راہ کردی خویش را — رفتی اندر خلد از راہِ خفا

اس کے بندوں میں جو تو شامل ہوا — راہِ پوشیدہ سے جنت میں گیا

اہدنا گفتی صراطِ مستقیم — دست تو بگرفت و بُرد تا النعیم

اِہدنا "سُنکر" صراطِ مستقیم — لے گئی خود سوئے فردوسِ نعیم

[1] قولہ تعالیٰ جل جلالہ و عم نوالہٗ "فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی" یعنی پس میرے بندوں میں شامل ہو جا۔ اور فردوس میں داخل ہو۔

نار بودی نور گشتی اے عزیز — غورہ بودی گشتی انگور و مویز

نار تھا اب نور گویا بن گیا — کچا تھا انگور اب پختہ ہوا

اخترے بودی شدی تو آفتاب — شاد باش اللہ اعلم بالصواب

تو ستارہ تھا بنا اب آفتاب — شاد ہو واللہ اعلم بالصواب

اے ضیاء الحق حسام الدین بگیر — شہد خویش اندر فگن در حوض شیر

اے ضیاء الحق یہی ہیں حسرتیں — شہد اپنا ڈال حوض شیر میں

تا رہد آں شیر از تغییر طعم — یابد از بحر مزہ تکثیر طعم

تا نہ ہرگز دودھ کا بدلے مزا — بامزہ ہو کر پیا جائے سوا

متصل گردد بداں بحر الست — چونکہ شد دریا ز ہر تغییر رست

اور دریائے ازل سے ہو قریں — چھوٹے ہر تغییر سے پھر بالیقیں

منفذے یابد دراں بحر عسل — آفتے را نبود اندر وے عمل

شہد کے دریا میں پائے راستا — پھر نہ آفت میں کبھی ہو مبتلا

غرہ کن شیر وار اے شیر حق — تا رود آں غرہ بر ہفتم طبق

نعرہ مثل شیر کر اے شیر حق — گونج اٹھیں جس سے یہ ساتوں طبق

چہ خبر جان ملول سیر را — کے شناسد موش غرہ شیر را

آشنا کیا اس سے ہونگے لالچی — چوہا کیا جانے گرج کو شیر کی

بر نویس احوال خود با آب زر — بہر ہر دریا دلے عالی گہر

آب زر سے حال اپنے لکھ یہاں — تاکہ دریا دل ہوں اس سے شادماں

آب نیلست ایں حدیث جانفزا — یاربش در چشم قبطی خوں نما

نیل ہے میری حدیث جانفزا — خوں اسے کر چشم قبطی میں خدا!

ایک قبطی کا سبطی کی خوشامد کرنا

می شنیدم که در آمد قبطیی / از عطش اندر وثاق سبطیی

آیا اک قبطی جو پیاس سے مضطر تھا / پاس سبطی کے جو اپنے گھر میں تھا

گفت هستم یار و خویشاوند تو / گشته‌ام امروز حاجتمند تو

بولا ہم تیرے عزیز اور خویش ہیں / اب ہمیں کچھ حاجتیں درپیش ہیں

زانکه موسیٰ جادوئی کرد و فسون / تا که آب نیل ما را کرد خون

کیونکہ موسیٰ نے ہے جادو کر دیا / خون آب نیل ہم پر ہو گیا

سبطیان زاں آب صافی میخورند / پیش قبطی خون شد آب از چشم بند

سبطی آب صاف پیتے ہیں فزوں / قبطیوں کو ہے نظر بندی سے خوں

قبطیان مردند از تشنگی / از پے ادبار خود یا بدرگی

قبطیوں کی جان لیوا تشنگی / آن کی بدبختی سے یہ آپڑی

بہر خود یک طاس را پر آب کن / تا خورد از آبت این یار کہن

پانی کا اپنے لئے اک ظرف بھر / تا یہ تیرا یار کر لے نوش تر

چوں برائے خود کنی این طاس پر / خوں نباشد آب باشد پاک و حر

تو بھریگا ظرف جب اپنے لئے / وہ نہ ہوگا خون آب صاف سے

من طفیل تو بنوشم آب هم / که طفیلی در تبع بجہد ز غم

میں بھی صدقے میں ترے پانی پیوں / اور طفیلی بن کے اس غم سے چھٹوں

گفت ای جان جہاں خدمت کنم / پاس دارم ای دو چشم روشنم

بولا سبطی ہیں تو خادم ہوں ترا / تو مری آنکھوں کا نور با صفا

بر مراد تو روم شادی کنم / بندهٔ تو باشم آزادی کنم

خوش ہوں میں جاکر ترے حسب مراد / تیرا بندہ بن کے ہوں آزاد و شاد

طاس را از نیل او پر آب کرد | بر دہاں بنہاد سبطی را بخورد
ظرف آب نیل سے اس نے بھرا | منہ لگا کر نصف پانی پی گیا
طاس را کژ کرد سوئے آنجواه | کہ بخور تو ہم شد آں خون سیاه
ظرف کو پھر اس کے آگے کج کیا | اور کہا پی لے مگر وہ خون تھا
باز آں سو کرد کژ خوں آب شد | قبطی اندر خشم و اندر تاب شد
کج کیا اپنی طرف پانی ہوا | اس سبب سے قبطی کو غصہ آ گیا
ساعتے بنشست تا خشمش برفت | بعد از آں گفتش کہ اے صمصام زفت
بیٹھا وہ کچھ دیر جب غصہ ہٹا | بولا اے شمشیر بُرّان صفا
اے برادر ایں گره را چاره چیست | گفت ایں را آں خورد کو متقی ست
اے برادر یہ گره کیونکر کھلے | بولا سبطی متقی اس کو پیئے
متقی آنست کو بیزار شد | از رہِ فرعون و موسیٰ وار شد
متقی وہ ہے کہ جس نے چھوڑ دی | راه فرعون اور ہوا پھر موسوی
قوم موسیٰ شو بخور ایں آب را | صلح کن با مہ ببیں مہتاب را
پیرو موسیٰ ہو اس پانی کو پی | چاند سے ہو میل دیکھے چاندنی
صد ہزاراں ظلمت است از خشم تو | بر عباد اللہ اندر چشم تو
ظلمتیں دنیا پہ ہیں چھائی ہوئی | قہر حق سے دیکھتا ہے تو اخی
خشم بنشاں چشم بکشا شاد شو | عبرت از یاراں بگیر استاد شو
چھوڑ غصہ کھول آنکھیں شاد ہو | اپنوں سے عبرت لے اور استاد ہو
کے طفیل من شوی در اغتراف | چوں ترا کفر است ہمچوں کوه قاف
چلّو پانی سے طفیلی ہو مرا | کفر جب ہے قاف کی صورت ترا
کوه در سوراخ سوزن کے رود | جز مگر آں کوه برگ کہ شود
سوئی کے ناکے میں جائے کوه کیا | کاه بن جائے تو ممکن ہے فتا

کوہ را کہ کن باستغفار خوش — جام مغفوراں بگیر و خوش بکش
کوہ کو کر کاہ استغفار سے — جام مغفوروں کا پی گر ہو سکے

تو بدیں تزویر چوں نوشی ازآں — چوں حرامش کرد حق بر کافراں
کر سے کیونکر پئے اے تشنہ کام — حق نے کافر پر کیا اس کو حرام

خالق تزویر و تزویر ترا — کے خرد اے مفتری مفترا
خالق تزویر مکاری تری — کس طرح کر لے قبول اے مفتری

آل موسیٰؑ شو کہ حیلہ سود نیست — حیلہ ات باد تہی پیمود نیست
آل موسیٰؑ ہو کہ حیلہ ہے بُرا — یہ تو ہے گویا ہوا کا ناپنا

زہرہ دارد آب کز امر صمد — گرد او با کافراں آبی کند
کیا مجال آب اس کے حکم سے — پھر کے کافر کے لئے پانی بنے

یا تو پنداری کہ تو ناں میخوری — زہر مار و کاہش جاں میخوری
یا سمجھتا ہے کہ تو کھاتا ہے ناں — زہر مار اور کاہش جاں ہے یہاں

ناں کجا اصلاح آں جانے کند — کو دل از فرمان جاں وہ بر کند
روح کی اصلاح کب روٹی کرے — کھانے والا حکم حق سے جب پھرے

یا تو پنداری کہ حرف مثنوی — چوں بخوانی رایگانش بشنوی
یا سمجھتا ہے کہ درس مثنوی — رائیگاں ہے جب تو سنتا ہے کبھی

یا کلام حکمت و سر نہاں — اندر آید سہل در گوش کہاں
یا کلام حکمت اور راز نہاں — ہیں سماعت کے لئے سہل ایجاں

اندر آید لیک چوں افسانہا — پوست بنماید نہ مغز و دانہا
مثل افسانہ سنے جاتے ہیں ہاں — پوست آتے ہیں نظر دانے کہاں

در سر و در رو کشیدی چادرے — رو نہاں کردہ ز چشمت دلبرے
تو نے منہ اور سر پہ ہے چادر تان لی — چھپ گیا ہے تجھ سے وہ دلدار بھی

شاہنامہ یا کلیلہ[1] پیش تو ۔۔۔ ہمچناں باشد کہ قرآں از عتو
شاہنامہ اور کلیلہ ہیں سے تجھے ۔۔۔ مثل قرآں کے کہ تو سرکش رہے

فرق آنگہ باشد از حقّ و مجاز ۔۔۔ کہ کند کحل عنایت چشم باز
ظاہر و باطن میں ہو فرق آشکار ۔۔۔ جب کھلیں آنکھیں بفضل کردگار

ورنہ پشک و مشک پیش اخشمے ۔۔۔ ہر دو یکسانست چوں نبود شمے
ورنہ پھر ہو مشک یا ہو مینگنی ۔۔۔ شامّہ کم ہو تو یہ ہیں ایک ہی

خویشتن مشغول کردن از ملال ۔۔۔ باشدش قصد از کلام ذوالجلال
قصّۂ رنج و الم ہو مختصر ۔۔۔ ہے کلام حق سے یہ مقصد اگر

کآتش وسواس را و غصّہ را ۔۔۔ زاں سخن بنشاند و سازد دوا
آگ وسواس اور غصّے کی بجھے ۔۔۔ اور کلام حق دوا اس کی بنے

بہر ایں مقدار آتش شاندن ۔۔۔ آب پاک و بول یکساں شد بفن
آگ اتنی سی بجھا دینے کو کیا ۔۔۔ پانی اور پیشاب یکساں ہو گیا

آتش وسواس را ایں بول و آب ۔۔۔ ہر دو بنشانند ہمچوں خمر[2] و خواب
وسوسے کی آگ پیشاب اور آب ۔۔۔ ہیں بجھا سکتے مثال خمر و خواب

لیک گر واقف شوی زیں آب پاک ۔۔۔ کہ کلام ایزدست و روحناک
تو اگر ہو آشنائے آب پاک ۔۔۔ جو کلام حق ہے اور ہے روح ناک

نیست گردد وسوسہ کلّی زجاں ۔۔۔ دل بیابد رہ بسوئے گلستاں
وسوسے سب روح کے جاتے رہیں ۔۔۔ راستے دل کے سوئے گلشن کھلیں

زانکہ در باغے و در جوئے پرد ۔۔۔ ہر کہ از سرّ صحف بوئے برد
کیونکہ نہر و باغ کی جانب اڑے ۔۔۔ جو صحیفوں کے ہو واقف بھید سے

۱؎ یعنی افسانۂ کلیلہ ودمنہ ۔

۲؎ شراب ۔

یا تو پنداری کہ روئے انبیاؑ | آنچنانکہ ہست می بینیم ما

یا تو یہ سمجھے کہ روئے انبیاؑ | ویسا ہی ہے جیسا میں ہوں دیکھتا

در تعجب ماندہ پیغمبر ازاں | چوں نمی بینند روئے مومناں

ہیں پیمبر خود تعجب میں پڑے | چہرہ مومن کیوں نہیں ہیں دیکھتے

چوں نمی بینند نور روم خلق | کہ سبق بردہ است بر خورشید شرق

کیوں نہیں اس نور کو وہ دیکھتے | جو ہے سبقت لے گیا خورشید سے

ور ہمی بینند ایں حیرت چراست | تا کہ وحی آمد کہ آں رو در خفاست

دیکھتے ہیں تو یہ آگاہی ہے کیا | وحی آئی ہے کہ چہرہ ہے چھپا

سوئے تو ماہ است و سوئے خلق ابر | تا نہ بینند رایگاں روئے تو گبر

تیری جانب چاند ان کی سمت ابر | تا نہ دیکھیں تیرا روئے پاک گبر

سوئے تو دانہ است سوئے خلق دام | تا نہ نوشد زیں شراب خاص عام

دانہ تیری سمت سوئے خلق دام | تا نہ اس مے کو پئیں سب خاص و عام

گفت یزداں کہ تراہم ینظرون | نقش حمام اند ہم لا یبصرون

قول یزداں ہے "تراہم ینظرون"[1] | نقش ہیں حمام کے "لا یبصرون"

می نماید صورت اے صورت پرست | کاں دو چشم مردہ او ناظر است

ہے دکھاتا ایک صورت نقش گر | کہتا ہے آنکھوں میں اس کی ہے نظر

پیش چشم نقش می آری ادب | کہ چرا پاسم نمی داری عجب

تو ہے چشم نقش کا کرتا ادب | پاس گو تیرا نہیں اس کو عجب

از چہ بس بے پاسخ است ایں نقش نیک | کہ نمی گوید سلامم را علیک

تو ہے کرتا نقش تو ہے لاجواب | پر سلاموں کا نہیں دیتا جواب

[1] یعنی خدائے تعالیٰ بزرگ و برتر فرماتا ہے "وتراہم ینظرون وہم لا یبصرون" یعنی تو ان کو دیکھتا ہے کہ وہ تجھ کو دیکھ رہے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ نہیں دیکھتے۔

می بجنباند سر و سبلت زجود — پاس آنکہ کردیش من صد سجود
سر ہلاتا ہے نہ مونچھیں لطف سے — ہیں یہ گو اس کو بہت سجدے کیے

حق اگرچہ سر نجنباند بروں — پاس آں ذوقے دہد در اندروں
سر کو گو جنبش نہیں دیتا خدا — دل میں اک لذت سی ہے لیکن بخشتا

کہ دو صد جنبانیدن سر ارزد آں — سر چنیں جنباند آخر عقل و جاں
جو ہے دو سو سر ہلانا بر ملا — عقل و جاں بھی ہیں یونہی جنبش نما

عقل را خدمت کنی در اجتہاد — پاس عقل آنست کافزاید رشاد
تو جو اپنی عقل کی خدمت کرے — تو ہدایت اس کی جانب سے بڑھے

حق نجنباند بظاہر سر ترا — لیک سازد بر سراں سرور ترا
حق ہلاتا گو نہیں ظاہر میں سر — سروروں پر کرتا ہے سرور مگر

مر ترا چیزے دہد یزداں نہاں — کہ سجود تو کنند اہل جہاں
دیگا خالق تجھ کو ایسی شے نہاں — سجدہ ریز آگے ترے ہو سب جہاں

آنچنانکہ داد سنگے را ہنر — تا عزیز خلق شد یعنی کہ زر
جیسے پتھر کو دیا اس نے ہنر — جو عزیز خلق ہے یعنی کہ زر

قطرۂ آبے بیابد لطف حق — گوہرے گردد بُرد از زر سبق
پانی کا اک قطرہ اس کے لطف سے — گوہر خالص ہو سونے سے بڑھے

جسم خاکست و چو حق تابیش داد — در جہانگیری چو مہ شد اوستاد
جسم خاکی حق نے جب چمکا دیا — چاند بن کر وہ جہاں پر چھا گیا

ہیں طلسم است ایں و نقش مردہ است — احمقاں را چشمش از رہ بردہ است
یہ طلسم اور نقش مردہ جان لے — احمق اس کی آنکھ سے گمرہ کیے

بنماید آنکہ چشمے میزند — ابلہاں سازیدہ اند آنرا سند
وہ نظر آتا ہے آنکھیں مارتا — معتبر ہے بیوقوفوں نے کیا

قبطی کا سبطی سے طالبِ دعا ہونا

گفت قبطی تو دعائے کن کہ من	از سیاہی دل ندارم آن دہن
بولا قبطی۔ تو دعا کر بالیقیں	دل سیاہی سے ہیں اس قابل نہیں
تا بود کہ قفلِ ایں در وا شود	زشت را در بزمِ خوباں جا شود
شاید اس دروازے کا تالا کھلے	اک بُرا اچھوں میں جا کر رل سکے
از تو مسخی صاحبِ خوبی شود	یا بلیسے باز کرّوبی شود
تجھ سے مسخی[1] ہائے خوبی یک بیک	یا کہ پھر شیطان بن جائے مَلک
یا بفرّ دستِ مریمؑ بوئے مشک	یابد و تری و میوہ شاخِ خشک
با طفیل[2] دستِ مریم بوئے مشک	پائے اور میوے کھلائے شاخِ خشک
سبطی آمد در سجود افتاد و گفت	کاے خدائے عالمِ سِرّ نہفت
سبطی نے سجدہ کیا اور کی دعا	اے خدا اے واقفِ رازِ خفا
سبطی و قبطی ہمہ بندہ تو اند	عاجزِ امرِ تو اند و مستمند
سبطی و قبطی ترے بندے ہیں سب	عاجز اور محتاج ہم تیرے ہیں سب
جز تو پیش کہ برآرد بندہ دست	ہم دعا و ہم اجابت از تو است
بندہ اب کس سے کہے تیرے سوا	ہے تجھی سے بس اجابت اور دعا
ہم ز اوّل تو دہی میلِ دعا	تو دہی آخر دعاہا را جزا
پہلے دیتا ہے تو ہی میلِ دعا	پھر تو دیتا ہے دعاؤں کی جزا

[1] وہ جو اچھی صورت سے بُری صورت میں بدل گیا ہو۔

[2] جیسا کہ قرآن کریم میں ہے:- وہزی الیک بجذع النخلۃ تساقط علیک رطبا جنیا۔ یعنی خدائے تعالیٰ نے مریمؑ سے کہا اے مریمؑ "تو شاخ خرما کو اپنی طرف ہلا۔ کہ وہ تجھ پر تر، پختہ اور بالیدہ کھجوریں گرائے۔ (یہ درخت خرما خشک تھا)

اوّل و آخر توئی ما در میاں ۔ ہیچ ہیچے کہ نیاید در بیاں

اوّل و آخر ہے تو ہم درمیاں ۔ ہیچ ایسے کچھ نہ ہو جس کا بیاں

اینچنیں میگفت تا افتاد طشت ۔ از سر بام و دلش بیہوش گشت

کہتے کہتے بڑھ گیا اک کیف سا ۔ اور وہ بیہوش فوراً ہو گیا

باز آمد او بہوش اندر دعا ۔ لیس للانسان الّا ما سعیٰ

پھر اسے ہوش آ گیا پھر کی دعا ۔ صرف ہے کوشش ہی کام انساں کا

در دعا بود او کہ ناگہ نعرہ ۔ از دل قبطی بجست و غرّہ

وہ دعا میں تھا کہ اک نعرہ کیا ۔ مرد قبطی نے عجب ہنگامہ زا

کہ ہلا بشتاب و ایماں عرضہ کن ۔ تا ببرّم زود زنّار کہن

اور کہا جلدی مسلماں مجھ کو کر ۔ تا کہ میں زنّار توڑوں بے خطر

آتشے در جان من انداختند ۔ مر بلیسے را بجاں بنواختند

آتش الفت عطا مجھ کو ہوئی ۔ ایک شیطاں پر نوازش ہو گئی

دوستیٔ تو ز حبّ ناشگفت ۔ حمد للہ عاقبت دستم گرفت

دوستی نے تیری حبّ غیر سے ۔ شکر خالق کا رہائی دی مجھے

کیمیائے بود صحبتہائے تو ۔ کم مباد از خانۂ دل پائے تو

